خاقان اپنے ملک میں چلا گیا اس نے سمرقند کا محاصرہ کرنے کے سبب پھر جنگ کی تیاری شروع کی۔ حارث بن سریج اور اس کی فوج کو خاقان نے پانچ ہزار گھوڑے سواری کے لیے دیئے۔ اور بہت سے گھوڑے ترک سرداروں میں تقسیم کر دیئے۔ ایک روز خاقان کورصول کے ساتھ ایک چوسر کی طرح پر نرد کھیلنے لگے۔ کورصول اس کھیل میں ہار گیا۔ خاقان نے اس سے شرط کا تیر طلب کیا اور کہا کہ ادا کرو گا۔ دوسرے نے کہا نہیں دوں گا۔ اس پر دونوں میں جھگڑا ہوا کورصول نے خاقان کا ہاتھ توڑ دیا۔ خاقان نے قسم کھا کر کہا کہ کورصول کا ہاتھ توڑ دیا جائے گا۔ کورصول کو اس دھمکی کی اطلاع ہوئی۔ وہ الگ ہو گیا اور اپنے قومی آدمیوں کی ایک جماعت تیار کر کے اس نے خاقان پر شب خون مارا اور اسے قتل کر دیا۔ صبح کے وقت جب ترکوں کو اس کا علم ہوا تو خاقان کو ننگے میدان میں مقتول پڑا ہوا چھوڑ کر چلے گئے۔

ترکوں میں خانہ جنگی کا آغاز:

زبیر بن حطیل القرشی اور حجرین کے خاندان کے سردار جو ترکوں کے بڑے سردار تھے اسی جگہ آئے اور خاقان کو اٹھا لے گئے اور انہوں نے اس کے مرتبے کے رسم و رواج کے مطابق دفن کر دیا۔ اس واقعہ کا اثر یہ ہوا کہ ترکوں میں خانہ جنگی شروع ہو گئی۔ ترکوں کی بعض جماعتیں شاش چلی گئیں۔ اس موقع کو مناسب خیال کر کے اہل سغد نے شاش واپس چلے جانے کا ارادہ کیا۔

جو ترک غارت گری کرنے کے لیے ادھر ادھر پھیل گئے تھے ان میں سے سوائے زراعی ابن الغرہ کے کوئی نہ بچا۔ یہ البتہ اپنی جان بچا کر طخارستان پہنچ گیا۔

ہشام بن عبدالملک کو خوشخبری:

اسد نے شہر بلخ سے سیف بن وصاف العجلی کو ایک گھوڑے پر سوار کر کے روانہ کیا۔ یہ شہرستان پہنچا۔ وہاں ابراہیم بن ہشام

[illegible] کہ خبر تھا اس نے اسے ڈاک کے گھوڑوں پر روانہ کیا۔ یہ خالد بن عبداللہ کے پاس آیا۔ وہ یہاں سے ہشام کے پاس آیا اور اسے تمام کیفیت سنائی۔ ہشام یہ حالت سن کر بہت پریشان ہوا۔ [illegible] اپنے وزیر [illegible] [illegible] [illegible] اسے [illegible] قاصد نے اس سے بھی اسی طرح بیان کیا جو خود ہشام سے بیان کیا تھا۔ اب حقیقت میں ہشام کو [illegible] یقین آگیا۔ [illegible] کے بعد ہشام نے اسے بلایا اور پوچھا [illegible] خراسان کی فوج میں کیا ہے۔ قاصد نے کہا [illegible] ہے۔ ہشام نے کہا اچھا تو وہ آیا ہے [illegible] امیر المومنین [illegible] فتح کی خوشخبری پہنچانے کے لیے ہشام کے پاس بھیج دیا [illegible] اسی طرح تکبیر کہتا ہوا قصر میں داخل ہو۔ ہشام [illegible] تکبیر کے جواب میں تکبیر کہا جاتا تھا۔ اس صورت سے وہ ہشام کے پاس پہنچا امیر المومنین کو فتح کی خوشخبری سنائی تمام واقعہ بیان کیا۔ ہشام اس خبر کے سنتے ہی اپنے تخت سے اتر پڑا اور اس نے سجدۂ شکر ادا کیا۔

علمائے اسلام کے نزدیک سجدۂ شکر ایک بدعت ہے۔[1]

مقاتل بن حیان کی طلبی:

اس خبر سے قیسی عرب اسد اور [illegible] سے حسد کرنے لگے انہوں نے ہشام سے کہا کہ آپ خالد بن عبداللہ کو لکھیے کہ وہ اپنے بھائی کو لکھے کہ مقاتل بن حیان کو بارگاہ خلافت میں بھیج دیں۔ ہشام نے [illegible] لکھا۔ [illegible] اسد نے مقاتل بن حیان کو تمام لوگوں کے سامنے بلایا اور کہا کہ تم امیر المومنین کے پاس جاؤ اور جو کچھ دیکھا ہے بیان کرو۔ [illegible] ان شاء اللہ تعالیٰ [illegible] ضرورت [illegible] اسد سے کہا [illegible] آپ ان سے [illegible] تو وہ بھی بیت المال سے [illegible] لیں گے۔ اسد نے [illegible] اسد نے تمام سامان سفر کے لیے تیار کر دیا۔ مقاتل ہشام کے پاس پہنچا۔ [illegible] ہشام نے پوچھا [illegible] کیفیت بیان کرو۔

مقاتل بن حیان کا بیان:

مقاتل نے کہا ہم نے ختل پر چڑھائی کی [illegible] بہت سا مال غنیمت [illegible] اسد [illegible] اچانک ہمیں آلیا اور ہمارا مال غنیمت [illegible] ہم نے [illegible] قریب [illegible] پیچھے [illegible] کے لیے [illegible] آئے۔ پھر ہمیں معلوم ہوا کہ خاقان [illegible] دشمن سے مقابلہ [illegible]

---

1 یہاں پر [illegible] اپنی طرف سے [illegible] (مترجم)

کہ اسد مجھ کو اسے قتل کے متعلق لکھتے ہیں وہ لایا گیا۔ یہی وہ مرد ہے جو خاقان کے ساتھ یمن کے مقابلے پر آیا تھا اور اس سے مقابلہ ہوا ہم نے اسے پکڑا۔ اس نے پوچھا وہ جو مسلمان عورتیں قید تھیں۔ بچے تھے ان سے معاملہ ہے جس کو دے کر پیچھے ہٹا دیا اس کے بعد ہم سے کہنے لگے آپ کو خیر ہو تو مقاتل نے کہا کہ ان کو قتل کرنا چاہیے تو ہم ان کو قتل کر دیں۔ تیسرے دن اس نے ترکوں کے ہزاروں اور غارت گری کی اسے رہا کر دیا۔ لوگوں نے اس کو قتل کر دیا۔

اس بیان کے دوران میں ہشام کہنے لگے کہ یہ عجیب ہے تب اسد نے جو اہم بات کہی تھی کہ غارت گری کرنے کا ذکر آیا تو ہشام کا چہرہ بدل گیا اور پوچھا کیا تم نے خاقان کے کارناموں کی بابت کچھ دیکھا ہے۔ مقاتل نے کہا ہاں ہشام نے کہا کیا تم نے کچھ پایا ہے۔ مقاتل نے کہا اس کے قتل کے بعد جو قیدی ہوئے وہ سلطان کی اطاعت میں چلے گئے۔ اس پر ہشام نے کہا۔ اسد کو ملامت کی ہے۔ مقاتل نے کہا میں امیر المومنین کی بات بتاتا ہوں کہ تم نے مجھے اسد کی طرف بھیجا اس نے کہا کہ تم سے یہ وہ امر ان کے دستان سے باہر تھا۔

مقاتل بن حیان کا مطالبہ:

اب ہشام نے پوچھا کہ تم کیا چاہتے ہو۔ مقاتل نے کہا یزید بن مہلب نے میرے باپ حیان سے ایک لاکھ درہم بلا وجہ لے لیے تھے۔ ہشام نے کہا میں اس معاملے میں تمہیں گواہ پیش کرنے کی تکلیف نہیں دیتا ہوں تم اپنے بیان کی تصدیق میں صرف قسم کھا لو۔ مقاتل نے قسم کھائی۔ ہشام نے وہ رقم خراسان کے خزانہ عامرہ سے مقاتل کو دلا دی۔ خالد کو لکھا کہ تم اسد کو اس حکم کی اطلاع کر دو۔ خالد نے اسد کو لکھ دیا اور اسد نے حسب حکم ادا کر دی۔ جب یہ رقم مقاتل کو مل گئی تو انہوں نے اسے حیان کے ورثاء میں کتاب اللہ اور رسول اللہ کے طریق کے مطابق تقسیم کر دیا۔

یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ ہشام نے اسد کو حکم دیا تھا کہ وہ ان معاملات کی تحقیق کرے اور اگر ان کا بیان سچ ہو تو ایک لاکھ درہم مقاتل کو دے دے۔

اسد کے وفد کو خلعت و انعام سے سرفرازی:

خراسان کی اس فتح کی خبر لے کر ابو العلاء ہشام کے پاس گیا۔ ... اور اس کے ساتھ اس نے تمام اعیان اور خاقان کی فوج کے سرداروں کے سر بھیجے اور اسد نے اس وفد کو ہشام کے پاس بھیج دیا۔ ہشام نے ان سے کہا کہ تم لوگ اپنے بیان کی تصدیق میں قسم کھاؤ انہوں نے قسم کھائی۔ ہشام نے اس وفد کے ارکان کو خلعت و انعام سے سرفراز فرمایا۔

شاہ ختل کی ابن السائجی کو نصیحت:

ختل بادشاہ نے مرتے وقت جب ابن السائجی کو اپنا جانشین مقرر کیا تو اسے یہ نصیحت کی کہ تم ختل کے ساتھ اس طرح تھہرو جس طرح کہ اس کے باپ دادا کے بادشاہوں اور قوم کے ساتھ بلادِ ختل کی بیہ ایک مدت سے حکومت رہی ہے اس لیے وہ تمہارے طریقہ کی بات مانیں گے ... تمہارے ساتھ کرتے آئے ہیں۔ میرے بعد تم ان کو ... کیونکہ میرے بعد کوئی بادشاہ ہو گا۔ بادشاہ جاو

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

مغیرہ بن سعید

[illegible]

مغیرہ بن سعید کی ساحری:

[illegible]

[illegible]

مغیرہ اور بیان کا قتل

[illegible]

گٹھے اور نفط منگوایا۔ خالد نے مغیرہ کو حکم دیا کہ ایک گٹھے کو تھام لے۔ مغیرہ ڈر گیا اور ہچکچایا۔ فوراً ہی اس کے سر پر کوڑے پڑنے لگے۔ اب مغیرہ نے گٹھا تھام کر اپنی آغوش میں لے لیا۔ اسے اس گٹھے سے باندھ دیا گیا اس پر اور گٹھے پر نفط ڈالا گیا اور پھر آگ لگا دی گئی۔ آگ کے اثر سے دونوں جل گئے۔ اس کے بعد خالد نے دوسرے لوگوں کو ایسا کرنے کا حکم دیا۔ سب نے اس حکم کی تعمیل کی سب سے آخر میں بیان کو حکم دیا اس نے فوراً ہی لپک کر گٹھا اپنی بغل میں لے لیا۔ اس وقت خالد نے کہا تم پر افسوس ہے تم ہر کام میں حماقت کرتے ہو کیا تم نے اس مغیرہ کو نہیں دیکھا پھر اسے بھی جلا ڈالا۔

مالک بن اعین کو معافی:

ابو زید کہتے ہیں کہ خالد نے مغیرہ اور بیان کو قتل کرا دینے کے بعد مالک بن اعین الجہنی کو بلوایا اور اس سے پوچھا اس نے سچائی سے اپنے جرم کا اعتراف کیا خالد نے اسے چھوڑ دیا۔ جب یہ شخص ان لوگوں میں جا ملا جن کی مدد سے وہ بچ کر نکل سکتا تھا جن میں ابو مسلم والی خراسان بھی تھا تو اس نے یہ شعر کہے:

ضربت له بين الطريقين لاحبا وصففت عليه الشمس ممن يطلبها

والقمته في شبهة حين سلني كما اشتبها في الخط سين وشينها

ترجمہ: "میں ابو مسلم کی طرف دونوں شاہراہوں کے درمیان روانہ ہوا اور میں نے اپنے شخص پر تمازتِ آفتاب کی تکلیف کو اور لوگوں کے ساتھ برداشت کر لیا۔ میں نے خالد کو جب اس نے مجھ سے سوال کیا شبہ میں ڈال دیا جس طرح کہ تحریر میں سین اور شین ایک دوسرے سے مشابہ ہو جاتے ہیں"۔

جب ابو مسلم کو اقتدار حاصل ہو گیا تو اس نے کہا کہ اگر میں مالک کو پاتا تو اسے ضرور قتل کر دیتا کیونکہ اس نے خود ہی اپنے جرم کا اعتراف کیا تھا۔

علی بن محمد کا بیان:

علی بن محمد بیان کرتے ہیں کہ مغیرہ بن سعید نے سات آدمیوں کے ساتھ خروج کیا یہ لوگ وصفاء (خدام) کہلائے جاتے تھے۔ انہوں نے کوفہ کے ظہر حصہ میں خروج کیا تھا۔ جس وقت ان کے خروج کی خالد کو خبر ہوئی وہ منبر پر خطبہ دے رہا تھا۔ یہ سنتے ہی اس نے پانی منگایا اس پر ابن نوفل نے اس کی ہجو میں چند شعر کہے جن میں اس کی بزدلی کا بھی اظہار تھا۔

اسی سنہ میں بہلول بن بشر جس کا لقب کثارہ تھا خارجی ہو گیا اس نے بغاوت کی اور مارا گیا۔

بہلول بن بشر خارجی:

بہلول ایک عابد زاہد کم خوراک شخص تھا اس کی شجاعت کی شہرت سے ہشام بن عبدالملک بھی واقف تھا۔ یہ حج کے ارادے سے روانہ ہوا اس نے اپنے غلام سے ایک درہم کا سرکہ خرید کر منگوایا۔ غلام بجائے سرکہ کے شراب لے کر آیا۔ بہلول نے غلام کو حکم دیا کہ اسے جا کر واپس کر دے اور درہم لے آئے۔ غلام کو اس مقصد میں ناکامیابی ہوئی۔ خود بہلول اس موضع کے جو علاقہ سواد میں واقع تھا عامل کے پاس آیا اور اس معاملہ کی اس سے شکایت کی عامل قریہ نے اس کی درخواست رد کر دی اور کہنے لگا کہ شراب تم سے اور تیری قوم سے اچھی ہے۔

بہلول خارجی کی جماعت:

بہلول حج کرنے چلا گیا حج سے فراغت کے بعد اس نے حکومت کے خلاف خروج کرنے کا ارادہ کیا۔ اس کے ہم خیال اور لوگ بھی تھے ان سب سے اس نے موصل کے ایک موضع کو اپنی جماعت کا مرکز مقرر کر لیا۔ چالیس آدمی اس موضع میں جمع ہو گئے۔ بہلول کو انہوں نے اپنا امیر مقرر کیا اور سب نے یہ بات طے کی کہ یہ مخفی رہے۔ وطن سے چل کر جس گاؤں میں پہنچتے یہ کہتے کہ ہمیں خالد نے بعض تعلقات پر عامل مقرر کر کے خالد نے اپنے پاس بھیجا ہے کہ ہم لوگ اپنے عہدوں پر جا رہے ہیں۔

خالد بن عبد اللہ کو قتل کرنے کا مشورہ:

غرض کہ جس عامل کے پاس وہ آتے اس سے چند لے لیتے۔ اس ترکیب سے انہوں نے ڈاک کے سرکاری گھوڑے لے لیے۔ جب یہ لوگ اس گاؤں میں پہنچے جہاں بہلول کا غلام سرکہ خریدنے گیا تھا اور اس کو سرکہ کے عوض شراب دی گئی تھی تو بہلول نے کہا کہ ہمیں اس موضع کے عامل سے ابتدا کرنی چاہیے کیونکہ اسی نے یہ بات کہی تھی کہ شراب تمہاری قوم سے بہتر ہے۔ اس پر اس کے دوسرے ساتھیوں نے کہا کہ ہم تو خالد کو قتل کرنا چاہتے ہیں۔ اگر ہم نے اس عامل سے ابتدا کر دی تو ہماری شہرت ہو جائے گی۔ خالد وغیرہ حفاظت کی تدابیر اختیار کر لیں گے۔ ہم آپ کو خدا کا واسطہ دیتے ہیں کہ آپ اس عامل کو قتل نہ کریں ورنہ خالد ہماری گرفت سے نکل جائے گا اور یہ وہ شخص ہے جو مساجد کو منہدم کراتا ہے گرجاؤں اور آتش کدوں کی تعمیر کراتا ہے مجوسیوں کو مسلمانوں پر عامل مقرر کرتا ہے۔ مسلمان عورتوں کا ذمیوں سے بیاہ کراتا ہے شاید ہم اس کو قتل کر کے اللہ تعالیٰ کو خوش کر دیں۔

بہلول بن بشر کا خروج:

مگر بہلول نے ان کا مشورہ نہ مانا اور کہا کہ میں اس بات کو جس کا کرنا مجھے اس وقت ضروری ہے اس بات کی خاطر جو اس کے بعد ہے نہیں چھوڑ سکتا اور مجھے توقع ہے کہ میں اس شخص کو قتل کر کے جس نے مجھ سے اس طرح کی مسخری کی تھی خالد کو بھی جا لوں گا۔ اور اسے بھی قتل کر ڈالوں گا۔ اور اگر میں نے اسے چھوڑ کر خالد کا قصد کیا تو ہماری شہرت ہو جائے گی اور یہ شخص ہمارے پنجے سے نکل جائے گا۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

﴿قَاتِلُوا الَّذِينَ يَلُونَكُمْ مِنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوا فِيكُمْ غِلْظَةً﴾

"ان کافروں سے جو تمہارے قریب ہوں لڑو اور چاہیے کہ کفار تم میں درشتی اور سختی پائیں"۔

اس کے ساتھیوں نے کہا تو پھر جیسی آپ کی رائے ہو ویسا ہی کیجیے۔ چنانچہ بہلول نے حملہ کر کے اس قریہ کے عامل کو قتل کر ڈالا۔ اس قتل سے تمام لوگ ہوشیار ہو گئے اور جان گئے کہ یہ خارجی ہیں۔ سب بھاگ کھڑے ہوئے اور شاہراہ عام کی طرف چیخ کر ڈاک لے جانے والے سپاہیوں نے فوراً جا کر خالد کو اس کی اطلاع دی کہ خارجیوں نے خروج کیا ہے۔ اس وقت تک سلطنت کے عمال کو یہ معلوم نہ تھا کہ ان خارجیوں کا سردار کون ہے۔ خالد واسط سے روانہ ہو کر حیرہ آیا۔ اس وقت اس نے بالکل یہ سیدھا سا گمان کیا تھا۔

خوارج کے خلاف فوج کی روانگی:

اس زمانہ میں بنی القین کا ایک شامی سردار ایک فوج کے ساتھ عراق آیا تھا۔ یہ فوج اس عامل کی امداد کے لیے جو ہندوستان پر خالد کی جانب سے مقرر تھا بھیجی گئی تھی۔ اور چونکہ یہ فوج حیرہ میں مقیم تھی اس لیے خالد نے حیرہ کا رخ کیا تھا۔ خالد نے اس فوج کے

بہلول کی ہشام سے ناراضگی

[illegible]

کحیل پر ہشامی افواج کا اجتماع

[illegible]

شامی فوج پر بہلول کا حملہ

[illegible]

شامی فوج کی پسپائی:

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

اسد بن عبداللہ [illegible]

[illegible]

اسد بن عبداللہ [illegible] سے گفتگو

[illegible]

[illegible]

مطرف اور ابوالاسد کی جدید خراسان کے متعلق گفتگو:

[illegible]

اسد بن عبداللہ کی پیش قدمی:

[illegible]

اسد بن عبداللہ پر خشم کی تنقید:

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

۔ واقعہ یہ ہے کہ صحاری بن شبیب ایک دن خالد کے پاس آیا اور عرض پرداز ہوا کہ بیت المال میں سے مجھے بھی کچھ دلوا دیجئے خالد نے کہا ابن شبیب کا بیت المال سے کیا تعلق ہے؟ صحاری خالد سے رخصت ہو کر چلا تو پچھتایا کہ اس نے [illegible] معاملہ پر کچھ [illegible] شاید یہ میرے خلاف کوئی تدبیر کرے۔ [illegible] صحاری نے ان سے کہا کہ میں تو خالد کے پاس سے ہو کر آ رہا ہوں [illegible] سے [illegible] تمہیں [illegible] جب واسط سے نکل آیا تو [illegible] اور [illegible] میں سوار ہو آیا۔ پھر وہ بنی تیم اللات بن ثعلبہ کے لوگوں کی طرف چلا جو جبل میں تھے اور خالد [illegible] ان کے پاس پہنچا [illegible] اور خالد کے درمیان [illegible] تھا ان سے بیان کیا۔ ان لوگوں نے صحاری سے کہا کہ تم طلب فریضہ سے [illegible] تمہارے لیے زیادہ مناسب یہ تھا کہ تم [illegible] خالد بن عبداللہ کے پاس جاتے [illegible] قتل کر دیتے۔

صحاری بن شبیب خارجی کا عزم:

صحاری نے کہا طلب فریضہ میں نے اس [illegible] تھا [illegible] خالد نے اس [illegible] ایک شخص [illegible] سے [illegible] صحاری [illegible] کی دعوت قبول کرلی [illegible] صحاری نے [illegible] اپنے [illegible] جب [illegible] خدا کی [illegible] بن [illegible]

صحاری بن شبیب خارجی کا عزم:

جب ان تمیں آدمیوں نے اس کے ہاتھ پر بیعت کر لی [illegible] انہوں نے [illegible] خالد کو [illegible] جب [illegible] اس کی اطلاع ہوئی اس نے [illegible] کی جانب سے [illegible] پھر اس نے ایک فوج ان کے مقابلہ پر بھیجی [illegible] خارجیوں نے [illegible] سے مقابلہ کیا [illegible] کے قریب [illegible] قتل کر دیا۔

امیر حج ابو شاکر مسلمہ بن ہشام و عمال:

اسی سنہ میں ابو شاکر مسلمہ بن ہشام بن عبدالملک کی امارت میں حج ہوا۔ ابن شہاب زہری نے بھی اس کے ساتھ حج کیا تھا۔ [illegible] ہشام [illegible] مدینہ [illegible] نائب تھا [illegible] خالد کی جانب سے [illegible] عبداللہ [illegible] خالد [illegible] جعفر [illegible] مقرر کیا تھا۔ [illegible] روایت یہ ہے کہ خالد بن عبداللہ کے بھائی اسد [illegible] میں انتقال کیا۔ [illegible] تھی۔

۲۱ھ کے واقعات

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

کی اقوال منقول ہے کہ خدا تعالیٰ سے آپ کا مقابلہ ہوا۔ حالانکہ اس کے پاس ایک لاکھ فوج تھی اور حارث بن سریج بھی اس کے ہمراہ تھا۔ مگر آپ نے اسے شکست دی اور بھگا دیا۔ اور کوئی قتل کر ڈالا۔ آپ نے اللہ کی خوشنودی لی۔ آپ کی اولوالعزمی اور سخاوت کا یہ عالم ہے کہ سب عام و خاص کو آپ زیادہ معلوم ہوتے ہیں آیا وہ آپ کے پاس آتا ہے یا وہ آپ کے پاس سے جاتا ہے بلکہ جو سوالی آپ کے پاس آتا ہے وہ زیادہ خوش ہوتا ہے۔ اور آپ کی شکل زیادہ کھلا ہوتا ہے۔

مہرجان کے تحائف کی تقسیم:

اس تقریر کے بعد اسد خاموش ہو گیا اور حکم دیا کہ خراسان کے تمام تحائف اور ان میں تمام چیزیں آتی ہوں جو قیمت کے اعتبار سے بیش قیمت سب سے بڑھ کے ہوتے ہیں۔

اسد کے ہاتھ میں ایک سیب تھا۔ دہقانوں نے بھی اور رئیس نے اس کو ہدیہ کیا۔ اسد کھڑے ہوئے ان تحائف کو دیکھتا رہا۔ جب سب دیکھا اور کہا عقل مند ہے کسی شخص کو حکم دو کہ یہ اٹھائے جائے۔ عطا کئے جائیں (یا عمر بن سے) کہا کسی کو حکم دو کہ یہ سب لے جائے۔ پھر کہا فلاں! تم یہ تاج لے لو اور فلاں! تم یہ دوسرا لے لو۔ اسی طرح اس نے اور قمریاں بھی دے ڈالیں صرف دو مشتری باقی بچیں ابوالصیداء کو حکم دیا کہ اسی طرح اس نے اور ظروف بھی دے ڈالے صرف دو مشتری باقی بچیں ابوالصیداء کو حکم دیا کہ ایک تم لے لو۔ انہوں نے ایک کو اٹھا کر وزن کا اندازہ کیا پھر اسے رکھ کر دوسرا اٹھا کر دیکھا۔ اسد نے پوچھا کیا ہے۔ ابوالصیداء نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ جو ان میں زیادہ وزنی ہو اسے لوں۔ اسد نے کہا تم دونوں لے جاؤ۔ اسی طرح اس نے اور قریش کے سرداروں اور دوسرے ایسے لوگوں کو جنہوں نے جنگ میں قابل قدر خدمات سرانجام دی تھیں دے ڈالیں۔ ابو یعلیٰ جن کی خدمت ہوتی کہ وہ مغازی میں خراسان کے صوبہ دار کے آگے آگے چلے تھے کھڑے ہوئے اور کہنے لگے کہ مجھے بھی دیجیے۔ اسد نے کہا تم نے بہت اچھا کیا کہ اپنے تئیں یاد دلایا یہ دو دیبا کے تھان تم لے لو۔ اسی طرح میمون العذاب نے کہا مجھے بھی اپنے بائیں جانب راستہ پر جانے دو۔ اسد نے کہا تم نے بھی بہت اچھا کیا کہ اپنے تئیں یاد دلایا۔ یہ دیبا تم لے لو۔ غرضیکہ ایوان مہرجان کے فرش پر جس قدر چیزیں رکھی ہوئی تھیں وہ سب اسی طرح لوگوں کو عطا کر دیں۔
اس پر نہار بن توسعہ نے یہ شعر کہا:

تقلون إذ نادى لروع مثوب   وانتم غداة المهرجان كثير

ترجمہ: ”اگر جہاد کے لیے تمہیں بلایا جائے تو تم کم ہوتے ہو مگر یوم مہرجان کی صبح کو تم بہت تھے۔“

اسد بن عبداللہ کا انتقال:

پھر اسد بیمار پڑ گیا۔ مرض میں یہ اتفاق ہوا کہ ایک دن باہر نکلا تو ناشپاتیاں پیش کی گئیں جو بلخ میں پہلی مرتبہ آئی تھیں۔ اسد نے سب لوگوں کو ایک ایک کھلائی۔ ایک ناشپاتی اٹھا کر ہرات کے رئیس خراسان کی طرف پھینکی اس جھٹکے سے اس کا پھوڑا پھٹ گیا اور اسد کا انتقال ہو گیا۔ جعفر البہرانی کو اس نے اپنا جانشین مقرر کیا یہی جعفر بن حنظلہ ہے۔ ۱۲۰ھ کی یہ واقعہ ہے۔ چار ماہ جنگ یہ شخص عامل رہا۔ پھر نصر بن سیار کا فرمان تقرر رجب ۱۲۱ ہجری میں شرف صدور لایا۔

ابن عرس عبدی اور سلیمان بن قتیبہ بن مسلم کے آزاد غلام نے جو اسد کا دوست تھا اس کے مرثیے کہے۔

خراسانی شیعیان بنی عباس سے محمد بن علی کی ترک مراسلات:

اسی سنہ میں خراسان کے شیعیان بنی العباس نے سلیمان بن کثیر کو اپنا وکیل بنا کر محمد بن علی بن عباس کے پاس بھیجا تا کہ وہ ان کی اور ان کی تحریک کی حالت سے انہیں پوری طرح باخبر کر دے۔

محمد بن علی اپنے خراسان کے پیروؤں سے اس وجہ سے ناراض تھے کہ انہوں نے خداش کی اطاعت قبول کر لی تھی جس کا ذکر ہم اوپر کر آئے ہیں اور جو غلط باتیں اس نے ان سے بیان کی تھیں اسے انہوں نے تسلیم کر لیا تھا۔ اسی وجہ سے محمد بن علی نے خراسانیوں سے مراسلت ترک کر دی۔ جب عرصے تک ان کا کوئی خط نہیں آیا تو یہ سب اس معاملہ پر غور کرنے کے لیے جمع ہوئے اور سب نے بالاتفاق سلیمان بن کثیر کو منتخب کیا کہ وہ محمد بن علی کے پاس جا کر ہماری پوری حالت ان سے بیان کرے اور جو کچھ وہ اس کے جواب میں اس سے کہیں اس سے ہمیں آ کر اطلاع دے دیں۔

محمد بن علی کا اظہار ناراضگی:

یہ شخص محمد بن علی کے پاس آیا جو اپنے خراسانی شیعوں سے سخت ناراض تھے۔ سلیمان نے ان سے ساری کیفیت بیان کی۔ محمد بن علی نے خداش کی اتباع اور جھوٹی دعوت کو قبول کرنے کی وجہ سے خراسانیوں کی بہت زجر و توبیخ کی اور کہا اللہ تعالیٰ خداش اور اس کے مسلک پر چلنے والوں پر لعنت کرے۔ سلیمان خراسان واپس ہو گیا۔ محمد بن علی نے اس کے ہاتھ اپنے خراسانی شیعوں کو ایک خط لکھ دیا۔ سلیمان ان لوگوں کے پاس اس سربمہر خط کو لے کر آیا۔ خط کھولا گیا مگر اس میں سوائے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے کچھ بھی اور تحریر نہ تھا اس سے ان لوگوں کو سخت صدمہ ہوا اور اب انہیں معلوم ہوا کہ جو باتیں خداش نے ان سے آ کر بیان کی تھیں وہ محمد بن علی کے حکم کے بالکل خلاف تھیں۔

بکیر بن ماہان کی روانگی خراسان:

اسی سنہ میں سلیمان بن کثیر کے واپس جانے کے بعد محمد بن علی نے بکیر بن ماہان کو اپنے خراسانی شیعوں کے پاس ایک خط دے کر بھیجا جس میں انہیں بتایا تھا کہ خداش نے میرے شیعوں کو غلط راستے پر لگایا۔ جب بکیر اس خط کو لے کر خراسان پہنچا تو شیعوں نے اس کے بیان کو غلط سمجھا اور اس کی بات پر بالکل اعتنا نہیں کیا۔ بکیر پھر محمد بن علی کے پاس چلا آیا۔ اس مرتبہ محمد بن علی نے اس کے ساتھ شام لگے ہوئے عصا بھیجے جن میں بعض پر لوہے کی شام تھی اور بعض پر پیتل کی۔ بکیر انہیں لے کر خراسان آیا۔ امیران قوم اور شیعوں کو جمع کیا اور ہر شخص کو اس نے ایک ایک عصا دیا۔ اس سے وہ سمجھے کہ اب تک ان کا جو طرز عمل رہا ہے وہ ان کی سیرت کے مخالف تھا۔ ان لوگوں نے واپس جا کر اپنے اعمال سے توبہ کی۔

اسی سنہ میں ہشام بن عبدالملک نے خالد بن عبداللہ کو اس کے عہدہ سے برطرف کر دیا اور تمام وہ علاقے جو اس کے ماتحت تھے اس کی امارت سے نکال لیے۔

خالد بن عبداللہ اور حسان النبطی میں کشیدگی:

خالد کی برطرفی کے اسباب کے متعلق ارباب سیر کے مختلف بیان ہیں ان میں سے جو اقوال ہم تک پہنچے ہیں انہیں ہم بیان

[illegible]

موجب میں قیام پذیر تھا اس بنا پر اسے فروخ الرافقی کہتے تھے۔ خالد کو اس کا اس عہدہ پر رہنا سخت گراں گزرتا تھا۔ ایک دن اس نے حسان النبطی سے کہا کہ تم امیر المومنین کے پاس جاؤ اور فروخ نے جس قدر رقم دی ہے اس پر اضافہ کر دو۔ حسان ہشام کے پاس آیا اور اس نے دس لاکھ درہم اضافہ کا اقرار کیا۔ ہشام نے اہل شام میں سے دو دیانت دار آدمیوں کو بھیجا انہوں نے تمام جاگیر کا چارج فروخ سے لے لیا مگر اب حسان کا یہ رنگ تھا کہ خالد کے لیے فروخ سے بھی زیادہ گراں ہو گیا۔ اس نے حسان کو ستانا شروع کیا۔ حسان اس سے کہتا تھا کہ مجھے بنا کر تو تلف نہ بناؤ میں تو تمہارا ہی ساختہ پرداختہ آدمی ہوں مگر خالد نے اس کی ایک نہ سنی اور اسی طرح اسے دق کرتا رہا۔

حسان النبطی کی خالد کے خلاف شکایت:

حسان جب خالد سے ملنے آیا تو اس نے آب پاشی کی نہروں کے پشتے توڑ دیے جس سے تمام علاقہ برباد ہو گیا۔ پھر حسان نے ہشام سے آ کر کہا کہ خالد نے نہروں کے بند جو آپ کے علاقہ کی طرف توڑ دیے ہیں۔ ہشام نے ایک شخص کو اس کی تصدیق کے لیے بھیجا اس نے آ کر بیان کر دیا۔ حسان نے ہشام کے ایک شاگرد پیشہ سے کہا کہ اگر جو میں تم سے کہوں تم اس طرح کہہ دو گے تو میں تم کو ایک ہزار دینار دوں گا۔ اس نے کہا پہلے دلا دیجیے پھر جو آپ چاہیں میں کہہ دوں گا۔ چنانچہ حسان نے وہ رقم اسے دے دی اور اس نے کہا کہ تم ہشام کے کسی بچہ کو رلاؤ اور جب وہ رونے لگے تو اس سے کہو کہ چپ رہ کیا تم خالد القسری کے بیٹے ہو جس کے پاس ایک کروڑ تیس لاکھ ہیں۔ ہشام نے اسے سنا مگر ان سنی کر گیا۔ جب اس کے بعد حسان اس کے پاس آیا تو اس نے حسان کو اپنے بالکل قریب بلا کر پوچھا کہ خالد کی دولت کتنی ہو گی۔ حسان نے کہا ایک کروڑ تیس لاکھ۔ ہشام نے کہا تم نے مجھے اس کی اطلاع کیوں نہیں دی۔ حسان نے کہا کیا آپ نے کبھی مجھ سے دریافت کیا تھا۔ یہ بات ہشام کی پوری طرح دل نشین ہو گئی اور اس نے خالد کی برطرفی کا فیصلہ کر لیا۔

خالد بن عبداللہ کا اظہار تفاخر:

یہ بھی کہا گیا ہے کہ خالد اپنے بیٹے یزید سے کہا کرتا تھا کہ تو کسی طرح مسلمہ بن ہشام سے کم نہیں ہے۔ کیونکہ تو بھی لوگوں پر ان تین باتوں پر لوگوں کے سامنے فخر کر سکتا ہے کہ جن پر کوئی اور فخر نہیں کر سکتا۔ میرے حکم سے کسی دوسرے کو تکلیف دیئے بغیر دجلہ بند ہو جاتا ہے۔ مکہ کی تمام آبادی کو میری طرف سے پانی پلایا جاتا ہے۔ اور میں عراق کا علم بردار ہوں۔

ابن عمرو کی اہانت:

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ہشام اس وجہ سے خالد سے ناراض ہوا کہ قریش کے ایک صاحب خالد کے پاس آئے خالد نے ان کی بہت تذلیل کی اور سخت اور نامناسب الفاظ بھی انہیں کہے۔ انہوں نے ہشام کو اس کی شکایت لکھی۔

ہشام کا خالد کے نام اہانت آمیز خط:

اس پر ہشام نے خالد کو یہ خط لکھا

حمد و ثنا کے بعد! اگرچہ امیر المومنین نے تیرے ہاتھ اور تیری رائے کو ان لوگوں کے بارے میں جن کی حکومت کی باگ تیرے ہاتھ میں دے دی گئی ہے اور جن کا تجھے حاکم بنایا گیا ہے بڑی حد تک آزادی دے دی ہے کہ انہیں توقع تھی کہ تو اپنے فرائض کو بحسن انجام دے گا۔ اور انہیں تیری انتظامی اور سیاسی قابلیت پر بھروسا تھا۔ مگر اس کے معنی یہ نہ تھے کہ انہوں نے اپنے خاندان

امیر المومنین کے پاس نہ گئے ہوں تو ان کی صورتوں میں آپ بر خلاف امیر المومنین کو ایک معاملہ ہے جس کو لکھیے اور کسی کی زبانی سے تو مجبور ہے گا۔ ہر شخص کے متعلق جو خلاف ہو جاتے ہو وہ کسی کی قرابت ہو یا نسب کے اعتبار سے لکھا جاتا ہے آپ ان کے لیے وہ مانگ سکتے ہیں جو ان کی شرافت اور زندگی کا انتظام کر سکتے ہیں یہ لوگ پہلے سے وظیفے پا رہے ہیں ان کے مال میں اضافہ درخواست کر سکتے ہیں۔ ان تمام صورتوں میں آپ دیکھیں گے کہ امیر المومنین بہت جلد ہی توجہ فرمائیں گے اور ان کو آپ کی طرف بڑھا دیں گے کیونکہ وہ اپنے رشتہ داروں سے تعلق اور ان کے حقوق پورے کرنا چاہتے ہیں۔ اور ان کی نیت میں وہ صاحب اجازت ہی کا ادا کی پر مزید سہارا ... کرتے ہیں اور ... تم ہی ان کا ... کرتا ہے والسلام۔

یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ خالد جب ہشام کا ذکر کرتا تو اسے برا بھلا کہتا اور ابن الحمقاء کہا کرتا تھا کیونکہ ہشام کی ماں بالکل پاگل تھی۔ ہم اس سے پہلے یہ قصہ بیان کر چکے ہیں۔

یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ خالد نے ایک خط ہشام کو لکھا جس سے وہ بہت ناراض ہوا اور ہشام نے اسے لکھا "اے اپنی ماں کے بیٹے مجھے معلوم ہوا ہے کہ تو کہتا ہے کہ عراق کی امارت میرے لیے باعث عزت و شرف نہیں تو اے بجیلہ کے بیٹے عراق کی حکومت تیرے لیے باعث شرف نہیں کیونکہ تو ایسا ہی ہے جس کی تعداد بہت تھوڑی ہے اور جو بہت ہی ذلیل ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ قریش کا ایک ادنیٰ آدمی آ کر تیری مشکیں کس دے گا۔

خالد بن عبداللہ کے خلاف ہشام سے شکایات:

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ہشام نے خالد کو لکھا کہ تیرا یہ قول مجھ تک پہنچا ہے کہ میں خالد بن عبداللہ بن یزید بن اسد بن کرز ہوں اور ان پانچوں میں سب سے زیادہ معزز ہوں۔ تو سن لے کہ میں تجھے ایسا ذلیل کروں گا کہ تو پانچوں اور بجیلہ کی حالت سنبھال سکے گا۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جب ہشام کو یہ بات معلوم ہوئی کہ خالد اپنے بیٹے سے کہا کرتا ہے کہ "جب امیر المومنین کے بیٹے تجھ سے اپنی احتیاج ظاہر کریں گے تو تیری عزت کا کیا ٹھکانا" اس کے چہرے پر غیظ و غضب کے آثار نمایاں ہو گئے۔

یہ بھی کہا گیا ہے کہ شام کے ایک صاحب ہشام کے پاس آئے اور کہنے لگے میں نے خالد کو امیر المومنین کا ایسے الفاظ میں ذکر کرتے سنا ہے کہ میں انہیں بیان نہیں کر سکتا۔ ہشام نے کہا کیا اس نے احول کہا؟ انہوں نے کہا نہیں بلکہ اس سے بھی سخت لفظ کہا ہے۔ ہشام نے کہا پھر کیا؟ انہوں نے کہا میں کبھی اسے اپنی زبان سے ادا نہیں کروں گا۔ غرض اسی قسم کی باتیں خالد کی طرف سے ہشام کو برابر پہنچتی رہیں آخرکار ہشام کے خیالات اس کی طرف سے بدل گئے۔

خالد بن عبداللہ کی برطرفی کا فیصلہ

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ایک دہقان خالد کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ آپ کے صاحبزادوں کی دولت حد سے بڑھ گئی ہے مجھے یہ ڈر ہے کہ امیر المومنین کو اس کی اطلاع ہوگی اور وہ اس کو بہت زیادہ خیال کریں گے اور لوگ تو آپ کی ظاہری شکل کو محبوب رکھتے ہیں اور میں آپ کے جسم اور جان دونوں کو محبوب رکھتا ہوں۔ خالد نے کہا کہ اسد بن عبداللہ نے بھی مجھ سے یہی بات کہی تھی معلوم ہوتا ہے کہ تم ہی نے انہیں اس بات کا مشورہ دیا ہوگا۔ اس دہقان نے کہا آپ اس بات کا اقرار کیجیے۔ خالد نے کہا میرے بیٹے کے معاملے کو چھوڑ دو

ان کی تو یہ حالت ہے کہ اگر ایک درہم بھی ادھر ادھر کیں تو کتاب نہ دیتے تھے

جب ہشام کو خالد کے متعلق بہت سی باتوں کی اطلاع پہنچتی رہی اور اسے اچھا نہیں سمجھا تھا تو اس نے اس کو برطرف کر دینے کا ارادہ کر لیا مگر اس بات کو بھی بالکل پوشیدہ رکھا۔

یوسف بن عمر کو عراق جانے کا حکم:

ہشام نے خالد کو معزول کرنے کے ارادہ کو کسی شخص سے بیان نہیں کیا بلکہ خود اپنے قلم سے یوسف بن عمر کو جو عامل یمن تھا لکھا کہ تم تیس آدمیوں کے ساتھ عراق چلے جاؤ۔ یوسف کوفہ کی طرف روانہ ہوا اور اس کے بالکل قریب پہنچ کر اس نے رات بسر کی۔ خالد کے افسر مال گزاری طارق نے اپنے بیٹے کی ختنہ کرائی تھی اور اس تقریب کے موقع پر اس نے ایک ہزار گھوڑا ایک ہزار غلام اور ایک ہزار لونڈیاں مال اور نقد اور کپڑوں وغیرہ کے علاوہ نذر دی تھیں۔ رات کو پہرہ دینے والے پولیس والے یوسف اور اس کے ساتھیوں کے پاس سے گزرے۔ یوسف اس وقت نماز پڑھ رہا تھا۔ عطر کی خوشبو اس کے کپڑوں سے مہک رہی تھی۔ گشت والوں نے پوچھا تم کون ہو؟ انہوں نے کہا ہم مسافر ہیں۔ گشت کرنے والوں نے پوچھا کہاں جاتے ہو؟ انہوں نے کہا بعض مقامات کو۔ گشت والے طارق اور اس کے مصاحبین کے پاس آئے۔ یہ واقعہ بیان کیا اور کہنے لگے ان لوگوں کا معاملہ اچھا نہیں معلوم ہوتا ہمارا خیال ہے کہ ہم انہیں قتل کر ڈالیں۔ اگر یہ خارجی ہوئے تو ان کے شر سے ہم کو نجات مل جائے گی اور اگر وہ تمہارے لیے آئے ہوں گے تو آپ کو اس کا علم ہو جائے گا اور آپ جس غرض کے لیے وہ آئے ہوں گے اس کے خلاف تیاری کر لیں گے۔ مگر طارق نے ان کے قتل سے پولیس کو منع کر دیا۔ پولیس کے جوان پھر اپنی گشت پر چلے گئے۔

یوسف بن عمر اور گشتی پولیس کی گفتگو:

جب صبح ہوئی یوسف اور اس کے ہمراہی اس مقام سے قبیلہ بنی ثقیف کے مکانوں میں چلے آئے تو پہرے والوں کا پھر ادھر گزر ہوا۔ ان میں سے ایک نے پوچھا تم کون ہو؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہم مسافر ہیں۔ سپاہی نے پوچھا کہاں جاؤ گے؟ انہوں نے کہا بعض دیہات میں۔ یہ گشت والے پھر طارق اور اس کے مصاحبین کے پاس آئے اور کہا یہ لوگ بنی ثقیف کے مکانوں میں چلے آئے ہیں اور ہمیں شبہ ہوتا ہے کہ ہم انہیں قتل کر دیں مگر اس نے انہیں منع کر دیا۔

خالد بن عبداللہ اور طارق بن ابی زیاد کی گرفتاری:

ادھر یوسف نے ایک شخص سے کہا کہ یہاں جتنے مضری ہوں سب کو میرے پاس بلا لاؤ۔ اس شخص نے اس کے حکم کی تعمیل کی۔ فجر کی نماز کے وقت یوسف مسجد میں آیا۔ مؤذن کو اقامت کا حکم دیا۔ مؤذن نے کہا امام کو آ جانے دیجیے۔ یوسف نے اسے ڈانٹ بتائی۔ مؤذن نے اقامت کہی یوسف آگے بڑھا اس نے ایک رکعت میں اذا وقعت الواقعۃ اور دوسری میں سأل سائل کی تلاوت کی پھر خالد طارق اور ان کے مصاحبین کو اپنے آدمی بھیج کر گرفتار کرا لیا اور ادھر دعوت کے لیے دیگیں پک رہی تھیں۔

ربیع بن سابور کا بیان:

ربیع بن سابور بنی الحریش کے آزاد غلام جو ہشام کی فوج خاص کے افسر تھے اور جن کے پاس ہشام کی مہر بھی رہتی تھی بیان کرتے ہیں کہ ہشام نے یہ جو خالد کا قصہ تھا جس سے وہ خفا ہوا تھا ان دنوں میں جب یوسف ابن عمر کا آزاد غلام یوسف کا خط

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

طارق بن ابی زید کی معذرت

[illegible]

یوسف کے قاصد کی یمن میں آمد

[illegible]

یمن میں صلت بن یوسف کی ناکامی

[illegible]

[illegible] کا بیان

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

طارق بن ابی زیاد کی طلبی:

[illegible]

طارق بن ابی زیاد کی گرفتاری

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

یوسف بن عمر کا اہل کوفہ سے خطاب

[illegible]

خالد بن عبداللہ القسری کی رہائی و حمایت:

[illegible]

ابان بن الولید کی ضمانت سے دستبرداری:

[illegible]

[illegible]

خالد بن عبداللہ القسری کی وصیت و جائیداد:

[illegible]

دی تھی۔

عریان بن الہیثم کا خالد کو مشورہ

عریان بن الہیثم کہتے ہیں کہ میں اپنے دوستوں سے الگ تھلگ رہا تھا۔ جب خالد والی ہو کر آئے تو ایک [illegible] سے اہل قریش سے اور ان کے بیٹوں کی اولاد کی [illegible] سے [illegible] ہو گئی ہو یا نہ ہو۔ میں نے ایک دن خالد سے کہا کہ [illegible] ہیں آپ کے اور ان کے درمیان کوئی رشتہ یا قرابت بھی نہیں ہے انہیں آپ [illegible] آپ ان کا خیال [illegible] ہیں آپ خدا کا واسطہ ہے کہ آپ [illegible] شام والوں [illegible] اطلاع [illegible] پہنچنے سے پہلے ان کی دلجوئی کر دیجئے۔ کیونکہ مجھے آپ سے [illegible] ہو۔ ان کو چلا دیجئے [illegible] باقی رہے تو یہ اس سے اچھا ہے کہ سب کا سب چلا جائے۔ مجھے یہ ڈر ہے کہ تمہارا کوئی [illegible] ہشام کے پاس جانے کا [illegible] اس کے بچے [illegible] اپنی خوشی [illegible] تو یہ اس سے اچھا ہے کہ تم سے زبردستی چھین لیا جائے۔

خالد بن عبداللہ کی قسم:

خالد نے کہا [illegible] مجھے [illegible] نہیں ہوا اس پر میں نے کہا آپ [illegible] ہشام کے پاس بھیجئے [illegible] جائیں گے [illegible] بھیجئے۔ [illegible] میں اسے قبول کر لوں گا۔ خالد نے کہا میں اپنی ذلت گوارا کرنے کے لیے تیار نہیں ہوں۔ میں نے ان سے کہا کہ آپ خوب جانتے ہیں کہ آپ کی ساری جائداد [illegible] کی سلطنت میں ہی ہے [illegible] تو آپ سے [illegible] ہیں خالد نے کہا یہ نہیں ہو سکتا۔ میں نے [illegible] تو آپ اس کی [illegible] سے [illegible] کہ آپ [illegible] دے [illegible] گا اور [illegible] آپ کو [illegible] اگر [illegible] ان کے [illegible] آپ [illegible] اور [illegible] جب [illegible] آپ اس [illegible] اپنی جائداد [illegible] سنبھال لیں اور اس پر قبضہ رکھیں۔ خالد نے کہا یہ بھی نہیں ہو سکتا۔

تب میں نے ان سے کہا اچھا اگر وہ تمہیں معزول کر دے اور تمہاری تمام جائداد لے لے تو تم کیا کرو گے [illegible] ہے کہ تم [illegible] اس معاملے میں [illegible] مجھ [illegible] لیے [illegible] اس کے بھائی [illegible] اور خاندان والوں نے پہلے ہی اس معاملہ میں تمہاری بیعت کر لی ہے اور [illegible] تمہیں [illegible] لے گا۔ تم [illegible] سے ان کی [illegible] ہے۔ وہ [illegible] تم جس [illegible] چاہنا [illegible] مال [illegible] حاصل کر لینا۔

خالد نے کہا [illegible] تم نے [illegible] ہے [illegible] میں یہ کبھی نہیں کروں گا۔

عریان کہتے ہیں [illegible] خالد [illegible] گیا [illegible] کے حق میں [illegible] ہوا [illegible] ہوا۔

بلال بن ابی بردہ کی خالد بن عبداللہ سے درخواست

[illegible]

بلال بن ابی بردہ کی مراجعت بصرہ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

جعفر بن حنظلہ کی برطرفی

[illegible]

کرمانی کا امارت خراسان پر تقرر اور معزولی

[illegible]

[illegible]

* * *

[illegible]

باب ۶

نصر بن سیار

امارت خراسان پر نصر بن سیار کا تقرر:

جب ہشام کو اسد کی موت کا علم ہوا تو اس نے اپنے دوستوں سے مشورہ کیا کہ کون ایسا شخص ہے جو خراسان کی حکومت کی بھی اچھی طرح سنبھال سکے ان لوگوں نے کئی آدمیوں کے نام پیش کیے اور ہشام کے پاس ان کے نام لکھ کر پیش کر دیے جن اصحاب کی اس عہدہ کے لیے سفارش کی گئی تھی ان میں یہ لوگ تھے عثمان بن عبداللہ بن الشخیر، یحییٰ بن حضین الرقاشی، نصر بن سیار اللیثی، قطن بن قتیبہ بن مسلم اور مجشر بن مزاحم السلمی (از قبیلہ بنی حرام)۔ عثمان بن عبداللہ بن الشخیر کے متعلق کہا گیا کہ یہ شراب پیتے ہیں۔ مجشر کے لیے کہا گیا کہ یہ بہت بوڑھے ہو چکے ہیں۔ ابن حضین کے متعلق کہا گیا کہ ان میں ربیعہ کا خیال اور نخوت ہے۔ قطن بن قتیبہ کے متعلق کہا گیا کہ چونکہ ان کا باپ وہیں قتل کیا گیا ہے اس لیے یہ انتقام چاہیں گے۔ نصر بن سیار کے متعلق کہا گیا کہ ان کا وہاں خاندان نہیں ہے کہ جس کی امداد انہیں حاصل ہو سکے۔ ہشام نے کہا میں تو نصر کا خاندان بنانا چاہتا ہوں۔ غرض کہ ہشام نے نصر ہی کو خراسان کا گورنر مقرر کر دیا۔

نصر بن سیار کے نام فرمان تقرری:

عبدالکریم بن سلیط بن عطیہ الحنفی (بنو حنیفہ بن عدی بن حنیفہ) کو نصر کا فرمان تقرر دے کر روانہ کیا۔ عبدالکریم اسے لے کر خراسان روانہ ہوا اس کے ہمراہ اس کا منشی ابوالمہند بنی حنیفہ کا آزاد غلام بھی تھا۔ جب یہ سرخس پہنچا تو وہاں اسے کوئی پوچھتا نہ تھا، حفص بن عمر بن عباد التیمی (تیم بن مرہ) کا بھائی مرتین کا عامل تھا۔ ابوالمہند نے اسے نصر کی ولایت کا حال بتا دیا۔ حفص نے یہ سنتے ہی اپنا ایک قاصد نصر کے پاس بھیجا جس نے یہ خبر نصر کو پہنچا دی۔ اب عبدالکریم بن سلیط بھی مرو آ گیا۔ ابوالمہند نے کرمانی کو بھی اس کی اطلاع دے دی۔ کرمانی نے نصر بن حبیب بن بحر بن مالک بن عمرو کو نصر بن سیار کے پاس بھیجا مگر اس سے پہلے حفص کا قاصد نصر کے پاس پہنچ گیا تھا اور اس نے سب سے پہلے امیر کہہ کر نصر کو سلام کیا۔ نصر نے اس سے کہا کہ تو [illegible] معلوم ہوتا ہے۔ پھر اس نے حفص کا خط پیش کیا۔

اس سے پہلے جعفر بن حنظلہ نے کرمانی کو معزول کر کے عمرو بن مسلم کو مرو کا عامل مقرر کر دیا تھا، منصور بن عمرو کو ابرشہر کا اور نصر بن سیار کو بخارا کا عامل مقرر کیا تھا۔

نصر بن سیار اور بختری:

جعفر بن حنظلہ کہتے ہیں کہ کوئی دن پہلے نصر کا فرمان تقرر آنے کے میں نے نصر کو بلایا اور کہا کہ میں تمہیں بخارا کا عامل مقرر کرتا ہوں۔ نصر نے بختری بن مجاہد سے مشورہ کیا۔ بختری نے کہا (یہ بھی بنی شیبان کے آزاد غلام ہیں) اس سے کہہ دو کہ تم اسے قبول مت کرو۔ نصر نے وجہ پوچھی۔ بختری نے کہا چونکہ خراسان میں اس وقت تم ہی سارے مضر کے شیخ ہو اس لیے مجھے یقین ہے کہ تم ہی سارے خراسان کے والی بنا دیے جاؤ گے۔ چنانچہ جب واقعی نصر کا فرمان تقرر آ گیا تو اس نے بختری کو بلا بھیجا۔ بختری نے اس

کے قاصد نے آتے ہی اپنے دوستوں سے کہا کہ نصر بن سیار خراسان کا والی مقرر ہو گیا۔ بختری نے آ کر نصر کو امیر کہہ کر سلام کیا۔ نصر نے پوچھا آپ کو یہ بات کہاں سے معلوم ہوئی۔ بختری نے کہا چونکہ آپ نے آج مجھے بلا بھیجا حالانکہ اس سے پہلے آپ خود میرے پاس آیا کرتے تھے میں سمجھ گیا کہ آپ خراسان کے والی مقرر ہو گئے۔

ہشام سے عبدالکریم کی یمنی ربیعہ اور مضری سرداروں کی سفارش:

بیان کیا گیا ہے کہ جب اسد بن عبداللہ کی وفات کی خبر ہشام کو معلوم ہوئی تو انہوں نے عبدالکریم سے پوچھا کہ تمہارے خیال میں کسے خراسان کا والی مقرر کروں میں تم سے اس لیے مشورہ لیتا ہوں کہ مجھے معلوم ہے کہ تم خراسان اور وہاں کے امیروں سے اچھی طرح واقف ہو۔ عبدالکریم کہتے ہیں۔ میں نے امیر المومنین سے کہا کہ باعتبار اپنی امتیاز وقدر اور شجاعت کے کرمانی اس کے اہل ہیں۔ امیر المومنین نے اپنا منہ پھیر لیا اور پوچھا اس کا کیا نام ہے میں نے کہا جدیع بن علی۔ اس نام سے انہوں نے بد شگون لیا اور کہا میں اسے نہیں کرنا چاہتا کسی اور کا نام بتاؤ۔ میں نے کہا تجربہ کار زبان آور یحییٰ بن نعیم بن ہبیرہ الشیبانی ابو المیلاء۔ ہشام نے کہا یہ ربیعہ میں سے ہیں اور ربیعہ سے سرحدوں کی حفاظت نہیں ہو سکتی۔ عبدالکریم کہتے ہیں کہ یہ سن کر میں نے اپنے جی میں کہا کہ ربیعہ اور یمن دونوں کو انہوں نے ناپسند کیا اب تو مضر سے کسی کا نام لے کر دیکھوں۔ میں نے کہا عقیل بن معقل اللیثی بھی ہیں اگر آپ ان کی ایک کمزوری کا خیال نہ فرمائیں۔ ہشام نے پوچھا وہ کیا ہے؟ میں نے کہا وہ عفیف نہیں ہیں۔ ہشام نے کہا میں انہیں بھی نہیں کرنا چاہتا۔ میں نے عرض کیا منصور بن ابی الخرقاء السلمی۔ اگر آپ ان کی ایک نظری خرابی کا خیال نہ فرمائیں کہ ان کی صورت منحوس ہے۔ ہشام نے کہا کسی اور کا نام بتاؤ۔ میں نے کہا مجشر بن مزاحم السلمی عاقل و شجاع ہیں مگر ان کو جھوٹ بولنے کی عادت ہے۔ ہشام نے کہا جھوٹ بولنے میں بھلائی نہیں۔ میں نے کہا۔ یحییٰ بن حضین۔ ہشام نے کہا میں پہلے ہی کہہ چکا ہوں کہ ربیعہ سے سرحد کی حفاظت نہیں ہو سکتی۔ غرض اس طرح جس کسی یمنی یا ربیعہ کے سردار کا میں نام لیتا ہشام اسے ناپسند کرتے۔ میں نے ارادتاً نصر بن سیار کو سب کے آخر میں رکھا حالانکہ ان سب میں زیادہ شجاعت والا اور تجربہ کار سیاست داں تھا۔ میں نے عرض کیا کہ نصر بن سیار اللیثی۔ ہشام نے کہا بس یہی منظور ہے۔ میں نے کہا ان میں بھی ایک کمی ہے اگر آپ اس کا خیال نہ فرمائیں تو مناسب ہے ورنہ وہ عفیف، تجربہ کار اور فرزانہ ہیں۔ ہشام نے کہا آخر وہ کیا کمی ہے؟ میں نے کہا خراسان میں ان کا خاندان بہت کم ہے۔ ہشام نے کہا کیا بڑا ہے کیا وہ مجھ سے بڑھ کر کسی خاندان کا آرزو مند ہے میں ان کا خاندان اور بھائی ہوں۔

یوسف بن عمر کی قیسی سرداروں کی سفارش:

دوسرے راوی کا بیان ہے کہ جب یوسف بن عمر عراق آیا تو اس نے اپنے دوستوں سے پوچھا کہ کسی ایسے شخص کو بتاؤ جسے میں خراسان کا والی مقرر کروں۔ لوگوں نے اسے مسلم بن سلیمان بن عبداللہ بن حازم، قدید بن منیع المنقری، نصر بن سیار، عمرو بن مسلم، مسلم بن عبدالرحمن بن مسلم، منصور بن ابی الخرقاء سلمی، قطن بن قتیبہ، یونس بن عبد ربہ، زیاد بن عبدالرحمن القشیری کے نام بتائے۔ یوسف نے ان سب کے نام ہشام کے پاس بھیج دیئے اور قیسی سرداروں کی بڑی تعریف کی۔ ان سب کے آخر میں نصر بن سیار الکنانی کا نام لکھا تھا۔ ہشام نے ان کو پڑھ کر کہا کیا وجہ ہے کہ یوسف نے کنانی کا نام سب سے آخر میں لکھا ہے۔ یوسف نے اپنے خط میں یہ بھی لکھا تھا کہ خراسان میں نصر کا قبیلہ اور خاندان بہت تھوڑا ہے۔ ہشام نے اس کے جواب میں یوسف کو لکھا تمہارے خط کے مضمون سے

[illegible] نصر [illegible]

[illegible] یوسف بن عمر [illegible]

[illegible] کر دیا۔

حفص کا نصر بن سیار کے نام خط:

نصر نے خراسان سے [illegible] یوسف [illegible] خراسان [illegible]

[illegible] نصر کے پاس [illegible]

نصر بن سیار اور ابو حفص بن علی الحنفی کی گفتگو:

[illegible] نصر کے پاس آیا [illegible] نصر نے [illegible]

[illegible] نصر [illegible] ہے۔

نصر بن سیار کے عمال:

پھر نصر نے مسلم بن [illegible] کو بلخ کا والی مقرر کیا [illegible]

محمد [illegible] عبد الرحمن القسری کی [illegible] ابو العیص [illegible] پڑھا [illegible] قحطبہ [illegible] کا [illegible] تھا [illegible] سے [illegible] ایک [illegible] کی [illegible] نے [illegible] آیا [illegible] کہ اس کے پیچھے [illegible] تھا [illegible] کامیاب [illegible] نصر نے اپنے [illegible] نصر کے [illegible] تقریر کی۔

نصر بن سیار کی تقریر:

رجب ۱۲۱ ہجری [illegible] نصر [illegible] نے ان سے کہا [illegible] سب لوگوں کو [illegible] سے [illegible] ہیں۔

امیر حج محمد بن ہشام و عمال:

محمد بن ہشام بن اسمٰعیل اس سال امیر حج تھے۔ بعض راوی کہتے ہیں کہ سلیمان بن ہشام [illegible] یزید بن ہشام [illegible] محمد بن ہشام مکہ مدینہ و طائف کا والی تھا۔ عراق اور مشرق کا حاکم یوسف بن عمر تھا [illegible] نصر بن سیار خراسان کا والی تھا۔ بیان کیا گیا ہے کہ اس سنہ میں [illegible] یوسف بن عمر کی جانب سے [illegible] آرمینیہ [illegible] عامر بن عبیدہ الباہلی بصرے کے قاضی تھے۔ مروان بن محمد [illegible] آذربائیجان کا والی تھا۔ [illegible] کوفہ کے قاضی تھے۔

۱۲۱ھ کے واقعات

فتح مطامیر:

اس سنہ میں مسلمہ بن ہشام بن عبد الملک نے روم سے جنگ کی اور مطامیر فتح کیا اور مروان بن محمد نے تخت والے کے علاقہ میں جہاد کیا۔ اس کے قلعے [illegible] ایک ہزار [illegible] سالانہ [illegible] ادائیگی کی ضمانت کے لیے یرغمال لیے۔ مروان نے اسے اس کے علاقہ کا والی بنا دیا۔

اسی سنہ میں [illegible] کی روایت کے مطابق ماہ صفر میں [illegible] کے مطابق زید بن علی بن حسین بن علی بن ابی طالب قتل کیے گئے۔ لیکن ہشام بن محمد نے بیان کیا ہے کہ یہ واقعہ صفر ۱۲۲ ہجری میں پیش آیا۔

زید بن علی بن حسین بن علی کی بیعت:

اس واقعہ کے متعلق یہ روایت ہے کہ زید بن علی، محمد بن عمر بن علی بن ابی طالب اور داؤد بن علی بن عبد اللہ بن عباس، خالد بن عبد اللہ کے پاس عراق آئے تھے [illegible] مدینہ واپس آ گئے۔ جب یوسف بن عمر [illegible]

اپنے خط میں ان کا بھی تذکرہ کیا کہ خالد نے زید بن علی سے مدینہ کی ایک زمین دس ہزار دینار میں خریدی تھی۔ پھر یہ زمین واپس کر دی۔ ہشام نے یوسف کو لکھا کہ ان لوگوں کو میرے پاس بھیج دو۔ جب یہ ہشام کے پاس آئے تو ہشام نے ان سے دریافت کیا تو ان لوگوں نے اس بات کا تو اقرار کیا جو یوسف نے انہیں لکھا تھا باقی اور تمام باتوں سے انکار کر دیا۔ ہشام نے زید سے قسم کے متعلق دریافت کیا زید نے اس کا اقرار کیا اور حلف اٹھایا۔ ہشام نے ان کے بیان کو تسلیم کر لیا۔

یزید بن خالد القسری کا زید بن علی پر دعویٰ:

دوسرا بیان یہ ہے کہ ہشام تک پہلا قصہ یہ پہنچا کہ یزید بن خالد القسری نے دعویٰ کیا کہ خالد کا روپیہ زید بن علی، محمد بن عمر بن علی بن ابی طالب، داؤد بن علی بن عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب، ابراہیم بن سعد بن عبدالرحمن بن عوف زہری اور ایوب بن سلمہ بن عبداللہ بن ولید بن مغیرہ مخزومی کے پاس جمع ہے۔ یوسف بن عمر نے ان لوگوں کے بارے میں ہشام کو لکھا۔ زید بن علی اس وقت رصافہ میں اپنے چچازاد بھائیوں کی اولاد حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے رسول اللہ ﷺ کے اوقاف کے متعلق جھگڑ رہے تھے۔ محمد بن عمر بن علی بھی اس وقت زید بن علی کے ہمراہ تھے۔ جب یوسف بن عمر کے خط ان کے بارے میں ہشام کے پاس آئے تو ہشام نے ان سب کو اس معاملہ کی اطلاع دی۔ یوسف بن عمر نے مجھے لکھا ہے کہ یزید بن خالد کہتا ہے کہ اس کا روپیہ آپ لوگوں کے پاس جمع ہے۔ انہوں نے اس مطالبہ سے انکار کیا۔ ہشام نے ان سے کہا کہ میں آپ سب صاحبوں کو یوسف کے پاس بھیجتا ہوں کہ وہ آپ لوگوں کا آپ کے مدعی سے مقابلہ کرا دے۔ زید بن علی نے ہشام سے کہا کہ میں آپ کو قرابت اور رشتہ داری کا واسطہ دیتا ہوں کہ آپ ہمیں یوسف کے پاس نہ بھیجیں۔ ہشام نے پوچھا یوسف سے آپ کیوں خائف ہیں؟ انہوں نے کہا مجھے ڈر ہے کہ وہ ہمارے ساتھ زیادتی کرے گا۔ ہشام نے کہا وہ آپ کے ساتھ زیادتی نہیں کر سکتا

ہشام بن عبدالملک کی یوسف بن عمر کو ہدایات:

ہشام نے اپنے میر منشی کو بلا کر حکم دیا کہ یوسف کو لکھو۔ جب فلاں فلاں اشخاص تمہارے پاس آئیں تو تم ان کا یزید بن خالد القسری سے مقابلہ کرانا اگر وہ دعویٰ کو تسلیم کر لیں تو انہیں میرے پاس بھیج دینا۔ اگر وہ انکار کریں تو مدعی سے ثبوت طلب کرو اور اگر وہ ثبوت پیش نہ کر سکے تو بعد نماز عصر ان اصحاب سے حلف لے لینا کہ ہمارے پاس یزید بن خالد القسری نے کوئی امانت نہیں رکھوائی اور نہ ہمارے ذمہ اس کا کوئی قرض واجب الادا ہے۔ جب حلف اٹھا لیں تو انہیں چھوڑ دینا۔

ہشام سے ان اصحاب نے کہا کہ ہمیں ڈر ہے کہ آپ کے اس خط کے مضمون سے تجاوز کیا جائے گا اور ہمیں عرصہ تک اس قضیہ میں الجھائے رکھے گا۔ ہشام نے کہا یہ کبھی نہیں ہو سکتا۔ میں اپنا ایک پہرہ دار آپ لوگوں کے ساتھ بھیج رہا ہوں تاکہ وہ اس حکم کی تعمیل کرائے اور جلد آپ لوگ اس قضیہ سے فراغت پا جائیں۔ سب نے کہا جزاک اللہ الرحمن خیراً کہ آپ نے بالکل انصاف سے کام کیا ہے۔

زید بن علی کی برأت:

ہشام نے ان تمام اصحاب کو یوسف کے پاس بھیج دیا۔ ایوب بن سلمہ کو اپنے پاس روک لیا کیونکہ ہشام بن عبدالملک کی والدہ ہشام بن اسمٰعیل بن ہشام بن ولید بن مغیرہ مخزومی کی اولاد میں تھی اور یہ ہشام کے ماموں میں ہوتے تھے اس لیے ان

بخوبی میں ان سے کوئی باز پرس نہیں کی گئی۔ جب لوگ عراق پہنچے یوسف نے انہیں اپنے دربار میں آنے کی اجازت دی۔ اس نے زید بن علی کو اپنے قریب بٹھایا اور محبت کی نرم و شیریں گفتگو کے بعد ان سے سوال کیا۔ پھر سب سے داؤد کے متعلق دریافت کیا۔ سب نے انکار کیا اور کہا کہ اس نے ہمارے پاس کوئی امانت نہیں رکھوائی اور نہ ہم پر اس کا کوئی مطالبہ ہے۔ خوب پوچھ گچھ کے بعد یوسف نے زید بن خالد کو ان کے سامنے بلوایا اور اس سے کہا کہ یہ زید بن علی ہیں۔ یہ محمد بن عمر بن علی ہیں اور یہ فلاں ہیں جن کے خلاف تو نے اپنا دعویٰ پیش کیا ہے۔ خالد نے کہا: ”ان لوگوں پر نہ میرا زیادہ ہے اور نہ تھوڑا ہے“۔ یوسف نے کہا کیا تو مجھ سے مذاق کرتا ہے یا امیر المومنین سے؟ چنانچہ اس روز یوسف نے اسے ایسی اذیتیں دیں کہ لوگوں کو خیال ہوا کہ یہ ہلاک ہو جائے گا۔ پھر عصر کی نماز کے بعد اسے مسجد میں لایا گیا۔ سب سے حلف لیا گیا۔ سب نے قسمیں کھائیں۔ زید بن علی کو چھوڑ کر اور سب پر قسمیں لی گئیں۔ مگر ان میں سے کسی نے دعویٰ کا اقرار نہیں کیا۔ یوسف نے ہشام کو اس کی اطلاع دی۔ ہشام نے اسے لکھا کہ ان سے حلف لے کر چھوڑ دو۔ یوسف نے انہیں چھوڑ دیا۔ یہ لوگ تو وہاں سے مدینہ چلے آئے مگر زید بن علی کوفہ ہی میں ٹھہر گئے۔

زید بن علی کا عراق جانے سے گریز:

عبید بن مسلم الخفاف بیان کرتے ہیں کہ زید بن علی نے خواب دیکھا تھا کہ عراق میں انہوں نے آگ مشتعل کی ہے پھر اسے بجھا دیا اور پھر وہ مر گئے۔ اس خواب نے انہیں خوفزدہ کر دیا۔ انہوں نے اپنے بیٹے یحییٰ سے کہا کہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے جس نے مجھ کو خوفزدہ کر دیا ہے۔ پھر وہ خواب بیان کیا۔ اس کے بعد ہشام کا خط ان کی طلبی کے لیے آیا۔ جب یہ ہشام کے پاس آئے تو ہشام نے انہیں حکم دیا کہ آپ اپنے حریف یوسف کے پاس جائیے۔ انہوں نے ہشام سے کہا کہ میں آپ کو اللہ کا واسطہ دیتا ہوں کہ آپ مجھے اس کے پاس نہ بھیجیں کیونکہ مجھے یہ ڈر ہے کہ اگر آپ نے مجھے اس کے پاس بھیج دیا تو میں اور آپ پھر کبھی زندہ اس دنیا میں ایک جا جمع نہ ہوں گے۔ مگر ہشام نے کہا جیسا آپ کو حکم دیا جاتا ہے اس کی تعمیل کیجئے۔ چنانچہ یہ یوسف کے پاس آئے۔

زید بن علی کی طلبی:

یہ بھی کہا گیا ہے کہ ہشام نے زید کو مدینہ سے یوسف کے خط کی بنا پر اپنے پاس بلایا۔ اس کی وجہ یہ ہوئی کہ جب یوسف بن عمر نے خالد بن عبداللہ پر سختی کی تو اس نے دعویٰ پیش کیا کہ میں نے زید بن علی، داؤد بن علی بن عبداللہ بن عباس ؓ اور قریش کے دو اور شخصوں کے پاس جن میں سے ایک مخزومی اور دوسرا انصاری تھا بہت بڑی رقم بطور امانت رکھوائی ہے۔ اس کے متعلق یوسف نے ہشام کو لکھا اور ہشام نے اپنے ماموں ابراہیم بن ہشام کو جو مدینہ کے عامل تھے لکھا اور حکم دیا کہ ان لوگوں کو میرے پاس بھیج دو۔ ابراہیم بن ہشام نے زید اور داؤد سے بلا کر اس معاملہ کو دریافت کیا اور کہا کہ خالد نے ایسا بیان کیا ہے۔ انہوں نے قسم کھا کر کہا کہ اس نے کوئی رقم ہمارے پاس امانت نہیں رکھوائی۔ ابراہیم نے کہا میں تو آپ کو سچا سمجھتا ہوں مگر آپ کو معلوم ہے کہ امیر المومنین کا حکم آیا ہے اور اس کی تعمیل ضروری ہے۔

زید بن علی کی الزامات سے تردید:

ابراہیم نے ان دونوں کو شام بھیج دیا اور یہاں پہنچ کر انہوں نے نہایت سخت قسم کھا کر کہا کہ خالد نے ہمارے پاس کوئی امانت نہیں رکھوائی۔ داؤد نے یہ بھی کہا میں عراق میں اس کے پاس گیا تھا اور اس نے مجھے ایک لاکھ درہم دلائے تھے۔ ہشام نے کہا

تب ہشام نے زید سے کہا کہ میں آپ دونوں کو بالکل نہیں جانتا ہوں۔ آپ یوسف کے پاس جائیے تاکہ وہ آپ کا ان سے تصفیہ کرا دے اور آپ یہاں سے اس لیے نکالے جاتے ہیں۔

زید بن علی اور عبداللہ بن حسن بن حسن کی مقدمہ بازی:

یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ زید اپنے چچا زاد بھائی عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی کے خلاف دعویٰ کرنے کے لیے ہشام کے پاس آئے تھے۔ جویریہ بن اسماء سے بیان ہے کہ میں نے زید بن علی اور جعفر بن حسن بن حسن کی وہ مقدمہ بازی جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اوقاف کے متعلق تھی دیکھی ہے۔ زید بن علی حسین رضی اللہ عنہ کی جانب سے اور جعفر بن حسن حسن رضی اللہ عنہ کی طرف سے مقدمہ کرتے تھے۔ جعفر اور زید دونوں والی کے سامنے ایک دوسرے کے مقابلہ میں حد سے آگے بڑھ جاتے تھے۔ پھر اٹھ جاتے تھے اور جو گفتگو ان میں ہو چکی تھی اس کا ایک حرف بھی نہیں کہتے تھے۔ جب جعفر کا انتقال ہو گیا تو عبداللہ کہنے لگے کہ اب کون جعفر کے بجائے ہماری حمایت میں پیروی کرے گا۔ حسن بن حسن بن حسن رضی اللہ عنہ نے کہا میں اس کام کو کروں گا۔ عبداللہ نے کہا یہ ہرگز نہیں ہو سکتا مجھے تمہاری زبان اور تمہارے ہاتھ سے ڈر ہے، میں اس بارے میں اپنا معاملہ اپنے ہاتھ میں لوں گا۔ حسن نے کہا آپ کے دلائل آپ کی موجودگی میں نہیں رکھیں گے۔ عبداللہ نے کہا بات تو تم ٹھیک کہتے ہو۔ اب دونوں فریقوں میں والی کے سامنے مقدمہ بازی ہونے لگی۔ ابراہیم بن ہشام اس وقت والی مدینہ تھا۔

زید بن علی اور عبداللہ بن حسن میں جھگڑا:

عبداللہ نے زید سے کہا کہ تم ان اوقاف کے لیے منہ چڑھتے ہو حالانکہ تم ایک سندھی لونڈی کے بطن سے ہو۔ زید نے کہا حضرت اسماعیل علیہ السلام بھی لونڈی کے بطن سے تھے اور باوجود اس کے وہ اس سے بہتر ہوئے۔ عبداللہ یہ سن کر خاموش ہو گئے۔ غرض کہ دونوں نے ایک دوسرے کو برا بھلا کہنے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ دوسرے دن والی نے ان کو پھر بلایا اور تمام قریش اور انصار کو بھی بلایا۔ اب دونوں میں پھر جواب سوال شروع ہوئے۔ ایک انصاری نے آگے بڑھ کر ان کے درمیان میں مداخلت کی۔ زید نے اس سے کہا تمہیں ہمارے درمیان مداخلت کرنے کا کیا حق ہے؟ تم قحطانی ہو۔ انصاری نے کہا خدا کی قسم میں اپنی ذات، شرافت اور باپ دادا کی وجہ سے تم سے اشرف ہوں۔ زید یہ جواب سن کر چپ ہو رہے۔ قریش کے ایک شخص نے آگے بڑھ کر کہا خدا نے جھوٹ بولا۔ زید ہر اعتبار اپنی ذات، باپ دادا کے اعتبار سے اور آخرت میں تم سے بہتر ہیں۔ فضل والے ہیں۔ تمہیں اس معاملہ سے کیا غرض۔ اس قریشی نے کنکریاں مٹھی میں بھر کر زمین پر ماریں اور کہا مجھ سے اس معاملہ میں صبر نہیں ہو سکتا۔

عبداللہ بن حسن اور زید بن علی میں مصالحت:

جب عبداللہ اور زید دونوں کو یہ پتہ چلا کہ لوگوں کا مقصد ہماری بے عزتی اور جگ ہنسائی ہے۔ عبداللہ اٹھ کر چلے گئے۔ زید نے بھی ان کے بعد اللہ کو گواہ کر کے عہد کیا کہ میں کبھی ایسی بات کے لیے پھر حاضر نہ ہوں گا۔ میں خدا کو گواہ کر کے کہتا ہوں کہ اب میں عبداللہ کے مقابلہ میں جب تک زندہ ہوں مدعی یا مدعا علیہ کی حیثیت سے نہ آؤں گا۔ پھر زید نے عبداللہ کو مخاطب کر کے کہا اے میرے بھتیجے بھائی اب یہاں سے اٹھ چلو۔ دونوں اٹھ گئے اور لوگ بھی چلے گئے۔

زید بن علی اور خالد بن عبدالملک میں نوک جھونک:

بعض لوگوں نے یہ بیان کیا ہے کہ زید حضرت جعفر بن حسن سے جھگڑتے رہتے تھے، جعفر کے مرنے کے بعد عبداللہ سے تنازعہ ہونے لگا۔ جب ہشام نے خالد بن عبدالملک بن الحارث بن الحکم کو مدینہ کا امیر مقرر کیا تو یہ دونوں ان کے پاس آئے۔ عبداللہ نے زید کو سخت برا بھلا کہا اور ہندیہ کے بیٹے کہہ کر خطاب کیا۔ زید ہنس پڑے اور کہا ابو محمد! آپ نے یہ بات کہہ دی۔ پھر زید نے بھی ان کی ماں کا تحقیر آمیز الفاظ میں ذکر کیا۔

زید بن علی کی ماں کی مدحت و توصیف:

واقدی کہتے ہیں کہ جب عبداللہ نے زید کے متعلق یہ کہا تو زید نے جواب دیا کہ ہاں خدا کی قسم! ان کی ماں نے اپنے شوہر کے انتقال کے بعد صبر کیا اور کبھی گھر کی دہلیز سے باہر قدم نہیں رکھا، برخلاف دوسروں کے کہ انہوں نے صبر نہیں کیا۔ پھر زید کو اپنے کیے پر ندامت ہوئی اور وہ اپنی پھوپھی فاطمہ سے شرماتے تھے، ایک زمانہ تک ان کے پاس نہیں گئے۔ پھر فاطمہ نے زید سے کہلا بھیجا کہ میرے بھتیجے! میں جانتی ہوں کہ تمہیں اپنی ماں اسی طرح عزیز ہے جیسا کہ عبداللہ کو اپنی ماں عزیز ہے۔ یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ فاطمہ نے زید سے کہلا بھیجا کہ اگر عبداللہ نے تمہاری ماں کو برا کہا ہے تو تم بھی ان کی ماں کو برا کہو۔ اور عبداللہ سے پوچھا کیا تم نے زید کی ماں کو برے الفاظ سے یاد کیا ہے۔ عبداللہ نے کہا جی ہاں تو فاطمہ نے کہا خدا کی قسم تم نے بہت برا کیا زید کی ماں جب گھر سے آتیں تو ہمارے یہاں بہت اچھی مہمان ہوتی تھیں۔

زید بن علی کی اپنے دعویٰ سے دست برداری:

پھر خالد بن عبدالملک نے ان دونوں سے کہا کل آپ تشریف لائیں۔ اگر میں آپ کے درمیان فیصلہ نہ کر دوں تو میں عبدالملک کا بیٹا نہیں۔ اس خبر سے مدینہ میں ایک ہیجان سا برپا رہا۔ کوئی کہتا زید نے یہ کہا اور کوئی کہتا کہ عبداللہ نے یہ کہا ہے۔ دوسرے دن خالد نے مسجد نبوی میں اجلاس کیا تمام لوگ جمع ہوئے ان میں سے بعض خوش ہونے والے تھے اور بعض غمگین۔ خالد نے دونوں کو طلب کیا وہ چاہتا تھا کہ یہ دونوں ایک دوسرے کو برا بھلا کہیں۔ عبداللہ گفتگو کرنا چاہتے تھے کہ زید نے ان سے کہا اے ابو محمد! آپ جلدی نہ کیجئے۔ زید اب کبھی خالد کے سامنے آپ سے مخاصمت کرے تو اس کے تمام غلام آزاد ہیں۔ پھر زید نے خالد کو مخاطب کرتے ہوئے کہا تم نے رسول اللہ ﷺ کی اولاد کو ایک ایسی بات کے لیے اپنے سامنے بلایا ہے جس کے لیے ابوبکر و عمر بھی انہیں اپنے پاس نہیں بلاتے تھے۔ خالد نے لوگوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کیا کوئی شخص یہاں ایسا نہیں ہے جو اس بیوقوف کو جواب دے۔

عمرو بن حزم انصاری کی دریدہ دہنی:

انصار میں سے ایک شخص نے جو عمرو بن حزم کی اولاد میں سے تھا کہا اے ابو تراب اور حسین بے وقوف کے بیٹے کیا تو والی کا اپنے اوپر کوئی حق نہیں سمجھتا اور نہ اس کی اطاعت تیرے لیے ضروری سمجھتا ہے۔ زید نے کہا اے قحطانی تو خاموش رہ میں تو ایسے کو جواب نہیں دینا چاہتا۔ اس شخص نے کہا کیوں جناب آپ مجھ سے کیوں الگ رہتے ہیں خدا کی قسم میں تم سے بہتر ہوں۔ میرا باپ تمہارے باپ سے اور میری ماں تمہاری ماں سے بہتر ہے۔ زید ہنس پڑے اور کہنے لگے کہ اے گروہ قریش! دین تو جاتا رہا کیا حسب بھی رخصت

ہو گیا؟ پتہ ہوا ہے کہ ان قوم کا دین جا چکا ہے مگر ان کے حسب چلے نہیں جاتے۔

ابن واقد بن عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی زید کی حمایت

عبداللہ بن واقد بن عبداللہ بن عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے کہا اے قحطانی تو سمجھتا ہے زید تجھ سے اپنی ذات اپنے والدین اور اصل و نسل کے اعتبار سے افضل ہیں اسی طرح کی اور بھی بہت سی باتیں انہوں نے کہیں۔ اس قحطانی نے ان سے کہا ابن واقد تم اس معاملے سے الگ رہو۔ ابن واقد نے کنکریوں کی مٹھی اٹھائی اور زمین پر دے ماری اور پھر کہنے لگے افسوس! خدا کی قسم اس کی باتوں پر صبر نہیں کر سکتے پھر وہ اٹھ کر چلے گئے۔

زید ہشام بن عبدالملک کے پاس آئے ہشام کسی طرح ملاقات کا موقع نہیں دیتا تھا۔ زید مختلف قصوں کے ذریعہ بھی اجازت طلب کرتے۔ وہ ہر قصہ کے نیچے لکھ دیتا کہ جو تمہارے حاکم ہیں ان کے پاس جاؤ۔ زید کہتے خدا کی قسم اب میں خالد کے سامنے تو کبھی نہیں جاؤں گا میں کچھ مانگنے نہیں آیا بلکہ میں اپنے حق کے لیے مقدمہ پیش کرنے آیا ہوں۔ آخرکار بہت عرصہ کے انتظار کے بعد ہشام نے ان کو دربار کا موقع دیا۔

زید بن علی اور ہشام بن عبدالملک کی ملاقات:

محمد بن عبدالعزیز الزہری بیان کرتے ہیں کہ جب زید بن علی ہشام سے ملنے آئے تو حاجب نے ان کے آنے کی اطلاع دی ہشام ایک بلند منزل پر چڑھ گیا۔ پھر انہیں آنے کی اجازت دی۔ ایک خادم کو حکم دیا کہ تم اس طرح ان کے پیچھے پیچھے رہو کہ تمہیں نہ دیکھیں اور یہ دیکھو وہ کیا کہتے جاتے ہیں۔ یہ خادم بیان کرتا ہے کہ میں سیڑھیوں پر بھی ان کے پیچھے ہو لیا زید چونکہ بہت موٹے تھے اس لیے وہ ایک سیڑھی پر ٹھہر گئے اور کہنے لگے خدا کی قسم جس نے دنیا کو چاہا وہ ذلیل ہوا۔ جب وہ ہشام کے پاس پہنچے تو اپنی ضروریات منظور کرالیں اور لوٹ چلے گئے۔ ہشام اس بات کو اپنے خادم سے پوچھنا بھی بھول گیا اور اس واقعہ کو عرصہ گزر گیا اس کے بعد اس نے خادم سے پوچھا خادم نے جو سنا تھا بیان کر دیا۔ ہشام نے ابرش کی طرف دیکھا ابرش نے کہا سب سے پہلی بات یہ ہو گی کہ وہ تمہاری خلافت سے علیحدگی اختیار کریں گے۔ چنانچہ ہشام کو سب سے پہلی اطلاع جو موصول ہوئی وہ زید کی بغاوت تھی جیسا ابرش نے کہا تھا وہی وقوع پذیر ہوا

زید بن علی کی ہشام بن عبدالملک کو دھمکی:

یہ پہلی لڑائی تھی جو شیعوں اور طرفداران مروان میں ہوئی۔

خازم بن خزیمہ کا خروج:

اسی سنہ میں خازم بن خزیمہ نے مرو روذ پر قبضہ کر لیا۔ نصر بن سیار کے عامل کو جو یہاں متعین تھا قتل کر دیا اور خزیمہ بن خازم کو فتح کی خوشخبری دینے ابو مسلم کے پاس بھیجا۔

جب اس نے مرو روذ میں خروج کا ارادہ کیا تو بعض تمیمیوں نے اسے روکا اس نے کہا میں بھی تمہیں میں سے ہوں میرا ارادہ

ہے کہ مرو میں جا کر قبضہ کر لو اگر تم اس میں کامیاب ہو گئے تو اسے تمہارے حوالے کر دوں گا اور اگر مارا گیا تو تمہیں یہ حق ہے کہ اس قتل سے کوئی نقصان نہیں اٹھانا پڑے گا۔ یہ بات سن کر لوگ خاموش ہو گئے اور اس نے کوچ کر دیا۔ نصر نے ... ابو مسلم پر چڑھائی کی۔

خازم کا مرو رود پر قبضہ:

ابو مسلم کی جانب سے حضرت ... خازم بن خزیمہ ... جب ... ہوئے تو انہوں نے مرو رود پر ... تمیمی ... اور بشر بن جعفر سعدی کو جو نصر کی جانب سے یہاں کا عامل تھا قتل کر دیا۔ یہ واقعہ ذی قعدہ میں پیش آیا۔ اس نے فتح کی خوشخبری دینے کے لیے اپنے لڑکے خزیمہ بن خازم کو ... ابو مسلم کے پاس بھیجا۔

ابو مسلم خراسانی کے متعلق دوسری روایت:

ابو مسلم کے خراسان میں داخلہ کے متعلق مذکورہ بالا بیان کے مطابق ایک اور بیان حسب ذیل ہے جب امام ابراہیم ابو مسلم کو خراسان بھیجنے لگے تو ان کی شادی انہوں نے ابو النجم کی بیٹی سے کر دی اور ان کا اس سے مہر خود ادا کیا۔ نیز انہوں نے اس تحریر کی اطلاع تمام نقیبوں کو دی اور انہیں ابو مسلم کی اطاعت و فرمانبرداری کا حکم دیا جیسے کہ بیان کیا گیا ہے۔ ابو مسلم خود بنو معقل ... کا غلام تھا ... عجلی کا ... بیٹا ... بن علی کا ... اور اس کے بعد امام ... اور ... میں سے ابراہیم امام ہو گئے ان کا مولیٰ رہا۔ جب خراسان آیا تو بالکل نوجوان تھا اسی وجہ سے سلیمان بن کثیر نے اسے قبول نہیں کیا کیونکہ اس کی کم سنی سے خوف پیدا ہوا کہ اس کی وجہ سے ان کی تحریک پر برا اثر پڑے گا اور خود ... سلیمان بن کثیر نے اسے واپس بھیج دیا۔

ابو داؤد خالد کی ابو مسلم خراسانی کی حمایت میں تقریر:

ابو داؤد خالد بن ابراہیم اس وقت دریائے جیحون کے پیچھے گیا ہوا تھا جب وہ مرو واپس آیا تو لوگوں نے اسے امام کا خط سنایا۔ ابو داؤد نے پوچھا وہ شخص کہاں ہے جسے امام نے بھیجا تھا؟ لوگوں نے کہا کہ سلیمان بن کثیر نے اسے واپس کر دیا۔ ابو داؤد نے تمام نقیبوں کو عمران بن اسمٰعیل کے مکان میں جمع کیا اور کہا کہ امام نے ایک شخص کو اپنے خط کے ذریعہ تمہارے پاس بھیجا تھا اور تم یہاں موجود تھے تم نے اسے واپس کر دیا۔ اب بتاؤ کہ تم نے اسے کیوں واپس کیا؟ سلیمان بن کثیر نے کہا اس کی کم سنی کی وجہ سے اور اس بات سے ہمیں یہ خوف پیدا ہوا کہ اس شخص سے ہماری تحریک پایہ تکمیل کو نہیں پہنچ سکے گی اور ہمیں خود اپنا اور اپنے طرف داروں کی جان کا بھی خطرہ تھا۔ ابو داؤد نے کہا کیا تم میں کوئی ایسا ہے جو ... کہ اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو انتخاب و منتخب کر کے تمام مخلوقات کے لیے اپنا رسول بنا کر بھیجا۔ کیا تمہیں اس سے انکار ہے؟ انہوں نے کہا نہیں۔ ابو داؤد نے کہا کیا تمہیں اس بات میں شک ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ پر اپنی کتاب نازل فرمائی جس میں حلال و حرام کی تفریق ... اپنے ... بتا دیا کہ کیا ہو چکا ہے اور کیا قیامت تک ہوگا۔ انہوں نے کہا نہیں۔ ابو داؤد نے کہا کیا تمہیں اس میں شک ہے کہ جب رسول ﷺ نے اپنی رسالت کا حق ادا کر دیا تو اللہ نے انہیں اپنے پاس بلا لیا۔ انہوں نے کہا نہیں۔ ابو داؤد نے کہا کیا تمہارا یہ گمان ہے کہ جو علم اللہ نے نازل فرمایا تھا وہ بھی رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اٹھا لیا گیا اسے بعد میں نہیں چھوڑا؟ لوگوں نے کہا بلکہ وہ باقی رہ گیا۔ ابو داؤد نے کہا کیا تمہارا یہ گمان ہے کہ وہ اپنے خاندان والوں کے علاوہ اوروں میں بھی ہے؟ انہوں نے کہا قریب کے ...

کسی اور کے دور میں کی مدد کو پہنچو۔ انھوں نے کہا نہیں۔ ابو داؤد نے کہا تو پھر کیا تم میں سے کسی کو یہ پتہ ہے کہ اس تحریک کا مرکز ہوتا اور وہ لوگوں کو اسے پسند کر کے بھیجتا تو اس تحریک کو فروغ دینے کے لیے بنا لے۔ انھوں نے کہا خدایا ہم تو نہیں یہ کیونکر ہو سکتا ہے۔ ابو داؤد نے کہا میں سمجھتا ہوں کہ تم نے دیکھا کہ سلیمان نے تمہارے [illegible] کر دیا۔ [illegible] کیا تم میں کوئی ایسا ہے جسے یہ علم ہو کہ وہ اس تحریک کا اہل ہے وہ اسی نبی ﷺ سے ہے کہ ان کے [illegible] کے لیے کرے۔ انھوں نے کہا نہیں۔ ابو داؤد نے کہا کیا تمہیں اس میں شک ہے کہ وہ معدن علم اور رسول اللہ ﷺ کی میراث کے مالک ہیں۔ انھوں نے کہا نہیں۔ اس نے کہا پھر میں یقین کرتا ہوں کہ تم نے ان کے حکم میں شک کیا اور ان کے علم کو مسترد کر دیا۔ اگر انھیں اس شخص کی اہلیت کا علم نہ ہوتا تو وہ ہرگز اسے تمہارے پاس نہ بھیجتے۔ ابو مسلم وہ شخص ہے کہ اس کی اہل بیت سے محبت اور خدمت گزاری اور حق شناسی میں کسی قسم کا شبہ نہیں کیا جاتا۔

ابو مسلم خراسانی کی واپسی:

چنانچہ ان سب لوگوں نے ابو داؤد کے کہنے سے ابو مسلم کو جو قومس تک پہنچ چکا تھا واپس بلا لیا اس کی اطاعت و فرمانبرداری کرنے لگے۔ مگر ابو مسلم کے دل میں سلیمان بن کثیر کی طرف سے کینہ جاگزیں ہو گیا اور ابو داؤد کے اس احسان کا بے احساس رہا۔ شیعہ تیمیہ اور دوسرے لوگوں نے ابو مسلم کے احکام کی تعمیل کی اس کی اطاعت کی اور اس میں مسابقت کر کے اس کی تحریک کو قوی کیا۔ تمام خراسان میں داعی بھیج دیے۔

ابو مسلم خراسانی کی طلبی:

امام ابراہیم نے اسی ۱۲۹ ہجری کے موسم حج میں آنے کے لیے ابو مسلم کو حکم بھیجا تاکہ وہ اپنی دعوت کے اظہار کے لیے ہدایات دیں نیز لکھا قحطبہ بن شبیب کو اپنے ہمراہ لے آنا اور تمام روپیہ بھی جو جمع کیا گیا ہے لایا جائے۔ تین لاکھ ساٹھ ہزار درہم جمع ہوئے تھے ابو مسلم نے بیشتر روپیہ کا تجارت کا سامان [illegible] کپڑے خریدے اور [illegible] باقی رقم کو سونے چاندی کی اینٹوں میں تبدیل کر کے [illegible] میں رکھا [illegible] حج کے ارادے سے روانہ ہوا۔ اس کے ہمراہ نقیبوں میں سے قحطبہ بن شبیب، قاسم بن مجاشع اور طلحہ بن رزیق تھے [illegible] اور شیعہ [illegible] کی جماعت سے یہ قافلہ روانہ ہوا۔ [illegible] انھوں نے اپنا سامان [illegible] پر ایک شیعہ [illegible] سے [illegible] جنگل کے راستے روانہ ہوئے [illegible] سے گزرتے ہوئے [illegible] پہنچے۔ ابو مسلم نے عثمان بن نہیک اور اس کے [illegible] کو اپنے پاس بلایا۔ ابو مسلم اور ان کے درمیان [illegible] کا فاصلہ تھا۔ [illegible] آدمی ان کے پاس [illegible] ایک گاؤں تک پہنچی۔

ابو مسلم کو خراسان جانے کا حکم:

ابو مسلم نے [illegible] گاؤں میں اسے ایک شیعہ ملا۔ اس نے اس سے امام کا پتہ دریافت کیا۔ اس نے کہا تم اس شخص کو کیوں پوچھتے ہو؟ ایک دن [illegible] اس کے ساتھ [illegible] بن عبداللہ [illegible] بن سعید [illegible] عثمان گرفتار کر کے [illegible] کے سامنے پیش کیے گئے۔ اس نے انھیں قید کر دیا

ابو مالک نے اسے بتایا کہ یہ خط امام نے اپنے قاصد کے ہاتھ اسے بھیجا تھا وہ میرے پاس ہے۔ ابو مسلم نے اس قاصد کے لانے کا حکم دیا۔ ابو مالک نے وہ خط اور پرچم و علم اس کے حوالے کیے۔ اس خط میں امام نے ابو مسلم کو حکم دیا تھا کہ جہاں تمہیں یہ خط ملے وہیں سے فوراً مرو واپس چلے جانا اور وہاں دعوت کا اظہار کرنا۔

ابو مسلم خراسانی اور عاصم بن قیس الحروری:

ابو مسلم نے اس پرچم کو جو امام نے بھیجا تھا ایک بانس سے باندھا اور جھنڈا بھی بلند کیا۔ نسا کے تمام شیعہ داعی اور سردار اس کے پاس آ گئے۔ ان کے علاوہ ابیورد کے جو لوگ اس کے ساتھ آئے تھے وہ بھی ہمراہ تھے۔ عاصم بن قیس الحروری کو اس کا علم ہوا اس نے آنے کا حال دریافت کیا۔ اس نے کہا میں حاجی ہوں۔ حج کے لیے بیت اللہ جا رہا ہوں میرے ہمراہ اور حاجی بھی ہیں پھر ابو مسلم نے اس سے یہ بھی درخواست کی کہ میرے جن دوستوں کو آپ نے قید کیا ہے انہیں چھوڑ دیجیے اور میں آپ کے علاقہ سے چلا جاتا ہوں۔ عاصم بن قیس کے عہدیداروں نے ابو مسلم سے کہا یہ شرط ہو کہ جتنے غلام جو خود رہا ہو کر آپ کے ہمراہ ہیں وہ واپس کر دے گا تو اس کے ان دوستوں کو جو امام کے پاس سے یا اور جگہ سے آئے تھے رہائی دے دی جائے گی چنانچہ ابو مسلم نے یہ شرط مان لی اور اس کے دوستوں کو چھوڑ دیا گیا۔

ابو مسلم خراسانی کا مرو میں قیام:

ابو مسلم نے اپنے شیعہ دوستوں کو وہیں رہنے کا حکم دیا امام کا خط پڑھ کر سنایا اور دعوت کے ظاہر کرنے کا انہیں حکم دیا۔ ان کی ایک جماعت واپس ہوگئی۔ ابو مالک اسید بن عبداللہ الخزاعی زریق بن شوذب اور ابیورد کے جو لوگ آئے تھے وہ ابو مسلم کے ساتھ ہو گئے جو لوگ واپس ہو گئے تھے انہیں ابو مسلم نے تیاری کا حکم دیا۔ ابو مسلم قحطبہ کو ان کے ساتھ مع قحطبہ بن شبیب کے وہاں سے تمام جمع ہو کر آیا خالد بن برمک اور ابو عون کو اپنے پاس بلا بھیجا نیز انہیں اس روپیہ کے لانے کا بھی حکم دیا جو شیعوں کا ان کے پاس جمع تھا یہ دونوں اس کے پاس آئے۔ ابو مسلم چند روز تک یہاں مقیم رہا۔ جب تمام جمع ہو گئے تو اس نے قحطبہ بن شبیب کی روانگی کا انتظام کیا تمام روپیہ مال و اسباب اس کے حوالے کیا اور اسے امام ابراہیم بن محمد کے پاس بھیج دیا۔ اب ابو مسلم نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ نسا آیا پھر یہاں سے ابیورد ہو کر مرو آیا۔ انہیں ہونے سے مرو آ گیا خزاعہ کے ایک گاؤں فنین نام میں آ کر قیام پذیر ہوا۔ ابھی ماہ رمضان کے ختم ہونے میں سات راتیں باقی تھیں۔

ابو مسلم خراسانی کی شیعان بنی عباس کو دعوت:

اس نے اپنے طرفداروں سے وعدہ لے لیا تھا کہ سب کے سب عید کے دن مرو میں اس کے پاس آ جائیں۔ اس نے ابو داؤد اور عمرو بن اعین کو طخارستان بھیجا۔ نضر بن صبیح تمیمی کو آل دعجہ روانہ کیا شریک بن غضی کو بھی اس کے ساتھ کر دیا۔ موسیٰ بن کعب کو ابیورد اور نسا بھیجا اور خازم بن خزیمہ کو مرو روذ بھیجا۔ عید کے دن اس کے تمام طرفدار اس کے پاس آ گئے۔ تو سلیمان بن کثیر الخزاعی نے ابو داؤد خالد بن ابراہیم کے گاؤں میں آل قصر کی عید گاہ میں ان سب لوگوں کو نماز پڑھائی۔

ابو مسلم خراسانی کی روانگی ماخوان:

اسی سنہ میں جب ابو مسلم کے طرفداروں کی جماعت کثیر ہو گئی اور اس کی تحریک نے مضبوطی حاصل کر لی تو خراسان کے تمام

اور قبائل نے اس سے ڈرنے کے لیے آپس میں معاہدے کیے۔ پھر ابو مسلم نے اپنے پڑاؤ کو جو اب تک اسفیذنج میں تھا ماخوان منتقل کر دیا۔ جب ابو مسلم نے اپنی دعوت کو ظاہر کیا تو لوگ جوق در جوق اس کے پاس آنے لگے۔ اہل مرو سے بھی آنا شروع ہوئے نصر نے ان سے کوئی تعرض نہیں کیا۔ کرمانی اور شیبان نے ابو مسلم کی دعوت کو اس لیے بری نظر سے نہیں دیکھا کہ ابو مسلم کی یہ دعوت مروان کی خلافت کے خلاف تھی۔

ابو مسلم خراسانی کی فقہ کے طالب علموں سے گفتگو:

ابو مسلم خندق ماخوان میں ایک خیمہ میں مقیم تھا۔ اس کے پاس نہ چوکیدار تھے نہ دربان لوگوں نے اس کی دعوت کو وسیع نظروں سے دیکھا اور کہنے لگے کہ بنی ہاشم سے ایک شخص نے لوگوں کو بلایا ہے جو بردبار اور صاحب وقار ہے۔ مرو کے چند نوجوان جو فقہ کے طالب علم تھے ابو مسلم کے پاس آئے اور اس سے اس کا نسب دریافت کیا۔ ابو مسلم نے کہا آپ کے لیے میرے کارناموں کی خبر میرے نسب سے بہتر ہے پھر انہوں نے کچھ فقہی باتیں اس سے دریافت کیں۔ ابو مسلم نے کہا آپ کا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرنا ان سوالوں سے بہتر ہے۔ ہم اس وقت اپنے معاملات میں الجھے ہوئے ہیں اور ہمیں آپ کی مدد کی آپ کے علم سے سوالات کے مقابلہ میں زیادہ ضرورت ہے آپ ہمیں اس سے معاف رکھیں انہوں نے کہا بخدا معلوم ہوا کہ آپ کا کوئی نسب نہیں ہے اور ہمارا خیال ہے کہ آپ بہت جلد ہی قتل ہو جائیں گے اور آپ کے اور نصر کے درمیان یہ جھگڑا کسی بدبختی کے لیے ہے۔ ابو مسلم نے کہا ان شاء اللہ میں ان دونوں کو قتل کروں گا۔ ان لوگوں نے نصر سے آ کر یہ سارا واقعہ بیان کیا۔ نصر نے ان کی تعریف کی اور کہا کہ یہ بہت اچھا ہوا کہ تم جیسے سمجھدار لوگوں نے اس کا حال دریافت کر کے اس کی حقیقت معلوم کر لی۔

نصر بن سیار کی شیبان خارجی کو پیش کش:

یہ نوجوان شیبان کے پاس آئے اور سارا حال سنایا اس نے کہا کہ ہم نے ایک دوسرے کو دھوکا دیا۔ پھر نصر نے اسے کہلا بھیجا اگر تم مناسب خیال کرو تو میرے مقابلے سے باز رہو تاکہ میں ابو مسلم سے لڑوں اور اگر چاہو تو اس سے لڑنے کے لیے میرا ساتھ دو ہم دونوں مل کر اسے قتل کر دیں یا نکال دیں اس کے بعد ہم پھر اپنے معاملہ پر ہو جائیں گے جیسا کہ اس وقت ہیں۔ شیبان کا ارادہ ہو گیا تھا کہ وہ نصر کی تجویز پر عمل کرے مگر یہ راز اس کی فوج والوں پر افشا ہو گیا۔ ابو مسلم کے جاسوسوں نے اس کی مخبری کی۔ کرمانی کا پتہ چلا لیا اور جا کر ابو مسلم سے بیان کیا۔ سلیمان نے کہا یہ بات جہاں تک پہنچی ہے کسی کو کہہ کر آنے والی تھی۔ ابو مسلم نے ان نوجوانوں کا واقعہ سنایا۔ سلیمان نے کہا اچھا تو یہ بات جب سے ہوا ہو گا۔ ان لوگوں نے کرمانی کو لکھا کہ آپ کے والد جو مارے گئے تھے ان کا بدلہ آپ کو لینا ہے اور ہمیں معلوم ہے کہ آپ کا مقصد جنگ شیبان کے مقصد سے جدا ہے آپ اپنے والد کی طرف دیکھیں' آپ شیبان کو نصر سے صلح کرنے سے روک دیں۔

نصر بن سیار کا شیبان خارجی کو انتباہ:

کرمانی نے شیبان سے اس معاملہ میں گفتگو کی اور اسے اس کی رائے سے پھیر دیا۔ نصر نے شیبان سے کہلا بھیجا بخدا! تم کو دھوکا دیا گیا ہے تم دیکھو گے کہ یہ معاملہ کیا صورت اختیار کرتا ہے۔ یہ ایسا فتنہ عظیم ہے کہ اس کے مقابلہ میں تم میری مخالفت کو معمولی سمجھو گے۔ یہ لوگ ابھی اسی گفتگو میں مشغول تھے کہ ابو مسلم نے نضر بن نعیم الضبی کو ہرات بھیجا۔ عیسیٰ بن عقیل اللیثی ہرات کا عامل تھا۔ نصر

نے اسے ہرات سے نکال بھگایا۔ یہ بھاگ کر نصر کے پاس آیا اور نضر نے ہرات پر قبضہ کر لیا۔

یحییٰ بن نعیم کا شیبان خارجی کو مشورہ:

یحییٰ بن نعیم بن ہبیرہ نے کرمانی اور شیبان سے کہا ان دونوں میں سے ایک بات اختیار کر لو یا تو اول مضری ہلاک ہوں یا تم ان سے پہلے ہلاک ہو جاؤ گے یا وہ تمہارے ہاتھ سے ہلاک ہو جائیں۔ انھوں نے کہا یہ کیسے ہو سکتا ہے؟ یحییٰ نے کہا: ابو مسلم کو اپنی دعوت شروع کیے ابھی ایک ماہ گزرا ہے اور اس مدت میں اس کی جماعت تمہارے برابر ہو گئی ہے۔ انھوں نے پوچھا اب کیا کیا جائے؟ یحییٰ نے کہا: نصر سے صلح کر لو اگر تم نے اس سے صلح کر لی تو ابو مسلم تمہیں چھوڑ کر صرف نصر سے جنگ کرے گا اس لیے کہ اس وقت یہاں کی حکومت مضریوں کے ہاتھ میں ہے اور اسی کے لیے یہ سارا جھگڑا ہے۔ اگر تم نے نصر سے صلح نہ کی اور ابو مسلم سے کی اور نصر تم سے لڑا تو پھر ابو مسلم پھر بھی تمہارا دشمن ہو جائے گا۔ انھوں نے پوچھا پھر کیا کیا جائے؟ یحییٰ نے کہا: انھیں اپنے آگے رکھو چاہے ایک گھڑی کی مہلت کیوں نہ ملے جو کم از کم ان کے قتل سے تمہاری آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔

شیبان خارجی اور نصر بن سیار میں مصالحت:

چنانچہ شیبان نے نصر کو صلح کا پیغام بھیجا نصر نے اسے قبول کر لیا اس نے مسلم بن احوز کو معاہدہ کرنے بھیجا اور ان دونوں فریقوں میں معاہدہ ہو گیا۔ شیبان نصر کے پاس آیا۔ اس کے داہنی کرمانی اور بائیں جانب یحییٰ بن نعیم تھا۔ مسلم نے کرمانی سے کہا اے کانے! مجھے معلوم ہوتا ہے کہ تو ہی وہ کانا ہے جس کے متعلق ہم نے سنا ہے کہ اس کے ہاتھوں مضر تباہ ہوں گے۔ پھر دونوں فریقوں میں ایک سال تک کے لیے صلح ہو گئی اور معاہدہ کی تکمیل کر دی گئی۔

نصر بن سیار اور کرمانی کی جنگ:

جب ابو مسلم کو اس صلح کی خبر ہوئی تو اس نے شیبان سے کہلا بھیجا کہ ہم اقرار کرتے ہیں کہ ہم آپ کے خلاف کوئی کارروائی نہ کریں گے آپ صرف وعدہ کیجیے کہ تین ماہ تک ہم سے صلح رکھیں گے۔ اس پر کرمانی نے کہا میں نے نصر سے صلح نہیں کی بلکہ شیبان نے کی ہے اور میں اسے ناپسند کرتا ہوں کیونکہ مجھے اپنے باپ کا بدلہ لینا ہے اور میں کسی طرح نصر کے مقابلے سے باز نہیں رہوں گا چنانچہ کرمانی اور نصر میں اب پھر جنگ شروع ہوئی مگر شیبان نے کرمانی کی امداد کرنے سے انکار کر دیا اور کہا کہ عہد کی خلاف ورزی میرے لیے جائز نہیں۔

ابو مسلم خراسانی اور کرمانی کی ملاقات:

کرمانی نے ابو مسلم سے نصر کے مقابلہ میں امداد کی درخواست کی۔ ابو مسلم ماخوان آیا شبل بن طہمان کو کرمانی کے پاس بھیجا اور کہا کہ نصر کے مقابلہ میں میں تمہارے ساتھ ہوں۔ کرمانی نے کہا میں چاہتا ہوں کہ ابو مسلم مجھ سے ملنے آئے۔ شبل نے یہ پیام ابو مسلم کو پہنچا دیا۔ ابو مسلم چار روز ماخوان میں قیام کر کے کرمانی سے ملنے روانہ ہوا اس نے اپنی فوج کو ماخوان ہی میں چھوڑا۔ عثمان بن الکرمانی نے رسالے کے ساتھ اس کا استقبال کیا۔ ابو مسلم ان کے ساتھ ساتھ کرمانی کے پڑاؤ میں آیا اس کے کمرہ کے پاس آ کر ٹھہر گیا۔ عثمان نے اسے اتارا اور ابو مسلم کمرہ کے اندر داخل ہوا اور اس نے امیر کے لقب سے کرمانی کو سلام کیا۔ کرمانی نے اسے اپنے کیمپ کے احاطہ میں محمد بن حسن الازدی کے محل میں ٹھہرایا۔ ابو مسلم دو روز اس کے پاس قیام کر کے پھر ماخوان اپنی فوج کے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

رات پڑاؤ کیا اسے محسوس ہوا کہ خود ان کی بستی کا پانی دشمن کی سمت سے آتا ہے تو اسے خوف پیدا ہوا کہ کہیں نصر پانی کو روک نہ دے۔ اس خیال سے اس نے اپنا پڑاؤ ابو منصور طلحہ بن رزیق النقیب کے موضع آلین میں ماخوان کی خندق میں چار ماہ کے قیام کے بعد ۶ ذی الحجہ ۱۲۹ھ بروز پنجشنبہ منتقل کر دیا۔ اس نے اس گاؤں کے سامنے اس کے اور بالین کے درمیان خندق کھدوا دی۔ اب یہ پانی خندق کے پیچھے پڑ گیا۔ معسکر کو عثمان بن بشر مزنی کے مکان کے دروازے کے سامنے خندق میں کر دیا۔ [illegible] دریائے خرقان کا پانی پیچھے تھے۔ اس طرح نصر ان کے پانی کو روک نہ سکا۔

ابوالذیال کی سرکوبی:

دوسرے دن ابو مسلم کے حامی قاسم بن مجاشع التمیمی نقیب نے عید گاہ میں نماز پڑھائی ابو مسلم اور تمام شیعوں نے ان کی اقتدا کی۔ نصر نے دریائے عیاض کے کنارے اپنا پڑاؤ کیا۔ اس نے عاصم بن عمرو کو بلاش جرد پر ابوالذیال کو طوسان پر بشر بن انیف الیربوعی کو جلفر پر اور حاتم بن حارث بن سریج کو خرق پر متعین کیا۔ حاتم بن حارث ابو مسلم پر حملہ کرنے کا موقع تلاش کر رہا تھا۔ ابوالذیال نے اپنی فوج کو طوسان میں فرو کش کیا جو ابو مسلم کے ہمراہ خندق میں تھے۔ ان کی فوج نے اہل طوسان کو ہر طرح سے ستایا ان کی تمام مرغیاں کھا گئے گائے بکریاں ذبح کر ڈالے اور زبردستی کھانا وغیرہ وصول کیا۔ شیعوں نے ابو مسلم سے ان کی شکایت کی ابو مسلم نے رسالے کو ان کے مقابلے کو روانہ کیا۔ ابوالذیال سے مقابلہ ہوا اس نے شکست کھائی اس کے ہمراہیوں میں سے [illegible] تقریباً تیس آدمیوں کے ساتھ گرفتار کر لیا گیا۔ ابو مسلم نے انہیں لباس دیا ان کے زخموں کا علاج کیا اور پھر انہیں چھوڑ دیا۔

اسی سال جدیع بن علی کرمانی کا مصاحب قتل کیا گیا۔

مسلم بن احوز اور محمد بن مثنیٰ کی جنگ:

ہم پہلے کرمانی اور حارث کی جنگ اور کرمانی کے حارث کو قتل کرنے کا واقعہ بیان کر چکے ہیں جب کرمانی نے حارث کو قتل کر دیا تو اب شرکت غیر سے مرو پر کرمانی کا مکمل دخل ہو گیا نصر بن سیار مرو کو چھوڑ کر ابر شہر چلا گیا۔ کرمانی کی قوت میں اضافہ ہو گیا۔ نصر نے مسلم بن احوز کو اپنی پولیس، تمام فوج اور رسالے کے ساتھ کرمانی کے مقابلے کے لیے بھیجا۔ اس کا کرمانی کی فوج سے مقابلہ ہوا۔ کرمانی کی طرف سے یحییٰ بن نعیم ابو المیلاء ایک ہزار ربیعہ کے ساتھ محمد بن المثنیٰ سات سو ازدی سواروں کے ساتھ ابن الحسن بن شیخ الازدی ایک ہزار ازدی جوانوں کے ساتھ اور حزمی السعدی ایک ہزار یمنی عربوں کے ساتھ مقابلے کے لیے موجود تھے۔ جب دونوں حریف مقابل آ کر کھڑے ہوئے تو مسلم نے محمد بن المثنیٰ سے کہا اس ملاح سے کہو کہ ہمارے مقابل آئے۔ محمد نے کہا حرامزادے تو اپنی ہی کے لیے ایسا کہتا ہے اس کے بعد ہی دونوں حریف ایک دوسرے پر جھپٹے اور تمام دن لڑتے رہے۔ آخر کار مسلم بن احوز کو شکست ہوئی اس کے سو سے زیادہ ہمراہی مارے گئے محمد کے ساتھیوں میں سے زیادہ آدمی کام آئے۔ نصر کی یہ شکست خوردہ فوج نصر کے پاس آ گئی۔

عصمہ بن عبداللہ الاسدی کی شکست:

عقیل بن معقل نے نصر سے کہا آپ عربوں کا تجربہ کر چکے ہیں اگر آپ نے جلدی کی تو [illegible] مستعدی و تیاری۔ اس کے بعد نصر نے عصمہ بن عبداللہ اسدی کو مقابلے پر بھیجا۔ یہ اسی جگہ آ کر کھڑا ہوا جہاں مسلم آیا تھا اس نے محمد بن المثنیٰ کو للکارا اور کہا ٹھہر جا اب تمہیں معلوم ہو گا کہ مچھلی تم (ایک بڑی مچھلی) اپنے طرف کس پانی میں ہے۔ محمد نے اس کے جواب میں کہا حرامزادے ذرا ٹھہر تو۔ محمد نے

خدری کو مقابلہ کا حکم دیا اور اپنے ایک ہزار آدمی [illegible] عصمہ کے مقابلہ پر آیا۔ نہایت شدید جنگ کے بعد عصمہ نے شکست کھائی اس کے [illegible] نصر کے پاس چلا آیا۔

مالک بن عمرو اور محمد بن مثنیٰ کا مقابلہ:

اب نصر نے مالک بن عمرو تمیمی کو مقابلے کے لیے بھیجا۔ یہ اپنی فوج لے کر [illegible] آیا۔ اس سے محمد بن المثنیٰ [illegible] آمنے سامنے مقابلہ ہوا۔ دونوں کے مقابلہ پر آیا۔ تمیمی نے اس کے شانے پر وار کیا [illegible] محمد بن المثنیٰ نے آگے بڑھ کر اس کے سر پر ایسی ضرب لگائی جس سے اس کا سر پھٹ گیا۔ جنگ میں اور شدت ہوئی اور دونوں فریق بڑی بے جگری سے لڑے اور انھوں نے شجاعت کا پورا حق ادا کیا۔ آخر کار نصری فوج کو شکست ہوئی۔ اس کے سات سو آدمی کام آئے۔ تین سو خراسانی مارے گئے۔ اسی طرح کی مختلف لڑائیاں دونوں میں ہوتی رہیں۔ اب ایک عام جنگ کے لیے دونوں حریف اپنی اپنی خندقوں سے باہر آئے اور خوب جی کھول کر لڑے۔

ابو مسلم خراسانی کی حکمت عملی:

جب ابو مسلم کو یقین ہو گیا کہ [illegible] دوسرے کا کامل قلع قمع نہیں [illegible] تو اب اس نے [illegible] کمک سے مدد کی تھی۔ پھر اس نے شیبان کے نام خط بھیجے [illegible] راستے سے [illegible] جائے جہاں [illegible] عرب ہوں گے [illegible] راستے میں [illegible] انھوں نے خط لکھا [illegible] عربوں کا [illegible] تم ان پر [illegible] مجھے اللہ سے توقع ہے [illegible] اس نے ایک دوسرا [illegible] روانہ کیا جہاں [illegible] تھے۔ اس خط میں مضریوں کی مذمت اور یمانیوں کی تعریف کی۔ نتیجہ یہ ہوا کہ دونوں فریق ابو مسلم کے گرویدہ ہو گئے۔ نیز اس نے نصر اور کرمانی کو لکھا کہ امام نے تمہارے ساتھ حسن سلوک کی ہدایت کی ہے میں اس بارے میں ان کی رائے سے تجاوز نہیں کر سکتا۔ اس نے تمام ضلعوں میں اپنی دعوت کو شائع کر دیا۔ سب سے پہلے اسید بن عبداللہ نے نسا میں سیاہ جھنڈا بلند کیا اور یا منصور کے نعرے بلند کیے۔ اس کے ساتھ مقاتل بن حکیم اور ابن غزوان نے بھی سیاہ نشان بلند کیا۔ [illegible] نے بھی سیاہ جھنڈا بلند کیا۔

نصر بن سیار کا مروان کے نام تاریخی خط:

اب ابو مسلم علی الاعلان نصر بن سیار اور جدیع الکرمانی کی خندقوں کے درمیان آ کر [illegible] ہوا۔ [illegible] کی فوج کی قوت [illegible] ہو گئے۔ نصر نے مروان بن محمد کو ابو مسلم کی دعوت اور خروج اور اس کے طرفداروں کی کثرت کا حال لکھ بھیجا اور بتایا کہ [illegible] کی خلافت کے لیے کوشاں ہے۔ نیز اس نے یہ شعر بھی لکھے:

ارى بين الرماد وميض جمر ۔۔۔ فيوشك ان يكون له ضرام
فان النار بالعودين تذكى ۔۔۔ وان الحرب مبداها الكلام
فقلت من التعجب ليت شعري ۔۔۔ ءايقاظ امية ام نيام

ترجمہ: "میں راکھ میں چنگاری کی چمک دیکھ رہا ہوں قریب ہے کہ وہ مشتعل ہو جائے [illegible] آگ دو لکڑیوں سے روشن ہوتی

ہے لڑائی کی ابتدا باتوں سے ہوتی ہے۔ میں تعجب سے اس بات کو پوچھتا ہوں کہ آیا بنو امیہ جاگ رہے ہیں یا سو رہے ہیں۔

نصر بن سیار کی ابن ہبیرہ سے امداد طلبی:

مروان نے اس کے جواب میں لکھا کہ تم جو کچھ دیکھتے ہو اس کا علاج خود کرو۔ نصر نے ابن ہبیرہ سے متعلق اس شخص کی جو تجویز سب سے زیادہ مناسب ہے۔ اسے لکھا کہ تم جو سرحد پر ہو تم کو بھیجنا چاہیے کہ تم اس فتنے کے پیچھے کھڑے ہو کر مدد کرو۔ یہ جواب پڑھ کر نصر نے اپنے دوستوں سے کہا معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے خلیفہ کے پاس تو کوئی مدد نہیں ہے۔ اب اس نے ابن ہبیرہ سے امداد طلب کی۔ یزید نے کہا کہ قسم خدا کی میں فوج نہیں دوں گا اور میرے پاس ایک آدمی بھی نہیں ہے۔

ابراہیم بن محمد کی گرفتاری:

نصر نے مروان کو ابو مسلم کے عروج اس کی قوت اور اس بات کی اطلاع دی کہ وہ ابراہیم بن محمد کے لیے دعوت دے رہا ہے۔ نصر کے خط کے پہنچنے سے پہلے ابو مسلم کا ایک قاصد جو ابراہیم بن محمد کے پاس بھیجا گیا تھا اور ابو مسلم کے خط کا جواب لے کر واپس جا رہا تھا مروان کے پاس آ پہنچا تھا۔ ابراہیم نے اس خط میں ابو مسلم کو اس کی کار گزاری پر کہ اس نے یمنی نصر و کرمانی کے جھگڑے سے فائدہ اٹھا کر اپنی جماعت کو اعلانیہ کر دیا ہے داد دی تھی اور حکم دیا تھا کہ خراسان میں جتنے عربی زبان بولنے والے ہوں سب کو قتل کر دے۔ اس قاصد سے یہ خط مروان کو مل گیا۔ مروان نے ولید بن معاویہ بن عبدالملک والی دمشق کے نام حکم لکھا کہ بلقاء کے عامل کو حکم دو کہ وہ فوراً کرار الحمیمہ جا کر ابراہیم بن محمد کو گرفتار کر کے بھیج دے۔ ولید کے ساتھ ان کی گرفتاری کو بھیجا ولید نے۔ گرفتار کر کے اس کی شخص نے ولید کے پاس بھیج دیا ولید نے ان کو مروان کے پاس بھیج دیا۔ مروان نے ان کو جیل میں قید کر دیا۔

اب یہاں سے پھر نصر و کرمانی کی جنگ کا بیان کیا جاتا ہے۔

نصر کی کرمانی کو مصالحت کی پیشکش:

جب کرمانی اور نصر کے درمیان معاملہ طول کھینچ گیا تو ابو مسلم نے کرمانی سے کہلا بھیجا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں۔ کرمانی نے اس بات کو قبول کر لیا۔ ابو مسلم بھی کرمانی کے ساتھ ہو گیا اس سے نصر کو بڑی پریشانی لاحق ہوئی اس نے کرمانی سے کہلا بھیجا کہ تم تو دیکھ رہے ہو کیا ہے، مجھے اس کی جانب سے تمہارے اور تمہارے طرفداروں کے لیے خطرہ نظر آتا ہے۔ آؤ ہم تم عارضی صلح کر کے مرو میں چلے آئیں اور پھر باقاعدہ ہمارے تمہارے درمیان عہد نامہ صلح لکھا جائے۔

کرمانی کا قتل:

اس ترکیب سے نصر کا مقصد یہ تھا کہ کسی طرح کرمانی اور ابو مسلم میں تفریق کر دی جائے۔ چنانچہ اس پیام کے موصول ہوتے ہی کرمانی اپنے مکان چلا آیا مگر ابو مسلم بدستور اپنی چھاؤنی میں مقیم رہا۔ اپنے مکان سے نکل کر کرمانی سواروں کے ساتھ اپنے احاطے میں ٹھہرا۔ اسی وقت ایک ترکی شخص نے نصر سے کہلا بھیجا کہ یہ موقع ہے کرمانی کو قتل کر دیا جائے۔ نصر نے اس کو قتل کرنے کے لیے اس موقع کو غنیمت سمجھا اور حارث بن سریج کے بیٹے کو تین سو سواروں کے ساتھ اس کے مقابلہ پر بھیجا۔ ان سواروں میں اور کرمانی میں نہایت شدید جنگ ہوئی۔ کرمانی کی کمر میں نیزہ لگا جس سے وہ اپنے گھوڑے سے نیچے گر پڑا

اس کے ساتھیوں نے اس کے بچانے میں برابر زور صرف کیا مگر کثرت تعداد نے مقابلہ میں ان کی کچھ پیش نہ گئی۔ نصر نے کرمانی کو قتل کر کے سولی پر چڑھا دیا۔ اس کے ساتھ اس کی زین بھی لٹکا دی۔

علی بن جدیع الکرمانی کی ابومسلم کی اطاعت۔

اس کا بیٹا علی جو ابومسلم کے پاس پہنچ گیا تھا ایک بڑی جمعیت لے کر نصر پر چڑھ آیا اس نے اسے دارالامارة سے نکال دیا۔ نصر مرو کے کسی گھر میں جا بیٹھا۔ اب ابومسلم بھی مرو میں آ گیا۔ علی بن جدیع کرمانی ابومسلم کے پاس آیا اور اسے امیر کہہ کر سلام کیا اور کہا میں آپ کی امداد کے لیے تیار ہوں جو حکم ہو کیجئے۔ ابومسلم نے کہا تم اسی طرح اپنی جگہ پر توقف کرو پھر میں مناسب حکم دوں گا۔

عبداللہ بن معاویہ کا فارس پر قبضہ:

اس سنہ میں عبداللہ بن معاویہ بن عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے فارس پر قبضہ کر لیا اس واقعہ کی تفصیل یہ ہے کہ کوفہ میں شکست کھانے کے بعد عبداللہ بن معاویہ مدائن چلا گیا۔ اہل مدائن نے اس کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔ کوفہ کے بہت لوگ آ کر اس کے شریک ہو گئے۔ یہ جبال آیا اور اس نے جبال، حلوان، قومس، اصبہان اور رے پر قبضہ کر لیا۔ اہل کوفہ کے غلام بھی اس کے پاس چلے آئے۔ اس تمام علاقہ پر قبضہ کر کے اس نے اصبہان میں سکونت اختیار کی۔

محارب بن موسیٰ اور ثعلبہ بن حسان:

محارب بن موسیٰ بنی یشکر کے آزاد غلام کی فارس کے علاقہ میں بڑی قدر و منزلت تھی۔ یہ جوتے پہنے اصطخر کے دارالامارة چلا آیا اور ابن عمر کے عامل کو وہاں سے نکال دیا۔ ایک شخص عمارہ نام سے کہا کہ لوگوں سے بیعت لو۔ اہل اصطخر نے پوچھا کا ہے کی بیعت ہے اس نے کہا تمہاری مرضی کے مطابق۔ لوگوں نے اس کے ہاتھ پر ابن معاویہ کے لیے بیعت کر لی۔ محارب نے کرمان پر جا کر غارتگری کی۔ اس میں ثعلبہ بن حسان المازنی کا ایک اونٹ بھی اسے ملا تھے یہ پکڑ لایا اور واپس چلا آیا۔ ثعلبہ اپنے اونٹ کی تلاش میں محارب کے اصطخر کے گاؤں میں آیا۔ اس کے ہمراہ اس کا ایک آزاد غلام بھی تھا۔ اس نے ثعلبہ کو محارب کے اچانک قتل کر دینے کا مشورہ دیا اور کہا اگر آپ پسند کریں تو میں اسے قتل کر دیتا ہوں دوسرے لوگوں سے آپ میری حفاظت کیجئے گا یا آپ اس پر حملہ کریں اور میں آپ کو بچاؤں گا۔ ثعلبہ نے اسے ڈانٹا اور کہا بھلا ایسے شخص کو قتل کیا جائے۔ یہ محارب کے پاس آیا۔ محارب نے خندہ پیشانی سے اس کا خیر مقدم کیا اور آنے کی وجہ دریافت کی۔ اس نے کہا اپنا اونٹ لینے آیا ہوں۔ محارب نے کہا مجھے معلوم نہ تھا کہ وہ تمہارا اونٹ ہے اب معلوم ہوا موجود ہے لے جاؤ۔ ثعلبہ نے اسے لے لیا۔

مسلم بن المسیب عامل شیراز کا قتل:

محارب کے پاس بہت سے شامی سردار اور امیر جمع ہو گئے۔ یہ انہیں لے کر مسلم بن المسیب کی طرف جو ابن عمر کی جانب سے شیراز کا عامل تھا بڑھا اور اس نے ۱۲۸ھ میں اسے قتل کر دیا۔ پھر یہ اصبہان آیا اور عبداللہ بن معاویہ کو اصطخر لے آیا۔

عامل فارس یزید بن معاویہ:

عبداللہ اپنے بھائی حسن کو جبال کا عامل مقرر کر کے اصطخر روانہ ہوا اور ایک گرجا میں جو اصطخر سے ایک میل کے فاصلہ پر تھا

آ کر فروکش ہوا اس نے اپنے بھائی یزید کو فارس کا عامل مقرر کیا یہاں بنو ہاشم اور دوسرے لوگ ان کے پاس آ گئے اس نے مال گزاری کی وصولی کی اور اپنے عہدہ دار سب جگہ مقرر کر دیئے ان کے ہمراہ منصور بن جمہور سلیمان بن ہشام بن عبدالملک اور شیبان بن حلبس بن عبدالعزیز الشیبانی الخارجی بھی تھے۔ ابو جعفر عبداللہ اور عبداللہ و عیسیٰ علی کے بیٹے بھی ان کے پاس آ گئے۔

سلیمان بن حبیب کا اہواز پر قبضہ:

ابن ہبیرہ بن عمر بن ہبیرہ عراق کا صوبہ دار مقرر ہو کر آیا۔ اس نے نباتہ بن حنظلہ الکلابی کو عبداللہ بن معاویہ کے مقابلے کے لیے بھیجا۔ سلیمان بن حبیب کو یہ اطلاع ملی کہ ابن ہبیرہ نے نباتہ کو اہواز کا عامل مقرر کر کے بھیجا ہے۔ اس نے داؤد بن حاتم کو اسے اہواز آنے سے روکنے کے لیے بھیج دیا۔ کرزج میں جو اہواز کی مغربی جانب ہے مڈبھیڑ ہو گئی۔ دونوں میں جنگ ہوئی داؤد مارا گیا اور سلیمان سابور کی طرف بھاگ گیا۔ یہاں کردوں نے [illegible] عامل کو نکال کر سابور پر قبضہ کر لیا تھا سلیمان نے کردوں سے لڑ کر انہیں سابور سے باہر نکالا۔ عبداللہ بن معاویہ کو لکھا کہ میں نے آپ کی بیعت کر لی ہے۔

سلیمان بن حبیب کی غلطی:

عبدالرحمن بن یزید بن المہلب نے عبداللہ بن معاویہ سے کہا اس کی چال ہے کہ وہ بھی اپنے عہد کو ایفا نہ کرے گا۔ اس کا مقصد یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ ابن ہبیرہ سے الجھے رہیں اور وہ مزے میں سابور پر حکومت کرے آپ اسے اپنے پاس بلا لیجئے اگر وہ صادق العہد ہے تو آ جائے گا۔ عبداللہ بن معاویہ نے اسے بلایا سلیمان آیا اس نے اپنے ساتھیوں سے کہہ دیا کہ تم بھی میرے ساتھ دربار میں چلو اگر کوئی منع کرے تو اسے زبردستی ہٹا دینا۔ چنانچہ یہ اپنی ساری جماعت کے ساتھ عبداللہ بن معاویہ کے پاس آیا اور کہا کہ تم لوگوں سے زیادہ میں آپ کا مطیع ہوں۔ اس نے کہا اچھا تم اپنے صوبہ کو واپس چلے جاؤ۔

محارب بن موسیٰ کی سرکشی و قتل:

اب خود محارب بن موسیٰ ابن معاویہ سے منحرف ہو گیا اور ایک جماعت تیار کر کے یزد آیا۔ یہاں اس کا بیٹا محمد بن محارب قید تھا اسے یزید بن معاویہ نے قید کر دیا تھا۔ محارب سے لوگوں نے کہا کہ تمہارا بیٹا اس کے ہاتھ میں قید ہے اور تم اس سے برسر پیکار ہو اگر وہ اسے قتل کر دے تو تم کیا کرو گے محارب نے کہا وہ ایسا کبھی نہیں کرے گا۔ غرض وہ یزید بن [illegible] سے لڑا محارب نے شکست کھائی اور کرمان آ کر محمد بن الاشعث کے آنے تک خاموش بیٹھا رہا۔ جب یہ آیا تو محارب اس کے ساتھ ہو لیا مگر پھر اس کا مخالف ہو گیا۔ ابن الاشعث نے اسے اور اس کے چوبیس بیٹوں کو قتل کر دیا۔

ابن ضبارہ کی عبداللہ بن معاویہ پر فوج کشی:

عبداللہ بن معاویہ نے اصطخر ہی میں قیام کر لیا۔ جب ابن ضبارہ مع داؤد بن یزید بن عمر بن ہبیرہ کے اس کے مقابلہ پر آیا تو یہ بھی مقابلے کے لیے نکلا۔ مرو دشت کے پل کو توڑ دیا۔ ابن ضبارہ نے کسی اور راستہ سے دوسری سمت سے حملہ کیا۔ سلیمان نے ابان بن معاویہ بن ہشام سے کہا اب دشمن آ گیا ہے اس نے کہا مجھے ان سے لڑنے کا حکم نہیں دیا گیا۔ سلیمان نے کہا ہاں اور تم کو بھی یہی حکم ملا ان سے لڑنے کا حکم نہ دے۔ بہرحال معن کی فوج نے ان پر حملہ کیا اور مرو دشت کے قریب جو غرب میں ہے معرکہ جدال و قتال گرم ہوا [illegible] درجہ کمال پر تھا۔

[illegible]

ترجمہ: [illegible] موت سے بھاگے [illegible] قتل ہو جاتا ہے۔

عبداللہ بن معاویہ کی شکست

ابن معاویہ کو شکست ہوئی [illegible] امان [illegible] ان میں سے ایک شخص [illegible] یہ بات پہلے سے مشہور [illegible] ابن ضبارہ نے [illegible] قتل کر دیا۔ بیان کیا جاتا ہے [illegible] جو لوگ مارے گئے [illegible] بیان کیا گیا ہے [illegible] دیا۔

حصین بن وعلہ السدوسی کا قتل

جب ابن معاویہ نے شکست کھائی تو شیبان بھاگ کر [illegible] منصور بن جمہور سندھ چلا گیا۔ [illegible] عمر بن سہیل بن عبدالعزیز مصر چلا گیا [illegible] ابن ضبارہ کے پاس [illegible] حمید الطویل نے اس سے کہا [illegible] حصین بن وعلہ السدوسی [illegible] جب اس نے قتل کا حکم [illegible] ابن ضبارہ [illegible] کیا تھا

[illegible]

"[illegible] آفتاب [illegible]"

ابن معاویہ [illegible] سیستان [illegible] منصور [illegible] سندھ چلا گیا [illegible] حصین بن وعلہ [illegible] چلے گئے۔

حصین بن وعلہ السدوسی ابن معاویہ کے [illegible] ابن ضبارہ کے پاس [illegible] دیا۔

عبداللہ بن علی کو امان

مدائنی کی روایت [illegible] ابن ضبارہ [illegible] عبداللہ بن معاویہ [illegible] عبداللہ بن معاویہ کی جانب سے ابان بن معاویہ [illegible] ابن ضبارہ کے ساتھ [illegible] ابن ضبارہ نے [illegible] عبداللہ بن علی بن عباس [illegible] ابن معاویہ کے ساتھ [illegible] امان [illegible] عبداللہ بن علی کو [illegible]

[illegible] خود کسی [illegible] کس کی [illegible]

عبداللہ بن علی کی ابن معاویہ کے مکتوب کی تصدیق

[illegible] نے عبداللہ بن علی سے [illegible] تھے [illegible] خط [illegible] جانے [illegible] ان کے متعلق [illegible]
[illegible] نے [illegible] کی [illegible] ابن [illegible]
[illegible] تھے اس نے [illegible] کی [illegible]

ابن ہبیرہ نے عبداللہ بن علی [illegible] کے ساتھ [illegible] ہو گئے [illegible] کہ [illegible] تھا [illegible]
[illegible] کے [illegible] ان کے پاس [illegible] دیا۔ [illegible] تھا اور
[illegible] ان کے [illegible] عبداللہ [illegible] تھا۔

ابن ہبیرہ کے قتل کا سبب:

جب ابن ہبیرہ [illegible] کے قتل کا حکم [illegible] تو اس نے [illegible] بن سعد [illegible] کے
[illegible] تھے [illegible] ان کے [illegible] ابن ہبیرہ [illegible] کی [illegible] ان سے [illegible] ابن ہبیرہ [illegible]
[illegible] گرفتار کیا جانے کا حکم دیا۔ [illegible] ان کے پاس ابن ہبیرہ [illegible] جانے کا حکم دیا تھا۔

* * *

باب ۱۴

ابو حمزہ خارجی

ابو حمزہ خارجی کا خروج

[illegible]

[illegible] مروان سے مخالفت کا اظہار کیا۔

[illegible]

عبدالواحد کی ابو حمزہ سے عارضی صلح

[illegible]

ابو حمزہ خارجی کی پابندی عہد

[illegible]

نے انکی تو طلب کرنے کہا معاذ اللہ ہم تو اپنی طرف سے جو تعمیل عہد کریں گے اور نہ اس معاہدے کو توڑ جائیں گے میں تو ویسا ہرگز نہیں کروں گا چاہے میری گردن ہی کاٹ دی جائے ہاں وہ مدت خود ہی جب ختم ہو رہی ہے۔

ابوحمزہ خارجی کا مکہ میں داخلہ:

جب ابوحمزہ نے میعاد صلح ختم کرنے سے انکار کر دیا تو یہ وفد اس سے رخصت ہو کر عبدالواحد کے پاس آیا اس سے ساری کیفیت سنائی۔ چنانچہ جب روانگی شروع ہوئی تو عبدالواحد ان روانگی میں تھا۔ واپس ہونے کے بعد اس نے مکہ ابوحمزہ کے لیے خالی کر دیا۔ ابوحمزہ بغیر لڑائی کے مکہ میں داخل ہوا۔ ایک شاعر نے عبدالواحد کی ہجو میں کچھ شعر بھی کہے۔

عبدالواحد بن سلیمان کی روانگی مدینہ:

عبدالواحد مدینہ چلا آیا فوج کا دیوان مرتب کیا یا شہر والوں کو باقاعدہ فوج میں بھرتی ہونے کے لئے تحریک کی اور ان کی تنخواہوں میں دس دس کا اضافہ کر دیا۔ عباس بن عیاش کہتے ہیں کہ اس مہم میں میرا نام بھی لکھا گیا تھا میں نے اپنا نام کٹوا دیا۔ عبدالواحد نے عبدالعزیز بن عبداللہ بن عثمان کو اس مہم کا افسر مقرر کیا جب یہ روانہ ہوئے تو یہ لوگ ابھی نکل رہے تھے کہ پھر آگے بڑھ گئے۔

امیر حج عبدالواحد بن سلیمان و عمال:

اس سال عبدالواحد بن سلیمان بن عبدالملک بن مروان کی امارت میں جو مکہ و مدینہ کا عامل تھا حج ہوا۔ یزید بن عمر بن ہبیرہ عراق کا صوبیدار تھا۔ حجاج بن ارطاۃ کوفہ کے اور عباد بن منصور بصرہ کے قاضی تھے۔ نصر بن سیار خراسان کا والی تھا وہاں بغاوت کی آگ لگی ہوئی تھی۔

۱۳۰ھ کے واقعات

عربوں میں نفاق:

اس سنہ میں ابو مسلم مرو کی فصیل میں داخل ہو کر دارالامارۃ میں مقیم ہوا اس نے علی بن جدیع کرمانی نے نصر سے لڑنے کے لیے چھوڑ لیا اس کی تفصیل یہ ہے:

۹ جمادی الاول ۱۳۰ ہجری کو ابو مسلم مرو کی شہر پناہ میں داخل ہو کر اس دارالامارۃ میں فروکش ہوا جہاں تمام خراسان کے صوبیدار قیام کیا کرتے تھے۔ علی بن جدیع الکرمانی اس وجہ سے ابو مسلم کے ساتھ ہو گیا کہ جب ان دونوں نے ابو مسلم سے لڑنے کا آپس میں عہد کر لیا تو عین لڑائی کے وقت بالکل مقابل سلیمان بن کثیر پڑاؤ ڈالے ہوئے تھا۔ اس نے ابن الکرمانی سے کہا کہ ابو مسلم تم سے کہتے ہیں کیا تمہیں نصر کا ساتھ دیتے ہوئے شرم نہیں آتی کل ہی کی تو بات ہے کہ اس نے تمہارے باپ کو قتل کر کے سولی پر لٹکایا تھا مجھے تو کبھی یہ گمان نہ تھا کہ تم اور نصر کبھی ایک مسجد میں نماز کے لیے بھی جمع ہو گے چہ جائیکہ تم اس کی حمایت میں لڑو۔ بس اس بات سے وہ بہت متاثر ہوا اور اب اس کی غیرت انتقام پھر جوش میں آ گئی اس نے اپنی رائے بدل دی جس سے عربوں کے باہمی سمجھوتے کا بھی خاتمہ ہو گیا۔

مضری و قحطانی عربوں کی ابو مسلم خراسانی سے درخواست:

عربوں کے اس قائد کے فوت ہو جانے کے بعد مضر نے ابو مسلم سے درخواست کی کہ آپ مضری عربوں کے ساتھ ہو جائیں ان کے مقابلے پر ربیعہ اور قحطانی عربوں نے اسے اپنے لیے مدعو کیا۔ کئی روز تک اس کے متعلق نامہ و پیام ہوتا رہا۔ ابو مسلم نے ان دونوں فریقوں کا ایک ایک وفد میرے پاس آئے تاکہ میں ان سے ایک جماعت کو اختیار کر لوں چنانچہ دونوں وفد آئے مگر ابو مسلم نے اپنے شیعوں کو یہ ہدایت کر دی تھی کہ وہ ربیعہ اور قحطانی عربوں کو اختیار کر لیں کیونکہ حکومت تو اس وقت تمام مضریوں کے ہاتھ میں ہے وہ مروان الجعدی کے عہدیدار ہیں انھیں نے یحییٰ بن زید کو قتل کیا ہے۔

مضری اور قحطانی وفود:

دونوں وفود آئے۔ مضری وفد میں عقیل بن معقل بن حسان اللیثی، عبیداللہ بن عبد ربہ اللیثی اور خطاب بن محمد السلمی اپنے اپنے امراؤں کے ساتھ تھے۔ قحطانی وفد میں عثمان بن الکرمانی، محمد بن المثنیٰ اور سورة بن محمد بن عزیز الکندی اپنے ہم رتبہ اور لوگوں کے ساتھ تھے۔ ابو مسلم نے عثمان بن الکرمانی اور اس کے ساتھیوں کو پیچھے بلایا۔ یہ لوگ قصر کے باغ میں جہاں ان کے لیے فرش و مسند بچھا دی گئی تھی آ کر بیٹھے تو ابو مسلم قصر کے مکان کے ایک کمرہ میں تھا۔ اب اس نے عقیل بن معقل وغیرہ مضری وفد کو اپنے پاس بلایا یہ لوگ اس کے پاس آئے۔

بنی مضر کے خلاف تقاریر:

اس وقت جو شیعہ ابو مسلم کے ساتھ اس کمرہ میں موجود تھے اس نے شیعوں کو ایک خط پڑھ کر سنایا جسے اس نے خود لکھا تھا اور ان سے کہا کہ آپ ان دونوں میں سے ایک کو پسند کر لیں خط کے پڑھے جانے کے بعد سلیمان بن کثیر نے جو ایک زبردست مقرر تھا کھڑے ہو کر تقریر کی اور علی بن الکرمانی اور اس کے دوستوں کو اختیار کرنے کی رائے دی۔ پھر ابو منصور طلحہ بن رزیق نقیب نے جو ایک فصیح البیان مقرر تھا تقریر کی۔ اس کے بعد مزید بن شقیق السلمی نے کہا کہ مضر آل نبی ﷺ کے قاتل ہیں نیز امیہ کے اعوان اور مروان الجعدی کے انصار ہیں۔ ہمارے خون ان کی گردنوں پر ہیں ہمارا مال ان کے قبضہ میں ہے اور ہمارے ساتھی اب ان کے سامنے ہیں۔ نصر خراسان پر مروان کا عامل ہے۔ یہ اس کے احکام کو جاری کرتا ہے منبر پر اس کے لیے دعا مانگتا ہے اور امیر المومنین کے لقب سے اسے یاد کرتا ہے ہم اس سے بالکل بے تعلق ہیں چاہے امیر المومنین ہو اور چاہے نصر۔ حق و انصاف اسی پر ہے کہ ہم علی بن الکرمانی اور اس کے ربیعہ اور قحطانی طرفداروں کو اختیار کرتے ہیں۔ ان حاضرین نے بھی جو یہاں بیٹھے تھے مزید بن شقیق کی تائید کی۔

مضری وفد کی ناکامی:

یہ رنگ دیکھ کر مضری وفد مجلس سے اٹھ کھڑا ہوا ذلت اور رنج کے آثار ان کے چہروں پر ہویدا تھے۔ ابو مسلم نے قاسم بن مجاشع کو رسالے کے ساتھ ان لوگوں کو بحفاظت مقام امن تک پہنچا آنے کے لیے بھیج دیا۔ اور علی بن الکرمانی کا وفد کامیاب ہو کر فرحاں و شاداں واپس ہوا۔

ابو مسلم انتیس دن آلین میں رہا۔ آلین سے پھر ماخوان یعنی خندق کی داہنی جانب چلا گیا۔ اس نے شیعوں کو عموماً مرو پر حملہ کرنے

کے لیے مکان بنانے کا حکم دیا اور کہا کہ اب عربوں میں پھوٹ ڈال دی گئی ہے تم ان کی طرف سے مطمئن رہو۔ اور یہ بھی اطمینان رکھو کہ ان کی جانب سے مطمئن رہو کہ ہماری ہی وجہ سے ان میں افتراق پیدا ہوا۔

ابومسلم خراسانی کا مرو پر قبضہ:

۹ ربیع الآخر بروز پنجشنبہ ۱۳۰ ہجری کو ابومسلم آلین سے آگے بڑھا۔ خندق کو چھوڑ کر بڑھتا چلا گیا۔ یہاں وہ پورے تین ماہ قیام کر کے بروز پنجشنبہ ۹ جمادی الآخر مرو کی شہر پناہ میں داخل ہوا۔ اس زمانہ میں مرو کی شہر پناہ پر نصر کا قبضہ تھا کیونکہ وہ خراسان کا صوبہ دار تھا۔ علی بن کرمانی نے ابومسلم سے کہلا بھیجا کہ آپ اپنی سمت سے شہر پناہ میں داخل ہوں اور میں اپنے ساتھیوں اور اپنے خاندان والوں کے ساتھ اپنی سمت سے داخل ہوتا ہوں اس طرح ہم اس پر قبضہ کر لیں گے۔ ابومسلم نے جواب میں کہلا بھیجا کہ مجھے یہ اطمینان نہیں ہے کہ تم اور نصر دونوں متحد ہو کر مجھ سے لڑنے لگو تم پہلے شہر پناہ میں داخل ہو کر نصر سے جنگ شروع کر دو۔ چنانچہ علی بن کرمانی شہر پناہ میں داخل ہوا اور جنگ شروع ہو گئی ابومسلم نے ابوعلی شبل بن طہمان النقیب کو کچھ سواروں کے ساتھ روانہ کیا یہ شہر پناہ میں آ کر داخل ہوئے اور بخاراخذاہ کے محل میں آ کر فروکش ہو گئے اور اب انھوں نے ابومسلم سے کہلا کر بھیجا کہ آپ بھی داخل ہوں۔ ابومسلم خندق کی طرف سے شہر پناہ میں داخل ہوا اس کے مقدمۃ الجیش پر اسید بن عبداللہ الخزاعی تھا۔ میمنہ پر مالک بن الہیثم الخزاعی اور میسرہ پر قاسم بن مجاشع التمیمی تھا۔ جس وقت ابومسلم شہر پناہ میں داخل ہوا تو کرمانی اور نصر کے درمیان جنگ ہو رہی تھی ابومسلم نے کلام پاک کی یہ آیت تلاوت کی

﴿وَدَخَلَ الْمَدِينَةَ عَلَىٰ حِينِ غَفْلَةٍ مِّنْ أَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيهَا رَجُلَيْنِ يَقْتَتِلَانِ هَٰذَا مِن شِيعَتِهِ وَهَٰذَا مِنْ عَدُوِّهِ﴾

”اور وہ (حضرت موسیٰ علیہ السلام) شہر میں اہل شہر کی بے خبری کی حالت میں داخل ہوا اس میں دو شخصوں کو لڑتا ہوا پایا ایک ان میں سے اس کے طرفداروں میں تھا اور دوسرا اس کے دشمنوں میں سے۔“

ابومسلم چلتا ہوا قصر الامارۃ میں جہاں خراسان کے صوبہ دار رہا کرتے تھے آ کر فروکش ہوا۔ یہ واقعہ بروز پنجشنبہ ۹ جمادی الاولیٰ ۱۳۰ ہجری کا ہے۔ دوسرے دن جمعہ کو تاریخ ۱۰ جمادی الاولیٰ نصر مرو چھوڑ کر چلا گیا۔ اب مرو پر بلا شرکت غیرے ابومسلم کا کامل دخل ہو گیا۔

ابومنصور طلحہ کو بیعت لینے کا حکم:

جب ابومسلم شہر پناہ میں داخل ہو گیا تو اس نے ابومنصور طلحہ بن رزیق کو حکم دیا کہ وہ فوج سے بیعت لے۔ یہ ابومنصور بڑے فصیح تھے۔ ایک بڑے عالم اور فصیح البیان مقرر تھے اور ہاشمی خلافت کے دلائل اور ان کی دعوت کو کامیاب کرنے والے نکات سے خوب واقف تھے۔ منجملہ ان بارہ نقیبوں کے تھے جنھیں محمد بن علی نے ان ستر آدمیوں میں سے انتخاب کیا تھا جنھوں نے ۱۰۳ یا ۱۰۴ ہجری میں ان کے ایلچی کے ہاتھ پر جسے انھوں نے خراسان بھیجا تھا ان کی دعوت قبول کیا تھا۔ محمد بن علی نے اپنے ایلچی کو حکم دیا تھا کہ وہ خود اختیاری کی دعوت دے کسی خاص شخص کا نام نہ لے البتہ یہ ضرور کہے کہ ایک شخص ہے جس پر سب لوگوں کی رضامندی ہو گی یہ اپنا ایلچی خراسان روانہ کیا اس نے خفیہ طور پر دعوت شروع کی لوگوں نے اس کی دعوت کو قبول کیا اور جب ان کی تعداد ستر ہو گئی تو ان میں سے حسب ذیل بارہ نقیب مقرر کیے۔

محمد بن علی کے بارہ نقیب:

خراسان میں سے سلیمان بن کثیر، مالک بن ہیثم، زیاد بن صالح، طلحہ بن رزیق اور عمرو بن اعین خزاعہ میں سے، قحطبہ جن کا نام زیاد بن شبیب بن خالد بن معدان تھا طے میں سے۔ موسیٰ بن کعب، لاہز بن قریظ، القاسم بن مجاشع یہ سب بنی امرؤ القیس تمیم سے تھے۔ یہ سب اور اسلم بن سلام، ابو داؤد خالد بن ابراہیم بنی عمرو بن شیبان بن ذہل سے تھے (یہ سعدی کا غلام تھا) اور یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ بجائے عمرو بن اعین کے شبل بن طہمان تھا وہ بنی حنیفہ کا غلام تھا اور ابوالنجم عمران بن اسماعیل آل ابی معیط کے غلام تھے۔ یہ ابو مسلم کا داماد تھا۔ نقیبوں میں سے کوئی ایسا نہ تھا جس کا باپ زندہ ہو البتہ ابو منصور طلحہ بن رزیق بن اسعد کے باپ ابو زینب الخزاعی زندہ تھے۔ یہ شخص عبدالرحمن بن محمد بن اشعث کی جنگ میں شریک تھا اور مہلب بن ابی صفرہ کے ساتھ بھی ان کی مغازی میں شریک رہا تھا۔ ابو مسلم تمام امور میں ان سے مشورہ لیتا تھا اور جن لڑائیوں میں یہ شریک رہ چکے تھے ان کا حال پوچھتا رہتا تھا۔ بعض اوقات ان کو کنیت ابو منصور سے بھی پکارا کرتا تھا۔

بنی ہاشم کے لیے بیعت:

ابو منصور نے کہا جب ہم لوگوں سے بیعت لیتے تو شرط یہ تھی بیعت لیتے وقت وہ کہتے تھے۔ میں تم سے کتاب اللہ، سنت رسول اللہ ﷺ اور اہل بیت رسول اللہ ﷺ میں سے جس شخص پر سب متفق ہو جائیں اس کی اطاعت کے لیے بیعت لیتا ہوں۔ تم لوگوں پر اس کے لیے اللہ کے سامنے اس کا عہد کرنا چاہیے جو اس کی خلاف ورزی کرے گا اسے بیویوں کو طلاق اور غلاموں کو آزاد اور پیدل حج کرنا پڑے گا۔ تم لوگ کسی سے کچھ نہ مانگو گے البتہ جب تمہارے والی تمہیں دیں اور اگر تمہارا دشمن تمہارے قدموں کے نیچے بھی ہو تب بھی تم اپنے افسروں کے حکم کے بغیر اس پر ہاتھ نہ ڈالنا۔

ابو مسلم نے یونس بن عبدربہ، عیسیٰ بن معقل، منصور بن ابی الخرقاء اور اس کے ساتھیوں کو گرفتار کر لیا۔ ابو منصور سے ان کے متعلق مشورہ لیا۔ انہوں نے ان کے قتل کا مشورہ دیا۔ ابو مسلم نے ان سب کو قتل کر دیا۔ یہ چوبیس آدمی تھے۔

نصر کی ابو مسلم کو مصالحت کی پیش کش:

ابو مسلم نے اپنی فوج کے محافظ دستہ پر خالد بن عثمان کو افسر مقرر کیا اور پولیس پر مالک بن ہیثم کو [illegible] ابو صالح کامل بن مظفر کو فوج کا [illegible] مقرر کیا اور ہر شخص کو چار چار درہم ماہوار معاش میں دیے۔ ابو مسلم ماخوان میں تین ماہ اپنی خندق میں رہا۔ جب یہاں سے روانہ ہوا تو [illegible] اس کے میمنہ پر لاہز بن قریظ، میسرہ پر قاسم بن مجاشع اور مقدمہ لشکر پر ابو نصر مالک بن ہیثم تھے۔ ابو عبدالرحمن ماخوانی کو اس نے اپنی خندق کی حفاظت کے لیے چھوڑ دیا تھا۔ ابو مسلم نے شیبان کے پڑاؤ [illegible] کی۔ نصر کو اب ابو مسلم اور کرمانی کا اپنے خلاف متحد ہو جانے کا اندیشہ ہوا اس نے ابو مسلم کو [illegible] تم مرو میں داخل ہو جاؤ اور مجھ سے صلح کر لو۔ ابو مسلم نے اس تجویز کو منظور کر لیا اور نصر سے صلح کر لی۔ [illegible] ابو مسلم کے پاس آ جاتا تھا۔ ابو مسلم اس وقت شیبان کے پڑاؤ میں تھا اور دوسرے دن نصر اور کرمانی [illegible] کرنے کے لیے نکلے۔ ابو مسلم مرو میں داخل ہو گئے۔ یہ نصر اور کرمانی کا [illegible] مقابلہ [illegible] واقعہ [illegible] ہجری میں ہوا۔ ابو مسلم یہ آیت پڑھ رہا تھا [illegible] آخر آیت تک

نصر بن سیار کا مرو چھوڑنے کا فیصلہ:

جب ابو مسلم مرو میں آ گیا تو نصر نے اپنے دوستوں سے کہا ابو مسلم کا اقتدار بہت بڑھ گیا ہے بہت سے لوگ اس کے ساتھ ہو گئے ہیں انہوں نے ان سے صلح کر لی ہے اور میرا خیال ہے کہ وہ اپنے ارادوں میں کامیاب ہو گا اب تم لوگ میرے ساتھ اس شہر کو چھوڑ کر چلو۔ بعض لوگوں نے اس رائے سے اختلاف کیا اور بعض نے تائید کی۔ نصر نے کہا مجھے یقین ہے کہ ایک دن تم میری اس رائے کو یاد کرو گے۔ نصر نے اپنے خاص معتمد ساتھیوں سے کہا کہ تم لوگ ابو مسلم کے پاس چلے جاؤ اور اس سے اپنا تعلق قائم رکھو۔

نصر بن سیار کا فرار:

ابو مسلم نے لاہز بن قریظ کو نصر کے پاس بھیجا کہ وہ اسے ابو مسلم کی تحریک میں شریک ہونے کی دعوت دے۔ لاہز نے نصر کے سامنے یہ آیت پڑھی:

”لوگ تمہارے متعلق مشورہ کر رہے ہیں کہ تمہیں قتل کر دیں۔“

اس سے پہلے ہی اس نے لفظاً آیت قرآنی اسی پڑھی تھی جس سے نصر سمجھ گیا کہ وہ اس سے کیا کہہ رہا ہے اپنے گھر کے دروازے پہنچا اپنے غلام سے کہا وضو کے لیے پانی لاؤ وضو کے بہانے گھر سے اٹھ کر باغ میں آیا اور وہاں سے نکل کر گھوڑے پر سوار ہو کر بھاگ گیا۔

ایاس بن طلحہ کی روایت:

ایاس بن طلحہ راوی ہے میں اپنے باپ کے ساتھ تھا میرے چچا بیعت کرنے کے لیے ابو مسلم کے پاس گئے تھے ان کے واپس آنے میں دیر ہو گئی میں نے عصر کی نماز پڑھی اور بیٹھا تھا ہم ان کا انتظار کر رہے تھے اور ہم نے ان کے لیے کھانا تیار کر رکھا تھا۔ میں اپنے باپ کے ساتھ بیٹھا ہوا تھا کہ اتنے میں نصر ایک ترکی گھوڑے پر سوار ہو کر آیا۔ جس گھوڑے پر وہ سوار تھا اس سے زیادہ تیز رو اور کوئی گھوڑا اس کے پاس نہ تھا۔ اس کے ہمراہ اس کا حاجب اور حکم بن نمیلہ النمیری تھا میرے باپ نے مجھ سے کہا یہ بھاگ رہا ہے کیونکہ اس کے ہمراہ نہ تو محافظ دستہ ہے نہ آگے آگے پیادے اور سوار ہیں جب وہ ہمارے پاس سے گزرا اس نے نہایت آہستگی سے سلام کیا اور جب ہم سے آگے بڑھ گیا تو اس نے اپنے گھوڑے کو ایڑ دی۔ حکم بن نمیلہ نے اس کے غلاموں کو آواز دی وہ بھی سوار ہو کر اس کے پیچھے ہو لیے۔

نصر بن سیار کے سفر کا واقعہ:

اسی راوی کی دوسری روایت ہے ہمارے مکانات اور مرو کے درمیان چار فرسخ کا فاصلہ تھا۔ عشاء کے بعد نصر ہمارے پاس سے گزرا گاؤں والے اسے دیکھ کر چیختے ہوئے بھاگے اور رونے لگے۔ میرے اہل اور بھائیوں نے مجھ سے کہا کہ تم بھی نصر کے ساتھ ہو جاؤ کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ مارا جائے۔ پانچ شخص اور میرے چچا صاحب بن ... اس کے پیچھے ہو لیے اور آدھی رات گئے ہم اس تک پہنچ گئے۔ اس کے ہمراہ پچیس آدمی تھے۔ اس کا گھوڑا تھک گیا تو نصر نے کہا مجھے خوف ہے کہ ہمارا تعاقب کیا جائے گا کون شخص ہے جو اس رات میں ہماری رہبری کرے؟ عبداللہ بن عرادۃ الضبی نے کہا میں رہنمائی کروں گا۔ نصر نے کہا یہی بات ہے چنانچہ وہ ہمیں ساری رات سفر کراتا رہا۔ صبح ہم کو سرخس سے کم فاصلے پر صحرا میں ایک کنویں پر ہوئی۔ ہماری تعداد پندرہ تھی اس دن بھی ہم برابر چلتے رہے۔ عصر کے وقت ہم نے ایک جگہ منزل کی جہاں سے سرخس کے محل اور مکان دکھائی د

رہے تھے اور سب حالات [illegible] [illegible] کے [illegible] [illegible]۔ [illegible] نے [illegible] ان کے [illegible] [illegible] [illegible] ہے [illegible] [illegible] [illegible] تھے [illegible] [illegible] [illegible] ہو گیا تھا۔

نصر بن سیار کا نیشاپور میں قیام

جب [illegible] کی طرف سے [illegible] [illegible] [illegible] نے سرخس میں قیام کیا اور جب لوگوں [illegible] نصر [illegible] آیا۔ یہاں [illegible] ابو مسلم کے [illegible] [illegible] یہاں قیام [illegible] نصر [illegible] سب [illegible] یہاں [illegible] ہے۔

نصر کے چلے جانے کے بعد ابو مسلم نے [illegible] ابو مسلم کے ساتھ مرو میں داخل ہوا۔ نصر کے [illegible] کے بعد ابو مسلم نے [illegible] [illegible] ہے۔

واقعات مذکورہ بالا کے متعلق ایک اور روایت بھی ہے۔

ابو مسلم خراسانی کا علی بن کرمانی کی حمایت کا فیصلہ:

[illegible] ابو مسلم اپنی چھاؤنی سے [illegible] ایک دوسرے موضع ماخوان میں آیا۔ اب یہاں اس نے چھاؤنی قائم کی [illegible] علی بن جدیع [illegible] کے فرزند [illegible] تھے۔ نیز نصر [illegible] کے طرف [illegible] اطاعت [illegible] اس نے [illegible] کے پاس اپنے قاصد بھیجے [illegible] کے ساتھ صلح [illegible] کی اطاعت قبول [illegible] نے اس کی بات مان لی [illegible] ان دونوں میں صلح ہو گئی۔ جب [illegible] نے نصر کو لکھا کہ آپ اپنا ایک وفد بھیجئے تاکہ [illegible] سے [illegible] کے ساتھ [illegible] علی بن کرمانی [illegible] آپ [illegible] ایک وفد بھیجا [illegible] ہو گئی۔

یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جب ابو مسلم نے [illegible] کے ساتھ [illegible] اس واقعہ [illegible] علی بن کرمانی کی امداد کے لیے بھیجا تھا۔

ابو مسلم خراسانی کا مرو میں استقبال:

ابو مسلم ماخوان [illegible] سے نکل کر اپنے تمام ساتھیوں [illegible] علی بن جدیع کے پاس روانہ ہوا [illegible] عثمان دوسرے [illegible] کے اطراف [illegible] جب ابو مسلم مرو کے سامنے آیا تو عثمان بن جدیع نے [illegible] جمعیت کے ساتھ اس کا استقبال کیا [illegible] اشراف [illegible] موجود تھے۔ [illegible] علی بن کرمانی [illegible] شیبان بن سلمہ [illegible] علی بن جدیع کے [illegible] [illegible] آپ [illegible] آپ کے ساتھیوں [illegible] [illegible]

[illegible]

ابو مسلم کا علی بن کرمانی اور شیبان خارجی سے حسن سلوک:

[illegible]

ابو مسلم خراسانی کی نصر کو بیعت کی دعوت:

[illegible]

[illegible]

نصر بن سیار کی [illegible]

[illegible]

﴿ان الملا یاتمرون بک لیقتلوک فاخرج انی لک من الناصحین﴾

[illegible] تمہارے قتل کا مشورہ کر رہے ہیں تم یہاں سے نکل جاؤ میں تمہارا خیر خواہ ہوں۔

ابو مسلم کو نصر کی فراری کی اطلاع

نصر نے [illegible]

نصر کے ساتھیوں کا قتل

[illegible]

لاہز بن قریظ کا قتل

ابو مسلم نے [illegible]

علی بن جدیع اور شیبان خارجی

علی بن جدیع اور شیبان [illegible]

شیبان خارجی کو بیعت کی دعوت

جب علی بن کرمانی نے ابو مسلم سے [illegible]

بھیجا۔ شیبان نے ابن الکرمانی سے امداد طلب کی اس نے انکار کر دیا۔ شیبان سرخس آ پہنچا۔ بکر بن وائل کی ایک بڑی جماعت اس کے ساتھ ہو گئی۔ ابو مسلم کی طرف سے نو ازدی شخص جن میں منتجع بھی تھا اس کے پاس گئے تو شیبان نے ان سے کہا کہ وہ ایسی حرکات نہ کرے۔ انہوں نے اس سے قتل و غارت سے باز رہنے کی درخواست کی مگر شیبان نے اپنے آدمیوں کو حکم دیا کہ ابو مسلم کے قاصدوں کو گرفتار کر کے قید کر دیا۔

شیبان خارجی کا قتل:

ابو مسلم نے بسام بن ابراہیم بنی لیث کے آزاد کردہ غلام کو جو ابیورد میں تھا حکم بھیجا کہ وہ شیبان سے جا کر لڑے۔ اس نے شیبان سے جنگ کی اسے شکست دی اور تعاقب کرتے ہوئے شہر میں در آیا۔ اس نے شیبان اور بکر بن وائل کے بہت سے آدمیوں کو قتل کر دیا۔ بعض لوگوں نے ابو مسلم سے کہا کہ بسام اپنے باپ کا بدلہ لے رہا ہے اور مجرم اور بے گناہ ہر ایک کو قتل کرنا شروع کر دیا۔ ابو مسلم نے اسے اپنے پاس بلا بھیجا۔ ایک شخص کو اپنا نائب مقرر کر کے بسام ابو مسلم کے پاس آ گیا۔

شیبان کے قتل کے بعد بکر بن وائل کا ایک شخص خلاف نامی ابو مسلم کے ان سفیروں کے پاس سے جنہیں اس نے شیبان کے پاس بھیجا تھا اور جو ایک مکان میں بند تھے گزرا اور ان کو نکال کر قتل کر دیا۔

یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ شیبان کے مقابلہ کے لیے ابو مسلم نے خود اپنے پاس سے خزیمہ بن خازم اور بسام بن ابراہیم کی زیر قیادت فوج بھیجی تھی۔

اسی سنہ میں ابو مسلم نے علی بن جدیع کرمانی اور اس کے بھائی عثمان کو قتل کر دیا۔

ابیورد و بلخ پر قبضہ:

ابو مسلم نے موسیٰ بن کعب کو ابیورد بھیجا۔ اس نے اس مقام کو فتح کر لیا اور ابو مسلم کو اطلاع دی۔ ابو مسلم نے ابو داؤد کو بلخ بھیجا۔ زیاد بن عبدالرحمٰن القشیری بلخ کا عامل تھا جب اسے معلوم ہوا کہ ابو داؤد آ رہا ہے تو اہل بلخ اور ترمذ کے ساتھ طخارستان کے سرحد سے جوزجان آ گیا۔ جب ابو داؤد ان کے قریب پہنچا تو یہ پسپا ہو کر ترمذ چلا گیا اور ابو داؤد نے بلخ پر قبضہ کر لیا۔ ابو مسلم نے اسے اپنے پاس آنے کا حکم دیا، اس کی جگہ اس نے یحییٰ بن نعیم کو بھیجا۔ جب ابو داؤد بلخ سے واپس ہوا تو ابو المیلاء بلخ آ گیا۔

زیاد بن عبدالرحمٰن اور یحییٰ بن نعیم کا اتحاد:

زیاد بن عبدالرحمٰن نے یحییٰ بن نعیم ابو المیلاء سے مراسلت کی کہ ہم دونوں متحد ہو جائیں۔ ابو المیلاء نے اس تجویز کو قبول کر لیا۔ زیاد بن عبدالرحمٰن القشیری، مسلم بن عبدالرحمٰن بن مسلم الباہلی، عیسیٰ بن زرعہ السلمی، اہل بلخ و ترمذ، طخارستان اور ماوراء النہر کے بادشاہ ان کے ساتھ آ گئے۔ زیاد اور اس کے ساتھی بلخ سے ایک فرسخ کے فاصلے پر آ کر فروکش ہوئے۔ ادھر سے یحییٰ بن نعیم بھی اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ان کے پاس آ گیا۔ جب یہ سب متحد ہو گئے تو ان سب نے جن میں مضری یمنی ربیعہ اور عجمی سب شامل تھے متحد طور پر ابو مسلم کے خلاف لڑنے کا تہیہ کر لیا اور عربوں کے جھگڑے ختم ہونے کی غرض سے انہوں نے مقاتل بن حیان النبطی کو اپنا سپہ سالار بنایا

ابو داؤد اور زیاد بن عبدالرحمن کی جنگ

ابو مسلم نے ابو داؤد کو بلخ جانے کا حکم دیا۔ یہ اپنی فوج لے کر بلخ کی جانب روانہ ہوا اور اب یہ تمام سردار ادھر یا سے بیان پر جمع ہو گئے تھے زیاد بن عبدالرحمن اور اس نے دو حصوں میں ابو سعید القرشی کو مرو الروذ کے درمیان بطور ہراول جنگی چوکی کے مقرر کیا تھا کہ یہ ابو داؤد کی فوج پر ان کی پشت سے ان پر حملہ آور ہوں۔ ابو سعید کی فوج بھی اور علم بھی سیاہ تھے جب جنگ شروع ہوئی اور لڑائی کے تمام باقی سردار جنگ کے لیے تیار ہو گئے اور صف بندی ہو چکی تو جب ابو سعید نے اپنی فوج کو حکم دیا کہ وہ دریا کی طرف جانب سے آ کر ان سے مل جائے۔

زیاد بن عبدالرحمن کو شکست:

چنانچہ اسی خیال سے جو کہ شاید ہو سے وہ اس پلٹ کر ان کے پیچھے نکل آیا چونکہ ان کے علم بھی سیاہ تھے اس لیے زیاد کی فوج کو یہ گمان ہوا کہ یہ فوج ابو داؤد کی ہے جسے اس نے ہمارے پیچھے کمین گاہ میں چھپا رکھا تھا مگر اس سے پہلے تو دونوں میں جنگ شروع ہو چکی تھی زیاد اور اس کی تمام فوج نے شکست کھائی ابو داؤد نے اس کا تعاقب کیا زیاد کے اکثر ساتھی دریائے سرخاب میں غرق ہو گئے اور جو پیچھے رہ گئے انہیں ابو داؤد نے قتل کر دیا۔ ابو داؤد نے زیاد کے فرودگاہ میں اتر کر جو کچھ وہاں تھا سب پر قبضہ کر لیا مگر زیاد کا تعاقب نہیں کیا۔ زیاد بھاگ کر اور ان کے دوسرے دوست ترمذ چلے گئے ابو داؤد نے اس دن زیاد کے فرودگاہ میں قیام کیا اور جو عرب وغیرہ مارے گئے تھے یا بھاگ گئے تھے ان کے مال و اسباب پر قبضہ کر لیا۔ اب بلخ پر ابو داؤد کا اچھی طرح عمل دخل ہو گیا۔

علی و عثمان پسران جدیع کرمانی کے قتل کا منصوبہ:

اس مرتبہ پھر ابو مسلم نے اسے اپنے پاس آنے کا حکم دیا اور نضر بن صبیح المری کو بلخ بھیجا۔ جب ابو داؤد ابو مسلم کے پاس آ گیا تو ان دونوں کی یہ رائے ہوئی کہ علی بن الکرمانی اور عثمان بن الکرمانی ان دونوں بھائیوں کو ایک دوسرے سے جدا کر دیا جائے۔ ابو مسلم نے عثمان کو بلخ کا عامل مقرر کر کے روانہ کیا اس نے بلخ آ کر فرافصہ بن ظہیر العبسی کو مشرق بلخ پر اپنا قائم مقام مقرر کیا۔ مضری عرب اب پھر ترمذ سے مسلم بن عبدالرحمن الباہلی کی قیادت میں اس سے لڑنے آئے اور ان میں اور عثمان کی فوج میں ایک گاؤں میں جو بروقان اور ترمذ کے درمیان واقع تھا نہایت ہی شدید جنگ ہوئی۔ عثمان بن جدیع کی فوج کو شکست ہوئی فاتحوں نے بلخ پر قبضہ کر کے فرافصہ کو وہاں سے نکال دیا۔

عثمان بن جدیع کرمانی کا قتل:

جب اس ہزیمت کی خبر عثمان بن جدیع اور نضر بن صبیح کو جو اس وقت مرو الروذ میں تھے معلوم ہوئی تو یہ دونوں ان کے مقابلے کے لیے بڑھے ان کے آنے کی خبر سنتے ہی زیاد بن عبدالرحمن کی فوج اس رات بلخ سے بھاگ کھڑی ہوئی۔ نضر نے تو ان کے تعاقب میں بہت زیادہ مستعدی اس لیے ظاہر نہیں کی کہ وہ چاہتا تھا کہ ان سے مقابلہ نہ ہو اور یہ بھاگ جائیں مگر عثمان کی فوج سے ان کی مڈبھیڑ ہو گئی جنگ شروع ہو گئی اور شدید جنگ کے بعد عثمان بن جدیع کی فوج کو ہزیمت ہوئی اس کے بہت سے آدمی مارے گئے اور دشمن ان سے مال غنیمت لے کر اپنے اور مضری عربوں سے جا ملا۔ ابو داؤد مرو سے بلخ واپس آ گیا۔ ادھر ابو مسلم علی بن جدیع کے ساتھ نیشاپور روانہ ہوا۔ ابو مسلم اور ابو داؤد کی یہ رائے ہو چکی تھی کہ ایک ہی دن میں ابو مسلم علی کو اور ابو داؤد عثمان کو قتل کر دے۔ چنانچہ ابو داؤد نے بلخ آ کر عثمان

کو قتل کا فیصلہ کر کے سردار طلحہ بن [illegible] اور بہت سے عربوں کے ساتھ قتل کر دیا۔ جب یہ بات [illegible] ہو گیا تو ابوداؤد نے بلخ سے روانہ ہو کر ختل کے مقام میں اسے جا لیا اور ایک ساتھ حملہ کر کے عثمان اور اس کے دوستوں کو گرفتار کر کے پہلے قید کر دیا پھر بے دردی سے انہیں قتل کر دیا۔

علی بن جدیع کرمانی کا قتل:

اسی روز ابو مسلم نے علی کا کام تمام کر دیا۔ اس نے علی بن الکرمانی سے دریافت کر لیا تھا کہ اس کے خاص خاص معتمد علیہ دوست کون کون ہیں تاکہ میں انہیں عامل مقرر کروں اور انعام و خلعت دوں۔ علی نے ان کے نام بتا دیئے تھے۔ ابو مسلم نے ان سب کو قتل کر دیا۔

قحطبہ بن شبیب کی خراسان میں آمد:

اسی سنہ میں قحطبہ بن شبیب ابراہیم بن محمد بن علی کے پاس سے امام کا جھنڈا لے کر آئے ابراہیم نے اسے روانہ کر دیا تھا۔ ابو مسلم کے پاس خراسان آئے۔ ابو مسلم نے اسے اپنے مقدمۃ الجیش پر مقرر کیا۔ اس کے ساتھ اور فوج کر دی اسے عہدہ داروں کے عزل و نصب کا اختیار دیا اور تمام فوجوں کے نام اس کے احکام کی تعمیل کرنے کا حکم جاری کر دیا۔

عاصم بن عمیر اور جمہور بن مرار کی جنگ:

اسی سنہ میں قحطبہ نصر سے لڑنے نیشاپور روانہ ہوا۔ اس کی تفصیل یہ ہے شیبان بن سلمہ الحروری کے قتل کے بعد اس کے ساتھی نصر کے پاس جو نیشاپور میں تھا، آ گئے تھے۔ ان میں سے سوید الحنفی نے نصر سے فریاد کی۔ پس نصر نے اپنے بیٹے تمیم کو دو ہزار فوج کے ساتھ ان کی امداد کے لیے بھیج دیا۔ اور آپ خود نصر نے طوس جانے کی تیاری کی۔ ابو مسلم نے قحطبہ بن شبیب کو اور سرداروں کے ساتھ جن میں قاسم بن مجاشع اور جمہور بن مرار تھے نصر کے مقابلے کے لیے روانہ کیا۔ قاسم نے سرخس کا راستہ اختیار کیا اور جمہور ابیورد کی سمت سے بڑھا۔ تمیم نے عاصم بن عمیر السغدی کو جمہور کے لیے جو دوسروں کے مقابلہ میں بہت قریب آ گیا تھا روانہ کیا۔ عاصم نے اسے شکست دی یہ بھاگ کر [illegible] میں قلعہ بند ہو گیا۔ دوسری جانب قحطبہ اور قاسم بن مجاشع طوس پہنچ گئے۔ تمیم نے عاصم کو جمہور کو چھوڑ کر پیچھے آنے کا حکم دیا۔ عاصم اسے چھوڑ کر آ گیا اور اب قحطبہ ان سے لڑا۔

معرکہ طوس:

قحطبہ کے نصر کے مقابلے کے لیے جانے کے متعلق مذکورہ بالا روایت کے علاوہ یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ جب ابو مسلم نے شیبان الخارجی اور کرمانی کے دونوں بیٹوں کو قتل کر دیا، نصر کو مرو سے نکال دیا اور تمام خراسان پر اس کا قبضہ ہو گیا تو اس نے اپنے عمال خراسان کے شہروں پر مقرر کیے۔ سباع بن النعمان الازدی کو سمرقند کا، ابوداؤد خالد بن ابراہیم کو طخارستان کا عامل مقرر کیا۔ محمد بن الاشعث کو طبسین اور فارس بھیجا۔ مالک بن الہیثم کو کوتوال مقرر کیا۔ قحطبہ کو طوس بھیجا اس کے ہمراہ یہ سردار تھے: ابو عون عبدالملک بن یزید، مقاتل بن حکیم العکی، خالد بن برمک، خازم بن خزیمہ، منذر بن عبدالرحمن، عثمان بن نہیک، جمہور بن مرار العجلی، ابو العباس المروزی، عبداللہ بن عثمان الطائی، سلمہ بن محمد، ابو غانم عبدالحمید بن ربعی، ابو حمید، ابو الجہم۔ ابو مسلم نے قحطبہ کی فوج کا بخشی ابو الجہم کو مقرر کیا تھا۔ عامر بن اسمعیل و محرز بن ابراہیم ان کے علاوہ اور بھی سردار تھے۔ غرض کہ طوس میں ان کا مقابلہ ان لوگوں سے ہوا جو وہاں تھے انہیں شکست

[illegible] جنگ سے [illegible] لوگوں کی تعداد [illegible] جنگ [illegible]

[illegible]

قاسم بن مجاشع کی [illegible]

[illegible] مسلم نے قاسم بن مجاشع [illegible] قحطبہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

اور قاسم بن مجاشع [illegible]

اسید بن عبداللہ کی قحطبہ سے امداد طلبی

ابو [illegible] تمیم بن نصر [illegible]

[illegible]

اور اس کا مقام معلوم ہوا [illegible] تمیم بن نصر [illegible]

[illegible] اسید بن عبداللہ الخزاعی [illegible]

پھر اس نے قحطبہ کو لکھا [illegible] دشمن کی جماعت [illegible]

[illegible] قحطبہ نے مقاتل بن حکیم العکی کو ایک [illegible]

ہزار فوج کے ساتھ [illegible] اسید کے پاس [illegible]

[illegible] ان کے دل چھوٹ گئے۔

قحطبہ بن شبیب اور تمیم بن نصر کی جنگ:

پھر قحطبہ [illegible] تمیم [illegible]

مقاتل بن حکیم [illegible] خالد بن برمک [illegible] اسید بن عبداللہ [illegible] حسن بن قحطبہ [illegible]

[illegible]

[illegible] قحطبہ نے اپنے [illegible]

[illegible]

[illegible]

تمیم بن نصر کا قتل

تمیم بن نصر [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

نباتہ بن حنظلہ کا قتل

[illegible] خندق [illegible] اس خندق کا طول ایک فرسخ کے قریب ہو گیا۔

قحطبہ بن شبیب کی جرجان کی جانب پیش قدمی

قحطبہ [illegible] ذی قعدہ ۱۳۰ ہجری میں جرجان کی جانب بڑھا [illegible]

[illegible]

قحطبہ بن شبیب کا [illegible] سے مقابلہ

[illegible]

ملامت پر اتر آئے تھے کہ وہ حکومت میں عدل کیا کرتے تھے وعدے پورے کیا کرتے تھے اور مظلوم کی فریاد رسی کیا کرتے تھے مگر بعد میں وہ بھی دین حق سے ہٹ گئے انہوں نے بھی عدل بدل ڈالا اور حکومت میں ظلم کرنے لگے خاندان رسول اللہ ﷺ کے قتل و نیک لوگوں کو ڈرانے دھمکانے لگے تب اللہ نے تمہیں ان پر مسلط کیا ہے تم ان سے خوب بدلہ لو اور چونکہ تم ان سے زیادہ انتقام لینے والے ہو اس لیے تمہیں ان پر بڑا سخت ہونا چاہیے امام نے مجھ سے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ تمہارا ان کا مقابلہ ان کی تعداد کے تناسب سے ہو گا مگر اللہ تمہیں ان پر مظفر و منصور کرے گا تم انہیں شکست دو گے اور قتل کرو گے۔

ابو مسلم خراسانی کا قحطبہ کے نام خط:

اس تقریر سے پہلے ابو مسلم کا ایک خط قحطبہ کو مل گیا تھا یہ خط ابو مسلم کی جانب سے قحطبہ کے نام لکھا گیا ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

''اما بعد! اپنے دشمن پر حملہ کرو کیونکہ اللہ عزوجل تمہاری مدد کرنے والا ہے اور جب تم ان پر فتح پاؤ تو ان کا خوب قتل کرنا۔''

چنانچہ ۱۳۰ ہجری جمعہ کے دن جس روز ذی الحجہ کا چاند ہوا دونوں حریفوں کا مقابلہ ہوا۔ قحطبہ نے اپنی فوج کو مخاطب کر کے کہا اے اہل خراسان! آج وہ مبارک دن ہے جسے اللہ نے تمام اور دنوں پر فضیلت دی ہے جو نیک کام اس میں کیا جاتا ہے اس کا دوگنا ثواب ملتا ہے اسی طرح یہ ماہ بھی مبارک ہے کیونکہ اسی میں تمہاری وہ عید ہوتی ہے جس کا اجر اللہ عزوجل کے نزدیک اور تمام عیدوں سے زیادہ ہے۔ تمہیں امام نے بتایا ہے کہ اس دن اور اس ماہ میں تمہیں تمہارے دشمنوں پر فتح حاصل ہو گی اس لیے تم اب پوری کوشش صبر و استقلال کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کرو کیونکہ اللہ صابروں کا ساتھ دیتا ہے۔

قحطبہ اور نباتہ بن حنظلہ کی جنگ:

قحطبہ نے دشمن پر حملہ کیا حسن بن قحطبہ اس کے میمنہ پر اور خالد بن برمک اور مقاتل بن حکیم العکی اس کے میسرہ پر تھے اب جنگ شروع ہوئی دونوں فریق دیر تک ثابت قدمی اور استقلال سے ایک دوسرے سے لڑتے رہے آخرکار نباتہ مارا گیا اور اہل شام شکست کھا کر بھاگے ان کے دس ہزار آدمی اس معرکہ میں کام آئے۔ قحطبہ نے نباتہ اور اس کے بیٹے حیہ کا سر ابو مسلم کے پاس بھیج دیا۔

سالم بن راویہ کی شجاعت:

سالم بن راویہ التمیمی ان لوگوں میں تھا جو ابو مسلم کے پاس سے بھاگ کر نصر کے پاس چلے آئے تھے پھر یہ نباتہ کے ساتھ ہو گیا جب جرجان میں قحطبہ کی فوج سے جنگ ہوئی اور اس میں نباتہ کی فوج شکست کھا کر بھاگی مگر یہ تنہا میدان جنگ میں ڈٹ کر دشمن سے لڑتا رہا۔ عبداللہ الطائی نے جو قحطبہ کے مشہور بہادروں میں تھا اس پر حملہ کیا سالم بن راویہ نے اس کے منہ پر تلوار کی ایک ضرب لگائی کہ اس کی آنکھ نکل پڑی اور یہ ان سے لڑتا رہا آخرکار مجبور ہو کر مسجد میں آ گیا۔ حملہ آور بھی مسجد میں آ گئے مگر پھر بھی اس کی یہ حالت تھی کہ جس سمت حملہ کرتا تھا صاف کر دیتا اور پھر للکارتا تھا۔ آخر میں انہیں عراقیوں کا حملہ آوروں نے مسجد کی چھت میں آگ لگا دی اور اوپر سے پتھر پھینک کر اسے مار ڈالا اس کا سر قحطبہ کے پاس لائے اس کے چہرے اور سر پر خراش تک بھی آ گئی تھی۔ قحطبہ

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

مدینہ منورہ میں تعلیم کا کام

[illegible]

ابوذر غفاری کے اشعار

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ابوذر غفاری کا اہل مدینہ سے خطاب

[illegible]

میں نے تم سے تمہارے ان والیوں کے طور طریقوں کے متعلق پوچھا تو تم نے ان کی برائی کی۔ میں نے پوچھا کیا یہ محض گمان پر لوگوں کو قتل کر دیتے ہیں؟ تم نے کہا ہاں۔ میں نے پوچھا کہ وہ لوگوں کے مال اور ان کی عورتوں سے ناجائز طور پر فائدہ اٹھاتے ہیں؟ تم نے کہا ہاں۔ اس پر ہم نے تمہارے سامنے یہ تجویز پیش کی کہ ہم اور تم ان کے پاس جا کر کہیں کہ وہ ایسا نہ کریں۔ تم نے کہا وہ ایسا نہیں کریں گے۔ اس پر ہم نے کہا تم نے کہا ہم ایسا نہیں کر سکتے۔ پھر ہم نے کہا آؤ ہم ان سے لڑیں اور جب ہمیں ان پر غلبہ حاصل ہو جائے تو ایسے شخص کو اپنا خلیفہ بنائیں جو کتاب اللہ و سنت رسول اللہ ﷺ کے مطابق ہم پر حکومت کرے تو تم نے کہا ہم ان سے مقابلہ نہیں کر سکتے۔ پھر ہم نے تم سے کہا تو آؤ ہم اور تم مل کر ان سے جنگ کریں۔ اگر ہمیں ان پر فتح حاصل ہوئی تو ہم عدل و انصاف کے ساتھ تم پر حکومت کریں گے اور سنت رسول اللہ ﷺ کے مطابق تم میں عمل ہوگا۔ تو تم نے اس سے بھی انکار کر دیا۔ پھر ان کی طرف سے ہم سے لڑے۔ ہم بھی تم سے لڑے۔ خدا تم کو رحمت سے دور کرے۔

خوارج اور اہل مدینہ کی جنگ

خوارج کی تعداد چار سو تھی ان کے ایک گروہ پر حارث ابن بکار بن محمد العدوی (یعنی قریشی) اور ایک پر ابو حمزہ کا قبضہ تھا اس طرح یہ مقابلہ پر آئے کیونکہ اہل مدینہ بھی ان سے لڑنے کے لیے تیار ہو چکے تھے۔ حالانکہ اس سے پہلے خارجیوں نے اہل مدینہ سے مصالحت کی تھی اور کہا تھا کہ ہم تم سے لڑنا نہیں چاہتے تم ہمارا راستہ چھوڑ دو ہمیں اپنے دشمن کے مقابلہ پر جانے دو مگر انھوں نے نہ مانا۔ قدید میں ساتویں صفر ۱۳۰ ہجری کو فریقین میں جنگ ہوئی۔ گو یہ لوگ مارے گئے بجز چند کے سب کے سب قتل کر دیئے گئے ان کا سردار عبداللہ بھی مارا گیا۔ قریش نے بھی یہ الزام عائد کیا کہ انھوں نے خارجیوں سے سازش کر لی تھی۔ اس روایت کا راوی خزاعہ ہے کہ میں نے قریشیوں کو اس وقت تک ... ابو حمزہ نے عام امان دے دی۔ قدید کے معرکہ کے مقتولین کے بعد ابو حمزہ ۱۹ صفر ۱۳۰ھ کو مدینہ میں آئے۔

ابو حمزہ کی ہشام بن عبدالملک پر تنقید

ابو حمزہ نے مدینہ میں جو تقریر کی اس میں یہ بھی کہا: اے اہل مدینہ! میں ہشام بن عبدالملک کے عہد میں مدینہ میں آیا تھا اس وقت پالے سے تمہارے پھلوں کو نقصان پہنچا تھا تو تم نے ہشام سے درخواست کی کہ وہ تمہارا لگان معاف کر دے۔ اس نے تمہاری درخواست منظور کی جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ مالدار زیادہ امیر ہو گئے اور غریب اور زیادہ غریب ہو گئے تم نے ہشام کو دعا دی تھی کہ خدا اس کا بھلا کرے۔ خدا اسے جزائے شر دے اور تمہیں۔

ابو حمزہ خارجی کا خطبہ

یحییٰ بن زکریا راوی ہیں کہ ابو حمزہ منبر پر چڑھا اور اس نے اپنے خطبے میں حمد و ثنا کے بعد کہا: اے مدینہ والو! تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ ہم اپنے وطن اور املاک کو چھوڑ کر بطور سرکش غاصب اقتدار کی طرح کسی عیش و عشرت کے لیے یا ملک گیری کے لیے نہیں آئے کہ حکومت و دولت کے مزے اڑائیں اور کسی قدیم عداوت کا بدلہ لینے نکلے ہیں۔ جب ہم نے دیکھا کہ حق کی روشنی گل ہو گئی اور راستی کا کام کرنے والا کوئی نہیں رہا اور جس نے انصاف کی بات کی وہ قتل کر دیا گیا تو یہ زمین باوجود اپنی وسعت کے ہم پر تنگ ہو گئی۔ ہم نے سنا کہ کوئی ہمیں خدا کی اطاعت اور اس کے احکام کی تعمیل کے لیے بلا رہا ہے ہم نے اس کی دعوت پر لبیک کہی

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

جو میں نے کہا ابوالفضیل کا۔ اس نے پوچھا اس وقت تم کہاں تھے؟ میں نے کہا علاوہ تھی۔ پھر اس نے پوچھا کل کہاں ہوں گے؟ میں نے کہا قلب میں۔ یہ سن کر اس نے اور کوئی بات نہیں کی بلکہ اپنے پیچھے مجھے سوار کر لیا اور اسی طرح ابن عطیہ کے پاس لے پیش کیا اور اس سے کہا کہ آپ اس لڑکے سے اس کا نام دریافت کیجیے۔ انہوں نے مجھ سے میرا نام دریافت کیا میں نے جب یہی اس مرتبہ بھی یہی جواب دیا۔ اس سے ابن عطیہ خوش ہوا اور اس نے مجھے کچھ دے دیا۔

ابن عطیہ کی خوارج سے جنگ

جب ابو حمزہ اور ابن عطیہ باہم مقابل ہوئے تو ابو حمزہ نے کہا جب تک انہیں خبردار نہ کرو اور دعوت حق نہ دے دو ان سے نہ لڑو۔ چنانچہ خارجیوں نے پکار کر دریافت کیا کہ تم لوگ قرآن اور اس پر عمل کرنے کے متعلق کیا کہتے ہو۔ ابن عطیہ نے پکار کر کہا ہم قرآن کو اناج کے بورے میں رکھتے ہیں ابو حمزہ نے یتیم کے مال کے متعلق پوچھا کیا کہتے ہو۔ انہوں نے کہا ہم اس کا مال کھاتے ہیں اور اس کی ماں سے حرام کرتے ہیں غرض کہ اسی طرح کی اور باتیں انہوں نے دریافت کیں اور اسی قسم کا ان کا جواب دیا۔ ان جوابات کو سن کر خارجیوں نے شامیوں سے لڑنا شروع کیا اور شام تک لڑتے رہے جب رات ہونے لگی تو خارجیوں نے پکار کر کہا اے ابن عطیہ اللہ نے تو رات کو آرام لینے کے لیے بنایا ہے اب تم بھی آرام کرو اور ہم بھی آرام کرتے ہیں۔ مگر اس نے نہ مانا اور برابر لڑتا رہا یہاں تک کہ اس نے تمام خارجیوں کو تہ تیغ کر دیا۔

مدینہ میں خوارج کا قتل:

ابو حمزہ نے مدینہ سے روانہ ہوتے وقت اہل مدینہ کو رخصت کیا اور کہا کہ ہم مروان کے مقابلے پر جا رہے ہیں اگر ہمیں فتح ہوئی تو ہم تم پر حکومت کرنے میں عدل و انصاف کریں گے اور رسول اللہ ﷺ کی سنت کے مطابق تمہارے مال غنیمت کو تمہارے درمیان تقسیم کریں گے۔ اور اگر خدانخواستہ دوسری صورت پیش آئی جس کی انہیں تمنا ہے۔ وسیعلم الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون۔ جن لوگوں نے ظلم کیا ہے انہیں معلوم ہو جائے گا کہ وہ کس کروٹ پلٹا کھاتے ہیں

جب اہل مدینہ کو ابو حمزہ کے قتل کی خبر ملی تو وہ ان خارجیوں پر جھپٹ پڑے جو مدینہ میں رہ گئے تھے اور ان سب کو انہوں نے قتل کر دیا۔

ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ جب ابو حمزہ اور اس کے ساتھی مروان کی طرف چلے تو ان کا دستہ زیر قیادت ابن عطیہ السعدی التمیمی وادی القریٰ میں ان پر حملہ آور ہوا۔ خارجی شکست اٹھا کر مدینہ کی جانب بھاگ گئے یہاں اہل مدینہ نے ان کا مقابلہ کیا اور سب کو قتل کر دیا۔

ابن عطیہ کی روانگی مکہ:

مروان کی جانب سے فوج کا قائد عبدالملک بن محمد بن عطیہ السعدی (سعد ہوازن) تھا یہ چار ہزار عربی گھوڑوں کے ساتھ کہ جن کے ساتھ ایک خچر تھا مدینہ آیا۔ بعض سوار ایسے تھے جو دو بری زرہیں پہنے تھے اور ایک زرہ بھی پہنے تھے۔ اس فوج کے ساتھ جو لمبی لمبی جھولیں اور دوسرا اس قسم کا ساز و سامان تھا کہ اس زمانے میں ویسا کہیں نہیں دیکھا گیا تھا۔ یہ فوج مدینہ سے مکہ چلی گئی۔

ولید بن عروہ کی مدینہ پر تقرری

بعض راویوں نے یہ بھی کہا ہے کہ ابن عطیہ نے مدینہ میں ایک ماہ قیام کیا اور پھر مکہ گیا۔ اس نے مدینہ پر ولید بن عروہ بن محمد بن عطیہ کو اپنا قائم مقام مقرر کیا جو اس کا بھتیجا تھا اور وہاں سے مکہ آیا۔ [illegible] قائم مقام مقرر کیا۔ جب ابن عطیہ تبالہ سے آگے بڑھا تو عبداللہ بن یحییٰ کو جو اس وقت صنعاء میں تھا ابن عطیہ کی پیش قدمی کی اطلاع ملی۔ اب یہ خود اپنے ساتھیوں کے ساتھ ان کے مقابلے کے لیے آگے آیا اور دونوں کا مقابلہ ہوا۔ ابن عطیہ نے عبداللہ بن یحییٰ کو قتل کر دیا اور اس کے بیٹے خبر مروان کے پاس بھیج دی۔ ابن عطیہ صنعاء آیا اس نے عبداللہ کے سر کو مروان کے پاس بھیج دیا۔ مروان نے اسے لکھا کہ تم جس قدر جلد ہو سکے مکہ آ کر لوگوں کو حج کراؤ۔ یہ چند سواروں کے ساتھ جریدہ صنعاء سے چلا۔ مقام جرف میں پڑاؤ ہوا۔ اہل قریہ میں سے بعض نے اسے شناخت کیا اور کہنے لگے کہ بخدا یہ شکست کھا کر بھاگے ہیں۔ بس اسی خیال سے ان لوگوں نے اس پر حملہ کر دیا۔ ابن عطیہ نے ان سے کہا ارے کمبختو! ٹھہرو مجھے امیر المومنین نے میر حج مقرر کیا ہے حج کے لیے جا رہا ہوں۔

ابن عطیہ کا قتل

ابو زید بن عبدالرحمن کہتے ہیں کہ میں بھی ابن عطیہ کے ہمراہ صنعاء سے مکہ چلا کیونکہ مروان نے اسے میر حج مقرر کیا تھا اس کے ہمراہ اس کی فوج میں سے چالیس آدمی تھے۔ بارہ ہزار دینار بھی تھے۔ باقی تمام فوج اور سب سامان صنعاء میں چھوڑ آیا تھا۔ ہم لوگ بالکل بے خوف و خطر چلے جا رہے تھے کہ میں نے ایک شخص کو دیکھا، اللہ شاہد ہے کہ دونوں پہاڑوں کو ڈھانک کر کسی قدر بلند جگہ میں سے ہماری طرف بڑھے۔ [illegible] میں پکارا [illegible] کہا کہ یہ [illegible] جو اللہ تعالیٰ [illegible] مجھے دیکھتے۔ جماعت مرادی کے دونوں بچے مارے جائیں گے انھوں نے کسی اور طرف سے گھیر لیا تھا ہم نے پوچھا آپ کیا چاہتے ہیں انھوں نے کہا تم کون ہو؟ ابن عطیہ نے امیر المومنین کا خط نکال کر دکھایا جس میں انھوں نے مجھے امیر حج مقرر کیا ہے اور میں ابن عطیہ ہوں۔ انھوں نے کہا یہ سب باطل ہے تم لوگ ضرور [illegible] جب ہم نے دیکھا کہ یہ تو حملہ کرنا چاہتے ہیں تو صفر بن حبیب فوراً اپنے گھوڑے پر سوار ہوا اور لڑنے لگا۔ اس نے خوب ہی داد شجاعت دی اور مارا گیا۔ پھر ابن عطیہ بھی اسی طرح اپنے گھوڑے پر سوار ہو کر لڑتا رہا اور کئی کو مار گرایا یہاں تک کہ مارا گیا۔ پھر ہمارے ساتھی اسی طرح مارے گئے۔ ان لوگوں نے مجھے دریافت کیا تم کون ہو؟ میں نے کہا میں قبیلہ ہمدان سے ہوں۔ انھوں نے پوچھا ہمدان کے کس خاندان سے؟ میں نے اپنے کو ان سے منسوب کر دیا کیونکہ میں ہمدان سے تھا اور خود ان سے واقف تھا۔ اس پر انھوں نے مجھے چھوڑ دیا اور کہا تمہیں امان ہے اس کا قصہ بھی [illegible] اس مال کی رقم کا جو ابن عطیہ کے ساتھ تھی کوئی تعرض نہیں کیا۔ مجھے وہ دے دیا۔ پھر انھوں نے چند سواروں کو میرے ساتھ کر دیا جو مجھے مکہ تک پہنچا آئے۔ [illegible] میں مکہ آ گیا۔

اس سنہ میں موسم گرما میں ولید بن ہشام نے رومیوں سے جہاد کرنے کے لیے عمق پر پڑاؤ کیا اور اس نے مرعش کے قلعہ کو بنایا۔

اس سنہ میں بصرہ میں طاعون ہوا۔

قحطبہ بن شبیب کا اہل جرجان پر حملہ

اس سنہ میں قحطبہ بن شبیب نے اہل جرجان کے علاقہ پر حملہ کیا۔ جب [illegible] نباتہ بن حنظلہ کے قتل کے

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

* * *

باب ۱۵

معرکہ زاب

یا

قحطبہ بن شبیب

۱۳۱ھ کے واقعات

ابو کامل کی ابو مسلم سے علیحدگی

اس سنہ میں قحطبہ نے اپنے بیٹے حسن کو نصر کے مقابلے کے لیے بھیجا جو قومس میں مقیم تھا۔

نباتہ کے قتل کے بعد نصر بذش سے روانہ ہو کر خوار آ گیا تھا۔ ابو بکر العقیلی اس مقام کا امیر تھا۔ قحطبہ نے محرم ۱۳۱ ہجری میں اپنے بیٹے حسن کو قومس بھیجا۔ پھر ابو کامل، ابو القاسم محرز بن ابراہیم اور ابو العباس المروزی کو سات سو فوج کے ہمراہ حسن کے پاس روانہ کیا۔ جب یہ لوگ اس کے قریب پہنچے تو ابو کامل اپنی جماعت کو چھوڑ کر نصر سے جا ملا اور نصر سے آ کر کہا کہ اس نے ان سالاروں کا مقام جسے وہ چھوڑ آیا تھا بتایا۔ نصر نے ایک فوج ان کے مقابلے کے لیے بھیج دی۔ جب نصر کی فوج آئی تو اس نے ابو مسلم کی فوج کا جو ایک فصیل میں فروکش تھی محاصرہ کر لیا۔

نصر بن سیار کی ابن ہبیرہ سے برہمی:

جمیل بن مہران نے فصیل میں شگاف کر کے اپنی فوج کو نکال دیا اور بھاگ گیا اور یہ لوگ مال و متاع بھی چھوڑ گئے۔ نصر کی فوج نے اس پر قبضہ کر لیا۔

نصر نے اسے ابن ہبیرہ کے پاس بھیج دیا۔ عطیف نے رے میں اسے روک لیا۔ نصر کے قاصد سے خط اور روپیہ لے لیا اور اسے ابن ہبیرہ کے پاس بھیج دیا۔ نصر کو جب یہ بات معلوم ہوئی تو وہ برہم ہوا اور کہنے لگا کہ کیا ابن ہبیرہ نے یہ کس طرح کا جھگڑا پیدا کیا ہے۔ کیا وہ قیس کے ان کمزور فقیروں کو میرے خلاف برانگیختہ کر رہا ہے۔ بخدا میں اس سے اب کوئی تعلق نہیں رکھوں گا۔ اسے اور اس کے بیٹے اور جس کے لیے وہ سب تدبیریں کر رہا ہے معلوم ہو جائے گا کہ ان کی کوئی حقیقت و وقعت نہیں ہے۔

نصر بن سیار کا انتقال:

اب خود نصر روانہ ہو کر رے آیا۔ حبیب بن بدیل نہشلی رے کا عامل تھا۔ جب نصر رے آیا تو عطیف رے سے ہمدان

بھیجے گئے۔ یہاں مالک بن ادہم بن محرز الباہلی صحصحیہ جماعت کے ساتھ مقیم تھا جب عطیف نے مالک کو ہمدان میں موجود پایا تو ہمدان کو چھوڑ کر اصبہان عامر بن ضبارہ کے پاس چلا گیا۔ عطیف کے ساتھ تین ہزار آدمی تھے جنہیں ابن ہبیرہ نے نصر کی مدد کے لیے بھیجا تھا مگر عطیف نے رے میں پڑاؤ کر دیا اور نصر کے پاس نہیں آیا۔ رے میں دو دن قیام کرنے کے بعد نصر بیمار ہو گیا اب وہ ڈولی میں سفر کرنے لگا جب ہمدان کے قریب مقام ساوہ پہنچا تو یہیں اس نے انتقال کیا۔ اس کے مرنے کے بعد اس کے ساتھی ہمدان میں داخل ہو گئے۔ بیان کیا گیا ہے کہ نصر نے ۱۲ ربیع الاول کو پچاسی سال کی عمر میں انتقال کیا۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ جب نصر خوار سے رے کی سمت روانہ ہوا تھا تو رے میں نہیں آیا بلکہ اس نے اس سے کترا کر راستہ تبدیل کیا۔ مفازہ ان کے درمیان واقع ہے اسی جگہ اس کا انتقال ہوا۔

زیاد بن زرارہ کی ابومسلم سے علیحدگی

(ابن جریر سے بعض سابق بیان شروع ہوتا ہے) نصر کے مرنے کے بعد حسن نے خازم بن خزیمہ کو سمنان کی سمت بھیج دیا اب قحطبہ جرجان سے اس طرف روانہ ہوا۔ اس نے اپنے آگے زیاد بن زرارہ القشیری کو روانہ کیا۔ زیاد ابومسلم کا ساتھ دینے پر نادم ہوا اور قحطبہ کا ساتھ چھوڑ کر عامر بن ضبارہ کے پاس جانے کے لیے اصبہان کے راستہ ہو لیا۔

مسیب بن زہیر اور زیاد بن زرارہ کی جنگ

قحطبہ نے مسیب بن زہیر الضبی کو اس کے تعاقب میں روانہ کیا۔ اس نے ماہ محرم کے آخری دن عصر کے بعد اسے آلیا اور زیاد کو شکست ہوئی اور اس کی تمام فوج قتل ہو گئی۔ مسیب پھر قحطبہ کے پاس واپس آ گیا۔ قحطبہ قومس روانہ ہوا جہاں اس کا بیٹا حسن مقیم تھا۔ خازم بھی اس سمت سے قومس آ گیا۔ یہیں راستے سے آنے کا حسن نے اسے حکم دیا تھا۔ قحطبہ نے اپنے بیٹے حسن کو رے کی سمت آگے روانہ کیا۔ حبیب بن بدیل النہشلی اور اس کے ہمراہی شامیوں کو حسن کی پیش قدمی کا علم ہوا تو وہ رے چھوڑ کر چلے گئے۔ حسن رے میں داخل ہو گیا اور اپنے باپ کے آنے تک وہاں پڑا رہا۔ قحطبہ نے رے پہنچ کر ابومسلم کو اپنے رے آنے کی اطلاع دی۔

ابومسلم خراسانی کا نیشاپور میں قیام:

اس عرصہ میں ابومسلم مرو سے نیشاپور چلا آیا اور اب یہیں اس نے قیام کیا۔

جب قحطبہ نے اپنے رے پہنچ جانے کی ابومسلم کو اطلاع بھیجی تو وہ مرو چھوڑ کر نیشاپور آ گیا اور یہاں اس نے اپنی خندق کھودی۔ رے آنے کے تین دن بعد قحطبہ نے اپنے بیٹے حسن کو ہمدان روانہ کیا جب یہ ساوہ کی جانب بڑھا تو مالک بن ادہم اور شامی اور خراسانی جو وہیں تھے ہمدان سے نہاوند آ گئے۔ یہاں مالک نے سب لوگوں سے کہا کہ جس کسی کا نام دفتر میں لکھا ہوا ہے وہ اپنی روزی آ کر لے لے۔ بہت سے لوگوں نے اپنی معاشیں بھی نہ لیں اور وہ لوگ نہاوند سے بھی چلے گئے۔ اب صرف مالک اور بقیہ وہ شامی اور خراسانی جو نصر کے ہمراہ تھے اس کے ساتھ رہے۔ حسن ہمدان سے نہاوند آیا اور شہر سے چار فرسنگ کے فاصلے پر پڑاؤ کیا۔ قحطبہ نے ابوالجہم بن عطیہ باہلی کے آزاد غلام کو سات سو فوج کے ساتھ حسن کی مدد کو بھیجا۔ حسن نے پورے طور سے شہر کا محاصرہ کر لیا۔ اسی سنہ میں عامر بن ضبارہ قتل کیا گیا۔

عامر بن ضبارہ کی قحطبہ کی جانب پیش قدمی:

عبداللہ بن معاویہ بن عبداللہ بن جعفر ابن ضبارہ کے ہاتھوں ہزیمت اٹھانے کے بعد خراسان کی طرف بھاگا تو ابن ضبارہ اس

کے تعاقب میں روانہ ہوا۔ اسی اثناء میں یزید بن عمر کو جب ابن نباتہ بن حنظلہ کے مارے جانے کی اطلاع ملی تو ابن ہبیرہ نے عامر بن ضبارہ اور اپنے بیٹے داؤد بن یزید بن عمر کو قحطبہ کے مقابلے کے لیے بھیجا یہ اصفہان کے شہر جی میں آ کر فروکش ہوئے۔ ابن ضبارہ کا پڑاؤ عسکر انس قرار پایا تو قحطبہ نے ان کے مقابلے کے لیے مقاتل، ابوحفص المہلبی، ابوحماد المروزی (بنی سلیم کے آزاد غلام) موسیٰ بن عقیل، اسلم بن حسان، ذویب بن الاشعث، کلثوم بن شبیب، مالک بن طریف، مخارق بن غفار اور ہیثم بن زیاد کو روانہ کیا عکی کو ان سب کا قائد عام مقرر کیا۔ عکی اپنی فوج کے ساتھ قم میں آ کر فروکش ہوا۔

عامر بن ضبارہ اور قحطبہ کی جنگ:

ابن ضبارہ کو معلوم ہوا کہ حسن نے اہل نہاوند کا محاصرہ کر رکھا ہے۔ اس نے اہل نہاوند کی امداد کے لیے جانے کا ارادہ کیا مگر عکی کو بھی اس کے ارادے کی خبر ہو گئی اس نے فوراً قحطبہ کو اس کی اطلاع دی قحطبہ نے زہیر بن محمد کو کاشان روانہ کیا۔ اب خود عکی قم سے طریف بن غیلان کو قم میں اپنا قائم مقام بنا کر نہاوند کی طرف روانہ ہوا مگر پھر قحطبہ نے اسے اپنے آنے تک ٹھہرنے اور قم واپس جانے کا حکم دیا اور خود قحطبہ رے سے روانہ ہوا اسے ان دونوں فوجوں کی دیکھ بھال کرنے والے دستے ملے۔ جب یہ مقاتل بن حکیم العکی سے جا ملا تو اس نے اس کی چھاؤنی کو اپنی چھاؤنی سے متصل کر لیا۔ عامر بن ضبارہ ان کے مقابلہ پر آیا۔ دونوں حریفوں کے پڑاؤ میں ایک فرسنگ کا فاصلہ تھا کئی روز تک ابن ضبارہ بغیر لڑے ٹھیرا رہا۔ اب قحطبہ نے جارحانہ کارروائی کی اور دونوں میں جنگ شروع ہوئی۔ اس کے میمنہ پر عکی، خالد بن برمک کے ساتھ متعین تھا میسرہ پر عبدالحمید بن ربعی الطائی مالک بن طریف کے ساتھ متعین تھا۔ قحطبہ کے پاس بیس ہزار فوج تھی۔ ابن ضبارہ کے پاس ایک لاکھ یا جیسا بیان کیا گیا ہے ڈیڑھ لاکھ فوج تھی۔

عامر بن ضبارہ کی شکست:

قحطبہ کے حکم سے کلام پاک ایک نیزے پر باندھا گیا۔ اور اس نے شامیوں کو مخاطب کر کے کہا کہ ہم تمہیں کلام اللہ کے احکام کی تعمیل کے لیے دعوت دیتے ہیں۔ شامیوں نے اسے گالیاں دیں۔ قحطبہ نے اپنی فوج کو حملہ کرنے کا حکم دے دیا۔ عکی نے شامیوں پر حملہ کیا۔ دونوں فریق گتھم گتھا ہو گئے کوئی ترتیب باقی نہیں رہی مگر زیادہ دیر تک جنگ نہیں ہوئی کہ شامیوں کو شکست ہوئی۔ وہ بری طرح مارے گئے۔ فاتحوں نے ان کے لشکرگاہ کو لوٹ لیا۔ بے شمار اسلحہ، نقدی، غلام اور مال و اسباب ان کے ہاتھ لگا۔ قحطبہ نے شریح بن عبداللہ کو اپنے بیٹے حسن کے پاس اس فتح کی خوشخبری دینے کے لیے بھیجا۔

عامر بن ضبارہ کا قتل:

جب قحطبہ اور ابن ضبارہ کا مقابلہ ہوا تو ابن ضبارہ کے ہمراہ اہل خراسان میں سے صالح بن حجاج النمیری، بشر بن بسطام بن عمران بن الفضل البرجمی اور عبدالعزیز بن شماس المازنی تھے۔ ابن ضبارہ کے پاس صرف رسالہ تھا اور قحطبہ کے ساتھ پیدل اور رسالہ دونوں طرح کی فوج تھی۔ قحطبہ کی فوج نے ابن ضبارہ کے رسالہ پر ایسی بوچھاڑ کی کہ وہ ہزیمت اٹھا کر بھاگ گئے۔ قحطبہ ان کا تعاقب کرتا ہوا اس کے لشکرگاہ تک چلا آیا۔ ابن ضبارہ نے اپنے پڑاؤ کو چھوڑ دیا اور اپنی فوج کو اپنے پاس بلایا۔ اس کی فوج کو شکست ہوئی اور یہ مارا گیا۔

عین لڑائی میں داؤد بن یزید بن عمر میدان جنگ سے خود بھاگ گیا۔ ابن ضبارہ نے اسے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ وہ بھاگ

گیا ہے کہ ابن ضبارہ نے کہا خدا اس پر لعنت کرے۔ مگر وہ خود لڑتا رہا اور مارا گیا۔

مال غنیمت:

ایک شخص جو قحطبہ کے ہمراہ اس معرکہ میں شریک تھا بیان کرتا ہے کہ جس قدر گھوڑے، اسلحہ اور لونڈی غلام ان کے ساتھ تھے اس قدر ہمیں ملے اپنے لشکر گاہ میں تیار کی تھیں میں نے کبھی کسی لشکر گاہ میں نہیں دیکھیں۔ معلوم ہوتا تھا کہ ہم نے ایک شہر فتح کیا ہے۔ اسی طرح بے شمار بربط، طنبورے اور دوسرے باجے ہمارے ہاتھ آئے اور بہت کم ایسے خیمے یا چھولداریاں ایسے تھے کہ جن میں کوئی شراب کا کوئی مشکیزہ یا مٹکا نہ ملا ہو۔

اس جنگ میں ابن ضبارہ پر قحطبہ اور مروان کی ان فوجوں میں جو وہاں پناہ گزیں تھیں جنگ ہوئی۔ یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ یہ جنگ مقام جابی واقع ضلع اصبہان میں ہوئی۔ اور یہ جنگ ہوئی جب کہ ماہ رجب کے ختم ہونے میں سات راتیں باقی تھیں۔

عاصم کا حسن پر حملہ کرنے کا ارادہ:

جب قحطبہ نے اپنے بیٹے حسن کو ابن ضبارہ کے قتل کی اطلاع دی تو اس نے اور اس کی فوج نے خوشی میں تکبیر بلند کی اور اس کی خبر نشر کر دی۔ یہ بیان کرتے تھے کہ اس وقت عاصم بن عمیر السعدی نے اپنی فوج سے کہا کہ دشمن جو اس قدر زور دے رہا ہے ابن ضبارہ کے قتل کی اطلاع آئی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بات ٹھیک ہے۔ بہتر یہ ہے کہ قبل اس کے کہ اس کا پتہ چل جائے ہم حسن پر ٹوٹ پڑیں اور اس طرح ہمیں موقع مل جائے گا کہ جدھر جانا چاہیں نکل جائیں کیونکہ اب زیادہ عرصہ تک تم لوگ ان کا مقابلہ نہ کر سکو گے۔ اس پر یہ خیال ہوا کہ آپ لوگ گھوڑوں پر سوار ہیں آپ تو نکل جائیں گے اور ہمیں چھوڑ جائیں گے۔ مالک بن ادہم الباہلی نے کہا ابن ضبارہ کا خط میرے پاس آیا ہے جس میں اس نے اپنے آنے کا حال لکھا ہے اب میں تو اس کے آنے تک اس مقام سے نہیں جاؤں گا۔

مالک بن ادہم کی قحطبہ سے مصالحت:

اصبہان میں بیس روز قیام کرنے کے بعد قحطبہ نہاوند میں اپنے بیٹے حسن کے پاس آیا۔ اس نے نہاوند کی فوج کو گھیر لیا۔ تین ماہ محاصرہ رکھا۔ ان کے سامنے امان پیش کی مگر انہوں نے اس کے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ قحطبہ نے شہر پر منجنیقیں نصب کر دیں۔ جب مالک نے یہ دیکھا تو اس نے اپنے اور شامیوں کے لیے قحطبہ سے معاہدہ صلح لے لیا۔ اہل خراسان کو اس کی اطلاع نہ ہوئی۔ قحطبہ نے مالک کو معاہدہ صلح دے دیا اور اسے پورا بھی کیا۔ شامیوں میں سے اس نے کسی کو قتل نہیں کیا۔ اس کے خلاف اس نے تمام خراسانیوں کو [illegible] کے قتل کر دیا۔ ان مرنے والوں میں ابو کامل، حاتم بن الحارث بن شریح، ابن نصر بن سیار، عاصم بن عمیر، علی بن عقیل، بیہس بن بدیل السلمی الجزری، ایک قریشی شخص بختری نام جو عمر بن الخطاب کی اولاد میں تھا (مگر صاحب سیر نے اس کے متعلق یہ بھی بیان کیا ہے کہ [illegible]) اور قطن بن حرب الہلالی تھے۔

جب مالک بن ادہم نے قحطبہ سے مصالحت کر لی تو حسن بن قحطبہ نے [illegible] کے خلاف حملہ کر رہا ہے مگر اسے قتل کر دیا گیا۔ اس کے بعد ہی اس نے دیکھا کہ ان خراسانیوں کے لیے جو قحطبہ کے ہمراہ تھے شہر کے دروازے کھول دیے

گئے اور وہ داخل ہو گئے قحطبہ نے ان لوگوں کو شہر پناہ میں داخل کر دیا۔

قحطبہ کی اہل خراسان اور شامیوں کو امان

اس واقعہ کے متعلق دوسرا بیان یہ ہے کہ قحطبہ نے ان خراسانیوں سے جو نہاوند میں تھے کہلا بھیجا کہ تم ہمارے پاس چلے آؤ تم سب کو امان ہے مگر انھوں نے اس سے انکار کر دیا اس کے بعد اس نے اہل شام کو اسی قسم کی دعوت دی انھوں نے قبول کر لیا وہ تنگ آ چکے تھے۔ وہ شعبان و رمضان اور شوال کے محاصرے کے بعد انھوں نے اپنے لیے امان حاصل کر لی تھی انھوں نے قحطبہ سے درخواست کی کہ وہ اہل شہر پر دوسری جانب سے حملہ کرے تاکہ وہ ادھر مشغول ہو جائیں اس وقت ہم ان کی جانب کا بھی دروازہ کھول دیں گے۔ قحطبہ نے اس تجویز پر عمل کیا اور جب اس نے اہل نہاوند کو دوسری جانب جنگ میں مشغول کر دیا تو شامیوں نے اپنے سامنے کا دروازہ کھول دیا۔ جب ان کے ہمراہی خراسانیوں نے دیکھا کہ شامی شہر سے باہر جا رہے ہیں تو اس کے متعلق انھوں نے دریافت کیا شامیوں نے کہا ہم نے اپنے اور تمہارے لیے امان لے لی ہے۔ اس پر اہل خراسان کے تمام سردار باہر نکل آئے۔ قحطبہ نے ان کی جماعت کے ہر شخص کو اپنے ایک ایک سرداروں کے سپرد کر دیا پھر اس کے حکم سے نقیب نے منادی کرا دی کہ جس کے پاس کوئی قیدی ہو وہ اسے قتل کر کے اس کا سر پیش کرے چنانچہ سب نے اس حکم کی تعمیل کی اور جو لوگ ابو مسلم سے بھاگ کر قلعہ میں پناہ گزیں ہوئے تھے وہ سب قتل کر دیے گئے۔ البتہ شامیوں کو اس نے اس شرط پر معافی دے دی کہ وہ اس کے خلاف کسی کی مدد نہیں کریں گے۔

اب یہاں سے پھر سابق بیان شروع ہوتا ہے۔

عاصم بن عمیر کا قتل

جب قحطبہ نے اہل خراسان کو جو نہاوند میں شامیوں کے ہمراہ تھے شہر پناہ میں داخل ہونے کا حکم دیا تو ابن ہبیرہ نے انہیں اپنا گھر کرنے سے منع کیا اور کہا وہ وہاں چلا گیا اور جو اس کے پاس تھا شہر پناہ سے نکل کر ایک خدمت گار نے جو خراسان میں اس کے پاس ملازم ہو چکا تھا سکھا کر بھیج دیا۔ اس کا نام ابو [illegible] تھا اس نے کہا اس خدمت گار نے ایک ایک سے کہا کہ وہ سامان کی حفاظت کرے اور کسی کو اس کا پتہ نہ دے۔ جب قحطبہ نے حکم دیا کہ جس کے پاس جو قیدی ہو اسے وہ قتل کر کے اس کا سر اس کے سامنے پیش کرے تو اس غلام نے جس کے ذمہ عاصم کی حفاظت کی گئی تھی کہا کہ میرے پاس ایک قیدی ہے کہ مجھے اندیشہ ہے کہ وہ مجھ سے چھین لیا جائے گا اس بات کو ایک شخص نے سنا اور اس سے کہا مجھے وہ قیدی دکھاؤ اس نے دکھایا اس شخص نے عاصم کو شناخت کر لیا اور قحطبہ سے آ کر بیان کیا کہ ان لوگوں کا ایک بڑا شخص اس طرح گرفتار ہے۔ قحطبہ نے اسے اپنے سامنے بلوا کر قتل کر دیا۔ پھر اہل شام سے جو وعدہ معافی کا کیا تھا اسے پورا کیا اور ان میں سے کسی کو نہیں مارا۔

قحطبہ کا نہاوند پر قبضہ

جب قحطبہ نہاوند آیا اس وقت حسن اہل نہاوند کا محاصرہ کیے تھے قحطبہ خود تو نہاوند میں مقیم رہا حسن کو اس نے مرج القلعہ کی طرف روانہ کیا اس نے خازم بن خزیمہ کو حلوان اپنے آگے روانہ کیا۔ عبداللہ بن علاء الکندی حلوان کا عامل تھا یہ حلوان چھوڑ کر بھاگ گیا۔

جب قحطبہ نے نہاوند فتح کر لیا تو حلوان میں جو ارادہ ہوا کہ ان کا محاصرہ کریں گے کہ ان کا [illegible] ہے اسے تعاقب کر کے مغلوب کرنے سے پہلے حق ہوا اس پر وہ پہنچے گئے کہ یہ ہے تو پہلا نام [illegible] خلافت کے بارے میں زیادہ تر معلوم ہوتا ہے کہ اس سے انکار کر دیا۔

ابو عون کا شہر زور پر قبضہ

قحطبہ نے ابو عون عبدالملک بن یزید الخراسانی اور مالک بن طریف الخراسانی کو چار ہزار فوج کے ساتھ شہر زور بھیجا جہاں عثمان بن سفیان عبداللہ بن مروان کے مقدمۃ الجیش پر متعین تھے۔ چنانچہ ابو عون اور مالک نے شہر زور سے دو فرسخ کے فاصلہ پر پڑاؤ کر دیا۔ ایک شب اور روز قیام کے بعد ۲۰ ذی الحجہ ۱۳۱ھ کو ان کا عثمان بن سفیان سے مقابلہ ہوا وہ مارا گیا۔ ابو عون نے اس فتح کی خوشخبری اسمٰعیل بن متوکل کے ذریعہ قحطبہ کو بھیجی اور خود ابو عون موصل کے علاقہ میں ٹھہرا رہا۔

بعض راویوں نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ عثمان بن سفیان اس جنگ میں قتل نہیں ہوا بلکہ وہ عبداللہ بن مروان کے پاس بھاگ کر چلا گیا۔ ابو عون نے اس کے لشکر کو لوٹ لیا اور ایک شدید جنگ کے بعد اس کے بہت سے ساتھی قتل کر دیئے گئے۔

یہ بھی بیان ہے کہ قحطبہ نے ابو عون کو تیس ہزار فوج کے ساتھ ابو مسلم کے حکم کی بنا پر شہر زور بھیجا تھا۔

مروان بن محمد کی زاب میں آمد

جب اس واقعہ کی خبر مروان کو ملی جو اس وقت حران میں تھا تو وہ وہاں سے اس کی جانب آگے بڑھا۔ اس کے ہمراہ شام موصل اور جزیرہ کی فوج باقاعدہ فوجیں اور خاندان بنی امیہ کے تمام آدمی تھے۔ یہ بڑھتا ہوا موصل آیا۔ اب یہاں اس نے خندقیں کھودنا شروع کیں ایک خندق سے دوسری خندق کا سلسلہ یہاں تک کہ اسی طرح خندقیں کھودتا ہوا زاب آیا۔ یہاں اس نے مورچے لگائے۔ ابو عون کی جانب یہ بڑھا محرم ۱۳۲ھ تک وہیں مقیم رہا اس نے چھ ماہ اور آدمیوں کو بھرتی کیا۔

قحطبہ کی ابن ہبیرہ پر فوج کشی

اسی اثناء میں قحطبہ ابن ہبیرہ کی طرف بڑھا۔ جب حلوان سے گزر کر ابن ہبیرہ کا پڑاؤ اس کے پاس آیا تو ابن ہبیرہ اپنی فوج کے ساتھ قحطبہ سے لڑنے آیا۔ اس کے ہمراہ بہت بڑی فوج تھی۔ مروان نے ابن ہبیرہ کی مدد کے لیے بھیجا تھا۔ ابن ہبیرہ کے ساتھ [illegible] حوثرہ بن سہیل الباہلی کو مقرر کیا تھا۔ [illegible] کوفہ سے روانہ ہو کر [illegible] مقام جلولاء پہنچا اور وہی خندق کھودی اور یہ وہی خندق تھی جو اہل عجم نے جلولاء کی جنگ میں کھودی تھی۔ اس انتظام کے بعد یہ یہاں ٹھہرا رہا۔ دوسری جانب سے قحطبہ بڑھتا ہوا [illegible] آیا اور یہاں سے حلوان [illegible] گیا جب [illegible] ابن ہبیرہ جلولاء چھوڑ کر [illegible] لوٹ گیا۔

دوسرا بیان یہ ہے کہ جب قحطبہ ابن ہبیرہ کے قریب آیا تو وہ اس وقت جلولاء میں اپنی خندقوں میں [illegible] تھا۔ [illegible] آتے ہی یہ اس مقام کو چھوڑ کر [illegible]۔ قحطبہ نے دجلہ عبور کیا اور انبار کے سامنے مقام [illegible] میں فروکش ہوا۔ ابن ہبیرہ بھی اپنی فوج کے ہمراہ جلولاء سے کوفہ کی طرف بڑھا تاکہ قحطبہ سے پہلے وہاں پہنچ جائے۔ [illegible] حوثرہ بن سہیل کو پندرہ ہزار فوج کے ساتھ کوفہ [illegible]۔ قحطبہ نے [illegible] فرات کو عبور کیا اور [illegible] کے ارادے سے چلا [illegible] اس مقام پر پہنچا جہاں

ابن ہبیرہ واسط میں موجود تھا۔

امیر حج ولید بن عروہ:

اس سنہ میں ولید بن عروہ بن محمد بن عطیہ السعدی (سعد ہوازن) عبدالملک بن محمد بن عطیہ کے بھتیجے کی امارت میں حج ہوا۔ عبدالملک وہی شخص ہے جس نے ابو حمزہ خارجی کو قتل کیا تھا۔ ولید بن عروہ اپنے چچا کی جانب سے مدینہ کا والی تھا۔ چنانچہ یہ روایت بھی ہے کہ اس اثناء میں مروان نے اس کے چچا عبدالملک بن محمد بن عطیہ کو جو اس وقت یمن میں تھا حج کرانے کا حکم دیا مگر اس کا مکہ کے سفر میں جو حشر ہوا وہ ہم بیان کر چکے ہیں۔ جب چچا کے آنے میں دیر ہوئی تو ولید بن عروہ نے اپنے چچا کی جانب سے اپنے نام حج کرانے کا حکم لکھ لیا اور اس نے حج کرایا۔

ولید بن عروہ کا قاتلین ابن عطیہ سے انتقام:

بیان کیا گیا ہے کہ جب ولید بن عروہ کو اپنے چچا کے مارے جانے کی خبر معلوم ہوئی تو وہ لوگ جنھوں نے اسے قتل کیا تھا وہ بھی آئے۔ ولید نے ان میں سے بہت سوں کو قتل کر دیا۔ ان کی عورتوں کے شکم چاک کر دیئے۔ بچوں تک کو قتل کر دیا اور جس پر اس نے قابو پایا اسے جلا ڈالا۔ یہی ولید اس سنہ میں مکہ، مدینہ اور طائف کا اپنے چچا عبدالملک بن محمد کی جانب سے عامل تھا۔ یزید بن عمر بن ہبیرہ عراق کا صوبہ دار تھا۔ حجاج بن عاصم المحاربی کوفہ کے قاضی تھے۔ عباد بن منصور الناجی بصرہ کے قاضی تھے۔

۱۳۲ھ کے واقعات

قحطبہ کی کوفہ کی جانب پیش قدمی:

ابن ہبیرہ کی جانب پیش قدمی کرتے ہوئے جب قحطبہ خانقین پہنچا تو اس وقت ابن ہبیرہ جلولاء میں تھا۔ قحطبہ کے خانقین آنے کے بعد یہ جلولاء سے دسکرہ آ گیا تھا۔ قحطبہ نے اپنے بیٹے حسن کو ابن ہبیرہ کی نقل و حرکت دریافت کرنے روانہ کیا۔ اس وقت ابن ہبیرہ اپنی جلولاء کی خندق کی طرف پلٹ رہا تھا۔ حسن نے اسے اس کی خندق میں فروکش پایا اور اس کی اپنے باپ کو آ کر اطلاع کر دی۔ قحطبہ نے اپنے سرداروں سے پوچھا کیا کوئی کوفہ جانے کا ایسا راستہ ہے کہ جس کے ذریعہ ہم ابن ہبیرہ کا مقابلہ کیے بغیر کوفہ پہنچ جائیں؟ خلف بن مورع الہمدانی آگے بڑھا اور کہا ہاں میں آپ کو ایسا راستہ بتاؤں گا۔ چنانچہ اس نے قحطبہ کو روستقباذ سے دریائے تامرا (دیالہ) کو عبور کرایا۔ اب یہ راستے راستے چلا۔ بزرج سابور میں منزل کر کے عکبرا آیا اور پھر دجلہ کو عبور کر کے اوانا پہنچا۔

خازم بن خزیمہ کو دریائے دجلہ عبور کرنے کا حکم

(دوسری روایت) قحطبہ نے خانقین میں منزل کی اس وقت ابن ہبیرہ جلولاء میں فروکش تھا ان دونوں کے درمیان پانچ فرسخ کا فاصلہ تھا۔ قحطبہ نے اس کی نقل و حرکت دریافت کرنے کے لیے طلائع روانہ کیے۔ انھوں نے واپس آ کر بتایا کہ وہ ابھی جلولاء ہی میں فروکش ہے۔ قحطبہ نے خازم بن خزیمہ کو حکم دیا کہ وہ دریائے دجلہ کو عبور کرے اور یہ راستے عبور کر کے دجلہ اور دجیل (دریائے تورون) کے درمیان چلا ہو اور جب انبار پہنچا تو قحطبہ نے اسے حکم دیا کہ وہ انبار جائے اور وہاں جس قدر کشتیاں اسے دستیاب ہوں سب کو بھیج دے اور پھر وہ دریا کو عبور کر کے دمما میں اس سے آ ملے گا۔ خازم نے اس حکم کی تعمیل کی اور قحطبہ دمما میں اس

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ہم ان پر یکبارگی ٹوٹ پڑے۔ معن بن زائدہ نے قحطبہ کے شانے پر تلوار کا ایسا ہاتھ مارا کہ تلوار اس میں پیوست ہو گئی۔ قحطبہ پانی میں گر پڑا۔ لوگوں نے اسے نکالا تو اس نے کہا میرا ہاتھ باندھ دو۔ ایک عمامہ سے اس کا ہاتھ باندھ دیا گیا۔ پھر اس نے کہا اگر میں مر جاؤں تو مجھے پانی میں ڈال دینا۔ [illegible] تاکہ کسی کو میرے مارے جانے کا علم نہ ہو۔ اہل خراسان نے اب [illegible] جس سے ابن ہبیرہ اور شامی پیچھے ہٹنے پر مجبور ہوئے انھوں نے ہار [illegible] لیکن جماعت ایک مدت تک لڑتی رہی۔ خراسانیوں کی ایک جماعت نے انھیں آ لیا۔ ہم صبح تک ان سے لڑتے رہے اور اس مقابلہ میں ہم شامیوں میں سے صرف دو آدمی بچے تو بہت جوانمردی و استقلال سے ہماری جانب سے مدافعت کرتے رہے آخر کار ایک خراسانی نے فارسی میں کہا ان کو چھوڑ دو۔ وہ لوگ پلٹ کر چلے گئے۔

قحطبہ نے انتقال کیا مرنے سے پہلے اس نے کہا تھا جب تم کوفے پہنچو تو ابو سلمہ وزیر آل محمد ہوں گے اور تمہاری اس تمام کارروائی کو انھیں کے سپرد کر دینا۔ ابن ہبیرہ واسط پلٹ آیا۔

حسن بن قحطبہ اور محمد بن نباتہ کی جنگ:

قحطبہ کی موت کے واقعے کے متعلق متعدد راویوں نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ جب قحطبہ دریائے فرات کے مغربی کنارے پر ابن ہبیرہ کے مقابل آ گیا تو اس نے اپنے بیٹے حسن کو اپنے آگے مقدمۃ الجیش پر روانہ کیا۔ پھر اس نے عبداللہ طائی، مسعود بن علاج، اسد بن المرزبان اور ان کی فوجوں کو گھوڑوں پر دریا کے عبور کا حکم دیا۔ یہ لوگ عصر کے بعد دریا کو عبور کرتے اور ابن ہبیرہ کی فوج کا پیچھا کرتے اور جو انھیں ملا اسے انھوں نے گرفتار کرتے ہوئے بڑھتے گئے یہاں تک کہ یہ ابن ہبیرہ کے ہراول تک جا پہنچے۔ اور جب یہ لوگ سوراء کے پل پر پہنچے تو ابن ہبیرہ کے ہراول سے ان کی مڈبھیڑ ہوئی انھوں نے ان کے شہسواروں پر حملہ کر دیا اور انھیں پھر ان کی قیام گاہ پر دھکیل دیا جہاں وہ ٹھہرے تھے۔ یہ مغرب کے وقت کا واقعہ ہے۔ جب یہ مسعود بن علاج اور اس کی جمعیت کے پاس پہنچے تو ان کے مقابلے میں ان کی تعداد بہت زیادہ ہو گئی یہ دیکھتے ہی قحطبہ نے قاری بن غفار، عبداللہ بن بسام اور حسن بن قحطبہ کو دوسری جماعت کے ساتھ یہ حکم دیا کہ وہ دریا عبور کریں اور مسعود کے پیچھے پہنچ جائیں۔ یہ سردار دریا عبور کر کے آ گئے۔ محمد بن نباتہ نے ان کا مقابلہ کیا اور مسعود اور ان کی جمعیت کو فرات کے کنارے ایک گاؤں میں گھیر کر محاصرہ کر دیا۔ حسن اپنے ساتھیوں سمیت گھوڑے سے اتر پڑا اور اب شدید لڑائی شروع ہو گئی۔ محمد بن نباتہ حملہ آور ہوا اور ان کی جماعت پر حملہ کر کے ان کے بیس سے زیادہ آدمی قتل کر دیے۔ جب محمد بن نباتہ پر حملہ کرتا تو اس کے سو سو آدمی کٹ جاتے۔ اب حملے کے شدید ہونے سے امداد طلب کی۔ قحطبہ نے اپنے تمام سرداروں کو اس کی امداد کے لیے روانہ کیا۔ پھر قحطبہ اپنے شہسواروں سمیت دریا کو عبور کر گیا۔ [illegible] تو اس نے حکم دیا کہ [illegible] پیچھے ایک اور شخص نکالے۔ یہ محرم کی پانچویں شب کا واقعہ ہے۔

ابن ہبیرہ کا فرار:

جب قحطبہ نے محمد بن نباتہ پر حملہ کیا اور ان دونوں میں شدید جنگ ہوئی قحطبہ نے ابن نباتہ کو شکست دی اور شامی [illegible] تک نکل گئے۔ ان کی شکست کے ساتھ ہی ابن ہبیرہ بھی فرار ہو گیا اور وہ اپنی قیام گاہ میں سب روپیہ، ہتھیار، سامان، [illegible] اور برتن وغیرہ سب کچھ چھوڑ کر بھاگ کھڑا ہوا اور [illegible] کے مابین رات بھر پیچھے [illegible] نے آ پہنچا۔

حسن بن قحطبہ کی بیعت

دوسری جانب قحطبہ کی فوج نے جب صبح کی تو انہوں نے اسے ڈھونڈا۔ نصف النہار تک اس کی جستجو کی جب اس سے مایوس ہو گئے اور معلوم ہوا کہ وہ غرق ہو گیا ہے تو سب قائدین اور سرداروں نے باتفاق حسن بن قحطبہ کو اپنا امیر بنا لیا۔ تمام امور اس کے تفویض کر دیے اور بیعت کر لی۔ اب حسن نے امارت کا عہدہ سنبھالا اور حکم دیا کہ ابن ہبیرہ کی قیام گاہ کے تمام مال و اسباب کی فہرست بنالی جائے نیز اس نے ایک خراسانی کو جس کی کنیت ابو نصر تھی، پانچ سو سواروں کے ساتھ ان تمام مال و اسباب پر متعین کیا اور اسے حکم دیا کہ یہ تفتیش میں یاد رکھے کہ کوئی چیز ضائع نہ ہو۔ اب حسن خود اپنی فوجوں کو لے کر پیچھے کر دیا اور یہاں سے سوار ہو کر [illegible] پر متعین کرتا ہوا۔ [illegible] ابن ہبیرہ کی شکست کی خبر ہوئی تو وہ اپنی فوج کو لے کر [illegible] میں ان کے پاس آ گیا۔

قحطبہ کا قتل

المعمر بن ابراہیم بن بسام بنی لیث کا آزاد کردہ غلام بیان کرتا ہے کہ جب میں نے قحطبہ کو اس حالت میں دیکھا کہ اس کا گھوڑا اسے دریا میں لیے جا رہا تھا اور قریب تھا کہ وہ اس مقام سے نیچے نکل جائے اور بسام بن ابراہیم میرا بھائی جو قحطبہ کے مقدمۃ الجیش پر تھا کھڑے تھے [illegible] تو مجھے یاد آیا کہ یہی [illegible] قحطبہ ہے کہ جس نے نصر بن سیار کے بیٹے کو قتل کیا ہے اور بھی اس کی بہت سی باتیں مجھے یاد آئیں مگر اس کے ساتھ مجھے خوف یہ تھا کہ میرا بھائی بسام بن ابراہیم کو اس سے کوئی تکلیف نہ پہنچے مگر مجھ کو یہ خیال آیا کہ اگر وہ بچ گیا تو پھر میں بھی اپنا بدلہ نہ لے سکوں گا۔ چنانچہ جب اس کا گھوڑا اسے لے کر کنارے پر چڑھا اور قریب تھا کہ دریا سے نکل آئے تو میں نے آگے بڑھ کر تلوار سے اس کی پیشانی پر وار کیا اور دبایا اس کا گھوڑا اچھل پڑا اور قحطبہ نے اسی وقت [illegible] کو نیچے گرا دیا اور وہ مع اپنے اسلحہ کے فرات میں غرق ہو گیا۔

ابن حصین السعدی نے المعمر بن ابراہیم کے مرنے کے بعد یہی واقعہ بیان کیا اور کہا ہے کہ المعمر نے اپنی موت کے وقت اس کا اقرار نہ کیا ہوتا تو میں بھی اس واقعہ کو اس سے منسوب نہ کرتا۔

محمد بن خالد کا کوفہ میں خروج

اس سنہ میں محمد بن خالد نے کوفہ میں خروج کیا اور حسن بن قحطبہ کے آنے سے پہلے ہی سیاہ جھنڈا لے کر ابن ہبیرہ کے عامل کو کوفے سے نکال دیا پھر حسن بھی کوفے آ گیا۔ عاشورا محرم کو محمد بن خالد نے کوفہ میں خروج کیا۔ زیاد بن صالح الحارثی کوفہ کا عامل تھا عبدالرحمن بن بشیر العجلی کوتوال شہر تھا۔ محمد نے سیاہ جھنڈا لے کر قصر کی جانب پیش قدمی کی۔ زیاد بن صالح الحارثی عبداللہ بن بشیر العجلی اور دوسرے تمام سپاہی ان کے ہمراہ تھے۔ قصر کو خالی کر کے چلے گئے۔ محمد بن خالد قصر میں داخل ہو گیا۔ دوسرے دن قحطبہ کے مرنے کے بعد دوسری رات تھا۔ سے معلوم ہوا کہ حوثرہ اپنی فوج کے ساتھ مدینہ ابن ہبیرہ سے آگے بڑھ کر آ رہا ہے اور محمد پر پیش قدمی کرنے کے لیے تیار ہے۔ یہ سنتے ہی محمد کے تمام ساتھی سوائے ان چند شخصوں کے جو یمن کے جو عمرو ان سے بھاگ کر آ گئے تھے یا یمن کے اپنے موالیوں کے ان کا ساتھ چھوڑ کر چل دیے۔ ابوسلمہ الخلال نے ان سے کہلا بھیجا کہ میں نے اب تک خروج نہیں کیا تھا کہ تم نے بھی خروج کر فرصت کے زمانہ میں [illegible] مجھے تمہاری قلت تعداد کی وجہ سے خوف ہے کہ [illegible] حسن کے پاس زبردست فوج ہے تم بہتر ہے کہ اس وقت تک کوئی قدم نہ اٹھاؤ جب تک قحطبہ کی [illegible] کا علم نہ ہو۔ محمد بن خالد نے ابوسلمہ کی تجویز پر عمل کرنے سے انکار کر دیا۔ اب

دن اچھی طرح روشن ہو گیا۔

حوثرہ کے ساتھیوں کی علیحدگی:

جب حوثرہ کو معلوم ہوا کہ محمد بن خالد کے ساتھ فوج بھی بہت کم ہے اور اس کے تمام ساتھیوں نے اسے چھوڑ دیا ہے تو اب اس نے اس کی جانب پیش قدمی کی تیاری کر لی۔ محمد قصر ہی میں تھا کہ کسی خبر دینے والے نے آ کر بتایا کہ شامیوں کا رسالہ آ گیا ہے۔ اس نے اپنے گھوڑسوار انہیں روکنے کے لیے بھیجے یہ لوگ عمر بن سعد کے مکان کے دروازے پر ٹھہر گئے۔ سامنے ہی شامیوں کے شاہسوار آتے ہوئے دکھائی دیئے۔ اب یہ لوگ لڑنے مرنے کے لیے تیار ہو گئے۔ شامیوں نے کہا ہم بجیلہ ہیں اور ہمارے ساتھ ملیح بن خالد البجلی بھی ہیں ہم امیر کی اطاعت میں داخل ہونے کے ارادے سے آئے ہیں۔ چنانچہ یہ سب لوگ اس کی اطاعت میں داخل ہو گئے۔ اس کے بعد سواروں کا ایک اور دستہ اس سے زیادہ تعداد میں آل بجیلہ میں سے کسی شخص کے ہمراہ آ گیا۔ جب حوثرہ نے اپنی فوج کی یہ ترتیب دیکھی تو وہ سب کو لے کر واسط کی سمت چل دیا۔

محمد بن خالد کا کوفہ پر قبضہ:

محمد بن خالد نے اسی شب قحطبہ کو (کیونکہ اسے قحطبہ کی ہلاکت کا علم نہ تھا) اپنی فتح کی اطلاع دی اور ایک شخص کے ہاتھ اسے بڑی سرعت سے روانہ کیا۔ قاصد نے وہ خط حسن بن قحطبہ کو لا کر دیا۔ حسن نے اس خط کو لوگوں کو پڑھ کر سنایا اور پھر کوفہ روانہ ہوا۔ محمد بن خالد جمعہ، ہفتہ اور اتوار کوفہ میں مقیم رہا اور دو شنبہ کی صبح کو حسن کوفہ آیا۔ اب یہ سب ابوسلمہ کے پاس جو بنی سلمہ میں تھا آئے اسے بھی خروج کرنے پر مجبور کیا۔ وہ دو روز تک نخیلہ میں پڑاؤ ڈالے پڑا رہا پھر حمام اعین کی طرف چلا اور اس نے حسن کو ابن ہبیرہ سے لڑنے واسط بھیج دیا۔

ابوسلمہ کی وزیر آل محمد ﷺ سے بیعت:

(دوسری روایت) قحطبہ کے بعد اس کے ساتھیوں نے حسن بن قحطبہ کے ہاتھ پر بیعت کر لی اور اب یہ فوج چلی۔ عبدالرحمن بن بشیر العجلی ان دنوں کوفہ کا عامل تھا۔ بنی ضبہ کے ایک شخص نے اس سے آ کر کہا کہ حسن کل یا پرسوں کوفہ آنے والا ہے۔ عبدالرحمن نے کہا کیا تم مجھے ڈرانے آئے ہو۔ اس نے کہا نہیں میں تمہارا خیر خواہ ہوں۔ اس کے جاتے ہی عبدالرحمن بھی کوچ کر گیا۔ اس کے جاتے ہی محمد بن خالد بن عبداللہ القسری نے سیاہ علم بلند کر دیئے اور وہ آدمیوں کے ساتھ خروج کیا۔ لوگوں کو ثابت قدم رکھا اور رات کو تمام کوفہ پر انتظام قائم رکھا۔ دوسرے دن حسن بھی آ گیا۔ یہ لوگ اثنائے راہ میں پوچھتے آتے تھے کہ ابوسلمہ وزیر آل محمد ﷺ کا مکان کہاں ہے؟ لوگوں نے بتا دیا اس کے دروازے پر آئے ابوسلمہ خود نکل کر ان کے پاس آیا۔ لوگوں نے قحطبہ کے گھوڑوں میں سے ایک گھوڑا پیش کیا ابوسلمہ اس پر سوار ہو گیا اور آ کر جبانۃ السبیع میں ٹھہرا۔ خراسانیوں نے یہاں اس کے ہاتھ پر بیعت کی۔ ابوسلمہ حفص بن سلیمان سبیعی کا آزاد غلام تھا۔ وزیر آل محمد ﷺ کے لقب سے مشہور ہے خود تو یہیں ٹھہرا اور اس نے محمد بن خالد بن عبداللہ القسری کو کوفہ کا عامل مقرر کیا ابوالعباس کے ظہور تک یہ بھی امیر کے لقب سے مشہور تھا۔

حسن بن قحطبہ کی سپہ سالاری:

ابوسلمہ نے حسن بن قحطبہ کو ابن ہبیرہ کے مقابلہ کے لیے واسط روانہ کیا۔ اس کے ہمراہ وہ سردار بھی تھے جن میں خازم بن

خزیمہ، مقاتل بن حکیم العکی، خفاف بن منصور، سعید بن عمرو، زیاد بن مشکان، فضل بن سلیمان، عبدالکریم بن مسلم، عثمان بن نہیک، زہیر بن محمد، ہاشم بن زیاد، ابو خالد المروزی وغیرہ سواد سردار تھے۔ حسن ان سب کا سپہ سالار اعظم تھا۔

ابو سلمہ کے عمال:

ابو سلمہ نے حمید بن قحطبہ کو چند سرداروں کے ہمراہ جن میں عبدالرحمن بن نعیم اور مسعود بن علاج بھی اپنی فوجوں کے ساتھ تھے مدائن بھیجا تھا۔ اس نے مسیب بن زہیر اور خالد بن برمک کو دیر قنی اور شراحیل کو چار سو فوج کے ساتھ عین التمر اور بسام بن ابراہیم بن بسام کو اہواز بھیجا۔ عبدالواحد بن عمرو بن ہبیرہ اہواز میں تھا جب بسام اہواز آیا تو عبدالواحد بصرہ چلا گیا۔ ابو سلمہ نے حفص بن سبیع کے ہاتھ سفیان بن معاویہ کو بصرہ کی ولایت کا عہد نامہ بھیجا۔ حارث ابو غسان الحارثی نے جو ایک کا [illegible] سے تھا اس سے کہا کہ یہ عہد تکمیل کو پہنچ گئے۔ چنانچہ جب یہ مراسلہ ابو سفیان کے پاس آیا تو سلم بن قتیبہ نے اس سے جنگ کی اور اس عہد تقرری کا لعدم کر دیا۔

اب خود ابو سلمہ نے خروج کیا اور کوفہ سے تین فرسنگ کے فاصلہ پر حمام اعین پر اس نے پڑاؤ کیا۔ قاسم کی محمد بن خالد بن عبداللہ کو قسری بھیج دیا۔

مسلم بن قتیبہ اور سفیان بن معاویہ کی جنگ:

مسلم بن قتیبہ، سفیان بن معاویہ بن یزید بن المہلب سے اس لیے لڑا کہ جب ابو سلمہ الخلال نے اپنے عامل سب طرف روانہ کیے تو اس نے بسام بن ابراہیم بنی لیث کے آزاد غلام کو عبدالواحد بن عمر بن ہبیرہ کے مقابلے کے لیے اہواز بھیجا۔ بسام نے اسے کامل شکست دی۔ اس کے بعد مسلم بن قتیبہ الباہلی بصرہ چلا آیا اور یہاں وہ ابن ہبیرہ کی جانب سے بصرہ کا عامل تھا۔ ابو سلمہ نے حسن بن قحطبہ کو لکھا کہ تم اپنے کسی سردار کو مسلم بن قتیبہ کے مقابلے کے لیے بھیجو۔ نیز اس نے سفیان بن معاویہ کو بصرہ کی عاملی کا فرمان تقرر بھیجا اور اسے حکم دیا کہ وہاں جا کر بنی عباس کے لیے دعوت دے اور ہر آنے والے لوگوں کو اپنی تحریک میں شریک کرے اور مسلم بن قتیبہ سے جنگ کرے۔ سفیان نے مسلم کو لکھا کہ تم دارالامارت سے چلے جاؤ کیونکہ مجھے ابو سلمہ نے ایسا حکم دیا ہے۔ مسلم نے انکار کیا اور مقابلہ کی ٹھان لی۔ سفیان کے ہمراہ تمام یمنی ان کے حلفاء ربیعہ وغیرہ جمع ہو گئے نیز ابن ہبیرہ کا ایک سردار تھا اس نے دو ہزار کلبی فوج کے ہمراہ مسلم کی امداد کے لیے بھیجا تھا وہ بھی ان سے جا ملا۔ سفیان نے مسلم کی طرف روانگی کا انتظام کر لیا۔ مسلم نے بھی اس کے مقابلہ کی تیاری کی۔ قیس، مضری، تمام قیس کے عرب اور بصرہ میں جو بنی امیہ تھے وہ سب اپنے موالیوں کے مسلم کی امداد کے لیے جمع ہو گئے اور جو اب بھی اس کی امداد کے لیے دوڑے۔ سفیان جمعرات کے دن ماہ صفر میں بصرہ آ گیا۔

سفیان بن معاویہ کی شکست:

مسلم بڑھا اور سوق الابل کے پاس آ کر ٹھہرا۔ وہاں سے اس نے اپنے رسالہ کو مربد کی سڑک اور بصرہ کی تمام شاہراہوں میں پھیلا دیا تاکہ سفیان کسی سمت سے کوئی فوج نہ بھیج سکے۔ اس کی فوج کا مقابلہ کرے نیز اس نے یہ اعلان کر دیا کہ جو شخص ایک سر لائے گا اسے پانچ سو درہم دیے جائیں گے اور جو ایک قیدی گرفتار کر کے لائے گا اسے ایک ہزار دیے جائیں گے۔ معاویہ بن سفیان بن معاویہ صرف ربیعہ کی جماعت کے ساتھ آگے آیا۔ ایک تمیمی نے اس راستے پر جو مربد کی سڑک سے بنی عامر کی طرف جاتا ہے اس

مکان کے قریب جو بعد میں عمر بن حبیب کی ملکیت ہوگیا تھا اس کا مقابلہ کیا ان میں سے کسی نے معاویہ کے گھوڑے پر نیزہ کا وار کیا۔ جس سے وہ اچھل پڑا معاویہ گھوڑے سے گر گیا اور بنی ضبہ کے ایک شخص عیاض نامی نے فوراً اتر کر اسے قتل کر دیا اور اس کے سر کو سلم کے سامنے پیش کیا۔ سلم نے اسے ایک ہزار درہم دیئے۔ اپنے بیٹے کے مارے جانے سے سفیان کی ہمت ٹوٹ گئی اس نے مع اپنی فوج کے شکست کھائی اور وہ فوراً مع اپنے خاندان والوں کے بصرہ سے روانہ ہو کر قصر الابیض میں آ کر فروکش ہوا پھر یہاں سے نکل کر چلا گیا۔

ابن قتیبہ کا بصرہ پر تسلط:

سلم نے جب بصرہ پر پوری طرح غلبہ حاصل کیا تو اس کے پاس جابر بن توبہ الکلابی، ولید بن عتبہ الفراسی جو عبدالرحمن بن سمرۃ کی اولاد میں تھا چار ہزار فوج کے ہمراہ آ گئے انھیں ابن ہبیرہ نے سلم کی امداد کے لیے جب وہ اہواز میں تھا بھیجنے کا حکم دیا تھا۔ جابر نے اپنی فوج کے ساتھ دوسرے دن صبح کو محلہ در قیام ازدیوں کے مکانات پر دھاوا کر دیا۔ ازدیوں کے جو مرد وہاں تھے۔ انھوں نے اس کا بڑی شدت سے مقابلہ کیا مگر چونکہ ان کے بہت سے آدمی کام آ گئے اس لیے وہ بھاگ گئے جابر اور اس کے ہمراہیوں نے ان کی عورتوں پر قبضہ کر لیا۔ ان کے مکانات کو گرا دیا اور لوٹ لیا۔ تین دن تک وہ ایسا کرتے رہے۔

سفیان بن معاویہ کا امارت بصرہ پر تقرر:

ابن ہبیرہ کے قتل کی اطلاع ملنے تک سلم بصرہ میں مقیم رہا اس کے بعد یہ وہاں سے چلا گیا۔ حارث بن عبدالملک کی اولاد میں جو لوگ بصرہ میں تھے وہ محمد بن جعفر کے پاس آئے اور ان کو انھوں نے اپنا امیر بنا لیا۔ تھوڑے دن تک یہ بصرہ کی حکومت کو چلاتے رہے پھر ابو مالک عبداللہ بن اسید الخزاعی ابو مسلم کا فرستادہ بصرہ آ گیا۔ یہ پانچ روز بصرہ کا حاکم رہا۔ جب ابوالعباس نے اپنی خلافت کا اعلان کیا تو انھوں نے سفیان بن معاویہ کو بصرہ کا والی مقرر کر دیا۔

ارباب سیر کی ایک جماعت کا بیان ہے کہ اسی سنہ میں ابوالعباس عبداللہ بن محمد بن علی بن عبداللہ بن العباس بن عبدالمطلب بیعت کے لیے شب جمعہ تیرہ ربیع الآخر کو بیعت لی گئی مگر واقدی کہتے ہیں کہ ابوالعباس کے لیے مدینہ میں جمادی الاول ۱۳۲ھ میں بیعت لی گئی مگر پہلا بیان صحیح اور متفق علیہ ہے۔

تمت بالخیر

* * *

تاریخ الامم والملوک

تاریخ طبری

جلد پنجم

تصنیف: علامہ ابی جعفر محمد بن جریر الطبری المتوفی ۳۱۰ھ

عباسی دور حکومت

حصہ دوم

خلیفہ ابوالعباس السفاح تا خلیفہ الہادی (۱۳۲ھ تا ۱۷۰ھ)

ترجمہ: سید محمد ابراہیم (ایم اے) ندوی ● ترتیب و تبویب: شبیر حسین قریشی (ایم اے)

خلیفہ ابوالعباس السفاح تا خلیفہ الہادی۔ خلافت بنی عباس کی ابتداء۔ شہر بغداد کی بناء۔ مسلمانوں کے دور تمدن آفرینی کا آغاز۔ علوم روایت اور علوم درایت میں مسلمان علماء اور محققین کا دور اول۔ تدوین فقہ اسلامی کی اولین مساعی۔

نفیس اکیڈمی
اردو بازار کراچی

دورِ عباسی

از

محمد اقبال سلیم گاہندری

آج ہم تاریخِ اسلام کے مستند امام طبری کی مشہور معروف تاریخ کا مختصر پیش کر رہے ہیں۔ خلافت عباسیہ کا بانی [illegible]

[illegible]

بھی بڑے اور بے حد طاقتور ہوئے۔

اسلامی تاریخ میں یہ دور خلافت عباسی کا دور کہلاتا ہے ۱۳۲ھ میں ابوالعباس السفاح نے جو دورِ ہاشمیہ خلافت کا بانی ہے کوفہ کے اپنے ہاتھ پر بیعت خلافت لی اور اس طرح خاندان مروان سے خلافت منتقل ہو کر حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی اولاد میں آگئی۔ تاریخ اسلام میں یہ پہلا واقعہ ہے کہ اقتدار کی مسند محض تلوار کی قوت سے حاصل کی گئی۔ اس سے پہلے جن اشخاص یا خاندانوں میں حکومت آئی انہوں نے تلوار کی قوت سے یہ مسند حاصل نہیں کی تھی۔ اقتدار جب قوت سے قبضہ کیا جاتا ہے تو شخص واحد کی مرضی حکومت کا آئین بن جاتی ہے اور رائے عامہ کی قوت اس کے مقابلہ میں دب جاتی ہے۔ یہی کچھ عباسیوں کے دور میں بھی ہوا۔ یہ اور بات ہے کہ عہد نبوت سے قریب ہونے کی وجہ سے یہ حکمران بھی ذہنی، تمدنی اور معاشی قوانین کی حد تک کسی نہ کسی طرح دین سے متاثر رہے۔ بہرحال یہ دور حقیقۃً خلافت سے ملوکیت کی طرف انتقال کا دور ہے دوسری طرف عجمی ثقافت سے تمدن نے ترقی کی طرف گیا۔ تاریخ کا یہ اہم زمانہ کی حیثیت رکھتا تھا اس لیے یہ دور بڑے غور سے مطالعہ کے قابل ہے۔

عروس البلاد بغداد اسی دور میں بسایا گیا۔ وہی بغداد جو ابو یوسف کا بھی بغداد ہے اور الف لیلیٰ کا بغداد بھی ہے۔

غرض یہ عجیب شہر تھا اور ہمیشہ عجیب شہر رہا یہاں تک کہ تاتاری قہر اسے کھا گیا اور تاریخ نے اسے اپنے پیچھے افسانہ بنا دیا ہے۔

عباسی دور حکومت کا یہ حصہ ۱۳۲ھ تا ۱۷۰ھ یعنی خلیفہ ابوالعباس سفاح تا خلیفہ الہادی تک کے حالات پر مشتمل ہے۔ ہم خوشی سے اعلان کرتے ہیں کہ تاریخ طبری کا یہ ساتواں حصہ پیش خدمت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ ہم بقیہ حصے بھی اسی خوبی کے ساتھ جلد از جلد شائع کر سکیں۔

وما توفیقی الا باللہ

◆ ◆ ◆

فہرست موضوعات

موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ	موضوع	صفحہ
باب ۱		۱۳۲ھ کے واقعات	۳۳	مروان کی شکست و فرار	۳۸
خلیفہ عبداللہ بن محمد ابوالعباس	۲۵	ابوسلمہ کی امام کے متعلق تجویز	//	ابوالعباس کا نوید فتح	//
خلافت عباسیہ کے متعلق ابو ہاشم اور		ابوحمید اور سابق الخوارزمی کی گفتگو	//	مروان کی شکست کی وجہ	۳۹
محمد بن علی کی گفتگو	۲۵	ابوحمید کی ابوالعباس سے ملاقات	//	عبداللہ الکلابی کی شہادت	//
علی بن محمد کی موت	//	ابراہیم بن سلمہ کی جھونپڑی میں آمد	//	امام ابراہیم بن محمد کا قتل	//
امام محمد بن علی کی پیشین گوئی	//	ابوسلمہ کا ابوالعباس کی امامت سے		ابو محمد السفیانی کی رہائی	۴۰
ابراہیم بن محمد کی گرفتاری کا حکم	۲۶	انحراف	۳۴	اسماعیل بن منصور کا بیان	//
عثمان بن عروہ کا بیان	//	ابوالجہم کی ابوسلمہ کے متعلق ہدایات	//	مروان بن محمد کی روانگی حران	//
ابراہیم بن محمد کی گرفتاری	//	ابوالعباس سفاح کا جلوس و خطبہ	//	ابان بن یزید کی عبداللہ بن علی کی اطاعت	۴۱
ابوالعباس کی گرفتاری و رہائی	//	ابوالعباس کے عمال	۳۵	مروان پر اہل حمص کا حملہ و شکست	//
مروان کے قاصد کے قتل کا منصوبہ	۲۷	باب ۲		عبداللہ بن علی کا دمشق پر قبضہ	//
مہلہل بن صفوان بیان کرتے ہیں کہ میں اس وقت قید میں ابراہیم بن محمد کے ساتھ تھا۔ مروان نے عبداللہ بن عمر بن عبدالعزیز اور شراحیل بن مسلمہ بن عبدالملک کو بھی قید کر رکھا تھا یہ ایک دوسرے سے ملتے رہتے تھے اور ایک دوسرے سے بہت خصوصیت برتتے تھے ایک دن شراحیل کا آدمی ابراہیم کے پاس دودھ لے کر آیا اور اس نے کہا شراحیل نے کہا ہے کہ میں نے جب یہ دودھ پیا تو مجھے یہ بہت خوش گوار معلوم ہوا اس لیے چاہا کہ تم بھی اسے پیو۔ ابراہیم نے اس دودھ کو پی لیا اس کے پیتے ہی ان کی طبیعت خراب ہو گئی اور بدن ٹوٹنے لگا۔ ایک دن مقرر تھا جس میں وہ شراحیل سے ملنے جایا کرتے تھے جب اس روز جانے میں دیر ہوئی تو شراحیل نے ایک آدمی بھیج کر یہ دریافت کیا: آپ کا مزاج کیسا ہے؟ کیا آپ اس وقت تشریف نہیں لائے۔ ابراہیم نے جواب دیا کہ اس دودھ کو پینے کے بعد سے میری طبیعت خراب ہے۔ یہ بات سنتے ہی شراحیل پریشان ہو کر ان کے پاس آیا اور قسم کھا کر کہا کہ خدائے واحد کی قسم ہے نہ آج میں نے خود دودھ پیا اور نہ آپ کو میں نے دودھ بھیجا۔ مجھے نہایت رنج ہے کہ آپ کو دھوکا دیا گیا۔ اس رات وہ زندہ رہے دوسرے دن صبح ہی ان کا انتقال ہو گیا۔

اسی سنہ میں مروان بن محمد بن مروان بن الحکم مارا گیا۔

مروان بن محمد کی روانگی حران:

ابو ہاشم مخلد بن محمد راوی ہے کہ جب مروان نے زاب پر شکست کھائی میں ان کی چھاؤنی میں موجود تھا اس وقت ایک لاکھ تیس ہزار فوج ان کے پاس تھی اس میں سے خود ان کی فوج ساٹھ ہزار تھی اور ان کے بیٹے عبداللہ کے زیر قیادت آئی تھی۔ مع جمیع فوج کے عبداللہ بن علی سے ان کا مقابلہ ہوا عبداللہ بن علی کے ساتھ ابو عون اور کئی دوسرے سردار تھے جن میں حمید بن قحطبہ بھی تھا شکست کے بعد مروان نے حران کا رخ کیا یہاں ان کا بھتیجا ابان بن یزید بن محمد بن مروان ان کی طرف سے حران کا عامل تھا مروان بیس دن سے کچھ زیادہ یہاں مقیم رہا۔ جب عبداللہ بن علی ان کے قریب پہنچا تو مروان اپنے تمام اہل و عیال بیوی بچوں کو لے کر حران سے بھاگا۔

ابان بن یزید کی عبداللہ بن علی کی اطاعت

ابان بن یزید بن محمد بن مروان آیا ہوا تھا اور چونکہ مروان کی بیٹی ان کے نکاح میں تھی اب عبداللہ بن علی نے ان کو امان دے کر وہیں سیاہ پرچم بلند کرنے کی اپنی اطاعت کا اعلان کر دیا اور جب عبداللہ نے ان کی بیعت کر لی اور اس کی اطاعت قبول کر لی تو عبداللہ بن علی نے ان سب لوگوں کو امان دے دی جو ان کے ساتھ تھے۔ مروان حمص آیا تھا۔ عبداللہ بن علی اس کے تعاقب میں تھا۔

مروان پر اہل حمص کا حملہ و شکست

مروان قنسرین سے حمص آیا اہل حمص نے اس کا استقبال کیا اور اس کی فوج کے لیے رسد مہیا کی۔ وہ [illegible] [illegible] دن [illegible] رہا [illegible] [illegible] جب اہل حمص نے دیکھا کہ اس کے ساتھی بہت تھوڑے ہیں تو ان کے دل میں [illegible] پیدا ہوا [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] نے اسے چھوڑ دیا ہے اسی خیال سے ان کی روانگی کے بعد [illegible] [illegible] [illegible] پیچھے چل کر اس کے پاس آ گیا۔ مروان نے جب ان کے گھوڑوں کے قدموں کی آواز سنی [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] متعین کر دیا۔ جب اہل حمص کے ہراول ان کمین گاہوں تک آئے تو مروان اپنی جماعت کے ساتھ ان کے مقابلہ پر صف بستہ ہو گیا [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] انہوں نے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] کے لیے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]۔ فریقین کی جنگ شروع ہوئی اس کے بعد [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] اہل حمص کے عقب سے حملہ آور ہوئے مروان نے انہیں شکست دی ان کے سامنے اہل حمص کے بہت سے آدمی مارے گئے اور باقی [illegible] [illegible] کے قریب تک ان کا تعاقب کیا۔

عبداللہ بن علی کا دمشق پر قبضہ

اب یہاں سے مروان دمشق آیا [illegible] ولید بن معاویہ بن مروان دمشق کا والی تھا [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] مروان نے دمشق [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] عبداللہ بن علی نے دمشق فتح کیا۔ اس کا محاصرہ چند روز کے بعد [illegible] [illegible] [illegible] عبداللہ بن علی [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] بن علی نے دمشق کی فصیل منہدم کرا دی۔

مروان کی روانگی فلسطین

مروان اردن سے ہوتا ہوا فلسطین [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ان کے ساتھ ہو گیا اب اردن پر وہاں کا عامل [illegible] عبداللہ بن علی نے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] مروان فلسطین آیا۔ [illegible] [illegible] عبدالعزیز [illegible] [illegible] طرف سے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] مروان فلسطین سے مصر پہنچا یہاں سے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] پہنچ [illegible] یہاں [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] کے ساتھ [illegible] [illegible] [illegible] اس پر شب خون مارا اور اسی مقام پر اسے قتل کر دیا۔ اس کے دو بیٹے عبداللہ اور عبیداللہ [illegible] [illegible] حبش کی طرف بھاگ گئے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ان کا مقابلہ کیا عبیداللہ کو قتل کر دیا اور عبداللہ نے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]

ہوگئے یہ پھوٹ کی نوبت تک پہنچا ہوا تھا۔ پھر اسے عمر بن محمد بن الاشعث باہلی قیصیصی سے گرفتار کر کے صدقی کے پاس لے آیا۔

مروان بن محمد کی فوج کی تعداد

مروان کی فوج کی تعداد کے متعلق ایک اور روایت یہ ہے کہ جب مروان کا مقابلہ عبداللہ بن علی سے ہوا اس وقت مروان کے پاس ایک لاکھ بیس ہزار فوج تھی۔ ابن کے پاس بیس ہزار فوج تھی اور عبداللہ کے پاس [illegible] فوج تھی۔ اس جنگ میں اہل خراسان کی [illegible] تعداد [illegible] فوج کی تعداد کے متعلق یہ [illegible] اختلاف ہے۔

ابو زکریا بن مصعب کا بیان

ابو زکریا بن مصعب مروان کے کاتب سے یہ روایت ہے مروان کی شکست کے بعد جب عبداللہ بن علی شام پہنچا تو میں نے [illegible] امان طلب کی، انہوں نے مجھے امان دے دی [illegible] عبداللہ بن علی نے مجھ سے پوچھا کہ [illegible] تو میں نے مروان اور ان کی شکست کا ذکر کیا۔ عبداللہ بن علی نے مجھ سے پوچھا کہ جنگ میں مروان کے ساتھ کتنی فوج تھی تو میں نے کہا کہ [illegible] اس دن مروان کی شکست ہوئی اس دن اس نے مجھ سے کہا تھا کہ [illegible] اگر ہم [illegible] فوج کی تعداد [illegible] آدمی بھی ہوں تو [illegible] مروان سے اچھے [illegible] اور [illegible] نظر ہوتی اور [illegible] نے عبداللہ بن علی [illegible] عبداللہ بن علی کا [illegible] تعداد [illegible] زیادہ تھی [illegible] کا [illegible] قدر [illegible] تھا [illegible] مروان کی [illegible] تعداد [illegible] زیادہ ہو گئی۔

(پہلے خط بیان کے مطابق)

مروان کا دریائے ابو فطرس پر قیام

اب پہلی روایت ملاحظہ ہو: مروان موصل آیا تو وہاں ہشام بن عمرو تغلبی اور بشر بن خزیمہ اسدی موصل کے عامل تھے۔ مروان کی فوج نے اپنے [illegible] پکار کر کہا یہ امیر المومنین ہیں جو پار جانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا تم جھوٹ بولتے ہو امیر المومنین بھاگتا نہیں۔ [illegible] مروان بلد کی طرف چلا، دریائے دجلہ عبور کر کے حران آیا پھر وہاں سے [illegible] دمشق پہنچا [illegible] آیا [illegible] مروان فلسطین آیا اور دریائے ابو فطرس پر [illegible] حکم بن ضبعان الجذامی نے فلسطین پر قبضہ کر لیا تھا، مروان نے عبداللہ بن یزید بن روح بن زنباع الجذامی سے مدد طلب کی، عبداللہ بن یزید نے اس کا ساتھ دیا اور بیت المال [illegible] حکم کے قبضہ میں تھا۔

عبداللہ بن علی کی پیش قدمی اور فتوحات

ابوالعباس نے عبداللہ بن علی کو مروان کے تعاقب کا حکم دیا۔ عبداللہ موصل آیا۔ ہشام بن عمرو تغلبی اور بشر بن خزیمہ نے ان کا استقبال کیا، ان کے آنے سے پہلے ہی انہوں نے اہل موصل سے [illegible] سیاہ لباس پہن لیا تھا۔ اب انہوں نے شہر عبداللہ بن علی کے حوالے کر دیا۔ عبداللہ حران روانہ ہوا، ابان بن یزید جو مروان کی طرف سے وہاں کا حاکم تھا اس نے امان لی [illegible] عبداللہ نے اس گھر کو منہدم کر دیا جس میں ابراہیم امام قید تھے۔ عبداللہ بن علی حران سے منبج پہنچا، اہل منبج [illegible] سیاہ لباس پہن چکے تھے [illegible] عبداللہ بن علی نے منبج میں قیام کیا، [illegible] مروان کی طرف کا عامل [illegible] اہل قنسرین [illegible] انہوں نے [illegible] سے اپنی اطاعت کا پیغام بھیجا [illegible]

عبدالصمد بن علی کی امارت میں [illegible] ابوالعباس نے چار ہزار فوج کے ساتھ [illegible] عبدالصمد [illegible] بعد جب [illegible] وہاں [illegible] وہاں سے [illegible] اجڑا ہوا بیابان کر [illegible] کر دیا۔

ولید بن معاویہ کا قتل:

[illegible] دمشق [illegible] ولید بن معاویہ [illegible] دمشق [illegible] تک دمشق [illegible]

عبداللہ بن علی کی روانگی فلسطین:

[illegible] دمشق [illegible] مروان کے تعاقب [illegible]

صالح بن علی کا مروان کا تعاقب:

ذی قعدہ ۱۳۲ھ میں صالح بن علی [illegible] عامر بن اسمٰعیل اور ابوعون [illegible] ساتھ تھے [illegible] عامر بن اسمٰعیل [illegible] مروان [illegible] مروان [illegible] مروان کے [illegible]

سے آ گئے صالح اس وقت فسطاط میں تھا۔ مروان نے نیل عبور کر کے پل توڑ ڈالا اور اپنے گرد آگ لگا کر جلا دیا۔

صالح کا مروان کے رسالے پر حملہ:

صالح بھی اس کے تعاقب میں بڑھا یہاں تک کہ دریائے نیل پر مروان کے رسالے سے اس کی مڈبھیڑ ہو گئی جنگ ہوئی صالح نے اسے شکست دے کر بھگا دیا۔ یہاں سے بڑھ کر ایک خلیج پر پہنچے وہاں بھی مروان کے رسالے تک پہنچ گئے اور اس کے ایک حصے کو انھوں نے ختم کر دیا اور پوری جماعت کو شکست دی۔ اس کے بعد یہ ایک دوسری خلیج پر پہنچے اور وہاں سے انھوں نے بھی نیل کو عبور کیا جب عبور کر چکے تو ایک غبار اٹھتا ہوا نظر آیا یہ لوٹ گئے کہ یہ مروان ہے۔ صالح نے ایک طلیعہ فضل بن دینار اور مالک بن قادم کی قیادت میں خبر گیری کے لیے روانہ کیا مگر انھیں وہاں کوئی ایسی شے نظر نہ آئی جیسا یہ سمجھے ہوں۔ یہ دونوں سردار صالح کے پاس واپس آ گئے۔

صالح بن علی کا ذات الساحل میں قیام:

صالح وہاں سے آگے بڑھ کر ایک گاؤں میں فروکش ہوا جس کا نام ذات الساحل تھا یہاں سے ابو عون نے عامر بن اسمٰعیل الحارثی کو مع شعبہ بن کثیر المازنی کے اپنے آگے روانہ کیا انھوں نے مروان کے رسالے کو جا لیا اس کو شکست دی اس کے بہت سے آدمی گرفتار کر لیے جن میں سے بعض کو انھوں نے قتل کر دیا اور بعض کو زندہ چھوڑ دیا اور ان سے مروان کا پتہ پوچھا ان لوگوں نے امان کی شرط پر اس کا مقام بتا دیا۔ یہ دونوں سردار اس پتہ پر روانہ ہوئے اور اسے بوصیر نام گاؤں میں ایک گرجا میں فروکش پایا۔ رات کے آخر حصے میں یہ وہاں پہنچے فوج تو بھاگ گئی مگر مروان چند آدمیوں کے ساتھ مقابلے پر نکل آیا۔ انھوں نے چاروں طرف سے اسے گھیر لیا اور قتل کر دیا۔

معرکہ بوصیر:

عامر بن اسمٰعیل بیان کرتا ہے کہ بوصیر میں ہمارا مروان سے مقابلہ ہوا۔ ہمارے ساتھ مختصر سی جماعت تھی۔ مروان نے ہم پر ایسا شدید حملہ کیا کہ ہم ایک نخلستان کی طرف پسپا ہو گئے اگر ان کو ہماری قلت تعداد کا علم ہو جاتا تو وہ ہمیں ہلاک کر دیتے اس خطرے کو محسوس کر کے میں نے اپنی فوج والوں سے کہا کہ اگر اسی حالت میں صبح ہو گئی اور اس وقت دشمن کو ہماری تعداد کی کمی معلوم ہو جائے گی تو ہم میں سے کوئی بھی زندہ نہ بچے گا۔ نیز اس وقت مجھے بکیر بن ماہان کا قول یاد آیا کہ اس نے کہا تھا کہ ایک دن تم ضرور مروان سے لڑو گے اور اس وقت تم کہو گے "ادھیا یا جوانکان" اس کے بعد میں نے اپنی تلوار کا نیام توڑ دیا میرے ساتھیوں نے بھی اپنے نیام توڑ دیے اور اب میں نے کہا "ادھیا یا جوانکان" اس نعرے کے ادا کرتے ہی یہ معلوم ہوا کہ گویا ان پر آگ برسا دی گئی دشمن نے شکست کھائی ایک شخص نے مروان پر حملہ کیا اور تلوار سے اس کا کام تمام کر دیا۔

مروان بن محمد کا قتل:

عامر بن اسمٰعیل صالح بن علی کے پاس آیا۔ صالح نے امیر المومنین ابو العباس کو لکھا ہم نے دشمن خدا جعدی کا تعاقب کیا اور اسے اس کے شبیہ دشمن خدا فرعون کے ملک میں پناہ گزین ہونے پر مجبور کیا اور پھر اسی ملک میں میں نے اسے قتل کر دیا۔

ابو طالب انصاری بیان کرتا ہے کہ بصرہ کے رہنے والے معود نام ایک شخص نے مروان پر نیزہ کا وار کیا یہ مروان کو پہچانتا نہ

وار کیا کہ مروان گر گئے اور کسی نے چلا کر کہا کہ امیر المومنین مارے گئے۔ یہ سنتے ہی کئی شخص تلوار لے کر اس پر پہنچے اور کوفے کے ایک اہل قریش نے لپک کر اس کا سر کاٹ لیا۔ عامر بن اسمٰعیل نے اس سر کو ابو عون کے پاس بھیج دیا ابو عون نے اسے صالح بن علی کو بھیج دیا صالح نے اسے اپنے افسر شرطہ یزید بن ہانی کے ہاتھ ۲۸ ذی الحجہ ۱۳۲ھ بروز یک شنبہ ابو العباس کے پاس بھیج دیا۔ اس کے بعد صالح فسطاط پلٹ آیا۔

بکیر بن ماہان کی پیشین گوئی:

بکر بن وائل کا ایک معمر شخص راوی ہے کہ میں بکیر بن ماہان کے ہمراہ دیلم میں متعین تھا ہم اس وقت باتیں کر رہے تھے کہ ایک نوجوان دو چھاگلیں لیے ہوئے سامنے سے گذرا یہ دجلے گیا اور پانی بھر کر چلا۔ بکیر نے اسے اپنے پاس بلایا اور نام پوچھا اس نے کہا عامر۔ بکیر نے کہا کس کے بیٹے ہو اس نے کہا اسمٰعیل کا بیٹا ہوں جو بلحارث کے خاندان سے ہے بکیر نے کہا میں بھی بلحارث کی اولاد میں ہوں۔ اس کے معنی یہ ہوئے کہ تم بنی مسلیہ سے تعلق رکھتے ہو عامر نے کہا جی ہاں! میں ان سے تعلق رکھتا ہوں۔ بکیر نے کہا اچھا! تم مروان کو قتل کرو گے اور تم اس وقت یہ جملہ کہو گے "یا جوانقان ادبیر"[1]

مروان بن محمد کی عمر و مدت حکومت:

کوفے میں یہ بات مشہور تھی کہ مروان کے قاتل مسلیہ ہیں قتل کے دن باسٹھ سال ان کی عمر تھی۔ دوسرے راوی انہتر سال کہتے ہیں بعض نے اٹھاون سال بیان کی ہے ۲۷ ذی الحجہ اتوار کے دن قتل کیا گیا بیعت سے قتل تک اس کی کل مدت خلافت پانچ سال دس ماہ دس دن ہے ابو عبد الملک کنیت تھی ہشام بن محمد کے بیان کے مطابق اس کی ماں ایک کرد لونڈی تھی۔

علی بن مجاہد کا بیان:

علی بن مجاہد اور ابو حسان الحکمی کہتے ہیں کہ یہ بات مشہور تھی کہ مروان کی ماں ابراہیم الاشتر کے پاس تھی اس کے قتل کے دن یہ محمد بن مروان کے ہاتھ لگی۔ یہ اس وقت ہی حاملہ تھی مروان محمد بن مروان کے بستر پر پیدا ہوا جب ابو العباس نے اپنی خلافت کا اعلان کیا عبد اللہ بن عیاش المنتوف ابو العباس کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ اس خدا کا شکر ہے کہ جس نے جزیرے کے گدھے اور ایک کنیز نخعی عورت کے بیٹے کے عوض رسول اللہ ﷺ کے ابن عم اور عبد المطلب کے پوتے کو ہمارا خلیفہ بنایا۔

اسی سنہ میں عبد اللہ بن علی نے نہر ابی فطرس پر بنی امیہ کے بہتر افراد کو قتل کر دیا۔

اسی سنہ میں قنسرین میں ابو الورد نے ابو العباس سے بغاوت کی سفید علم اختیار کیا دوسرے لوگوں نے بھی اس کی تقلید کی۔

ابو الورد کی بغاوت:

ابو الورد جس کا اصلی نام مجزأة بن الکوثر بن زفر بن الحارث الکلابی ہے مروان کے مشہور بہادر سپہ سالاروں میں تھا مروان کی شکست کے وقت یہ قنسرین میں تھا جب عبد اللہ بن علی یہاں آیا ابو الورد نے اس کی بیعت کر لی اور اپنی جمعیت کے ساتھ اس کے

---

[1] میں نے اس جملہ کو بجنسہ نقل کر دیا ہے یہ فارسی زبان کا معلوم ہوتا ہے باوجود کوشش کے بعد بھی میں اس کا ترجمہ کرنے سے قاصر رہا اور اس کے معنی نہیں سمجھ سکا۔ غور کرنے سے اتنا معلوم ہوتا ہے کہ یہ مروان کی موت سے تعلق رکھتا ہے۔ مترجم

ساتھ ہو گیا۔ مسلمہ بن عبدالملک کی اولاد بھی ناعورہ میں اس کی پڑوسی تھی عبداللہ بن علی کا ایک فوجی سردار جو نامور مردوں میں سے تھا ڈیڑھ سو فوج کے ساتھ بالس آیا اس نے مسلمہ بن عبدالملک کی اولاد اور ان کی عورتوں کی توہین و تحقیر کی ان میں سے کسی نے ان کی شکایت ابوالورد سے کی جس کے بعد وہ اپنی جاگیر سے جس کا نام خساف تھا اپنے چند خاندان والوں کو لے کر نکلا اور عبداللہ بن علی کے مذکورہ سردار پر پہنچا وہ اس وقت حصن مسلمہ میں فروکش تھا ابوالورد نے اس پر حملہ کر دیا دونوں میں جنگ ہوئی ابوالورد نے اسے مع اس کے تمام ساتھیوں کے اسی جنگ میں ہلاک کر دیا اور سفید علم نصب کر کے عبداللہ بن علی سے اپنی برأت کا اعلان کر دیا اس نے اہل قنسرین کو بھی اس کی دعوت دی وہ سب کے سب اس کے ساتھ شریک ہو گئے۔

عبداللہ بن علی اور حبیب بن مرہ کی صلح:

ابوالعباس اس وقت حیرہ میں تھے اور عبداللہ بن علی اس وقت حبیب بن مرۃ المری سے جنگ کرنے میں الجھا ہوا تھا۔ سرزمین بلقا، بثنیہ اور حوران میں ان کے مقابلے ہوئے عبداللہ بن علی اپنی جماعت کے ساتھ اس سے برسرِپیکار ہوا دونوں میں کئی لڑائیاں ہوئیں یہ حبیب مروان کے بہادر سرداروں میں تھا چونکہ اسے اپنی اور اپنی قوم کی زندگی خطرے میں نظر آئی تھی اس نے بغاوت کا اعلان کر دیا تھی قیس اور دوسرے ان لوگوں نے جو ان مقامات کے درمیان میں آباد تھے اس کی بیعت کر لی جب عبداللہ بن علی کو اہل قنسرین کی بغاوت کا حال معلوم ہوا اس نے حبیب بن مرہ کو صلح کی دعوت دی حبیب نے عبداللہ سے صلح کر لی اور عبداللہ نے اسے اور اس کے ساتھیوں کو امن دے دیا اور خود ابوالورد کے مقابلے کے لیے قنسرین روانہ ہوا دمشق سے گزرا یہاں اس نے ابو غانم عبدالحمید بن ربعی الطائی کو اپنی فوج میں سے چار ہزار فوجیوں کے ساتھ متعین کر دیا۔ اس وقت دمشق میں عبداللہ بن علی کی ایک بیوی ام الحسن بنت محمد بن عبدالمطلب النوفلی جو عمرو بن محمد کی بہن تھی اور اس کی اولاد اور اس کا سامان موجود تھا۔

اہل دمشق کی بغاوت:

جب قنسرین جانے کے ارادے سے عبداللہ حمص پہنچا تو اہل دمشق نے بغاوت برپا کر دی اور عثمان بن عبدالاعلیٰ بن سراقہ الازدی کی قیادت میں جھنڈا بلند کر دیا۔ ابو غانم اپنی فوج کو لے کر ان کے مقابل آیا مگر ان باغیوں نے اسے بری طرح شکست دی اور اس کے بہت سے آدمی قتل کر دیے اور اسباب مال و متاع کو جو عبداللہ بن علی وہاں چھوڑ آیا تھا لوٹ لیا مگر اس کے اہل و عیال سے کوئی تعرض نہیں کیا۔ اب دمشق والوں نے علانیہ طور پر اپنی بغاوت کا اظہار کر دیا مگر عبداللہ بن علی سیدھا ابوالورد کے مقابلے پر چلا گیا۔

معرکہ مرج الاخرم:

ابوالورد کی حالت یہ تھی کہ اہل قنسرین کی ایک جماعت اس کے ساتھ ہو گئی تھی۔ نیز انھوں نے اپنے قریبی ہمسایہ حمص اور تدمر والوں سے بھی ساز باز کر لی تھی۔ چنانچہ یہ ہزاروں کی تعداد میں ابو محمد بن عبداللہ بن یزید بن معاویہ بن ابی سفیان کی قیادت میں نکل کھڑے ہوئے یہ ابو محمد وہ ہے جسے انھوں نے اپنا امیر مقرر کیا تھا اس کی خلافت کے لیے دعوت دی اور کہا کہ یہی وہ سفیانی ہے جس کا تذکرہ آتا ہے ان کی تعداد تقریباً چالیس ہزار تھی۔ عبداللہ بن علی کی فوج کے سامنے آئے۔ اس وقت ابو محمد اپنی پوری فوج کے ساتھ مرج الاخرم میں فروکش تھا مگر تمام فوجی اور جنگی انتظام ابوالورد کے سپرد تھا جو اس کا سپہ سالار تھا۔ عبداللہ نے اپنے بھائی عبدالصمد بن علی کو اپنے دس

ہزار سواروں کے ساتھ مقابلہ پر بھیجا۔ ابوالورد نے اس فوج پر حملہ کیا اور دونوں حریفوں کے پڑاؤ کے درمیان ان فوجوں میں لڑائی شروع ہوئی نہایت خونریز جنگ ہوئی۔ ابوالورد کی فوج ثابت قدمی سے لڑتی رہی عبدالصمد نے شکست کھائی اس کی فوج کے ہزار ہا قتل اس روز کام آ چکے تھے اس کے بعد اب خود عبداللہ اسی مقام معرکہ میں آیا جہاں عبدالصمد کا کام رہا تھا عبداللہ کے ساتھ حمید بن قحطبہ اور دوسرے اس کے ساتھی سردار بھی اس وقت موجود تھے اب اسی کھائی مرج الاخرم میں دوبارہ ان دونوں حریفوں میں جنگ شروع ہوئی نہایت شدید معرکہ جدال وقتال گرم ہوا عبداللہ کی فوج کا ایک حصہ پہلے تو پسپا ہو گیا تھا مگر پھر پلٹ کر مقابلہ پر آ گیا۔ عبداللہ اور حمید بن قحطبہ دشمن کے سامنے ڈٹے رہے اور اسے مار بھگایا۔ مگر ابوالورد اپنے اعزا اور اہل قوم تقریباً پانچ سو آدمیوں کے ساتھ آخر دم تک میدان میں دشمن کے مقابلہ پر جما رہا۔ یہاں تک کہ یہ سب کے سب مارے گئے۔

اہل قنسرین کی اطاعت:

ابو محمد اپنے کلبی ہمراہیوں کے ساتھ وہاں سے بھاگ کر تدمر پہنچا عبداللہ بن علی نے اہل قنسرین کو امان دے دی۔ انہوں نے پھر سیاہ علم اختیار کر لیا اور اس کی بیعت کر کے اس کی اطاعت و فرماں برداری کا اقرار کر لیا اس نتیجے سے فارغ ہو کر اب عبداللہ بن علی دمشق کی بغاوت فرو کرنے دمشق کی طرف چلا کیونکہ اسے ان کی علانیہ بغاوت اور ابو غانم کو مار بھگا دینے کا حال معلوم ہو چکا تھا اس کے دمشق کے قریب پہنچنے کے ساتھ سب لوگ بھاگ گئے اور بغیر لڑے بھڑے خود بخود منتشر و متفرق ہو گئے عبداللہ نے ان سب کو امان دے دی اور باوجود ان کے غدر کے انہیں کوئی سزا نہ دی۔

ابو محمد کا خاتمہ:

اس شکست کے بعد جو مرج الاخرم میں اسے نصیب ہوئی تھی ابو محمد ہمیشہ نقل مکان کر کے چھپا پھرتا تھا اسی حالت میں حجاز پہنچا زیاد بن عبیداللہ الحارثی ابو جعفر کے عامل کو اس مکان کا پتہ چل گیا جہاں وہ چھپا ہوا تھا اس نے اس کے مقابلہ پر رسالہ بھیجا اس رسالے نے اس کا مقابلہ کیا اور وہ بھی لڑا اور مارا گیا اس کے دو بیٹے قید کر لیے گئے۔ زیاد نے اس کے سر کو مع اس کے دو بیٹوں کے امیر المومنین ابو جعفر کے پاس بھیج دیا ابو جعفر نے انہیں رہا کر دیا اور معافی دے دی۔

ابوالورد اور عبدالصمد کی جنگ:

مذکورہ بالا بیان کے علاوہ ان واقعات کے متعلق علی بن محمد کی روایت یہ ہے کہ قنسرین میں ابوالورد نے خلیفہ مسلمہ سے انحراف کیا۔ ابوالعباس نے عبداللہ بن علی کو جو اس وقت فطرس میں تھا ابوالورد سے لڑنے کا حکم دیا عبداللہ بن علی نے عبدالصمد کو سات ہزار فوج دے کر قنسرین روانہ کیا اس کے ہراول دستے کا سردار مخارق بن غفار تھا اور کلثوم بن شبیب اس کی شرطہ کا افسر تھا اس کے بعد پھر عبداللہ بن علی نے ذویب بن الاشعث کو پانچ ہزار فوج دے کر اس کی امداد کے لیے بھیجا نیز اسی طرح دو اور دستے بھی بھیجے اب عبدالصمد نے ابوالورد سے لڑائی شروع کی جس کے پاس کچھ فوج تھی۔ عبدالصمد کی فوج نے شکست کھائی مخارق بھی پسپا ہوا اور اس سب شکست خوردہ فوج کے ساتھ حمص آ گیا عبداللہ بن علی نے عباس بن یزید بن زیاد، مروان الجرجانی اور ابو المتوکل الجرجانی کو ان کی اپنی جمعیتوں کے ساتھ حمص روانہ کیا خود عبداللہ بن علی اپنے مقام سے چل کر حمص سے چار میل کے فاصلہ پر آ کر فروکش ہوا عبدالصمد اس وقت حمص میں تھا اور عبداللہ بن علی نے حمید بن قحطبہ کو خط لکھ کر اردن سے اپنے پاس بلا لیا۔

ابوالورد کا قتل:

اہل قنسرین نے ابو محمد السفیانی زیاد بن عبداللہ بن یزید بن معاویہ بن ابی سفیان ؓ کی بیعت کر لی تھی ابو الورد سپہ سالار کی حیثیت سے اس کے ہمراہ تھا بیعت کے بعد چالیس دن یہ لوگ وہاں مقیم رہے اس کے بعد عبداللہ بن علی نے جس کے ہمراہ عبدالصمد اور سعید بن قحطبہ بھی تھے ان پر حملہ کیا اور اب نہایت شدید معرکہ ہونے لگا۔ اتفاقاً گرم ہوا دونوں فریقوں نے خوب جی کھول کر داد مردانگی دی تو آخر کار عبدالصمد کی فوج نے اپنے دشمن کو پیٹھ دکھا دی۔ ان میں سے کئی ہزار قتل ہوئے اور اب اس فوج کے سپاہی مقابلے سے کھسکنے لگے عبداللہ نے یہ رنگ دیکھا۔ سعید بن قحطبہ نے عبداللہ سے کہا کہ اب ہم کیوں ٹھہرے ہیں ہمارے دشمن کی تعداد بہت بڑھ گئی ہے اور ہماری کمی ہو رہی ہے تو آپ فوراً حملہ کیجئے چنانچہ حملہ کر دیا۔ یہ بروز ۱۳۲ھ کے ماہ ذی الحجہ کا آخری دن تھا دونوں حریفوں میں پھر نہایت شدید جنگ ہوئی۔ ابو محمد کے میمنہ پر ابوالورد اور میسرہ پر اصبغ بن ذؤالہ تھا ابوالورد زخمی ہو کر گرا اور اٹھا کر لے جایا گیا مگر وہ وہاں پہنچ کر مر گیا اس کی فوج کی ایک جماعت نے مجبوراً ایک جھاڑی میں پناہ لی مگر حریف نے اس میں آگ لگا دی اس اثناء میں اہل حمص نے نقض بیعت کی اور ان کا ارادہ تھا کہ ابو محمد کو اپنا خلیفہ بنا لیں مگر جب انہیں اس کی شکست کی خبر معلوم ہوئی تو وہ خاموش ہو گئے۔

حبیب بن مرہ کی بغاوت:

اسی سنہ میں حبیب بن مرۃ المری نے اور اس کے ساتھی شامیوں نے نقض بیعت کر کے سفید علم نصب کیا۔

علی اپنے بزرگوں کے سلسلے سے بیان کرتا ہے کہ حبیب بن مرۃ المری اور اہل بثنیہ و حوران نے اس وقت سفید جھنڈا بلند کیا جب عبداللہ بن علی ابوالورد کے مقابلہ پر تھا جس میں ابوالورد مارا گیا اور قتل ہوا تھا۔

مگر دوسری روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ ابوالورد کی بغاوت سے پہلے ہی حبیب نے بغاوت کر دی تھی اور جب ابوالورد نے سفید علم نصب کیا اس وقت عبداللہ بن علی حبیب بن مرۃ المری سے لڑ رہا تھا وہ حوران کے علاقہ میں آ پہنچا تھا اور ان میں کئی لڑائیاں ہو چکی تھیں۔ حبیب مروان کے بہادر سرداروں میں تھا چونکہ اسے اپنی اور اپنی قوم کی زندگی معرض خطر میں نظر آئی اس نے بغاوت برپا کر دی تھی اور ان لوگوں بثنیہ اور حوران کے دوسرے باشندوں نے اس کی بیعت کر لی جب عبداللہ کو اہل قنسرین کی بغاوت کا علم ہوا اس نے حبیب بن مرہ سے صلح کر لی اسے اور اس کے تمام ساتھیوں کو جان کی امان دے دی اور خود ابوالورد کے مقابلے کے لیے قنسرین روانہ ہو گیا۔

اہل جزیرہ کی بغاوت:

جب اہل جزیرہ کو معلوم ہوا کہ ابوالورد اور اہل قنسرین نے بغاوت برپا کر دی ہے انہوں نے بھی نقض بیعت کر کے سفید علم نصب کیا اور حران آ گئے۔ ان میں اس وقت موسیٰ بن کعب تین ہزار باقاعدہ فوج کے ساتھ موجود تھا۔ یہ جماعت سارے شہر میں پھیل گئی اور انہوں نے موسیٰ بن کعب اور اس کی فوج کو چاروں طرف سے گھیر لیا مگر یہ بے سری فوج تھی جس کا کوئی قائد نہ تھا اسی زمانے میں مروان کی شکست کی خبر سن کر اسحاق بن مسلم آرمینیہ سے جزیرہ آیا تھا اس باغی جماعت نے اسی کو اپنا سردار بنا لیا اور تقریباً دو ماہ تک موسیٰ بن کعب کو محصور رکھا اس خبر کے معلوم ہوتے ہی ابو العباس نے ابو جعفر کو ان فوجوں میں سے جن کے ذریعے اس نے واسط میں ابن ہبیرہ کا محاصرہ کر رکھا تھا بلوا بھیجا۔ ابو جعفر حران جاتے ہوئے قرقیسیا سے گزرا اس مقام کے

باشندوں نے بھی اطاعت سے انحراف کر کے بغاوت کر دی تھی اور یہی وجہ تھی جس کے لیے اس نے شہر کے دروازے مسدود کر رکھے تھے۔

بکار بن مسلم کی مخالفت:

اس جنگ کو دیکھ کر ابوجعفر نے جو یہاں قابض تھا یہ سمجھ لیا کہ ملک میں بغاوت ہو چکی ہے اور وہاں بکار بن مسلم عقیلی عباسیوں کی مخالفت کے لیے تیار بیٹھا تھا۔ ابوجعفر سیدھا حران چلا گیا۔ اسحاق بن مسلم بھاگ گیا۔ یہ ۱۳۳ھ کا واقعہ ہے۔ موسیٰ بن کعب اپنی فوج لے کر حران سے نکل کر ابوجعفر سے ملا۔ اور بکار اپنے بھائی اسحاق بن مسلم کے پاس چلا گیا جس نے پھر اسے قبیلہ ربیعہ کی ایک جماعت کی طرف بھیج دیا جو دارا اور ماردین میں تھی اس وقت ربیعہ کا سردار ایک خارجی بریکہ نامی تھا۔ ابوجعفر نے بھی ادھر کا رخ کیا اور مقام دارا میں ابوجعفر کا اس جماعت سے مقابلہ ہوا۔ نہایت خونریز لڑائی ہوئی جس میں دونوں فریقوں نے پوری داد مردانگی دی۔ بریکہ جنگ میں مارا گیا اور بکار پھر اپنے بھائی اسحاق کے پاس رہا چلا آیا۔ اسحاق نے بکار کو رہا پر اپنا قائم مقام مقرر کیا اور خود اپنی بڑی فوج کے ساتھ سمیساط آ کر قلعہ نشین ہوا اور یہاں اس نے اپنے پڑاؤ کے گرد خندق بنالی۔

ابوجعفر کی بکار پر فوج کشی:

دوسری طرف سے ابوجعفر اپنی فوج کو لے کر ساتھ ... بڑھا بکار نے اس کا مقابلہ کیا اور دونوں میں کئی جھڑپیں ہوئیں۔ ابو العباس نے عبداللہ بن علی کو لکھا کہ تم اپنی فوج لے کر سمیساط میں اسحاق کا مقابلہ کرو چنانچہ وہ جزیرہ آیا اور پھر سمیساط میں اسحاق کے مقابل فروکش ہوا۔ اسحاق کے پاس ساٹھ ہزار آدمی تھے جو سب کے سب جزیرہ کے باشندے تھے۔ ان دونوں کے درمیان دریائے فرات حائل تھا۔ اب ابوجعفر بھی رہا سے یہاں آ گیا۔

بکار بن مسلم کی اطاعت:

اسحاق نے صلح کے لیے خط و کتابت شروع کی اور امان طلب کی۔ ابوجعفر نے اسے منظور کیا اور ابو العباس کو اس کے متعلق عرضداشت بھیجی۔ ابو العباس نے حکم دیا کہ اسحاق اور اس کے تمام ساتھیوں کو امان دی جائے چنانچہ جب عہد نامہ قاعدہ کے مطابق مکمل ہو گیا تو اب اسحاق ابوجعفر سے ملنے آیا اور دونوں میں پوری طرح صلح ہو گئی۔ اس وقت اس کے ہمراہ اس کے تمام معتمد اصحاب میں جو دوست موجود تھے ان دونوں کے حسب منشا بات چیت ہو گئی اور اہل جزیرہ نے پوری اطاعت قبول کر لی اور دارا کی طرف سے ابو العباس نے ابوجعفر کو جزیرہ آرمینیا اور آذربائیجان کا صوبہ دار مقرر کر دیا۔ اپنے خلیفہ ہونے تک اسی عہدے پر برقرار رہا۔

اسحاق بن مسلم العقیلی کی اطاعت:

بیان کیا جاتا ہے کہ اسحاق بن مسلم عقیلی سات ماہ تک سمیساط میں ابوجعفر کے محاصرے میں رہا۔ یہ کہتا تھا کہ میں کیا کروں میری گردن پر ایک بیعت کا بوجھ ہے جب تک مجھے اس شخص کی موت یا ہلاکت کا حال معلوم نہ ہو جائے جس کی بیعت میں نے کی ہے میں اس سے کسی طرح انحراف نہیں کر سکتا اور نہ کروں گا۔ ابوجعفر نے کہلا بھیجا کہ مروان قتل کر دیا گیا۔ اسحاق نے جواب دیا پہلے میں اس کی تصدیق کر لوں پھر دیکھا جائے گا۔ اس کے بعد پھر خود اس نے صلح کی درخواست کی اور کہا کہ اب مجھے مروان کے قتل کی خبر معلوم ہو گئی ہے۔ ابوجعفر نے اسے امان دی۔ اسحاق اس کے ساتھ ہو گیا۔ ابوجعفر اس کی بڑی عزت و عظمت کرتا تھا۔

یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ عبداللہ بن علی نے اسحاق کو امان دی تھی۔

ابوسلمہ بن سلیمان:

اس سنہ میں ابوجعفر ابومسلم سے ملنے خراسان روانہ ہوئے تاکہ ابوسلمہ حفص بن سلیمان کے قتل کرنے کے لیے ان کی رائے معلوم کریں۔

ہم اس طرز عمل کا بیان کر آئے ہیں جو ابوسلمہ نے ابوالعباس کے ساتھ ان کے کوفہ آنے کے بعد اختیار کیا تھا اور جس کی وجہ سے بنی ہاشم کو بہت برا لگا تھا اس لئے ابوجعفر بھی اس طرز عمل کی وجہ سے ہی ابوسلمہ کا سخت مخالف تھا وہ ابوالعباس کی خلافت کے دور سے تھے۔ ابوجعفر بیان کرتے ہیں کہ امیر المومنین ابوالعباس کے خلیفہ ہو جانے کے بعد ایک رات ہم سب بیٹھے باتیں کر رہے تھے اثنائے گفتگو میں ابوسلمہ کے اس طرز عمل کا ذکر آ گیا ہم میں سے ایک شخص نے کہا کیا آپ لوگوں کو یہ علم ہے ممکن ہے کہ جو کچھ ابوسلمہ نے کیا تھا وہ ابومسلم کی رائے کی بنا پر ہو۔ اس پر ہم میں سے کوئی شخص نہ بولا۔ البتہ امیر المومنین ابوالعباس نے کہا کہ اگر یہ بات صحیح ہے کہ ابوسلمہ کا طرز عمل ابومسلم کی رائے کی بنا پر تھا تو ہم خطرے میں ہیں مگر یہ کہ اللہ ہی ہم سے دفع کر سکتا ہے اس کے بعد ہم سب الگ ہو گئے ابوالعباس نے مجھے بلا بھیجا اور میری رائے دریافت کی میں نے جواب دیا کہ درست ہے تو اصل میں آپ کی رائے ہی ٹھیک ہے آپ ابومسلم کی رائے کا اندازہ کر لیں؟ انھوں نے کہا ہم میں کسی کو بھی ابومسلم سے وہ خصوصیت حاصل نہیں ہے جو تم کو ہے تم اس کے پاس جاؤ اور حقیقت دریافت کرو مگر اس بات کو پوشیدہ رکھنا۔ اگر یہ بات معلوم ہو کہ ابوسلمہ نے جو کچھ کیا ہے وہ اس کی رائے سے کیا ہے تو اس وقت ہم اپنی حفاظت کی تدابیر کریں گے اور اگر اس کے خلاف معلوم ہوا تو ہم مطمئن ہو جائیں گے۔

ابوجعفر کی روانگی خراسان

میں ڈرتے ڈرتے خراسان روانہ ہوا جب رے پہنچا تو اس وقت جو رے کا حاکم تھا اس کے پاس ابومسلم کا خط آیا ہوا تھا اس میں یہ لکھا تھا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ عبداللہ بن محمد تمہارے ہاں بھیجا گیا ہے جب وہ تمہارے پاس آئیں تو تم ان کو اجازت کے بغیر فوراً ان کو اسی وقت خراسان روانہ کر دینا۔ جب میں رے پہنچا تو حاکم رے میرے پاس آیا ابومسلم کا خط مجھے دکھایا اور میری فوراً روانگی کا حکم دیا۔ اس واقعہ سے میرا خوف اور بڑھ گیا میں رے سے بہت خائف اور ہراساں روانہ ہوا۔ جب نیشاپور آیا اس کے حاکم نے اسی وقت ابومسلم کا خط لا کر مجھے دیا جس میں یہ حکم تھا کہ جب عبداللہ بن محمد نیشاپور پہنچیں تم ان کو فوراً خراسان روانہ کر دینا اور وہاں مت ٹھہرنے دینا کیونکہ تمہارا یہ علاقہ خارجیوں کا ہے اور مجھے ان کی طرف سے عبداللہ بن محمد کے لیے اندیشہ ہے اس خط کے پڑھنے پر میرے قلب کو اطمینان ہو گیا اور میں نے اپنے دل میں کہا کہ اب مجھے معلوم ہوا ہے کہ اس کو میری عزت و قدر کا خیال ہے۔

ابوجعفر اور ابومسلم کی ملاقات

میں نیشاپور سے بھی روانہ ہوا جب مرو دو فرسخ رہ گیا تو ابومسلم بہت سے لوگوں کے ساتھ میرے استقبال کو آیا میرے قریب آ کر وہ پیدل ہو گیا اور میرا ہاتھ چوما آگے بڑھا تو میں نے اس سے کہا سوار ہو جاؤ وہ سوار ہوا اور میرے ساتھ ہو کر مرو آ گیا۔ میں نے ایک مکان میں قیام کیا تین دن تک اس نے مجھ سے کوئی بات نہ پوچھی کہ آپ خراسان کیوں آئے ہیں چوتھے دن اس نے میرے خراسان آنے کی وجہ دریافت کی میں نے اپنا مطلب بیان کیا اس نے کہا کہ ابوسلمہ نے جو کچھ کیا تو وہ

[illegible] کا خیال تھا [illegible] آپ [illegible] سے بے فکر [illegible] ہوں۔ [illegible] شخص [illegible] [illegible] رات کے وقت ابوالعباس سے [illegible] [illegible] قصے سے [illegible] کر دیا [illegible] سے قتل کر دیا۔

ابو جعفر اور ابو مسلم کے متعلق ایک اور روایت

[illegible] بیان ہے [illegible] ابو جعفر کے ساتھ [illegible] تھا اور ان کی [illegible] کرتا تھا جب ابو مسلم ان سے ملنے کے لیے آتا [illegible] مجھ سے کہا [illegible] اجازت حاصل [illegible] ابو جعفر [illegible] جب [illegible] ابو مسلم [illegible] ابو جعفر نے مجھے [illegible] ابو مسلم [illegible] کے پاس [illegible] کرنے کے لیے اندر آنے کی اجازت نہ دی جائے۔

ابو سلمہ کا قتل

یہ بھی بیان کیا جاتا ہے [illegible] قتل ہونے سے پہلے [illegible] ابوالعباس نے ابو سلمہ [illegible] جب [illegible] ابو مسلم [illegible] ابو سلمہ [illegible] ابو جعفر [illegible] آپ [illegible] ابو مسلم [illegible] ابو سلمہ [illegible] ابوالعباس [illegible] آیا [illegible] رات [illegible] ابو سلمہ [illegible] قتل [illegible] مشہور کر دیا [illegible] ابو سلمہ [illegible] شعر [illegible] ہے۔

إن الوزير وزير آل محمد [illegible]

ترجمہ: [illegible] آل محمد ﷺ کا وزیر تھا [illegible] ہو گیا۔

ابو سلمہ وزیر آل محمد ﷺ اور ابو مسلم امین آل محمد ﷺ کہلاتے تھے۔

سلیمان بن کثیر اور اعرج کی گفتگو

ابو سلمہ کے قتل کے بعد ابو العباس نے اپنے بھائی ابو جعفر کو تیس آدمیوں کے ساتھ جن میں حجاج بن ارطاۃ اور اسحاق بن فضل ہاشمی بھی تھے ابو مسلم کے پاس بھیجا جب ابو جعفر ابو مسلم کے پاس آ گیا تو ایک دن عبیداللہ بن الحسین الاعرج اس کے ساتھ سیر کے لیے نکلا سلیمان بن کثیر بھی اعرج کے ساتھ تھا سلیمان نے اعرج سے کہا کہ ہم تو آپ لوگوں کی حکومت کے آرزو مند تھے۔ اب بھی اگر آپ چاہیں تو ہم آپ کی تحریک کی حمایت کے لیے تیار ہیں۔ یہ بات سن کر عبیداللہ کو گمان ہوا کہ یہ شخص ابو مسلم کا جاسوس ہے اسے اس کے کہنے سے خوف پیدا ہو گیا۔

سلیمان بن کثیر کے قتل کا حکم:

دوسری طرف ابو مسلم کو بھی یہ بات معلوم ہو گئی کہ سلیمان اعرج کے ساتھ سیر کے لیے گیا تھا۔ عبیداللہ نے ابو مسلم سے آ کر سلیمان کا قول اس خوف کی وجہ سے نقل کر دیا کہ اگر وہ ایسا نہ کرے تو شاید ابو مسلم دھوکے سے اسے قتل کر دے۔ ابو مسلم نے سلیمان بن کثیر سے بلا کر کہا کہ تم کو امام کا وہ قول یاد ہے جو انہوں نے مجھ سے کہا تھا کہ جس پر میرا شبہ ہو میں اسے قتل کر دوں۔ سلیمان نے کہا جی ہاں! مجھے یاد ہے۔ ابو مسلم نے کہا تو اب میں تم کو متہم قرار دیتا ہوں۔ سلیمان نے کہا میں آپ کو خدا کا واسطہ دیتا ہوں کہ آپ مجھے قتل نہ کریں۔ ابو مسلم کہنے لگا تجھے شرم نہیں آتی مجھے تو خدا کا واسطہ دیتا ہے اور خود امام سے فریب کر رہا ہے۔ اس کے بعد ابو مسلم نے اس کے قتل کا حکم دے کر اسے وہاں اپنے سوا کوئی جلاد اس وقت نظر نہ آیا۔

ابو جعفر کو ابو مسلم سے خطرہ:

ابو جعفر ابو مسلم سے مل کر ابو العباس کے پاس واپس آ گیا اور اس سے کہا کہ اگر تم نے ابو مسلم کو زندہ چھوڑ دیا تو نہ تم خلیفہ ہو اور نہ تمہاری حکومت کوئی معنی رکھتی ہے۔ ابو العباس نے پوچھا کیسے؟ ابو جعفر کہنے لگا کہ بخدا! ابو مسلم من مانی کرتا ہے جو چاہتا ہے کر گزرتا ہے۔ ابو العباس نے کہا چپ رہو خبردار اس بات کو کسی پر ظاہر مت کرنا۔

حوثرہ کا ابن ہبیرہ کو مشورہ:

اسی سال ابو العباس نے اپنے بھائی ابو جعفر کو یزید بن عمر بن ہبیرہ سے لڑنے کے لیے واسط بھیجا۔ ہم اہل خراسان کی اس فوج کا حال پہلے بیان کر آئے ہیں جس کا مقابلہ پہلے قحطبہ اور پھر اس کے بیٹے حسن بن قحطبہ کی قیادت میں یزید بن عمر بن ہبیرہ سے ہوا اس مقابلہ میں چونکہ ابن عمر بن ہبیرہ نے شکست کھائی اور اپنی شامی فوجوں کو لے کر واسط آ گیا اور یہیں قلعہ بند ہو گیا۔

جب ابن ہبیرہ کو شکست ہوئی تمام فوج اسے چھوڑ کر تتر بتر ہو گئی اس نے بیت المال امان پر بعض لوگوں کو متعین کر دیا تھا وہ بھی اس کو لے کر چلتے بنے حوثرہ نے ابن ہبیرہ سے کہا تھا کہ دشمن کا سپہ سالار کام آ چکا ہے تمہارے پاس زبردست فوج موجود ہے بجائے واسط کے کوفہ چلو وہاں خراسانیوں کا مقابلہ کرنا یا قتل ہو جانا یا فتح حاصل کرنا۔ مگر ابن ہبیرہ نے اس مشورہ کو قبول نہیں کیا اور کہا کہ اب تو ہم واسط چلتے ہیں وہاں پہنچ کر دیکھیں گے حوثرہ نے کہا بخدا! اس کا نتیجہ صرف یہی ہو گا کہ اس طرح دشمن کی دسترس تم تک ہو جائے گی اور تم مارے جاؤ گے۔

یحییٰ بن حضین کی تجویز:

یحییٰ بن حضین نے مشورہ دیا کہ مروان کے پاس چلنا چاہیے کیونکہ اسے اس وقت سب سے بڑی فکر اور یہی اس فوج کے بچ جانے سے ہوگی بجائے اس کے کہ آپ فرات کے راستے مروان کے پاس پہنچ جائیں۔ یہاں واسط جا کر تو آپ کبھی نہ نکل سکیں گے وہاں پر آپ محصور ہو جائیں گے اور اس کے بعد قتل ہے۔ ابن ہبیرہ نے اس مشورہ کو قبول کرنے سے بھی انکار کر دیا۔ واقعہ یہ تھا کہ جب مروان سے کوئی حکم ہو کر بھیجا تو وہ اس کی مخالفت کرتا تھا اس بات پر کہ اسے یہ ڈر تھا کہ اگر وہ مروان کے پاس گیا تو مروان اسے مروا ڈالے گا۔ غرض کہ اب یہ واسط آ کر قلعہ بند ہو گیا۔

حسن بن قحطبہ کی واسط پر فوج کشی:

ابو سلمہ نے حسن بن قحطبہ کو واسط کی تسخیر کے لیے روانہ کیا حسن اور اس کی فوج نے دریائے زاب اور دجلہ کے درمیان خندقیں بنائیں اور ان کی آڑ میں مورچے لگائے خود حسن نے باب المضمار کو اپنی آڑ میں لے کر اپنے خیمے نصب کیے۔ جمعہ کے دن فریقین میں پہلا معرکہ ہوا۔ اہل شام نے ابن ہبیرہ سے باہر نکل کر لڑنے کی اجازت مانگی اس نے اجازت دے دی اور اب خود وہ اپنی فوج کے مقابلے کے لیے حصار سے باہر آیا۔ اس کے میمنہ پر اس کا بیٹا داؤد سردار تھا اور محمد بن نباتہ کچھ خراسانیوں کے ساتھ جن میں ابو الورد فراسی بھی تھا اس کے ہمراہ تھا۔

خازم کا ابن ہبیرہ پر حملہ:

اب لڑائی شروع ہوئی حسن کے میمنہ پر خازم بن خزیمہ سردار تھا۔ خود ابن ہبیرہ باب المضمار کے سامنے واقف تھا خازم نے ابن ہبیرہ پر حملہ کیا اور اہل شام کو پسپا کر کے خندقوں میں دھکیل دیا اب لوگ شہر کے دروازے پر پہنچے اور راستے بھر آئے کہ جنگ کی تمام باب المضمار ان سے بھر گیا کوٹھوں والوں نے کوٹھوں سے پتھر برسانے۔ اس وقت حسن کھڑا ہوا یہ تماشہ دیکھ رہا تھا اب وہ خود بڑھنے کو آگے بڑھا اور خندق کے درمیان میدان میں بڑھ آیا۔ اہل شام پھر پلٹ کر مقابل آئے حسن نے ان پر دوبارہ حملہ کیا اس کی فوج ابن ہبیرہ اور شہر کے درمیان حائل ہو گئی اور اس نے شامیوں کو دجلہ پر پسپا ہونے پر مجبور کر دیا۔ ان کی بہت بڑی تعداد غرق ہو گئی۔ اس کے بعد کشتیاں لائی گئیں اور باقی ماندہ فوج کو ان میں سوار کیا گیا ابن نباتہ پانی میں بھی تھا مگر دریا میں کود پڑا پھر ایک کشتی اس کے لیے بھیجی گئی اور وہ اس میں سوار ہو گیا اب دونوں فریق اپنی اپنی جگہ تک گئے اور لڑائی بند ہو گئی۔

واسط کا محاصرہ:

سات روز کے بعد دوسری منگل کو پھر اہل شام شہر سے نکل کر مقابلہ پر آئے۔ اور جنگ شروع ہوئی ایک شامی نے ابو حفص ہزار مرد پر تلوار کی ایک ضرب لگائی اور فخریہ کہنے لگا کہ میں سلمی نوجوان ہوں۔ ابو حفص نے اس پر ضرب لگائی اور کہنے لگا میں عتکی نوجوان ہوں ابو حفص کا حریف میدان کارزار میں کھیت رہا۔ شامیوں کو بری طرح شکست ہوئی۔ بھاگ کر پھر شہر میں پناہ گزین ہو گئے اور اب صرف یہ لڑائی ہوتی کہ شامی فصیل کے پیچھے سے تیر اندازی کرتے تھے۔

ابن ہبیرہ کی ابو امیہ سے بدگمانی:

اسی حالت محاصرہ میں ابن ہبیرہ کو معلوم ہوا کہ ابو امیہ تغلبی نے علم سیاہ اختیار کر لیا ہے اس نے ابوعثمان کو ابو امیہ کے قیام گاہ

بھیجا یا ان کے پاس اس کے خیمے میں چلا آیا اور کہا کہ مجھے امیر نے تمہارے خیمے کی تلاشی کے لیے بھیجا ہے تاکہ اگر مجھے یہاں سیاہ کپڑا نظر آئے تو میں اسے تمہاری گردن میں ڈال کر گلے میں رسی ڈال کر ان کے پاس لے جاؤں اور اگر کوئی چیز نہ پاؤں تو یہ بتا دوں کہ تم بری ہو [illegible] اسے دوبارہ دو۔

ابو امیہ کی گرفتاری:

ابو امیہ نے اسے تلاشی دینے سے انکار کر دیا ابو عثمان اسے ابن ہبیرہ کے پاس لے آیا ابن ہبیرہ نے اسے قید کر دیا اس معاملے پر معن بن زائدہ اور عمرو بن ربیعہ نے ابن ہبیرہ سے گفتگو کی اور بنی فزارہ کے تین آدمی پکڑ کر قید کر دیے اور انھوں نے ابن ہبیرہ کو گالیاں بھی دیں۔ یحییٰ بن حضین نے آکر انھیں بہت سمجھایا مگر انھوں نے کہا کہ جب تک ہمارا آدمی رہا نہ کر دیا جائے گا ہم ان کے آدمیوں کو نہیں چھوڑیں گے مگر ابن ہبیرہ نے اس بات کے ماننے سے انکار کر دیا۔

یحییٰ کا ابو امیہ کے متعلق ابن ہبیرہ کو مشورہ:

یحییٰ نے اس سے کہا کہ تم خود اپنے معاملے کو خراب کر رہے ہو تم محصور ہو۔ تم اسے چھوڑ دو ابن ہبیرہ نے کہا میں ہرگز اسے رہا نہ کروں گا۔ یحییٰ بن حضین نے آکر ان لوگوں سے سارا ماجرا بیان کر دیا معن اور عبدالرحمن بن بشیر العجلی ابن ہبیرہ سے علیحدہ ہو گئے۔ یحییٰ نے پھر ابن ہبیرہ کو سمجھایا کہ تم یہ کیا کر رہے ہو یہی لوگ تمہارے شہسوار ہیں اگر تم نے ان کو بگاڑ لیا اور محاصرے میں تم کو اور دیر لگی تو یہ تمہارے لیے دشمن سے زیادہ سخت گیر ثابت ہوں گے۔

ابو امیہ کی رہائی:

ابن ہبیرہ نے ابو امیہ کو اپنے پاس بلا کر اسے خلعت دیا، رہائی دی، سمجھوتہ کر لیا اور ان کے تعلقات پھر حسب سابق خوشگوار ہو گئے۔ ابو نصر مالک بن الہیثم سجستان کی سمت سے حسن بن قحطبہ کے پاس آ گیا اس نے ابو نصر کے شامل ہو جانے کی اطلاع دینے کے لیے غیلان بن عبداللہ الخزاعی کی سرکردگی میں ایک وفد ابوالعباس کے پاس بھیجا غیلان حسن سے اس بنا پر دل میں پرخاش رکھتا تھا کہ اس نے اسے روح بن حاتم کی مدد کے لیے بھیج دیا تھا۔

غیلان کی ابوالعباس سے درخواست:

اس نے ابوالعباس سے آکر کہا میں شہادت دیتا ہوں کہ آپ امیر المومنین ہیں اللہ کی مضبوط رسی ہیں اور اہل تقویٰ کے امام ہیں ابوالعباس نے کہا غیلان کیا چاہتے ہو؟ اس نے کہا میں آپ سے معافی کا خواستگار ہوں ابوالعباس نے کہا اللہ تم کو معاف کر دے گا۔ داؤد بن علی نے کہا اے ابو فضالہ اللہ تم کو توفیق دے کہو کیا کہنا چاہتے ہو غیلان نے کہا امیر المومنین آپ اپنے کسی قریبی رشتہ دار کو ہمارا سردار بنا کر ہم پر احسان کیجیے ابوالعباس نے کہا کیا حسن بن قحطبہ تمہارا سردار نہیں ہے؟ غیلان نے کہا امیر المومنین آپ اپنے خاندان کے کسی شخص کو ہمارا سردار مقرر کیجیے ابوالعباس نے پھر وہی جواب دیا غیلان کہنے لگا امیر المومنین آپ اپنے خاندان کے کسی آدمی کو ہمارا سردار بنا دیجیے تاکہ اسے دیکھ کر ہماری آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔

ابو جعفر کی سپہ سالاری:

ابوالعباس نے اس کی درخواست منظور کر لی اور ابو جعفر کو حسن کی جگہ سپہ سالار بنا دیا۔ ابو جعفر نے غیلان کو اپنا کوتوال مقرر کر

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

محصورین کو مروان کے قتل کی اطلاع:

[illegible] محاصرے کے دوران میں [illegible] کشتیوں میں [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] گیارہ [illegible] [illegible] محصورین نے اسمٰعیل بن عبداللہ القسری [illegible] مروان کے قتل کی اطلاع [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] صلح کر لی۔

معرکۂ واسط کے متعلق دوسری روایت:

دوسری روایت [illegible] ہے کہ جب ابو جعفر [illegible] [illegible] ابو جعفر [illegible] قحطبہ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] دوسری جگہ [illegible]۔

ابن ہبیرہ کی فوج میں نفاق:

[illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible]۔

ابو جعفر اور ابن ہبیرہ کی مصالحت:

[illegible] [illegible] ابن ہبیرہ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ابو جعفر [illegible] [illegible] ابن ہبیرہ [illegible] [illegible] [illegible] ابو جعفر [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ابن ہبیرہ [illegible]۔

ابو جعفر اور ابن ہبیرہ کی ملاقات:

[illegible] ابو جعفر [illegible]

تھا کہ اپنے گھوڑے پر سوار ہی خیمہ میں در آئے مگر سلام بن سلیم حاجب نے ان سے کہا اے ابوخالد اتر جائیے۔ اب وہ گھوڑے سے اترے تو دیکھا کہ اس وقت دس ہزار خراسانی اس خیمہ کے گرد بیٹھے ہوئے تھے۔ اس کے بعد سلام نے ان کے بیٹھنے کے لیے مسند منگوا کر بچھوا دی اور سرداروں کو وہاں آنے کی اجازت دی۔ ان کے بعد سلام نے ابن ہبیرہ سے کہا کہ اب آپ تشریف لے چلیے۔ ابن ہبیرہ کہنے لگے کہ میں مع اپنے ہمراہیوں کے اندر چلوں۔ اس نے کہا نہیں صرف آپ۔ چنانچہ وہ اندر گئے۔ ابوجعفر نے ابن ہبیرہ کو اپنے نزدیک اندر آنے دیا اور اب اس کے لیے مسند بچھائی گئی تھی۔ اس پر وہ بیٹھے۔ تھوڑی دیر ابوجعفر سے باتیں کرنے کے بعد یہ اٹھ آیا۔ ابوجعفر غور سے اس کی طرف دیکھتا رہا۔ اس کے بعد یہ ایک دن بیچ دے کر ابوجعفر کے پاس آتا تھا اور اس کے ساتھ پانچ سو سواروں اور تین سو پیادوں کے ساتھ ابوجعفر سے ملنے آتا۔

یزید بن حاتم کی ابن ہبیرہ کے خلاف شکایت:

یزید بن حاتم نے ابوجعفر سے کہا کہ ابن ہبیرہ اس شان سے آپ کے پاس آتا ہے کہ تمام چھاؤنی میں ایک تہلکہ پڑ جاتا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ اس کی شوکت و اقتدار سب سابق باقی ہے اگر وہ اس طرح رہے اور فوج کے ساتھ آتا رہا تو عبدالجبار اور جہور کہیں گے کہ ابوجعفر نے سلام کو ہدایت کی کہ وہ ابن ہبیرہ سے کہہ دے کہ وہ فوج کے ساتھ یہاں نہ آیا کرے صرف اپنے خدمت گاروں ہی کو لایا کرے۔ سلام نے ابن ہبیرہ سے کہہ دیا چنانچہ اس کا جلوس گھٹ گیا اور اب وہ تقریباً تیس خدمت گاروں کے ساتھ ابوجعفر سے ملنے آیا۔ اس پر سلام نے ان سے کہا کہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ اپنی شان دکھانے کے لیے یہ خدمت گار ساتھ لاتے ہیں۔ ابن ہبیرہ نے جلا کر کہا اگر آپ پیادہ آنے کا حکم دیں گے تو میں اس کی بھی تعمیل کروں گا۔ سلام نے کہا آپ برا نہ مانیں میں نے احتیاطاً یہ بات کہی ہے ورنہ امیر نے اس قسم کا کوئی حکم نہیں دیا ہے بلکہ آپ کی خاطر یہ کہا گیا ہے کیونکہ فوج کے لوگ اس کے متعلق چہ میگوئیاں کرتے تھے۔ اس کے بعد وہ صرف تین آدمیوں کے ہمراہ ابوجعفر کے پاس آیا کرتا۔ ایک مرتبہ ابن ہبیرہ نے ابوجعفر کو یا ہناہ یا ایہا کہہ کر خطاب کرتے کہا اے شخص! اور پھر فوراً اپنی غلطی پر متنبہ ہوا اور کہنے لگا چونکہ میں ابھی قریب تک اس شخص کو اسی طرح خطاب کرتا رہا ہوں اس وجہ سے بلا قصد یہ لفظ آپ کے لیے میری زبان سے نکل گیا۔

ابوالعباس کا ابن ہبیرہ کو قتل کرنے کا حکم:

ابوالعباس نے کئی مرتبہ ابوجعفر کو ابن ہبیرہ کے قتل کا حکم بھیجا مگر وہ برابر اسے ٹالتے رہے۔ آخر کار تنگ آکر ابوالعباس نے ان سے خدا کی قسم دے کر لکھا کہ تم اسے قتل کر دو ورنہ میں کسی دوسرے شخص کو یہاں سے بھیجتا ہوں جو اسے تمہاری قید سے نکال کر قتل کر دے گا۔ اس حکم کے آنے کے بعد اب ابوجعفر نے بھی اس کے قتل کر دینے کا مصمم ارادہ کر لیا۔ خازم بن خزیمہ اور ہیثم بن شعبہ بن ظہیر کو بھیجا کہ وہ تمام سرکاری خزانے کے گھروں پر مہر لگا دیں۔ پھر اس نے قیس اور مضر کے ان عمائد کو جو ابن ہبیرہ کے ساتھ تھے اپنے پاس بلا بھیجا۔

ابن ہبیرہ کے ساتھیوں کی گرفتاری و قتل:

محمد بن نباتہ، حوثرہ بن سہیل، طارق بن قدامہ، زیاد بن سوید، ابوبکر بن کعب العقیلی، ابان و بشر ابنا عبدالملک بن بشر قیس کے ہمراہ قیس کے دوسرے بائیس آدمی تھے جعفر بن حنظلہ اور ہزان بن سعد ابوجعفر کے پاس آئے۔ سلام بن سلیم نے باہر نکل کر حوثرہ اور

محمد بن نباتہ کو دریافت کیا یہ دونوں اٹھ کر اندر چلے گئے عثمان بن نہیک، فضل بن سلیمان اور موسیٰ بن عقیل سواروں کے ساتھ ابوجعفر کے خیمے سے پیچھے ایک دوسرے خیمہ میں موجود تھے حوثرہ اور محمد بن نباتہ کی تلواریں لے لی گئیں۔ ان کی مشکیں باندھ دی گئیں ان کے بعد بشر اور ابان عبدالملک کے بیٹے آئے ان کے ساتھ بھی یہی کیا گیا ان کے بعد ابوبکر بن کعب اور طارق بن قدامہ آئے تو جعفر بن حنظلہ نے بطور احتجاج کے کہا کہ ہم بیچارے بے بس لوگ ہیں۔ ہم کو کیا معلوم تھا کہ ہمارے ساتھ یہ کیا جائے گا۔ عثمان نے اس سے پوچھا تم کس قبیلے سے تعلق رکھتے ہو؟ انہوں نے کہا اور اسے موجود کیا گیا تھا۔ سے جیسے حضرت ... جس ... ہے کہا جاتا ہے جاؤ اس کے بعد حرانی نے بھی عرب سے اسی قسم کی گفتگو کرنا چاہی پیچھے کر دیا گیا۔ روح بن حاتم نے اس سے کہا جیتے رہو اعور تم دیکھتے ہو ان سب کی تلواریں لے لی گئی ہیں۔ حمزہ بن عقیل اندر سے نکل کر اس جماعت کے پاس آیا اور کہنے لگا تم نے خدا کے سامنے ہم سے عہد و امان کیا ہے اور اب بات پس پشت ڈال رہے ہو ہم کو خدا سے یہ توقع ہے کہ وہ اس کا بدلہ تم سے لے گا۔ ابن نباتہ خوف سے کانپنے لگا حوثرہ نے اس سے کہا کہ بھلا اس سے تم کو کیا فائدہ پہنچ سکتا ہے ابن نباتہ کہنے لگا مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا یہ واقعہ پہلے ہی میرے پیش نظر ہو چکا تھا۔ ان سب کو قتل کر کے ان کی مہریں ضبط کر لی گئیں۔

ابن ہبیرہ کا قتل:

خازم، ہیثم بن شعبہ اور اغلب بن سالم تقریباً سو آدمیوں کے ساتھ روانہ ہوئے اور انھوں نے ابن ہبیرہ سے کہلا کر بھیجا کہ ہم وہ رقم لے جانا چاہتے ہیں اس نے اپنے حاجب ابو عثمان سے کہا کہ تم جا کر خزانہ بتا دو انھوں نے ہر کوٹھڑی کے دروازے پر کچھ آدمی متعین کر دیے اور آپ مکان کے اطراف وجوانب کو غور سے دیکھنے لگے اس وقت ابن ہبیرہ کے پاس اس کا بیٹا داؤد اس کا کاتب عمرو بن ایوب اس کا حاجب چند موالی اور ایک صغیر سن بچہ اس کی گود میں تھے ابن ہبیرہ کو ان کی نظروں پر شبہ معلوم ہو گیا کہنے لگا کہ خدا کی قسم ان کے چہرے سے بدی نمایاں ہے۔ یہ کہتے ہی یہ جماعت اس کی طرف بڑھی اس کے حاجب نے ان کے سامنے ہو کر پوچھا کیا ہے؟ ہیثم بن شعبہ نے اس کے کندھے پر تلوار کی ایک ضرب لگائی جس سے وہ گر پڑا۔ ابن ہبیرہ کا بیٹا داؤد لڑا وہ مارا گیا اس کے موالی بھی مارے گئے۔ ابن ہبیرہ نے اسی اثناء میں اپنے صغیر سن بچے کو اپنی گود سے جدا کیا اور قاتلوں کو مخاطب کر کے کہا کہ اس بچے کو چھوڑ دو پھر وہ خود سجدے میں گر پڑا اور اسی حالت میں قتل کر دیا گیا۔ یہ لوگ اس کو قتل کر کے سر لے کر ابوجعفر کے پاس چلے آئے۔

خالد بن سلمہ کا قتل:

ابوجعفر نے اعلان کرا دیا کہ حکم بن عبدالملک بن بشر، خالد بن سلمہ المخزومی اور عمر بن ذر کے علاوہ اور سب کو عام معافی دی جاتی ہے زیاد بن عبیداللہ نے ابن ذر کے لیے ابوجعفر سے معافی کی درخواست کی اس نے اسے امان دے دی حکم بھاگ گیا خالد کو ابوجعفر نے تو معافی دے دی تھی مگر ابو العباس نے اسے نہ مانا اور اسے قتل کر دیا ابو علاقہ الفزاری اور ہشام بن ہشیم بن صفوان بن مزید الفزاری دونوں بھاگے مگر عمر بن سعید الطائی نے انہیں جا پکڑا اور دریائے زاب پر دونوں کو قتل کر دیا۔

ابن ہبیرہ اور ہشام بن عبدالملک:

ابو عصمہ السندی اور متعدد ابن عبدالرحمن الہلالی سے ابن ہبیرہ کے مربی تھے۔ یہ دونوں کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہشام بن عبدالملک

نے اپنے بیٹے معاویہ کے لیے اس کی بیٹی مانگی تھی مگر اس نے شادی کرنے سے انکار کر دیا تھا اس کے بعد ان کے اور ولید بن القعقاع کے درمیان سخت لڑائی ہوئی اور بشرہ نے اسے ولید بن القعقاع کے حوالے کر دیا ولید نے اسے پچھاڑا اور قید کر دیا تھا۔

ابو العباس کی حسن بن قحطبہ کو ہدایت:

بیان کیا جاتا ہے کہ جب ابن ہبیرہ سے لڑنے کے لیے ابو العباس نے ابو جعفر کو واسط روانہ کیا تو اس نے حسن بن قحطبہ کو لکھا کہ یہ فوج تمہاری ہے تم میرے سپہ سالار ہو اور سپہ سالار تمہارے ماتحت ہیں مگر میں چاہتا ہوں کہ میرا بھائی بھی اس جنگ میں موجود رہے اس لیے میں اس کو بھیجتا ہوں تم اس کی فرمانبرداری کرنا خیر خواہی اور خلوص نیت سے اس کا ساتھ دینا۔ اسی مضمون کا دوسرا خط اس نے ابو نصر مالک بن الہیثم کو لکھا تھا چنانچہ منصور کے آنے سے حسن ہی اس تمام فوج کا سربراہ کار رہا۔

اسی سال ابو مسلم نے محمد بن الاشعث کو فارس بھیجا اور ہدایت کر دی کہ وہ ابو سلمہ کے مقرر کردہ تمام عمال کو پکڑ کر قتل کر دے اس نے حسب حکم عمل کیا۔

امارت فارس پر عیسیٰ بن علی کا تقرر:

اسی سال ابو العباس نے اپنے چچا عیسیٰ بن علی کو فارس کا والی مقرر کر کے فارس بھیجا اس سے پہلے محمد بن الاشعث فارس کا امیر تھا جب عیسیٰ وہاں آیا تو محمد بن الاشعث نے اسے قتل کر دینا چاہا لوگوں نے کہا مگر اس فعل کے نتائج آپ کے لیے خوش گوار نہ ہوں گے ابن الاشعث کہنے لگا میں کیا کروں مجھے ابو مسلم نے یہ ہدایت کر دی ہے کہ اس کے مقرر کردہ عاملین کے علاوہ اگر کوئی دوسرا ولایت کا دعویٰ کرے تو میں اسے قتل کر دوں مگر پھر وہ اس فعل کے عواقب سے ڈر کر اپنے ارادے سے باز رہا۔ اس پر عیسیٰ نے مستقل قسم کھا کر یہ عہد کیا کہ اب تمام عمر نہ وہ کسی منبر پر چڑھے گا اور سوائے جہاد کے علاوہ وہ کبھی تلوار باندھے گا چنانچہ اس کے بعد عیسیٰ نے نہ کبھی کوئی ولایت کی اور سوائے جہاد کے موقع کے سوا کبھی تلوار حمائل کی اس کے بعد ابو العباس نے اسماعیل بن علی کو فارس کا والی مقرر کر کے فارس بھیجا۔

ابو العباس کے عمال:

ابو العباس نے اپنے بھائی ابو جعفر کو جزیرہ، آذربائیجان اور آرمینیا کا والی مقرر کیا اور دوسرے بھائی یحییٰ بن محمد بن علی کو موصل کا والی مقرر کیا اپنے چچا داؤد بن علی کو کوفہ اور سواد کوفہ کی ولایت سے علیحدہ کر کے اس کی جگہ عیسیٰ بن موسیٰ کو مقرر کیا اور داؤد کو مدینہ، مکہ، یمن اور طائف کا والی مقرر کیا اسی سنہ میں مروان نے اپنے قتل یا ہزیمت کے اثنا ولید بن عروہ کو مدینہ کی ولایت سے علیحدہ کر کے اس کے بجائے اس کے بھائی یوسف بن عروہ کو مدینہ کا والی مقرر کیا۔ واقدی کہتا ہے کہ یوسف ۲۸ ربیع الاول کو مدینہ آیا۔ عیسیٰ بن موسیٰ نے ابن ابی لیلیٰ کو کوفہ کا قاضی مقرر کیا اس سال سفیان بن معاویہ المہلبی بصرہ کا عامل تھا اور حجاج بن ارطاۃ بصرے کے قاضی تھے محمد بن الاشعث فارس کا امیر تھا منصور بن جمہور سندھ کا امیر تھا عبداللہ بن محمد جزیرہ آذربائیجان اور آرمینیا کا والی تھا۔ یحییٰ بن محمد موصل کا والی تھا عبداللہ بن علی علاقہ شام کا والی تھا ابو عون عبدالملک بن یزید مصر کا امیر تھا۔ خراسان اور جبال کا امیر ابو مسلم تھا خالد بن برمک خراج کا افسر تھا۔

امیر حج داؤد بن علی:

اس سال داؤد بن علی بن عبداللہ بن العباس کی امارت میں حج ادا ہوا۔

۱۳۳ھ کے واقعات

امارت بصرہ پر سلیمان بن علی کا تقرر:

اس سال ابوالعباس نے اپنے چچا سلیمان بن علی کو بصرہ اور اس کے تمام ضلعوں، دجلہ، بحرین، عمان اور مہرجانقذق کا والی بنا کر بھیجا اور اس نے اپنے چچا اسمٰعیل بن علی کو ضلع اہواز کا عامل مقرر کیا۔

داؤد بن علی کا انتقال:

اسی سال داؤد بن علی نے بنی امیہ کے ان افراد کو قتل کر دیا جو ان کے ہاتھ آئے۔ [illegible] اسی سال اس نے مدینہ میں ربیع الاول کے مہینے انتقال پایا [illegible] اس کی مدت امارت تین مہینے [illegible] مرتے ہوئے اس نے اپنے بیٹے موسیٰ کو اپنے مقام پر قائم مقام مقرر کر دیا تھا۔

زیاد بن عبیداللہ کی امارت:

جب ابوالعباس کو داؤد کے مرنے کی اطلاع ہوئی تو انہوں نے مکہ، مدینہ، طائف اور یمامہ پر اپنے ماموں زیاد بن عبیداللہ بن عبدالمدان الحارثی کو والی مقرر کیا۔ اور یمن پر محمد بن یزید بن عبداللہ بن عبدالمدان کو۔ محمد جمادی الاولیٰ میں یمن پہنچ گیا اور زیاد مدینہ چلا گیا۔ [illegible] ابراہیم بن حسان السلمی کو جو ابو حماد الابرص کہلاتا تھا مثنیٰ بن یزید بن عمر بن ہبیرہ کے مقابلہ کے لیے جو یمامہ میں تھا روانہ کیا۔ ابو حماد نے اسے اور اس کے ساتھیوں کو قتل کر دیا۔

امارت مصر پر ابوعون کا تقرر:

اسی سال ابوالعباس نے ابوعون کو [illegible] ربیع الثانی [illegible] مصر کا والی مقرر کیا [illegible] صالح بن علی کو تمام فلسطین کا بھی عامل بنا دیا۔

اسی سال [illegible] اس کی شہر پناہ [illegible] کر دیا۔

شریک بن شیخ المہری کا خروج:

اس سال شریک بن شیخ المہری نے خراسان کے شہر بخارا میں ابو مسلم کے خلاف خروج کیا۔ اس نے کہا کہ ہم نے محمد ﷺ کی اتباع اس لیے نہیں کی ہے کہ خون بہائیں اور حق کے خلاف عمل کریں۔ تیس ہزار سے زیادہ آدمی اس کے ساتھ ہو گئے۔ ابو مسلم نے زیاد بن صالح الخزاعی کو اس کے مقابلہ پر بھیجا۔ زیاد نے [illegible] اسے قتل کر دیا۔

ابو داؤد خالد بن ابراہیم کی ختل میں آمد:

اسی سال ابو داؤد خالد بن ابراہیم وخش سے ختل آیا اور ختل میں داخل ہو گیا۔ حنش بن السبل ختل کے بادشاہ نے اس کی کوئی مزاحمت نہیں کی [illegible] دہقانوں میں سے کچھ لوگ اس کے ساتھ قلعہ بند ہو گئے [illegible] دہقان درّوں، راستوں اور قلعوں میں لڑنے کے لیے تیار ہو گئے۔ جب ابو داؤد نے حنش کو بالکل تنگ کر دیا تو وہ رات کو اپنے دہقانوں اور [illegible]

کا ارادہ کر کے قلعہ سے نکل گئے یہ جماعت وہاں سے فرغانہ آئی وہاں سے بھی ترکوں کے علاقے سے گزر کر بادشاہ چین کے پاس پہنچ گئی۔ ابوداؤد نے ہر اس شخص کو قیدی بنایا جس پر اس کا بس چلا اور یہاں سے اس نے ان سب کو ابو مسلم کے پاس بھیج دیا۔

متفرق واقعات:

اس سال سلیمان الاسود نے باوجود وعدہ امان دینے کے بعد عبدالرحمن بن یزید بن المہلب کو قتل کر دیا۔

اس سال صالح بن علی نے سعید بن عبداللہ کو دروں سے آگے کے جو روم ہے گرمیوں کی مہم میں جہاد کرنے روانہ کیا۔

اس سال یحییٰ بن محمد موصل کی ولایت سے معزول کر دیا گیا اور اس کی جگہ اسماعیل بن علی موصل کا والی مقرر ہوا۔

امیر حج زیاد بن عبیداللہ و عمال:

اس سال زیاد بن عبیداللہ الحارثی کی امارت میں حج ہوا۔ عیسیٰ بن موسیٰ کوفہ اور اس کے علاقے کا والی تھا۔ ابن ابی لیلیٰ قاضی تھے بصرہ اس کے توابع کور دجلہ، بحرین، عمان، عرض اور مہرجانقذق پر سلیمان بن علی والی تھا۔ عباد بن منصور اس علاقے کے قاضی تھے اسماعیل بن علی اہواز کا والی تھا۔ محمد بن الاشعث فارس کا امیر تھا۔ منصور بن جمہور سندھ کا امیر تھا۔ خراسان اور جبال کا امیر ابو مسلم تھا۔ عبداللہ بن علی قنسرین، حمص، دمشق اور اردن کا والی تھا صالح بن علی فلسطین کا والی تھا عبدالملک بن یزید ابو عون مصر کا والی تھا۔ عبداللہ بن محمد المنصور جزیرہ کا والی تھا۔ اسماعیل بن علی موصل کا والی تھا۔ صالح بن صبیح آرمینیہ کا والی تھا۔ مجاشع بن یزید آذربائیجان کا والی تھا۔ خالد بن برمک منشی (الخراج) تھا۔

۱۳۴ھ کے واقعات

بسام بن ابراہیم کی بغاوت:

ابو ہبار المزنی بیان کرتے ہیں کہ جب ۱۴۰ھ میں ابوجعفر نے حج کیا تو اس سے پہلے محمد و ابراہیم عبداللہ کے بیٹے روپوش تھے مگر حج کے موسم میں یہ حاضر آئے اور انھوں نے ابوجعفر کو قتل کر دینا چاہا۔ اشتر عبداللہ بن محمد بن عبداللہ نے ان سے کہا کہ میں اس کا کام تمام کیے دیتا ہوں مگر محمد نے اسے منع کیا اور صرف اتنا کہا کہ تاوقتیکہ ہم اسے اپنی بیعت کی دعوت نہ دیں تم اسے یکایک قتل نہ کرو۔ اسی اختلاف رائے کی وجہ سے ان کا تمام منصوبہ بگڑ گیا۔ اس سازش میں ابوجعفر کا ایک خراسانی سپہ سالار بھی ان کے ساتھ ہو گیا تھا۔ اسمٰعیل بن جعفر بن محمد الاعرج ابوجعفر کے سامنے آئے اور انھوں نے اس سازش کی ان کو اطلاع دی۔ ابوجعفر نے اس خراسانی سردار کو گرفتار کرنے کے لیے آدمی بھیجے مگر وہ ہاتھ نہ آیا البتہ اس کے بعض ساتھی پکڑ لیے گئے۔ اس کا ایک غلام جس کے پاس تقریباً دو ہزار دینار تھے اور خود وہ سردار قتل کیے جانے کے ڈر سے اس روپیہ کو لے کر محمد سے جا ملا۔ محمد نے وہ روپیہ اپنے ساتھیوں میں تقسیم کر دیا۔

ابو ہبار کا خراسانی سردار کے متعلق بیان:

ابو ہبار کہتے ہیں کہ محمد کے حکم سے میں نے اس شخص کے لیے اونٹ خریدے ان اونٹوں کے لیے تیار کیا اور ایک کجاوے میں سوار کر کے میں اسے مدینہ لے گیا اور مدینہ تک اسے پہنچا دیا۔ جب محمد مدینہ آیا تو اس نے اس شخص کو اپنے باپ عبداللہ کے پاس ٹھہرا دیا اور بعد ازاں ان دونوں کو خراسان کی ایک سمت بھیجا۔ ابوجعفر نے اس سردار کے آدمیوں کو جن پر اس کی وجہ سے بدگمانی تھی قتل کرا دیا۔

زیاد بن عبیداللہ کی معطلی:

محمد بن یحییٰ بن محمد اپنے دادا کی روایت بیان کرتے ہیں کہ انھوں نے کہا کہ میں ایک دن صبح سویرے زیاد بن عبیداللہ سے ملنے گیا اس زمانہ میں ابوجعفر مدینہ میں تھے۔ زیاد نے مجھ سے کہا آج رات میرے ساتھ عجیب واقعہ پیش آیا امیر المومنین کے مدینہ آنے کی وجہ سے زیاد مروان کا قصر چھوڑ کر اپنے مکان واقع قصر بلاط میں ان دنوں سکونت پذیر تھا رات کے وقت امیر المومنین کے حاجب میرے دروازے پر آئے اور اسے کھٹکھٹایا اس وقت سوائے پہرہ داروں کے اور کوئی گھر میں نہ تھا میں ہڑبڑا کر اٹھا خواب گاہ سے نکلا میں نے اپنے غلام سے کہا جا کر دیکھو کہ دروازے پر کون ہے۔ یہ سمجھا کہ دیکھا اور ان کو جواب دے دیا کہ یہ لوگ امیر المومنین کے حاجب ہیں۔ تب بھی تم لوگ آئے۔ یہ ان سے ذکر کر کے وہ بہت دیر تک کھٹکھٹانے کے بعد واپس چلے گئے اور پھر پلٹ کر آئے اور اب انھوں نے ایک گھڑی انتظار کے بعد دروازہ کھٹکھٹایا چونکہ ایسے تھے جو ایک دوسری مرتبہ بھی ان کے پاس رہتے ہوں گے اور اب ان لوگوں نے کہا کہ دروازہ کھولو انھوں نے دروازہ پیٹا اور خوب چیخا چلایا مگر اس مرتبہ بھی کسی نے ان کو جواب نہیں دیا وہ واپس چلے گئے اور ایک گھڑی کے بعد پھر لوٹ آئے اور اس مرتبہ تو انھوں نے اپنا دم بھی کھا دیا کہ اس پر کسی طرح ضبط نہیں ہو سکتا تھا مجھے تو یہ گمان ہوا کہ شاید پورا مکان ان کے سر پر گر پڑے گا میں نے مجبوراً دروازہ کھولنے کا حکم دیا میں ان کے پاس گیا انھوں نے مجھ سے فوراً چلنے کو کہا بلکہ وہ تو مجھے کندھوں پر لاد کر لے چلے میں ان کے ہاتھ کی آواز سنتا تھا اسی طرح کشاں کشاں وہ مجھے مروان کے مکان تک لے آئے یہاں سے دو شخصوں نے میرے مونڈھے تھامے اور زمین سے اٹھا کر تھامے ہوئے لے چلے اسی طرح وہ مجھے قبل کے حجرہ میں لائے۔

زیاد سے ریاح کی گفتگو

[illegible]

زیاد بن عبید اللہ سے محمد و ابراہیم کے متعلق استفسار

[illegible]

عبداللہ کا منصور کو قتل کرنے کا ارادہ

[illegible]

ابو جعفر منصور کے جاسوس کی گرفتاری

[illegible]

مدینہ آکر جب تم ابن حسن سے ملاقات کرو اس سے محمد کا پتہ پوچھنا اس نے کہا وہ کیسے کہ وہ جنگل میں ہے پتہ نہیں لگا کہ پہلے تم علی بن حسن کے پاس جاؤ وہ بہت عبادت گزار ہیں وہ اغر پکارے جاتے ہیں وہ مقام ذی الجدر میں سکونت پذیر ہیں وہ تم کو محمد کا پتہ بتا دیں گے۔ چنانچہ علی بن حسن کے پاس وہ آیا اور انہوں نے محمد کی طرف اس کی رہنمائی کی۔

محمد کی مدینہ سے روانگی:

ابو جعفر کا ایک کاتب مرتضیٰ شیعہ تھا اس نے محمد عبداللہ بن حسن کو اس جاسوس کے حالات اور اس کے بھیجے جانے کی غرض سے مطلع کر دیا تھا۔ چنانچہ جب وہ خط عبداللہ کو ملا بہت پریشان ہوئے انہوں نے ابو ہبار مزنی کو علی بن حسن اور محمد کے پاس دوڑایا کہ جا کر ان دونوں کو متنبہ کر دے۔ ابو ہبار علی کے پاس آئے علی نے کہا میرے پاس تو ایک شخص آیا تھا جو محمد کے پاس پہنچ گیا ہے جو کہتا ہے۔ جب میں محمد کے پاس ان کے مقام پر پہنچا تو ایک شخص بیٹھا ہوا تھا اس کے ساتھ محمد بن عبداللہ بن عامر اسلمی اور اسلم کے دونوں بیٹے اور دوسرے لوگ اور وہ جاسوس بیٹھے تھے اس کی آواز سب سے بلند تھی۔ ہنس رہا تھا اور وہ دوسروں سے بہت خوشی کا اظہار کر رہا تھا مگر مجھے دیکھتے ہی آثار پریشانی اور اضطراب اس کے چہرے سے نمایاں ہو گئے۔

ابو ہبار کا محمد بن عبداللہ کو جاسوس کے متعلق مشورہ:

میں بھی یاران محبت کے ساتھ مجلس میں آیا اور تھوڑی دیر تک بیٹھ کر باتیں کرتا رہا۔ اس کے بعد میں نے محمد کے کان میں کہا کہ میں تم سے علیحدہ کچھ کہنا چاہتا ہوں وہ مجلس سے اٹھ آئے۔ میں بھی ان کے ساتھ اٹھ آیا اور تخلیہ میں میں نے اس شخص کا سارا واقعہ سنایا محمد نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا اور مجھ سے پوچھا کہ اب کیا کرنا چاہیے میں نے جواب دیا کہ تم ان میں سے کسی ایک پر عمل کرو انہوں نے کہا اچھا وہ کیا ہے؟ میں نے کہا مجھے اجازت دو میں اسے قتل کر دیتا ہوں محمد نے کہا میں بغیر مجبوری کے کسی کے خون کا ارادہ نہیں رکھتا اب اس کے سوا کیا کہنا چاہتے ہو پھر اس نے کہا اور کیا مشورہ دیتے ہو میں نے کہا تو پھر بہتر ہے کہ اسے بھاری بھاری بیڑیاں پہنا کر اپنے ساتھ قید رکھو اور جہاں تم جاؤ اسے بھی لے جاؤ محمد نے کہا کہ خوف و ہراس کی حالت میں ہمیں اتنی فرصت کہاں نصیب ہے کہ ہم اس طرح اسے ساتھ لیے پھریں پھر محمد نے کہا کچھ اور کیا مشورہ دیتے ہو میں نے کہا مناسب یہ ہے کہ اسے مقید کر کے جہینہ کے اپنے کسی خاص معتمد آدمی کے پاس چھوڑ دو محمد نے کہا ہاں یہ مناسب ہے ایسا ہی میں کرتا ہوں۔

جاسوس کا فرار:

اب ہم دونوں واپس آئے مگر ہم نے دیکھا کہ وہ شخص غائب ہے وہ بھاگ چکا تھا ہم نے اور لوگوں سے دریافت کیا۔ انھوں نے کہا کہ اس نے پانی کی چھاگل اٹھائی اس میں سے کچھ پانی گرا دیا اور پھر اس ٹیکری کے پیچھے طہارت کی غرض سے چلا گیا۔ اب ہم نے اس کی تلاش میں تمام پہاڑ اور اس کے اطراف کا علاقہ چھان مارا مگر اس کا پتہ نہ پایا معلوم ہوتا تھا کہ وہ زمین میں سما گیا ہے۔ دوسری طرف وہ جاسوس اپنے پیروں بھاگ کر شاہراہ پر آ گیا جہاں اسے کچھ اعرابی مدینہ جاتے ہوئے ملے جن کے ساتھ اونٹوں پر سامان بار تھا اس نے ان میں سے ایک سے کہا کہ تم بوجھ سے خالی کر کے اس میں مجھے بٹھا دو اس طرح میں دوسری جانب کے بوجھ کے ہم پلہ ہو جاؤں گا اور تم کو اس قدر روپیہ معاوضہ میں دوں گا اس اعرابی نے یہ بات مان لی اور ایک جانب کا بوجھ خالی کر کے اس جاسوس کو اس میں سوار کر کے مدینہ پہنچا دیا۔

وبر المزنی کی گرفتاری:

مدینہ سے وہ شخص ابوجعفر کے پاس آیا جس سے سارا ماجرا بیان کیا مگر وہ ابو ہبار کے نام و ولدیت کو بھول گیا اور بجائے اس کے اس نے وبر کہہ دیا ابوجعفر نے وبر المزنی کی تلاش کرائی۔ چنانچہ ایک شخص وبر مزنی اس کے پاس بھیج دیا گیا انھوں نے اس سے محمد کا قصہ دریافت کیا اور جو جاسوس نے واقعہ بیان کیا تھا اس کی تصدیق چاہی اس نے انکار کیا کہ میں ان واقعات سے قطعی نابلد ہوں ابوجعفر کے حکم سے سات سو درے اس کے مارے اور اسے قید کر دیا گیا یہ شخص ابوجعفر کے انتقال تک قید میں رہا۔

محمد بن عبداللہ سے زیاد بن عبیداللہ کا حسن سلوک:

ابوجعفر نے اب محمد کی تلاش میں بہت زیادہ سختی شروع کی۔ اور زیاد بن عبیداللہ الحارثی سے مطالبہ کیا کہ جو رقم اس نے دی تھی اسے پورا کرے ایک مرتبہ محمد مدینہ آئے ہوئے تھے زیاد کو ان کے آنے کی اطلاع ہوئی زیاد ان کے ساتھ بہت مہربانی سے پیش آیا اور اس نے وعدہ امان دے کر اس سے یہ خواہش کی کہ تم میرے ساتھ اہل مدینہ کو اپنا چہرہ دکھا دو۔ محمد نے اس کا وعدہ کیا زیاد بن عبیداللہ صبح سویرے سوار ہوا اور اس نے محمد سے وعدہ لیا تھا کہ میں چوک بازار میں لوگوں کا مجمع کروں گا۔ تمام لوگ دیکھتے رہے محمد اس وقت نمودار ہوئے کہ چہرے پر کپڑا تھا زیاد نے اس کے پاس کھڑے ہو کر زور سے یہ بات کہا کہ دیکھو یہ محمد بن عبداللہ بن حسن موجود ہیں۔ پھر دوسری طرف اس نے محمد سے کہا کہ اب جہاں تمہارا جی چاہے چلے جاؤ اس کے بعد محمد روپوش ہو گیا اس واقعہ کی متواتر خبریں ابوجعفر کو پہنچیں۔

محمد بن عبداللہ کی روپوشی:

ایک دن ابراہیم بن عبداللہ بازار سے چلے تھے اس نے کہا ان کے پیچھے زرہ پوش لوگ تھے زیاد نے جب یہ معلوم کیا وہ کہنے لگا اے اللہ تو گواہ رہنا کہ ابوجعفر مجھ سے بدگمان ہو گئے ہیں میں تمہارے ساتھ کوئی برائی نہیں کروں گا۔

بعض لوگ یہ بھی روایت بیان کرتے ہیں کہ زیاد سوار ہو کر محمد کو بازار میں لے کر آیا تھا۔ دیکھتے ہی لوگوں نے مہدی مہدی کے نعرے بلند کیے محمد روپوش ہو گیا اور پھر خروج تک وہ ظاہر نہیں ہوا۔

زیاد بن عبیداللہ کی گرفتاری:

جب اس واقعہ کی مسلسل خبریں ابوجعفر کو پہنچیں انھوں نے ابوالازہر ایک خراسانی کو ایک خط دے کر مدینہ بھیجا اور اس کو اسے یہ ہدایت کی کہ یہ خط وہ مدینہ کے قریب مقام اعوص پر پہنچ جانے کے بعد پڑھے جب اعوص پہنچ کر اپنا خط پڑھا اس میں عبدالعزیز بن المطلب بن عبداللہ کی ولایت مدینہ کا حکم مرقوم تھا جو زیاد بن عبیداللہ کے آدمی تھے زیاد کو قید کیا اور اس کی جائداد ضبط کر لی گئی اور جہاں اس کی کوئی چیز ملی اس پر قبضہ کر لیا گیا اس کے متعلقین و عمال کو گرفتار کر کے زیاد کے ساتھ ابوجعفر کے پاس بھیج دیا گیا۔

ابوالازہر ۲۳ / جمادی الآخر ۱۴۱ھ میں مدینہ آیا زیاد اس وقت سواری پر تھا ابوالازہر نے اسے دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ سواری کے لیے گیا ہے ہرکاروں نے جا کر ابوالازہر کے آنے کی اس کو اطلاع دی وہ فوراً تیزی سے واپس آیا اور مروان کے مکان میں جلوس پذیر ہوا ابوالازہر نے اس کے پاس جا کر ابوجعفر کے خط کا ایک حصہ حوالے کیا جس میں اسے یہ حکم دیا تھا تعمیل ارشاد کا حکم تھا اس نے بصد رنج و غم اس کو قبول کیا اور اس سے کہا کہ جو حکم ہو بجا لاؤ ابوالازہر نے کہا کہ عبدالعزیز بن مطلب

کر بلا بھیجا اس کے آنے کے بعد ابوالازہر نے دوسرا خط عبدالعزیز کو دیا جس میں یہ بات کہی گئی تھی کہ تم ابوالازہر کی ہدایت پر عمل کرو۔ عبدالعزیز نے چابیاں دے دیں اس کے لیے آمادگی ظاہر کی اس کے بعد اس نے تیسرا خط زیاد کے حوالے کیا جس میں یہ عبدالعزیز کو اپنی خدمت کا چارج دینے کا حکم دیا گیا تھا اور اب اس نے عبدالعزیز کو اس کام پر مقرر کر دیا اور حکم دیا کہ تم ابو یحییٰ کی نگرانی میں چلے جاؤ۔

معزول زیاد بن عبیداللہ کا احترام:

جب محمد زیاد کو بیڑیاں پہنا کر لے گئے اس کے مال و متاع کو ضبط کر لیا گیا سرکاری خزانے میں پچاسی ہزار دینار تھے اس کے تمام عامل بھی یا تو گرفتار کر کے اس کے ساتھ یا بعد میں ابوجعفر کے پاس پہنچا دیئے گئے جب یہ مدینے کی گلیوں سے گزرے تو اس کے دوسرے ماتحت اہل کاروں اور عہدے داروں نے عزت سے جھک کر اسے سلام کیا ان کے اظہار رنج اور دلی ہمدردی سے زیاد اس قدر متاثر ہوا کہ کہنے لگا کہ میرا باپ تم پر سے قربان ہو اگر ابوجعفر تم کو اس طرح مجھے سلام کرتے دیکھ لیں تو پھر مجھے اس کی کچھ پرواہ نہیں ہے کہ میرا کیا حشر ہوگا۔

محمد بن عبدالعزیز کا فرار:

علی بن عبدالحمید کہتا ہے کہ ہم لوگ زیاد کی معیت کے لیے ساتھ چلے ایک رات میں اس کے محمل کے نیچے تھا تو اس نے مجھ سے کہا کہ سوائے اس کے کہ عبداللہ کے بیٹوں کا معاملہ ہوا ہے کہ میں نے ان کے ناطے کے خون کو بہت عزیز رکھا اور اس کے بدلے میں بیوی بچوں کی بھی پرواہ نہ کی کوئی قصور نظر نہیں آتا جو میں نے امیر المومنین کے خلاف کیا ہو۔ جب یہ جماعت شقرہ پہنچی تو ان میں سے محمد بن عبدالعزیز فرار ہو کر مدینے چلا آیا باقی ان لوگوں کو ابوجعفر نے قید کر دیا اور کچھ عرصے کے بعد رہا کر دیا۔

ایک دوسری روایت یہ ہے کہ ابوجعفر نے عصمت اور ابن ابی سبرہ کو محمد کی تلاش میں روانہ کیا عصمت وہ شخص ہے جس نے زیاد کو گرفتار کیا تھا اس وقت زیاد نے یہ شعر پڑھا

اکلفنی ذنب قوم لست منهم — وما جنت الشمال على يميني

ترجمہ: "میں ان لوگوں کے قصور میں پکڑا جا رہا ہوں جن سے میرا اپنا کوئی تعلق نہیں ہے اور اس قضیہ کی صورت یہ ہے کہ بائیں ہاتھ نے داہنے کے خلاف کاروائی کی ہے"۔

عمران بن ابی فروہ کا بیان:

عمران بن ابی فروہ راوی ہے کہ میں اور میرا بھائی ابوجعفر کا ایک فوجی سردار زیاد بن عبیداللہ کے پاس تھے جس وقت کہ ابوجعفر نے ابوالازہر کو محمد و حسن کی گرفتاری کے لیے بھیجا تھا ہم اس کے پاس اکثر جاتے تھے ایک دن میں ابوالازہر کے ہمراہ بیٹھا تھا کہ اچانک ایک شخص آ کر اس سے چمٹ گیا اور کہنے لگا کہ میں محمد اور ابراہیم کے بارے میں ایک مخفی بات کہنا چاہتا ہوں ابوالازہر نے کہا دور ہو اس نے کہا اس میں امیر المومنین کی بھلائی ہے ابوالازہر نے کہا دور ہو جواب کیا ہو سکتا ہے جب کہ اس قضیہ میں ایک خلق کثیر کام آ چکی ہے مگر وہ شخص برابر چمٹا رہا اور اس نے چمٹ جانے سے انکار کر دیا ابوالازہر نے بھی اس سے تعارض کرنا چھوڑ دیا اور جب ذرا اندھیری رات آئی ابوالازہر نے اپنی تلوار سے اس کے پیٹ میں اس زور سے ایک ٹھوکا دیا کہ وہ ایک سمت کو جا پڑا۔

محمد بن خالد کا امارت مدینہ پر تقرر:

زیاد کے بعد ابوجعفر نے محمد بن خالد کو مدینہ کا والی مقرر کر دیا اور اسے حکم دیا کہ وہ محمد کی تلاش میں کوشش کرے اور بیت کی بہت سی دولت اس کام کے لیے جس قدر روپیہ چاہے صرف کرے۔ یہ مطلب بن عبداللہ کے خزانہ دار جب ۱۴۴ھ میں مدینہ آیا اس کے مدینہ آنے کی اہل مدینہ کو اس وقت تک کوئی اطلاع نہیں ملی تھی جب تک کہ اس کے قاصد نے خط دے کر یہ تمام لوگوں اور طرق کے درمیان مدینہ سے صرف ایک دو دن کی مسافت ہے آتے ہی اس نے وہاں کی بیت المال کی اطلاع پا کر بیت المال میں ستر ہزار دینار اور دس لاکھ درہم ملے اس نے اس رقم کثیر کو محمد کی تلاش کی مد میں صرف کر دیا اور جو حسابات ابوجعفر کو بھیجے ان میں اکثر خرچ اسی مد میں دکھایا مگر اس قدر زر کثیر کے صرف کے بعد بھی جب محمد کی گرفتاری میں کامیابی نہیں ہوئی تو ابوجعفر نے اسے بالکل جعلی تصور کیا اور اس رقم کی وجہ سے وہ محمد بن خالد کی طرف سے مشتبہ ہو گئے۔

اہل مدینہ کی خانہ تلاشی:

ابوجعفر نے اسے مدینہ کی پوری خانہ تلاشی لینے کا حکم دیا محمد بن خالد نے اپنے اہل لشکر کو حکم دیا کہ کسی ایسے شخص سے معاملہ کرو جو محمد کا پتہ بتا دے انھوں نے رباح القاضی کو سے معاملہ کیا یہ ایک ہزار دینار پر لوگوں سے اہم کاموں کے لیے معاملہ کرتا تھا مگر یہ ساری رقم بھی بے کار گئی اور کوئی پتہ نہ چلا اب سرکاری عہدے داروں نے تمام مدینہ کی خانہ تلاشی کی ٹھانی۔ قسری نے اہل مدینہ کو حکم دیا کہ وہ ساٹھ روز تک اپنے گھروں سے قدم باہر نہ نکالیں۔ اس اثناء میں اس کے ہرکارے اور سپاہی گھر گھر کی خانہ تلاشی کرتے پھرے مگر کوئی پتہ محمد کا نہ چلا اس ڈر سے کہ خود اس کے عہدے داروں کو دو اور فریق رشوت دے کر اپنے ساتھ نہ ملا لے قسری نے اپنے تمام عہدے داروں کو چیک لکھ کر دیئے تھے مگر جب اس میں بھی کامیابی نہ ہوئی اور ابوجعفر کو اس قدر رقم کا خرچ محسوس ہوا انھوں نے محمد بن خالد القسری کو مدینہ کی ولایت سے علیحدہ کر دیا۔

ابوجعفر کا محمد بن عبداللہ کے متعلق ابوالعلاء سے مشورہ:

ابن قبہ راوی ہے کہ محمد اور ابراہیم کے معاملے کو ابوجعفر بہت ہی اہم خیال کرنے لگے انھوں نے ابو العلاء قیس عیلان کے ایک شخص کو بلا کر اس سے ان دونوں کے معاملے میں مشورہ چاہا اور ان کی طرف سے اپنی فکر و پریشانی کو ظاہر کیا اس نے کہا میں یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ اس کام کے لیے آپ زبیر یا طلحہ کی اولاد میں سے کسی شخص کو متعین کیجیے وہ بھلا دے گا کہ ان دونوں کی تلاش کرے گا اور میں یقین کامل رکھتا ہوں کہ تھوڑے ہی عرصہ میں وہ ان دونوں کو تمہارے پاس لے آئے گا۔ انھوں نے کہا تمہاری رائے تو صائب ہے خود میرے ذہن میں بھی یہ بات آئی تھی مگر میں اللہ سے عہد کر چکا ہوں کہ اپنے اور ان کے مشترک دشمن کو اپنے خاندان والوں پر متعین نہ کروں گا البتہ عرب کے ایک شہسوار کو اس کام پر مقرر کرتا ہوں اور وہ اس کو سر انجام کرے گا۔

امارت مدینہ پر ریاح بن عثمان کا تقرر:

موسیٰ بن عبدالعزیز بیان کرتا ہے کہ جب ابوجعفر نے محمد بن خالد کو ولایت مدینہ سے علیحدہ کر دینے کا ارادہ کیا وہ ایک دن سواری کے لیے چلے اپنے مکان سے نکلے تھے کہ یزید بن اسید السلمی نظر آیا ابوجعفر نے اسے بلایا اور وہ بھی ان کے ساتھ ہو لیا پھر اس نے کہا تم مجھے قیس کا کوئی ایسا نوجوان بہادر آدمی بتاؤ کہ میں اسے دولت مند بنا دوں اس کا مرتبہ بلند کروں اور یمنی عربوں کے سردار

تھی ابن القسری نے جو اس کے حوالے کر دوں تا کہ وہ جس طرح چاہے اس کے ساتھ سلوک کرے یزید نے کہا مناسب ہے ایک شخص میرے پیش نظر ہے ابو جعفر نے پوچھا کون؟ اس نے کہا رباح بن عثمان بن حیان المری۔ ابو جعفر نے کہا کیا آپ کسی سے اس کا تذکرہ نہ کریں۔ وہ ادھر سے واپس آ گیا۔ انھوں نے بہت تیز رو اونٹنیاں اور ان کے زین سامان اور خود سے تیار کرائے اور اب ان کو حرکت کے لیے تیار کیا گیا۔ عشاء کی نماز پڑھ کر جب واپس آئے رباح کو بلایا اس سے عبداللہ کے بیٹوں کے معاملہ میں زیاد اور قسری کی مجمل انکاری اور بے دیانتی کی شکایت کی اور اس کو مدینہ کا والی مقرر کیا اور حکم دیا کہ اسی وقت اپنے گھر جانے سے پہلے ہی اپنے مستقر حکومت کو چلے جاؤ اور مدینہ جا کر ان دونوں کی تلاش میں پوری جدوجہد کام میں لاؤ۔ رباح پے در پے منزلیں طے کرتا ہوا ۲۳ رمضان ۱۴۴ھ کو جمعہ کے دن مدینہ پہنچ گیا۔

رباح بن عثمان کی منصور سے پیش گوئی

ربیع کہتا ہے کہ جب ان دونوں بھائیوں کی نوبت یہاں تک پہنچی کہ ابو جعفر اس کی وجہ سے سخت متردد و پریشان رہنے لگے اس زمانہ میں ایک دن میں ان کے پاس سے باہر آیا تھا یا اپنے گھر سے ان کے پاس جانے کے ارادے سے نکلا تھا کہ ایک شخص پر میری نظر پڑی اس نے میرے قریب آ کر کہا کہ میں رباح بن عثمان کا قاصد ہوں اور آپ کی خدمت میں بھیجا گیا ہوں انھوں نے آپ کو یہ پیام دیا ہے کہ اسے محمد اور ابراہیم کی ساری کیفیت کا علم ہے اور ان کے معاملہ میں والیوں نے مداہنت سے کام لیا ہے اگر امیر المومنین مجھے مدینہ کا والی بنا دیں تو میں ذمہ لیتا ہوں کہ ان کو پکڑ لوں گا اور سامنے لے آؤں گا میں نے امیر المومنین سے جا کر یہ بات کہہ دی انھوں نے اسی وقت اس کی ولایت کا فرمان لکھ دیا وہاں اور کوئی شخص اس وقت موجود نہ تھا۔

موسیٰ بن عبدالعزیز بیان کرتا ہے کہ رباح مروان کے محل میں پہنچ کر جب اس کے چبوترے کے پاس آیا تو اپنے بعض ہمراہیوں سے کہنے لگا کیا یہی مروان کا محل ہے انھوں نے کہا جی ہاں! کہنے لگا یہ بھی عجیب محل سرا ہے کہ آج ایک یہاں آ کر اترتا ہے اور دوسرے دن یہاں سے کوچ کر جاتا ہے ہم خود سب سے پہلے یہاں سے کوچ کرنے والوں میں ہوں گے۔

رباح بن عثمان کی عبداللہ بن حسن سے ملاقات:

زبیر بن المنذر، عبدالرحمن بن العوام کا مولی بیان کرتا ہے کہ رباح کے ساتھ اس کا ایک دربان ابو البختری نامی بھی مدینہ آیا چونکہ یہ ولید بن یزید کے زمانے میں میرے باپ کا دوست تھا اس تعلق کی وجہ سے میں اس سے ملنے جاتا تھا ایک دن اس نے مجھ سے کہا کہ رباح نے مروان کے قصر میں فروکش ہونے کے بعد مجھ سے کہا تھا کہ یہ محل سرا بھی عجیب ہے کہ ادھر یہاں کوئی آ کر فروکش ہوا اور تھوڑے سے ہی عرصہ میں کوچ کر گیا عبداللہ اسی قصر کی ایک کوٹھری میں اس راستے پر جو مقصورہ کو جاتا ہے قید تھا جہاں اسے زیاد نے قید کر رکھا تھا تو جب اور لوگ اس سے ملاقات کر کے چلے گئے تو رباح نے مجھ سے کہا کہ تم میرا ہاتھ پکڑو اور ہم اس شیخ کے پاس چلیں چنانچہ وہ مجھ پر سہارا دیے ہوئے عبداللہ بن حسن کے سامنے آ کر کھڑا ہوا اور کہنے لگا اے شیخ! امیر المومنین نے مجھے کسی قرابت کی وجہ سے یا کسی ایسے احسان کی وجہ سے جو میں نے ان کے ساتھ کیا ہو مجھے اس خدمت پر مامور نہیں کیا ہے بخدا! تم اس طرح مجھے اس معاملہ میں بے وقوف نہ بنا سکو گے جیسا کہ تم زیاد اور قسری کے ساتھ کرتے آئے ہو یا تو اپنے بیٹوں محمد اور ابراہیم کو حاضر کر دو ورنہ میں تمہاری جان نکال لوں گا۔

عبداللہ بن حسن کی ریاح کے متعلق پیشین گوئی:

اس پر اس نے سر اٹھایا اور کہنے لگا ہاں ٹھیک ہے تم ہی وہ ٹھگنے نیلگوں چشم شخص ہو جو اس قضیے میں بکری کی طرح ذبح کر دیا جائے گا۔ ابو البختری کہتا ہے کہ اب ہم وہیں آئے۔ عبداللہ کے کہنے کا اس پر یہ اثر ہوا کہ اس کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پڑ گئے اس کا ہاتھ میرے ہاتھ میں تھا مجھے اس کی سردی محسوس ہو رہی تھی اور اس کے دونوں پاؤں لڑکھڑا رہے تھے میں نے اس سے کہا کہ آپ اس کی بات پر توجہ نہ کیجئے یہ غیب سے واقف تھوڑے ہی ہیں کہنے لگا بخدا جو کچھ انہوں نے اس وقت کہا ہے یہ ضرور انہوں نے لوگوں سے سن کر کہا ہے راوی کہتا ہے کہ یہ شخص واقعی بکری کی طرح اس فتنے میں ذبح کر دیا گیا۔

محمد بن خالد اور رزام پر بہیمانہ تشدد:

ریاح نے مدینہ آ کر قسری کو قید کیا اور اس سے مروان کے روپے کا حساب مانگا۔ تو اس نے کہا میرا ایک منشی موجود ہے یہ مجھ سے زیادہ روپے کے حساب سے واقف ہے اس نے کہا میں تم سے یہ پوچھتا ہوں تم اپنے منشی کی پناہ لیتے ہو اس کے بعد ریاح کے حکم سے اس کی گردن دبائی گئی اور اس پر بے شمار کوڑے پڑے پھر اس نے اس کے منشی رزام کو جو اس کا مولیٰ بھی تھا گرفتار کیا اس پر سختی کرنے کی صورت یہ تھی کہ ایک دن بیچ اس کے ہاتھ گردن پر باندھ دیئے جاتے تھے اور صبح سے شام تک پندرہ کوڑے لگائے جاتے تھے اسے مسجد نبوی کے صحن اور شہر کے چوک میں پھرا کر کوڑے لگائے جاتے اس سے کہا جاتا کہ تو ابن خالد کے خلاف مواد دے۔ مگر اس نے اس سے قطعی انکار کر دیا۔ ایک رات اسے عمر بن عبداللہ الجہنی نے باہر نکالا اور کوڑے مارنا چاہے مگر دیکھا کہ اس کی دونوں پنڈلیوں سے لے کر گردن تک زخم ہی زخم ہیں مڑ کر اس سے کہا کہ آج صبح سے پیٹھ کی باری ہے تو کہاں کوڑے لگائیں وہ کہنے لگا بخدا! کف دست کے علاوہ میرے تمام جسم پر کوئی جگہ ایسی نہیں جہاں تم کوڑے لگا سکو کیونکہ ہر جگہ زخمی ہے اگر چاہتے ہو تو یہ ہتھیلیاں موجود ہیں ان پر کوڑے لگاؤ اس نے اپنی ہتھیلیاں سامنے کر دیں اور ان پر پندرہ کوڑے لگائے گئے۔

ریاح بن عثمان اور رزام:

ریاح کے آدمی برابر اس شخص کے پاس آتے اور اسے پھسلاتے رہتے کہ وہ کسی طرح سے ابن خالد کے خلاف مواد دے دے تو پھر اسے چھوڑ دیا جائے گا۔ اس نے ریاح سے کہلا بھیجا کہ تم مجھے چھوڑ دو میں ایک تحریر لکھتا ہوں ریاح نے رہائی کی ضمانت کر دی اور پھر اس سے اقرار لیا اور کہا کہ آج شام کو وہ تحریر پڑھ کر سب لوگوں کے سامنے سنا دو شام کے وقت ریاح نے پھر اپنا آدمی اس کے پاس بھیجا اور اسے بلایا وہ اس کے پاس آ گیا اس وقت بہت سے لوگ ریاح کے پاس بیٹھے تھے اس نے کہا اے لوگو! تم گواہ رہو کہ امیر نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں ایک تحریر لکھ کر دوں جس میں ابن خالد کی شکایت کروں میں نے اس قسم کی ایک تحریر لکھ دی ہے اور اس میں ابن خالد پر الزام عائد کیا ہے۔ مگر میں اب تم سب کو گواہ کرتا ہوں کہ جو کچھ میں نے اس میں لکھا ہے وہ سراسر جھوٹ اور غلط ہے۔ ریاح نے حکم دیا کہ اسے سو کوڑے لگائے جائیں چنانچہ اسے سو کوڑے مارے گئے اور پھر اسے جیل بھیج دیا گیا۔

عبداللہ بن محمد کی مدینہ کے متعلق روایت:

عبداللہ بن محمد بن عمران طلحی راوی ہے کہ جب اللہ نے حضرت آدم علیہ السلام کو جنت سے اتار کر جبل ابوقبیس پر کھڑا کیا تو تمام

زمین ان کے سامنے آیا۔ اللہ نے فرمایا [illegible] تمہارے لیے ہے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] شیطان [illegible] [illegible] حضرت سلیمان [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] شیطان [illegible] حضرت سلیمان [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ابوجعفر [illegible] [illegible]

ابوصفوان نصر بن قدید بن نصر بن سیار کہتا ہے کہ ابوجعفر کے پاس ایک ایسا آئینہ تھا جس میں دیکھ کر وہ دوست اور دشمن کو پہچان جاتے تھے۔

ریاح بن عثمان کی محمد بن عبداللہ کی تلاش:

حارث بن اسحاق راوی ہے۔ ریاح نے [illegible]

[illegible]

محمد بن عبداللہ کے [illegible] ہلاکت

[illegible]

[illegible]

محمد بن عبداللہ [illegible] کے متعلق روایت

[illegible]

[illegible] محمد بن عبداللہ [illegible]

[illegible]

بنی حسن کی [illegible] کا حکم

[illegible]

گیا۔ عبداللہ بن حسن اس کی قید میں تھا۔ اس وقت عبدالعزیز بن سعید نے ابوجعفر سے کہا کہ ایک طرف تو آپ محمد اور ابراہیم کے پکڑنے کی طرف توجہ دے رہے ہیں اور دوسری طرف بنات حسن [illegible] ان کے [illegible] شخص کا رعب لوگوں کے قلوب پر چھا گیا ہے۔ یہ بات عبدالعزیز ہی نے کی تھی اور یہ بات ان سب کی گرفتاری کا باعث ہوئی۔ ابوجعفر نے اس کے بعد عبدالعزیز سے پوچھا کہ یہ مشورہ تم کو کس نے دیا ہے یہ بات سمجھی تھی اس نے کہا کہ فلیح بن سلیمان نے۔ عبدالعزیز بن سعید کے مرنے کے بعد ابوجعفر کا [illegible] ہوا اور حاکم صدقات ہو گیا تو انہوں نے فلیح بن سلیمان کو اس کی جگہ مقرر کر دیا ابوجعفر نے بنی حسن کی گرفتاری کا حکم دے دیا۔

ابوجعفر نے ریاح کو حکم دیا کہ تم تمام بنی حسن کو گرفتار کر لو اور ان کو قید کر دو اس کے لیے انہوں نے ابو الازہر مہری کو مدینہ بھیجا انہوں نے اس سے پہلے ہی عبداللہ بن حسن کو قید کر دیا تھا اور وہ تین سال تک قید رہا۔ حسن بن حسن نے عبداللہ کے غم میں خضاب لگانا ترک کر دیا تھا اور ابوجعفر کہتے تھے کہ ان ماتم کی شکل بنانے سے کیا فائدہ ہوگا۔

بنی حسن کی گرفتاری:

ریاح نے حسن بن حسن کے بیٹوں ابراہیم اور حسن کو حسن بن جعفر بن حسن بن حسن رضی اللہ عنہ کو اور [illegible] بن حسن کے بیٹوں سلیمان اور عبداللہ کو اور ابراہیم بن حسن بن حسن رضی اللہ عنہ کے بیٹوں محمد، اسماعیل اور اسحاق کو اور عباس بن حسن بن حسن بن حسن بن علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کو قید کر لیا آخر الذکر اس کے گھر کے دروازے ہی پر گرفتار کیا گیا تو اس کی ماں عائشہ بنت طلحہ بن عمر بن عبیداللہ بن معمر نے کہا کہ ذرا ٹھہرو میں اس کے لیے [illegible] اسے چھوڑ دو تاکہ اسے لپٹا کر پیار کر لوں۔ مگر سرکاری عہدہ داروں نے اس سے انکار کر دیا اور کہا قسم [illegible] زندہ رہو [illegible] انہوں نے علی بن حسن بن حسن بن حسن [illegible] کو گرفتار کر لیا۔ ابوجعفر نے ان کے ساتھ علی کے بھائی عبداللہ بن حسن بن حسن رضی اللہ عنہ کو بھی قید کر دیا۔

ریاح بن عثمان کی حرکت:

اب ریاح نے اہل مدینہ اور عبداللہ کے بیٹوں محمد اور ابراہیم کو علی الاعلان گالیاں دینی شروع کیں ایک دن منبر پر کہا کہ یہ دونوں [illegible] ایک [illegible] برپا کرنے والے مفسد ہیں پھر ابو عبیدہ کی بیٹی ان کی ماں کا نام لیا اور اسے گالیاں دیں [illegible] سب لوگوں نے [illegible] کے لیے [illegible] اس پر اس نے [illegible] کا طلب کرنے کہا کہ ہمارے ان کو گالیاں دینے کی قسم [illegible] ہوتی ہے۔ تم نے [illegible] کے لیے مجبور کر دیا۔ [illegible] سے کیا تمہارے خلیفہ تمہاری مخالفت [illegible] شکایت لکھتے ہیں اس پر لوگوں نے کہا کہ اس شخص کے بیٹے جس پر [illegible] جاری ہوتی ہے [illegible] سب نے [illegible] پیچھے [illegible] اور [illegible] اس کے [illegible] کنکریاں [illegible] دیں گھر پھر [illegible] چلے گئے۔

علی بن محمد کی گرفتاری کا واقعہ:

مذکورہ بالا بنی حسن کے ساتھ موسیٰ بن عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی رضی اللہ عنہ بھی قید کر دیے گئے اسی طرح علی بن محمد بن عبداللہ بن حسن بن حسن [illegible] بھی مصر سے آنے کے بعد گرفتار کر لیا گیا۔

اس کا واقعہ یہ ہے کہ محمد نے اپنے بیٹے علی کو مصر بھیجا تھا، والی مصر نے اس کا پتہ چلا لیا۔ علی چونکہ اس پر حملہ کرنا چاہتا تھا اس نے اسے گرفتار کر کے ابوجعفر کے پاس بھیج دیا۔ اس نے ابوجعفر سے اپنے گرفتار ہونے کا اقرار کیا اور اپنے باپ کے طرفداروں کے نام بتا دیئے۔ جن لوگوں کے نام اس نے ابوجعفر کو بتائے تھے ان میں عبدالرحمن بن ابی الموالی اور ابوحنین بھی تھے۔ ابوجعفر نے ان دونوں کو قید کر دیا اور سو درے ابوحنین کو لگوائے۔

ایک مرتبہ حسن بن حسن بن حسن ابراہیم بن حسن کے پاس آیا اس وقت وہ اپنے اونٹوں کو چارہ کھلوا رہا تھا۔ حسن اس سے کہنے لگا کہ عبداللہ تو قید میں ہے اور تم یہاں اونٹ چرا رہے ہو، اے غلام ان کی رسی کھول دو۔ غلام نے ان کو چھوڑ دیا۔ ابراہیم نے انہیں واپس لانے کے لیے آواز دی مگر ان اونٹوں میں سے ایک بھی ہاتھ نہ آیا۔

علی بن عبداللہ کا بیان:

علی بن عبداللہ بن محمد بن عمر بن علی بیان کرتا ہے کہ ہم مقصورہ میں دربان کے دروازے پر حاضر ہوئے۔ نقیب نے آ کر کہا کہ بنی حسین میں سے جو لوگ یہاں ہوں وہ اندر آ جائیں۔ میرے چچا عمر بن محمد نے مجھ سے کہا کہ ذرا دیکھو تو یہ لوگ کیا کرتے ہیں۔ چنانچہ یہ لوگ باب مقصورہ سے اندر گئے اور باب مروان سے باہر نکل آئے۔ اس کے بعد نقیب نے کہا کہ بنی حسن یہاں ہوں آپ وہ اندر آ جائیں۔ چنانچہ یہ بھی باب المقصورہ سے داخل ہوئے اور دوسری طرف باب مروان سے لوہار اندر گئے پھر یہ پابجولاں ہو گئے۔

علی بن حسن کی گرفتاری کے لیے پیشکش:

عیسیٰ کا باپ راوی ہے کہ حسن بن زید کا یہ دستور تھا کہ وہ ہر ایک کی تنخواہ پوری کر دیتے اور قدامہ بن موسیٰ کو اپنے پاس بلا لیتا تھا اور ہم لوگ بیٹھ کر پڑھا کرتے تھے۔ ایک دن میں اس کے پاس بیٹھا تھا اور جب روشنی اچھی طرح پھیل گئی کہ ہم ایک دوسرے کی شکل پہچان سکیں اس وقت ایک شخص کپڑے سے منہ چھپائے سامنے آیا۔ حسن نے اسے خوش آمدید کہا اور کہا کہ آپ کیوں آئے ہیں اور کیا چاہتے ہیں؟ اس نے کہا میں چاہتا ہوں کہ آپ مجھے بھی میرے خاندان والوں کے ساتھ قید کر دیجیے۔ اب معلوم ہوا کہ یہ علی بن حسن بن حسن بن حسن ہے۔ حسن نے کہا مجھے تمہاری یہ بات امیر المومنین تک پہنچا دوں گا اور وہ اس بات پر ضرور تمہارا لحاظ کریں گے۔ اس نے اسے بھی قید کر دیا۔

سعید بن ناشر، جعفر بن سلیمان کا مولی، راوی ہے کہ محمد نے اپنے بیٹے علی کو مصر بھیجا تھا۔ یہ وہیں گرفتار کر لیا گیا اور ابوجعفر کی قید ہی میں اس کا انتقال ہوا۔

محمد بن عبداللہ کا عبداللہ بن حسن کو پیغام:

موسیٰ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ جب ہم سب قید کر دیئے گئے تو جیل خانہ میں گنجائش نہ رہی اور ہمیں تکلیف ہونے لگی۔ اس وجہ سے میرے باپ عبداللہ بن حسن نے ربیع سے کہا کہ آپ اجازت دیں تو میں ایک مکان خرید لیتا ہوں اور اس میں آپ ہمیں قید رکھیے۔ ربیع نے اسے منظور کر لیا۔ میرے باپ نے ایک مکان خرید لیا اور ہم سب اسی میں منتقل کر دیئے گئے۔ جب قید بہت طویل ہو گئی تو محمد اپنی ماں ہند کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ میں نے اپنے باپ اور چچاؤں کو سخت تکلیف میں مبتلا کر دیا ہے اب میں یہ برداشت نہیں کر سکتا میں نے ارادہ کر لیا ہے کہ اپنا ہاتھ ان کے ہاتھ میں رکھ دوں شاید اسی طرح انہیں رہائی نصیب ہو۔

عبداللہ بن حسن کی محمد بن عبداللہ کو نصیحت:

ان کی ماں نے یہ کیا کہ اپنی ہیئت بدل کر پرانے چیتھڑے گدڑے پہن کر ماماؤں کی طرح جیل آئی اسے اندر آنے کی اجازت دی گئی میرے باپ نے اسے دیکھ کر پہچان لیا اور خود اٹھ کر اس کے پاس گئے اس نے محمد کا قصہ کہا انھوں نے کہا اسے منع کردو کہ وہ ہرگز ایسا نہ کرے ہم اپنی جان پر صابر ہیں اور اللہ سے امید رکھتے ہیں کہ وہ اس میں ہمارے لیے بھلائی کرے گا تو چاہیے کہ اس سے کہہ دو کہ وہ اپنی حکومت کے لیے دعوت دے اور اس میں پوری کوشش کرے ہمارے مصائب کی کشائش اللہ کے ہاتھ میں ہے ان کی ماں نے واپس جا کر ساری گفتگو محمد سے بیان کر دی۔ اب محمد اپنے ارادے پر پوری طرح جم گئے۔ اسی سال حسن بن حسن بن علی کے بیٹوں پوتوں کو مدینہ سے عراق بھیج دیا گیا اس واقعہ کی تفصیل اور اس کے اسباب حسب ذیل ہیں۔

حسن بن حسن اور عبداللہ بن حسن کی گفتگو:

موسیٰ بن عبداللہ اپنے دادا کی روایت نقل کرتا ہے کہ جب ابوجعفر حج کرنے گئے تو انھوں نے محمد بن عمران بن ابراہیم بن محمد بن طلحہ اور مالک بن انس کو ہمارے اعزا کے پاس بھیجا اور درخواست کی کہ آپ عبداللہ کے بیٹوں محمد اور ابراہیم کو میرے حوالے کر دیں یہ دونوں آدمی ہمارے پاس آئے اس وقت میرے باپ عصر کی نماز پڑھ رہے تھے ان دونوں نے ان کو پیام پہنچا دیا اس پر حسن بن حسن نے کہا کہ یہ ان بدبخت کے بیٹوں کی حرکت ہے بخدا! یہ ہماری رائے نہیں ہے نہ ہمارے کنبہ کا ایسا خیال ہے علاوہ اس کے اس میں کچھ دخل ہے اس پر ابراہیم نے حسن کو خطاب کیا کہ آپ ان کے بیٹوں کی وجہ سے اپنے بھائی کو برا کہتے ہیں اور اپنے بھتیجے کو ان کی ماں کی وجہ سے کیوں برا کہتے ہیں اتنے میں میرے باپ نماز پڑھ کر واپس آگئے ان دونوں نے ان سے وہ پیام کہہ دیا انھوں نے ان کے جواب میں کہا بخدا! میں ایک حرف بھی اس کے جواب میں نہیں کہنا چاہتا۔ البتہ اگر وہ مجھے اجازت دیں تو میں خود ان کی خدمت میں حاضر ہوتا ہوں ان دونوں صاحبوں نے یہ پیام ابوجعفر کو پہنچا دیا اس پر ابوجعفر کہنے لگے کہ وہ اپنا جادو کر کے مجھے مسحور کرنا چاہتے ہیں بخدا! جب تک وہ اپنے دونوں بیٹوں کو حاضر نہیں کریں گے میں ان کو اپنے پاس نہیں بلاؤں گا۔

ابن زبالہ کہتا ہے کہ میں نے اپنے بعض علماء سے یہ بات سنی ہے کہ عبداللہ بن حسن کی تقریر میں یہ جادو بھرا تھا کہ جس کے ساتھ وہ ہم کلام ہوتے انھوں نے اسے اپنی رائے سے پھیر دیا۔

بنو حسن کی طلبی:

موسیٰ بن عبداللہ اپنے دادا کی روایت بیان کرتا ہے کہ اس کے بعد اسی سلسلہ میں ابوجعفر حج کرنے چلے گئے حج سے فارغ ہو کر مدینہ نہیں آئے بلکہ ربذہ چلے گئے اور اس کی سرحد پر پڑاؤ ڈالے حارث بن اسحاق کہتا ہے کہ بنو حسن ریاح کے پاس قید تھے کہ ابوجعفر ۱۴۰ھ میں حج کے لیے آئے ربذہ میں رہے تو ریاح ان سے ملا انھوں نے اسے مدینہ واپس جانے کا حکم دیا اور ہدایت کی کہ تم سب بنو حسن کو میرے پاس بھیج دو نیز ان کے ساتھ محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان کو بھی بھیج دو کیونکہ یہ بھی ماں کی طرف سے بنو حسن کا بھائی تھا ان سب کی دادی فاطمہ بنت حسین بن علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب تھیں۔

بنو حسن کی روانگی ربذہ:

ریاح نے اسے بھی طلب کیا یہ اس وقت بدر میں اپنی کسی جاگیر پر مقیم تھا وہاں سے ریاح نے مدینہ بلایا اور پھر اس کے

جائے [illegible] پڑھ رہے تھے [illegible] ان کے [illegible]
[illegible] عبداللہ بن حسن [illegible] ان کی [illegible]
گئے [illegible] بھائی [illegible]
[illegible] عبداللہ [illegible] پہچانا [illegible]
دو [illegible] جب [illegible] چلا۔

علی بن حسن کا استقلال و استقامت:

[illegible] راوی ہے کہ جب بنی حسن [illegible] لے جائے جا رہے تھے تو بیڑیوں [illegible] علی
بن حسن بن حسن اس وقت نماز پڑھ رہے تھے [illegible] ایک [illegible] کی [illegible]
[illegible] اور سب نے [illegible] جانے سے انکار کر دیا تھا جب [illegible] تو [illegible]
[illegible] معلوم ہو کہ لوگوں کی کیا حالت ہوگی [illegible] آگے [illegible]
بیڑیاں اس کے لئے ایسی ہوئیں۔

عبداللہ بن عمران کہتا ہے کہ ابراہیم بن حسن [illegible] تھا۔

بنی حسن کی شکل پر حسین بن زید کا اظہار تاسف:

حسین بن زید بن علی بن حسین کہتا ہے کہ جب صبح کی نماز کے بعد میں مسجد نبوی گیا تو میں نے دیکھا کہ بنی حسن کو مروان
کے قصر سے نکالا جا رہا ہے ابوالازہر ان پر متعین تھا اور ان کو [illegible] لے جا رہے تھے میں اپنے گھر واپس آ گیا اسی وقت جعفر بن محمد
نے مجھے بلا بھیجا میں ان کے پاس آیا انہوں نے پوچھا کیا واقعہ ہوا میں نے بتایا کہ میں نے دیکھا کہ بنی حسن کو محملوں میں [illegible]
[illegible] ایک [illegible] غلام [illegible] چادر [illegible]
جب وہ [illegible] تھوڑی دیر [illegible] عبداللہ [illegible]
[illegible] آ گئے [illegible] سب سے پہلے عبداللہ بن
حسن کا محمل [illegible] ایک [illegible] طریقہ [illegible] تمام [illegible]
ایک کر کے [illegible] جعفر آپ [illegible] گئے [illegible] میری طرف [illegible]
[illegible] عبداللہ [illegible] نہیں [illegible]

مصعب بن عثمان راوی ہے کہ جب بنی حسن کو قید کر کے لے گئے تو حارث بن عامر بن عبدالرحمن [illegible]
[illegible] کے پاس آ کر کہنے لگا [illegible] خدا کا شکر ہے [illegible] تمہارا [illegible] بنی حسن [illegible]
[illegible] مگر عبداللہ نے کہا [illegible] تم خاموش رہو۔

محمد اور ابراہیم کی عبداللہ بن حسن سے ملاقات:

[illegible] محمد بن عبداللہ [illegible] بیان کرتا ہے کہ جب بنی حسن [illegible] جا رہے تھے تو محمد اور ابراہیم بدوؤں کے بھیس میں

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

خلاف تھی تو اس کا رنگ بگڑ گیا تھا یہ سب لوگ باہر نکالے گئے تو ربذہ کی راہ میں ابو جعفر کے پاس ایک شخص نے [illegible] پوچھا کہ محمد بن عبداللہ العثمانی کہاں ہے؟ [illegible] جب محمد نے ان کی آواز سنی تو ایوب بن سلمہ المخزومی نے اپنے بیٹوں سے کہا کہ میں جانتا ہوں کہ ابوجعفر کی نظر [illegible] تو [illegible] کے لیے تیار رہو اور کسی قسم کی پریشانی کا اظہار نہ کرو۔ جب محمد کو باہر نکالا گیا اس کے [illegible] گئے تھے ان کا رنگ جیسا پہلے تھا ویسا ہی معلوم ہوتا تھا گو تمام جسم پر خون جاری تھا [illegible] ان کی ایک آنکھ پر [illegible] سے کی آنکھ باہر نکل آئی تھی وہ اپنے بھائی عبداللہ بن حسن بن حسن کے پہلو میں لا کر بٹھا دیا گیا انہوں نے پانی مانگا عبداللہ بن حسن نے کہا اے لوگو! کون ہے جو ابن رسول اللہ ﷺ کو پانی پلائے؟ کسی نے ان کا جواب نہیں دیا۔ سب [illegible] ہو گئے آخر ایک خراسانی نے پانی لا کر انہیں پلایا۔ اس کے تھوڑی دیر کے بعد ابوجعفر ایک محمل کی ایک شق میں سوار ہو کر آیا اور اس کی دوسری جانب [illegible] بیٹھا ہوا تھا [illegible] عبداللہ نے پکارا اے ابوجعفر جنگ بدر میں ہم نے تمہارے قیدیوں کے ساتھ یہ سلوک نہیں کیا تھا ابوجعفر [illegible] اور اس کا کوئی جواب ان سے نہیں دیا۔

بیان کیا گیا ہے کہ جب محمد بن عبداللہ العثمانی ابوجعفر کے پاس آیا تو اس نے اس سے ابراہیم کو پوچھا اس نے کہا مجھے ان کا کچھ علم نہیں۔ ابوجعفر نے اس کے منہ پر کوڑے سے ضرب لگائی۔

ابوجعفر اور عبداللہ بن محمد میں تلخ کلامی

بیان کیا گیا ہے کہ اس محمد کے بارے میں ابوجعفر کی رائے بہت اچھی تھی مگر ریاح نے ابوجعفر سے ایک مرتبہ کہا کہ امیر المومنین اہل خراسان آپ کے شیعہ اور مددگار ہیں۔ اہل عراق آل ابوطالب کے شیعہ ہیں۔ اہل شام حضرت علی رضی اللہ عنہ کو کافر سمجھتے ہیں اور اسی وجہ سے وہ ان کے سوا کسی کو دین کا پیشوا نہیں مانتے مگر ان کو [illegible] محمد بن عبداللہ بن عمرو ہی ہے کہ اگر وہ [illegible] تو ایک شخص بھی ان کی حمایت سے گریز نہ کرے گا۔ اس تقریر نے ابوجعفر کے دل میں جگہ کر لی جب وہ حج کو آئے تو محمد ان کے پاس آیا۔ ابوجعفر نے اس سے پوچھا کہ تیری بیٹی ابراہیم بن عبداللہ بن حسن کے نکاح میں نہیں ہے؟ اس نے کہا [illegible] ملاقات [illegible] ابوجعفر نے کہا کیا مجھے معلوم نہیں ہے کہ تیری بیٹی حاملہ ہے اور [illegible] اس نے کہا [illegible] جانتا ہوں۔ ابوجعفر نے کہا معلوم ہوتا ہے کہ [illegible] تو آپ اپنی بیٹی کی نسبت ایسا کہتے ہیں ابوجعفر نے اس [illegible] ابوجعفر نے [illegible] اس کے بعد ابوجعفر نے اس کے منہ پر [illegible] مارا۔ محمد کی بیٹی رقیہ ابراہیم بن عبداللہ بن حسن بن حسن کی بیوی تھی۔

سلیمان بن داؤد کا بیان:

سلیمان بن داؤد بن حسن بیان کرتا ہے کہ میں نے عبداللہ بن حسن کو کبھی اس قدر بے تاب اور رنجیدہ نہیں دیکھا جتنا کہ اس دن دیکھا جب کہ محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان [illegible] اور خود [illegible] سے [illegible] تھا ان کے [illegible] اور [illegible] میں [illegible] کے گلے [illegible] گئی اور وہ [illegible] ہو گیا [illegible] عبداللہ بن حسن زار و قطار رونے لگے۔

موسیٰ بن عبداللہ پر عتاب:

موسیٰ بن عبداللہ بن موسیٰ اپنے دادا کی روایت بیان کرتے ہیں کہ جب ہم ربذہ آئے تو ابوجعفر نے میرے باپ کے پاس اپنا قاصد اس پیام کے ساتھ بھیجا کہ اپنے بیٹوں میں سے ایک شخص کو بھیج دو جو محمد اور ابراہیم کو ڈھونڈ دے ورنہ وہ کبھی تمہارے پاس واپس نہیں آ سکے گا اس کے تم بھتیجے باپ دادا کو اپنے تئیں اس قربانی کے لیے پیش کرتے تھے ان لوگوں نے ہمارا گھر کسی کو قبول نہیں کیا اور ہم سے مخاطب ہو کر کہا کہ میں نہیں چاہتا کہ تمہاری خاطر اپنے بھتیجوں کو مصیبت میں ڈالوں البتہ اے موسیٰ تم جاؤ۔ چنانچہ میں گیا اس وقت میری عمر بہت ہی کم تھی مجھے دیکھ کر ابوجعفر نے کہا اسے کوڑوں سے ٹھیک کرو۔ چنانچہ مجھ پر اتنے کوڑے پڑے کہ میں بے ہوش ہو گیا مجھے مار کی کچھ خبر نہ رہی جب وہ ختم ہوئی تو مجھے ہوش آیا انھوں نے مجھے اپنے بالکل قریب بلایا اور پوچھا جانتے ہو کیا ہے۔ یہ وہ خون تھا جو میرے جسم سے بہا تھا مجھے ایک ڈول اپنا خون پینا پڑا اس کے بعد وقت کا تقاضا کرتے تھا ابا جان اس کے بعد میں نے کہا امیر المومنین! اس معاملہ میں میرا کوئی قصور نہیں ہے اور میں بالکل بے خبر ہوں انھوں نے کہا تم جاؤ اور اپنے دونوں بھائیوں کو میرے پاس لے کر آؤ۔

موسیٰ بن عبداللہ کی روانگی مدینہ

میں نے کہا آپ مجھے رباح بن عثمان کے پاس بھیج دیجئے میں وہاں جاتے ہی وہ میری نقل و حرکت کی دیکھ بھال کے لیے جاسوس اور مخبر متعین کر دے گا وہ سب جس طرح میرے ساتھ رہیں گے مجھے ڈر ہے کہ میرے بھائیوں کو ان جاسوسوں کا علم ہو جائے گا اور وہ مجھ سے دور بھاگتے رہیں گے ابوجعفر نے رباح کو لکھ دیا کہ تم کو موسیٰ پر کوئی اقتدار حاصل نہیں ہے اسے آزاد چھوڑ دو اس کے ساتھ خود انھوں نے اپنے آدمی میرے ساتھ کر دیے اور ان کو ہدایت کر دی کہ وہ میری تمام مراسلت ان کو لکھتے رہیں۔ میں مدینہ آ کر جا ٹھہرا میں ابن جشم کے مکان میں فروکش ہوا میں کئی دن اسی مکان میں ٹھہرا رہا۔ رباح نے ابوجعفر کو لکھا کہ موسیٰ اپنے مکان میں آرام سے سکونت پذیر ہے اور انتظار کر رہا ہے کہ کب امیر المومنین پر مصائب کا نزول ہو۔ ابوجعفر نے اسے لکھا کہ موسیٰ کو میرے پاس بھیج دو چنانچہ رباح نے پھر مجھے ان کے پاس بھیج دیا۔

موسیٰ بن عبداللہ کی رہائی:

ایک دوسری روایت یہ ہے کہ میرے باپ نے ابوجعفر کو لکھا تھا کہ میں محمد اور ابراہیم کے نام ایک خط لکھتا ہوں آپ موسیٰ کو بھیج دیجئے ممکن ہے کہ وہ اپنے بھائیوں تک اس خط کو پہنچا دے اور اپنے خط میں ان دونوں کو لکھا کہ تم ابوجعفر کی خدمت میں حاضر ہو جاؤ مگر موسیٰ نے ان سے زبانی یہ کہا کہ ہرگز نہ آنا اس ترکیب سے ان کا مقصد یہ تھا کہ کسی طرح میں ابوجعفر کی گرفت سے نکل جاؤں چونکہ میں بچوں کا سب سے چھوٹا بیٹا تھا اس لیے میرے باپ مجھے بہت عزیز رکھتے۔ کہتے ہیں میں مدینہ آ کر ماہ مقیم رہا میرے ساتھ ابوجعفر کے جاسوس متعین تھے جب میرے قیام کو عرصہ گزر گیا اور جس مقصد کے لیے مجھے چھوڑا گیا تھا وہ پورا نہ ہوا تو رزام نے ابوجعفر کو میری شکایت لکھ بھیجی ابوجعفر نے مجھے اپنے پاس بلا لیا۔

عمران بن محمد راوی ہے کہ بنو حسن ربذہ روانہ ہوئے ان میں علی اور عبداللہ حسن بن حسن بن حسن بن جعفر کے بیٹے بھی تھے ان کی ماں حبابہ بنت عامر بن عبداللہ بن عامر بن بشیر تھی حسن بن حسن اور عبداللہ بن حسن دونوں قید میں انتقال کر گئے۔ ان کی ماں عائشہ

بنت طلحہ بن عمر بن عبیداللہ تیمی اور عبداللہ بن حسن اور ابراہیم بن حسن تھے ۔

پسرانِ حسن وعلی کی پیش کش:

ایک روایت یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ جب عبداللہ بن حسن کو مع اپنے اہل وعیال کے [illegible] کے لیے [illegible] تو عبداللہ نے بعض کی طرف اشارہ کر کے اپنے انہی سے کہا مجھ کو ان [illegible] آیا ہے [illegible] جب سے ہم ان ظالم کے خلاف کاروائی کر رہے [illegible] اتنے میں حسن و علی کے دو بیٹے جو اس مجلس میں تھے عبداللہ بن حسن کے پاس آئے اور ان سے کہا اے رسول اللہ ﷺ کے صاحبزادے ہم تمہارے پاس آئے ہیں جو آپ کہیں ہم اسے بجا لائیں۔ عبداللہ نے کہا کہ تم نے اپنا فرض ادا کر دیا اس معاملے میں تم کچھ کارآمد نہیں ہو سکتے تو دونوں واپس چلے گئے۔

محمد بن ابراہیم کا انجام:

ابو جعفر کے حکم سے ابو الازہر نے بنی حسن کو ہاشمیہ میں قید کر دیا۔ جب یہ سب ابو جعفر کے سامنے پیش کیے گئے تو ان کی نظر محمد بن ابراہیم بن حسن پر پڑی۔ وہ ان کو دیکھ کر کہنے لگے تو ہی دیباج اصغر ہے؟ انہوں نے کہا جی ہاں۔ ابو جعفر نے کہا خدا کی قسم تمہیں اس طرح قتل کروں گا کہ اس طرح کسی نے کسی اور تیرے خاندان والے کو قتل نہ کیا ہوگا۔ ابو جعفر نے ایک چبوترے کے ستونوں کو بیچ میں سے [illegible] کرنے کا حکم دیا جب وہ تیار کر دیا گیا تو محمد بن ابراہیم کو اس میں زندہ چنوا دیا۔ یہ اس قدر حسین تھا کہ اس کی زندگی میں لوگ اس کی صورت دیکھنے جاتے تھے۔

ابو الازہر بیان کرتا ہے کہ ایک دن عبداللہ بن حسن نے مجھ سے کہا کہ حجام بلوا دو میں نے امیر المومنین سے ان کے لیے اجازت طلب کی فرمایا بہت اچھا حجام بلوا لو۔

بنی حسن جو قید کیے گئے تھے تیرہ تھے ان کے ساتھ عثمانی بھی تھا اور اس کے دو بیٹے بھی تھے۔ یہ سب ابن ہبیرہ کے محل میں جو کوفہ کے مشرق میں بغداد سے متصل واقع ہے قید رکھے گئے ان میں سب سے پہلے ابراہیم بن حسن نے انتقال کیا پھر عبداللہ بن حسن کا انتقال ہوا یہ جہاں مرا تھا اس کے قریب ہی دفن کیا گیا عام طور پر جس قبر کو لوگ اس کی قبر بتاتے ہیں وہ اس کی قبر نہیں ہے بلکہ اس کے قریب دوسری قبر ہے۔

ابو عون کی محمد بن عبداللہ بن عمرو کے خلاف شکایت

محمد بن ابی حرب راوی ہے کہ محمد بن عبداللہ بن عمرو ابو جعفر کی قید میں تھا وہ اس کی برات کو جانتے تھے اتنے میں ابو عون نے خراسان سے ابو جعفر کو لکھا کہ اہل خراسان پر ہمارا رعب باقی نہیں رہا ہے اور وہ محمد بن عبداللہ کے معاملہ کو بہت اہم سمجھتے ہیں اس پر ابو جعفر نے محمد بن عبداللہ بن عمرو کو قتل کر کے اس کا سر خراسان بھیج دیا اور اپنا معتمد بیان کرنے کو بھیجا کہ یہ محمد بن عبداللہ ہے اور اس کی ماں فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ تھی۔

محمد بن عبداللہ بن عمرو کا قتل:

کہتا ہے کہ ابو جعفر کہتے تھے کہ میں چاہتا ہوں کہ کسی طرح اس فاسق اور دوزخی خاندان والے سے چھٹکارا پاؤں انہوں نے محمد بن عبداللہ بن عمرو کو اپنے پاس بلایا اور پوچھا کیا تو نے اپنی بیٹی عبداللہ کے بیٹے سے بیاہ دی ہے اس نے کہا نہیں ابو جعفر نے پوچھا تو

[illegible]

محمد بن عبداللہ بن عمرو کے سر کی خراسان میں تشہیر

[illegible]

محمد بن عبداللہ کے قتل کی وجہ

[illegible]

عبداللہ بن حسن کے قتل کا حکم:

[illegible]

عبداللہ بن حسن کا قتل:

شعبانی نے کہا وہ خط پڑھتا اور مجھ سے پوچھا جاتا تھا کہ یہ فلاں شخص ہے تم نے کہا گیا ہے میں نے کہا کہ نہیں جانتا اس نے کہا بخدا یہ عبداللہ بن حسن ہیں دیکھو اب یہ کیا کہتے ہیں۔ تھوڑی دیر کے بعد ابوالازہر میرے پاس آیا اور بیٹھ گیا پھر کہنے لگا بخدا عبداللہ بن حسن مر گئے۔ تھوڑی دیر بیٹھ کر پھر وہ اس کے پاس گیا اور وہاں سے نکل کر میرے پاس آیا۔ مجھ سے پوچھا تمہارے خیال میں علی بن حسن کیسا آدمی ہے۔ میں نے کہا کیا آپ مجھے سچا سمجھتے ہیں۔ اس نے کہا ہاں اس سے بھی بڑھ کر۔ میں نے کہا بخدا وہ اس سے بہتر ہے جس کی تم آج تک طول طویل تعریف کرتے رہتے ہو۔ ابوالازہر کہنے لگا بخدا وہ بھی ختم ہو گیا۔

موسیٰ بن عبداللہ سے روایت ہے کہ قید میں ہمیں نماز کے اوقات صرف ان اوراد و وظائف سے معلوم ہوتے تھے جو علی بن حسن پڑھا کرتے تھے۔

بشیر الرحال کا عہد:

بنی دار کا ایک صوفی کہتا ہے کہ میں نے بشیر الرحال سے پوچھا کہ تم نے کیوں اس شخص کے خلاف خروج میں جلدی کی۔ اس نے کہا عبداللہ بن حسن کو گرفتار کرنے کے بعد ایک دن اس نے مجھے بلا بھیجا اور مجھے حکم دیا کہ اس کوٹھڑی میں جاؤں۔ میں اس کے اندر گیا تو میں نے عبداللہ بن حسن کو مقتول پڑا ہوا دیکھا اسے دیکھ کر مجھے غشی آ گئی۔ جب مجھے ہوش آیا تو میں نے خدا سے یہ عہد کیا کہ ان کا بدلہ لینے کے لیے اگر کبھی کوئی دو آدمی بھی کھڑے ہوں گے تو میں ضرور ان کا ساتھ دوں گا۔ پھر میں نے منصور کے قاصد سے جو میرے ہمراہ تھا یہ درخواست کی کہ وہ میری اس حالت سے منصور کو ہرگز مطلع نہ کرے کیونکہ اگر اسے یہ بات معلوم ہو جاتی تو وہ فوراً مجھے قتل کر دیتا۔

عبداللہ بن حسن کے قتل کی دوسری روایت:

عمر بن شبہ کہتا ہے کہ جب میں نے یہ روایت ہشام بن ابراہیم بن ہشام بن راشد ہمدانی سے جو عباسی تھا بیان کی کہ جعفر کے حکم سے عبداللہ بن حسن قتل کیا گیا تو انہوں نے قسم کھا کر کہا کہ یہ غلط ہے انہوں نے کہا مجھے یاد نہیں بلکہ واقعہ یہ ہے کہ منصور نے اپنے کسی مخبر کے ذریعے عبداللہ بن حسن کو یہ غلط خبر پہنچائی کہ محمد ظاہر ہوا اور قتل کر دیا گیا۔ اس خبر کو سن کر عبداللہ بن حسن کا دل پھٹ گیا اور وہ مر گئے۔

عیسیٰ بن عبداللہ کا بیان:

عیسیٰ بن عبداللہ کہتا ہے کہ ان سب کو زہر دے کر ختم کر دیا گیا ان میں سے صرف داؤد بن حسن بن حسن کے بیٹے سلیمان اور عبداللہ اور ابراہیم بن حسن بن حسن کے بیٹے اسحاق و اسماعیل اور جعفر بن حسن زندہ بچے اور جو ان میں سے قتل ہوئے وہ محمد کے خروج کے بعد قتل کیے گئے۔ راوی کہتا ہے کہ آل حسن کی ایک شاہزادی جعفر بن حسن کو دیکھ کر کہتی تھی کہ ابو جعفر ان لوگوں کو خوب جانتے ہیں کہ انہوں نے تجھے چھوڑ دیا اور عبداللہ بن حسن کو قتل کر دیا۔

* * *

۱۴۴ھ کے واقعات

اسی سنہ میں ابوجعفر منصور نے بنی حسن بن حسن بن علی کی جماعت کو مدینہ سے گرفتار کرالیا۔

بنی حسن کی گرفتاری

اس کی تفصیل یہ ہے کہ محمد بن عمر راوی ہے کہ جب ابوجعفر نے ریاح بن عثمان بن حیان المری کو مدینہ کا والی مقرر کیا تو اسے تاکید کی کہ وہ عبداللہ بن حسن کے بیٹوں محمد و ابراہیم کی تلاش میں پوری جدوجہد کرے اور کبھی ان سے غافل نہ ہو۔ چنانچہ ریاح نے پوری مستعدی سے ان دونوں کی تلاش شروع کی اس کے خوف سے وہ دونوں چھپتے پھرا کرتے رہے ابوجعفر ان کی وجہ سے سخت پریشان ہو رہا تھا اس نے ریاح کو حکم لکھا کہ وہ ان کے باپ عبداللہ بن حسن اور ان کے بھائیوں حسن بن حسن، داؤد بن حسن، ابراہیم بن حسن اور محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان کو جو ان کی والدہ فاطمہ بنت حسین کی وجہ سے ان کا بھائی ہوتا تھا چند اور لوگوں کے ہمراہ گرفتار کر کے بیڑیاں پہنا دے اور ان سب کو میرے پاس بھیج دے۔ چنانچہ یہ سب لوگ قید کر کے ابوجعفر کے پاس بھیج دیئے گئے میرے متعلق بھی لکھا کہ اسے بھی بھیج دیا جائے۔ مجھے گرفتار کر لیا گیا۔ میں دل میں سمجھ گیا تھا کہ مجھے کس لیے بلایا ہے میں ان کا ماں جایا بھائی نہیں اور چونکہ میں بھی ان کے ساتھ تھا میں ان لوگوں سے آملا۔

بنی حسن پر جبر و تشدد

راوی کہتا ہے کہ میں نے عبداللہ بن حسن اور ان کے گھر والوں کو عصر کے بعد مروان کے قصر سے بیڑیوں میں جکڑا ہوا دیکھا پھر ان کو بغیر کسی زین کے کجاووں میں سوار کیا گیا تھا میں اس وقت بلوغ کو پہنچ چکا تھا۔ اس لیے جو میں نے دیکھا تھا وہ خوب یاد ہے۔

یہی راوی عبدالرحمن بن ابی الموالی سے روایت کرتا ہے کہ بنی حسن کے ساتھ قید ہو جانے والوں میں ابوجعفر نے مجھے بھی گرفتار کر لیا تھا میں نے ان کو بیڑیوں میں جکڑا دیکھا ان کی حالت یہ تھی کہ دھوپ میں کھڑے تھے۔ راوی کہتا ہے کہ میں بھی عبداللہ بن حسن اور ان کے اہل بیت کے ساتھ جیل میں ڈال دیا گیا جب ابوجعفر حج سے فارغ ہو کر ربذہ آئے۔ عبداللہ بن حسن نے ابوجعفر سے ملاقات کے لیے اجازت مانگی مگر انہوں نے ملنے سے انکار کیا اور پھر عبداللہ بن حسن نے ان کو مرتے دم تک نہ دیکھا۔

محمد بن عمر پر عتاب

اس کے بعد ان میں سے ابوجعفر نے مجھے بلایا میں حاضر ہوا انہوں نے ان کے سامنے پیش کیا اس وقت عیسیٰ بن علی ان کے پاس تھے مجھے دیکھ کر عیسیٰ کہنے لگے کیا یہی وہ ہے جس کا ذکر تھا۔ میں نے بیان کیا کہ اگر آپ اس پر سختی کریں گے یہ ان دونوں کا پتہ بتا دے گا۔ میں نے ابوجعفر کو سلام کیا انہوں نے جواب دیا اور کہا مجھے بتاؤ وہ دونوں فاسق اور کذاب کے بیٹے کہاں ہیں میں نے کہا امیر المومنین اگر میں سچی بات بیان کروں تو آپ کا غصہ ٹھنڈا ہوگا انہوں نے پوچھا کیا بات ہے۔ میں نے کہا میری

یہ نیا پرخاش ہوا اور مجھ پر یہ الزام لگاتے ہوئے کہ میں ان دونوں کے مقام سے واقف ہوں مگر اس نے مجھ سے اس بیان کو ترک کرنے اور گرفتار نہ کرانے کا قسم دیا۔ میں دونوں مقاموں کے درمیان پھنس گیا اور مجھ پر بیچارگی طاری ہو گئی۔ بڑی دیر کے بعد ہوش میں آیا تھا اس لیے جب وقت آیا مجھے جو معلوم تھا اس کے بعد مجھے اسی حالت میں اٹھا کر یہ سب ... اس کے پاس لے جایا گیا۔

محمد بن عبداللہ بن عمرو پر جبر و تشدد:

اس کے بعد اس نے اپنے ہاں محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان بن عفان کو جو رقیہ کا باپ اور ابراہیم بن عبداللہ بن حسن کی بیوی کا باپ تھا طلب کیا۔ جب یہ اس کے سامنے پیش کیا گیا تو اس نے محمد سے پوچھا مجھے بتاؤ کہ دونوں کذاب کیا کر رہے ہیں اور کہاں چھپے ہیں اس نے کہا امیرالمومنین بخدا مجھے ان کا مطلق علم نہیں ہے اس نے کہا تجھے بتانا پڑے گا۔ محمد نے کہا میں نے عرض کر دیا اور میں اپنے بیان میں سچا ہوں۔ آج سے پہلے میں جانتا بھی تھا مگر آج خدا کی قسم میں اس بات کو جانتا ہوں کہ مجھے ان کا علم نہیں ہے۔ منصور نے حکم دیا کہ اس کے کپڑے اتار دیئے جائیں۔ چنانچہ کپڑے اتار کے کوڑے اس کے مارے گئے اس وقت وہ بے گناہ تھا اس کے ہاتھ میں زنجیریں تھیں جو اس کی گردن سے بندھی تھیں۔ اس کے بعد اسے باہر لایا گیا اور ایک قمیص اسے پہنائی اور ہمارے پاس لے آئے اس کے بدن سے اس قدر خون بہا تھا کہ وہ قمیص اس سے چپک گئی اور اتارنی بھی مشکل ہو گئی جب ایک بکری کو ذبح کر کے اس کی کھال اس کے جسم پر ڈالی گئی تب وہ قمیص اتری اس کے بعد اس کی مرہم پٹی کی گئی۔

بنو حسن کی ہاشمیہ میں اسیری:

اب ابوجعفر نے ہم سب کو عراق لے جانے کا حکم دیا اور ہمیں ہاشمیہ میں لا کر قید کر دیا گیا۔ ہم میں سب سے پہلے اس قید کی حالت میں عبداللہ بن حسن نے انتقال کیا یہ بنو علی کے افراد تھے کہ کہا گیا کہ جو حسن کا قریب ترین عزیز ہو وہ نماز جنازہ پڑھے۔ چنانچہ حسن بن حسن بن حسن بن علی نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی اس کے بعد محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عثمان مر گئے اس کا سر کاٹ کر شیعوں کی ایک جماعت کے ساتھ خراسان بھیجا گیا تاکہ خراسان کے شہروں میں اس کی تشہیر کی گئی جہاں وہ پھرایا گیا وہ شیعہ حلفیہ اس بات کو بیان کرتے کہ یہ سر محمد بن عبداللہ بن فاطمہ بنت رسول اللہ ﷺ کا ہے اس سے ان کی مراد محمد بن عبداللہ بن حسن ہوتی تھی۔ ان کے متعلق ان کے باپ کی یہ روایت مشہور تھی کہ وہ ابوجعفر کے خلاف خروج کرے گا۔ محمد بن عبداللہ کا بھائی ... بن عثمان ... تھا حسن بن حسن کی ماں ... کا اور حسن بن حسن ... تھا۔ محمد بن عبداللہ بن عمرو کے ماموں یزید بن حاتم مصر کا والی تھا۔

۱۴۵ھ کے واقعات

ریاح بن عثمان کی محمد بن عبداللہ کی تلاش

اس سال محمد بن عبداللہ بن حسن نے مدینہ میں اور ان کے بھائی ابراہیم نے ان کے بعد بصرہ میں خروج کیا اور دونوں مارے گئے۔

ابوجعفر بنی حسن کو قید کر کے اپنے ساتھ عراق لے گیا ریاح مدینہ واپس آیا اس نے اب محمد کی تلاش میں اپنی مستعدی دکھائی

دیا جائے [illegible] محمد [illegible] سے ظاہر ہونے کا [illegible] ذکر کرتا ہے کہ جب [illegible] محمد بن عبداللہ الجعفری سے یہ بات کی [illegible] کی وجہ سے محمد [illegible] وقت مقررہ [illegible] ان کے بھائی ابراہیم کے [illegible] نصرت کی [illegible] آئے تھے [illegible] کی وجہ سے وقت مقررہ پر خروج نہ کر سکے۔

ریاح بن عثمان کی روانگی [illegible]

[illegible] بیان کرتا ہے [illegible] کی لڑائی کے خوف سے [illegible] معلوم [illegible] آیا ہے [illegible] کے مقابلے کے لیے روانہ ہوا [illegible] سے پہلے ہی [illegible] ہونے کے ارادے سے [illegible] عبداللہ بن [illegible] عبداللہ بن [illegible] دروازے کے [illegible]

عبیداللہ اور عبدالحمید کا محمد بن عبداللہ کو مشورہ:

بیان کیا گیا ہے کہ سلیمان بن عبداللہ بن ابی سبرہ (از بنی عامر بن لؤی) نے [illegible] روایت یہ ہے کہ عبیداللہ بن عمرو بن ابی ذئب اور عبدالحمید بن جعفر [illegible] سے پہلے [illegible] کیا انتظار کر رہے ہو [illegible] اور اچھا وقت [illegible] ہے تم خروج کرنے میں [illegible]

علی بن حسین بن جعفر کی [illegible]

حسین اپنے باپ کی روایت بیان کرتا ہے [illegible] جعفر بن محمد بن علی بن حسین بن علی بن حسین [illegible] علی بن [illegible] حسین بن علی [illegible] بن اسمٰعیل بن ایوب [illegible] ولید [illegible] ان کے پاس آئے [illegible] یہ خیال کیا گیا [illegible] کے اندر سے آ رہی ہے۔

ابن مسلم بن عقبہ کا علی بن حسین بن جعفر کو قتل کرنے کا مشورہ:

[illegible] مسلم بن عقبہ [illegible] اور سب کو قتل کر دیں۔ علی بن عمر کہتا ہے کہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ضرور پوچھوں گا کہ تم کس خاندان سے تعلق رکھتے ہو۔ یہ سن کر وہ فوراً کھڑا ہو گیا اور یہ پڑھتا ہوا منخرق الخفین یشکو الوجی (اس کے دونوں پاؤں پتھریلی اور ناہموار سرزمین پر چلتے چلتے پھٹ گئے ہیں اور وہ درد سے کراہ رہا ہے) آناً فاناً نظر سے اوجھل ہو گیا۔ نظر سے غائب ہو جانے کے بعد اس کا حال معلوم کرنے سے پہلے اسے چھوڑ دینے پر مجھے ندامت ہوئی میں اس کے پیچھے چلا کہ اس سے پھر پوچھوں مگر اسے نہ پایا۔ معلوم ہوتا تھا کہ زمین میں سما گیا ہے کہ اسے آسمان کھا گیا۔ پھر مدینہ آیا۔ مدینہ آنے کے ایک دن اور رات گزری تھی کہ میں مدینہ میں صبح کی نماز میں شریک ہوا میں نے دیکھا کہ ایک شخص نماز پڑھا رہا ہے جس کی آواز سے میں آشنا تھا نماز میں اس نے سورہ انا فتحنا لک فتحا مبینا تلاوت کی نماز سے فارغ ہو کر وہ منبر پر بیٹھا تب مجھے معلوم ہوا کہ یہی محمد بن عبداللہ تھے جو مجھے ویران شہر میں ملا تھا۔

اسمٰعیل بن ابراہیم اور ابوجعفر کا حکم:

اس کا ذکر نہیں ہے اس کے بعد دوبارہ شدید جنگ مزید شدت و استقلال سے پھر شروع ہوگئی اور تمام رات ہوتی رہی یہاں تک کہ ایک بے اندازہ تیر جس کے متعلق معلوم نہیں کہ کس نے چلایا تھا ابراہیم کے حلقوم میں آکر پیوست ہوا اس نے اسے گویا ذبح کر دیا ابراہیم اپنے مقام سے ہٹ گیا اور کہنے لگا کہ مجھے اتار دو لوگوں نے اسے سواری پر سے اتارا اس وقت وہ کہہ رہا تھا جو اللہ نے مقدر کیا تھا وہ پورا ہو کر رہا ہم نے کچھ ارادہ کیا اللہ نے ہمارے خلاف ارادہ فرمایا۔ اب وہ زخمی خون میں لت پت زمین پر لٹا دیا گیا اس کے تمام خاص دوست اور ہمراہی اس کے گرد جمع ہو گئے اور نہایت بہادری سے اسے بچانے کے لیے جان فروشی کرنے لگے اس مجمع کو دیکھ کر حمید بن قحطبہ کھٹک گیا اس نے اپنی فوج کو حکم دیا کہ اس جماعت پر حملہ کرو اور جس طرح بنے اسے اس مقام سے ہٹا کر دیکھو کہ یہ کون ایک جگہ اس طرح جمع ہوئے ہیں حمید کی فوج نے اس جماعت پر نہایت دلیری اور بے جگری سے حملہ کیا اور بڑی سخت خونریزی کے بعد ان کو ابراہیم سے ہٹا دیا اور پھر اس کے قریب پہنچ کر حملہ آوروں نے اس کا سر کاٹ لیا اسے عیسیٰ بن موسیٰ کے پاس لے آئے اس نے ابن ابی الکرام الجعفری کو سر دکھایا اس نے کہا ہاں یہ ابراہیم کا سر ہے یہ سنتے ہی فرط انبساط میں عیسیٰ زمین پر اتر کر سربسجود ہو گیا اس نے اس سر کو منصور کے پاس بھیج دیا۔ بروز دوشنبہ ۱۴۵ھ کے ماہ ذی قعدہ کے ختم میں ابھی پانچ راتیں باقی تھیں کہ ابراہیم قتل ہوا قتل کے وقت اڑتالیس سال عمر تھی خروج سے قتل تک پانچ دن کم تین ماہ زندہ رہا۔

ابراہیم بن عبداللہ کے قتل کی دوسری روایت:

ابو صلابہ سے دریافت کیا گیا کہ ابراہیم کیونکر مارا گیا کہنے لگا یہ میرے سامنے کا واقعہ ہے کہ ابراہیم اپنے گھوڑے پر سوار عیسیٰ بن موسیٰ کی اس فوج کو جو اس کے مقابلے سے شکست کھا کر بھاگ رہی تھی دیکھ رہا تھا ابراہیم کی فوج والے بھگوڑوں کو بری طرح قتل کر رہے تھے خود عیسیٰ نے اپنے گھوڑے سے اتر کر پڑاؤ کیا تھا ایک بجے ہوئے دھوپ کڑی ہوئی تو ابراہیم کے جسم پر بھی اس کی وجہ سے اسے سخت گرمی محسوس ہونے لگی اس نے اپنی قبا کے بند کھول دیے جس کی وجہ سے وہ اس کے سینے سے اتر گئی اور اس کا پیٹ نظر آنے لگا اتنے میں ایک بے نشانہ تیر اس کے شکم میں آکر پیوست ہو گیا اس وقت میں نے اس کو دیکھا کہ وہ اپنے گھوڑے سے لپٹ گیا اور اس مقام سے پلٹ آیا زیدیوں نے ہر طرف سے اسے اپنے گھیرے میں لے لیا۔

ابراہیم بن عبداللہ کی شکست کی وجہ:

محمد بن ابی الکرام راوی ہے جب عیسیٰ کی فوج نے شکست کھائی تو ابراہیم کی فوجیں اس کے تعاقب میں چلیں اتنے میں ابراہیم کے نقیب نے اعلان کیا کہ مفرور کا تعاقب نہ کیا جائے اس حکم کو سن کر تمام فوجیں اپنے اپنے نشانات لیے ہوئے پلٹ آئیں ان کو واپس جاتا دیکھ کر عیسیٰ کے شکست خوردہ فوج نے یہ خیال کیا کہ یہ شکست کھا کر پسپا ہو رہے ہیں اس خیال کے ساتھ ان کے حوصلے بڑھ گئے وہ انہیں کے پیچھے خود پلٹ آئے اور جوابی حملہ کیا نتیجہ یہ ہوا کہ آخر ابراہیم کو شکست ہوئی۔

بیان کیا گیا ہے کہ جب ابوجعفر کو عیسیٰ کی فوج کی پسپائی کی خبر ہوئی انہوں نے رے چلے جانے کا عزم کر لیا تھا۔

عیسیٰ بن موسیٰ کی شکست کی ابوجعفر کو اطلاع:

مسلم بن فرقد سلیمان بن مجالد کا حاجب بیان کرتا ہے کہ جنگ شروع ہوتے ہی عیسیٰ کی فوج کو بری طرح شکست ہوئی ان میں

کوئی ترتیب یا قوت مقاومت باقی نہ رہی تھی یہ شکست کی خبر ان کی فوج کے بعض سپاہیوں کو نہ تھی آ پہنچے تھے مجھ سے میرے ایک کوفی دوست نے کہا کہ تم کو خبر بھی ہے تمہارے ساتھی وقت آ گئے ہیں یہ دیکھو ابو ہریرہ کا بھائی فلاں مکان میں موجود ہے اور وہ فلاں فلاں شخص کے گھر میں موجود ہے جاؤ تم اپنی جان اہل و عیال اور مال بچانے کا انتظام کرو۔ میں نے سلیمان بن مجالد سے یہ حال بیان کیا اس نے ابوجعفر سے جا کر بیان کیا کہنے لگے کہ خبردار! اس بات کو کسی پر ظاہر ہونے نہ دینا مجھے اس کا خیال ہے کہ ترک کر دو مجھے یہ اندیشہ ہے کہ خود کوفہ والے مجھ پر حملہ کر دیں گے شہر کے ہر دروازے پر اونٹ اور گھوڑے تیار رکھے جائیں تاکہ اگر ایک سمت سے ہم پر دھاوا ہو تو ہم دوسری سمت سے بچ کر بھاگ نکلیں راوی کہتا ہے جب دریافت کیا گیا کہ بصورت مجبوری ابوجعفر کہاں جانے کا ارادہ کرتے تھے کہنے لگا وہ رے جانا چاہتے تھے۔

ابراہیم بن عبداللہ کے سر کی تشہیر:

انجمعہ تھم ابوجعفر کے پاس آیا کہنے لگا امیر المومنین فتح! آپ کی فتح ہوئی اور ابراہیم مارا گیا ابوجعفر نے اس کی بات نہ مانی اس پر اس نے کہا کہ آپ مجھے اپنے پاس روک لیجیے اگر میرا کہنا سچ نہ ثابت ہو تو آپ میری گردن اڑا دیں ابھی یہ گفتگو ہو رہی تھی کہ ابوجعفر کو ابراہیم کے شکست کھانے کی اطلاع ملی اس وقت انھوں نے معقر بن اوس بن حمار البارقی کا یہ شعر اپنے حسب حال پڑھا۔

"اس نے اقامت کے لیے لکڑی ڈال دی اور اس طرح جدائی جاتی رہی جیسے کہ مسافر کی مراجعت سے آنکھ ٹھنڈی ہو جاتی ہے"۔

ابوجعفر نے اس صلے میں اسی وقت نجیح کو دو ہزار جریب زمین نہر بہر کے کنارے دے دی۔ شب سہ شنبہ کو جب کہ ماہ ذی قعدہ کے ختم میں ابھی پانچ راتیں باقی تھیں ابراہیم کا سر ان کے پاس لایا گیا اس کی دوسری صبح کو انھوں نے اسے بازار میں تشہیر کے لیے نصب کرا دیا۔

بیان کیا گیا ہے کہ سر دیکھ کر ابوجعفر اتنا روئے کہ ان کے آنسو ابراہیم کے رخسار پر گرے اور کہنے لگے کہ بخدا میں بھی یہ نہیں چاہتا تھا کہ ابراہیم قتل ہو مگر مجبوری تھی کیونکہ صورت یہ ہو گئی تھی کہ یا وہ رہتا اور یا میں۔

ابراہیم بن عبداللہ کے قتل پر ابوجعفر کو صدمہ:

منصور کا مولیٰ صالح بیان کرتا ہے کہ جب ابراہیم کا سر ان کے سامنے لایا گیا انھوں نے اسے اپنے سامنے رکھوا کر دربار عام کیا اب جو شخص آتا وہ پہلے منصور کو سلام کرتا پھر ان کو خوش کرنے کے لیے ابراہیم کی برائی کرنے لگتا ابوجعفر اس اثنا میں خاموش بیٹھے رہے ان کے چہرہ کا رنگ غصہ سے متغیر تھا اتنے میں جعفر بن حنظلہ البہرانی دربار میں آیا اور ایک جگہ ٹھہر کر پہلے اس نے سلام کیا اور پھر اس نے کہا کہ میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ آپ کو آپ کے چچیرے بھائی کی موت کا اجر عطا فرمائے اور مرنے والے کی خطا کو جو اس نے آپ کے حق کے بارے میں کی تھی معاف کر دے یہ سن کر اب ابوجعفر کا رنگ زرد پڑ گیا اور انھوں نے اسے مخاطب کر کے

کہا سے ابو خالد آ ذیہاں؟ کہ انھوں نے اس واقعہ سے لوگوں کو معلوم ہوا کہ ابوجعفر کو اس کے قتل کا علم پہلے سے تھا چنانچہ جب لوگ آئے ان سب نے تعزیت کی اور دین کہا جو ابوجعفر نے خطبہ دیا تھا۔

امیر حج سری بن عبداللہ و عمال:

اس سال باب الابواب میں ترک اور خزر نے یورش کر کے آرمینیہ کے بہت سے مسلمانوں کو قتل کر دیا۔ اس سال سری بن عبداللہ بن الحارث بن عباس بن عبدالمطلب جو اس وقت مکہ میں ابوجعفر کی طرف سے مکہ کا والی تھا فریضۂ حج ادا کیا۔ اس سال عبداللہ بن الربیع الحارثی مدینہ کا والی تھا۔ عیسیٰ بن موسیٰ کوفے اور اس کے علاقے کا والی تھا۔ مسلم بن قتیبہ الباہلی بصرہ کا والی تھا عباد بن منصور بصرے کے قاضی تھے یزید بن حاتم مصر کا والی تھا۔

* * *

باب ۷

تعمیر بغداد اور تکمیل

۱۴۶ھ کے واقعات

اس سال ابو جعفر نے اپنے شہر بغداد کو پورا کیا۔ محمد بن عمر کہتا ہے کہ اس سال ماہ صفر میں ابو جعفر مدینہ ابن ہبیرہ سے بغداد منتقل ہوئے اب یہیں انہوں نے مستقل سکونت اختیار کی اور شہر بغداد آباد کیا۔

تعمیر کے سامان کا اتلاف:

منصور نے بغداد کی تعمیر کے لیے حسب ضرورت لکڑی، ساگوان کے شہتیر وغیرہ وصول کر رہے تھے مگر جب انہیں محمد بن عبداللہ کے خروج کی اطلاع ملی وہ بغداد سے کوفہ کو روانہ ہوئے روانہ ہوتے وقت وہ اپنے ایک مولیٰ اسلم کو بغداد میں اس لیے چھوڑ آئے کہ یہ اس سامان کی تعمیر کے لیے تیار کرتے رہیں جب اسلم کو یہ معلوم ہوا کہ ابراہیم نے ابو جعفر کی فوج کو شکست دے دی ہے اس نے اس تمام ساگوان اور لکڑی کو جس کی نگرانی کے لیے ابو جعفر اسے مقرر کر آئے تھے اس اندیشے سے کہ مبادا اس کے آقا کے مغلوب ہونے کی صورت میں یہ تمام سامان اس سے چھین لیا جائے جلا ڈالا۔ جب ابو جعفر کو اس واقعہ کی اطلاع ملی انہوں نے اسے اس فعل پر ملامت لکھ بھیجی اس کے جواب میں اسلم نے لکھا کہ چونکہ مجھے اندیشہ ہو گیا تھا کہ ابراہیم کو آپ پر فتح ہو جائے گی اور پھر وہ اس تمام سامان پر قبضہ کر لے گا اس لیے میں نے اس سامان کو جلا دیا۔ اس جواب کو دیکھ کر پھر ابو جعفر نے کچھ نہ کہا۔

ابن برمک کی نصیحت:

ابراہیم الحرانی کہتا ہے کہ جب منصور نے بغداد کی تعمیر کا ارادہ کیا تو اس وقت میں اپنے دوستوں سمیت خالد بن برمک کے ساتھ تھا۔ اس نے بغداد کا نقشہ [illegible] اس نے بغداد کی داغ بیل ڈالی [illegible] جب منصور کو ملبے کی ضرورت ہوئی انہوں نے خالد بن برمک سے مشورہ لیا کہ [illegible] مدائن کے ایوان کسریٰ کا ملبہ [illegible] اس شہر کی تعمیر کے لیے لے آؤں تو کیسا ہے اس نے کہا میں اس کا مشورہ نہیں دیتا منصور نے پوچھا کیوں؟ اس نے کہا یہ اسلام کی [illegible] یادگار ہے [illegible] اس میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ایک مصلیٰ بھی ہے [illegible] باقی ہے۔

قصر ابیض کا انہدام:

منصور نے قصر ابیض کے انہدام کا حکم دیا اس کا ایک حصہ توڑ دیا گیا اور اس کا سامان [illegible] بغداد لے آیا گیا مگر جب اس کے توڑنے اور [illegible] منتقل کرنے کے اخراجات کا اندازہ لگایا گیا تو اس کی لاگت [illegible] زیادہ آئی۔ اس لیے

طلاع باقاعدہ طور پر منصور کو دی گئی انھوں نے خالد بن برمک کو بلایا اس نے ملبے کی شکست اور پھر بار برداری کے کچھ اخراجات کا ذکر کیا اور کہا کہ اب مشورہ دو کہ کیا کیا جائے اس نے کہا کہ میں نے تو جناب والا سے پہلے ہی عرض کیا تھا کہ آپ اسے ہاتھ نہ لگائیے جب آپ نے اس کام کو شروع کر دیا ہے تو اب میری رائے یہ ہے کہ آپ اسے بنیادوں تک منہدم کرائے بغیر نہ چھوڑیں تاکہ کوئی یہ نہ کہہ پائے کہ آپ تو اسے توڑ بھی نہ سکے مگر منصور نے اب اس کے انہدام کا خیال ترک کر دیا اور انہدام کی مسدودی کا حکم جاری کر دیا۔

واسط کے فولادی دروازوں کی منتقلی:

موسیٰ بن داؤد المہندس کہتا ہے کہ ایک مرتبہ مامون نے مجھ سے کہا اے موسیٰ تم جو عمارت میرے لیے تعمیر کرو اسے اس قدر پائیدار مستحکم بنانا کہ لوگ تمہارے بعد اسے توڑ نہ سکیں تاکہ تم اور ہم اس کے کھنڈر اور آثار باقی رہ جائیں شہر کے لیے ابوجعفر کو دروازوں کی ضرورت ہوئی۔ عبدالرحمٰن الحمانی کے خیال کے مطابق حجاج کے بنائے ہوئے شہر واسط کے قریب حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام نے ایک شہر زندورد نام تعمیر کیا تھا اور اس کے لیے حضرت سلیمان علیہ السلام کے حکم سے شیاطین نے فولاد کے پانچ جوڑ ایسے زبردست کواڑ تیار کیے تھے کہ آج ایسے بنے ہوئے کواڑوں کی ساخت لوگوں کے امکان سے باہر ہے کواڑوں کی یہ پانچوں جوڑیاں حجاج کے شہر واسط کی تعمیر تک زندورد اس شہر میں لگی رہیں واسط کی تعمیر کے بعد چونکہ یہ شہر اجڑ گیا تھا حجاج ان فولادی کواڑوں کو زندورد سے واسط لے آیا اس نے ان کو نصب کر دیا۔ اب جب کہ ابوجعفر نے اپنا شہر بنایا انھوں نے انھیں کواڑوں کو لے کر اپنے شہر کے دروازوں میں لگا دیا جو اب تک وہیں نصب ہیں۔

بغداد کے ابواب:

اس شہر کے آٹھ دروازے ہیں چار اندرونی اور چار بیرونی ان کواڑ کی جوڑیوں میں سے چار تو انھوں نے شہر کے چاروں اندرونی دروازوں پر نصب کر دیں اور پانچویں باب القصر کے بیرونی دروازے میں لگا دی۔ باب خراسان کے بیرونی در پر اس نے وہ جوڑی نصب کی جو فراعنہ کی بنائی ہوئی شام سے اسے موصول ہوئی تھی۔ باب الکوفہ کے بیرونی در پر وہ جوڑی نصب کی جسے خالد بن عبداللہ القسری نے تیار کیا تھا اور جو کوفہ سے منتقل کی گئی تھی البتہ باب الشام کے دروازے میں نصب کرنے کے لیے ان کے حکم سے خود بغداد میں ایک جوڑ کواڑ بنائے گئے جو دوسرے دروازوں کے کواڑوں سے بہت کمزور ہیں۔

قصر منصور و جامع مسجد:

شہر کو گول دائرے کی شکل میں اس لیے بنایا گیا تھا کہ ہر حصہ شہر کی مسافت بادشاہ سے مساوی فاصلہ پر رہے اس میں کمی بیشی نہ ہو جس طرح چوک میں زمین کو چار حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے اسی مناسبت سے انھوں نے شہر کے چار دروازے رکھے دو فصیلیں بنوائیں اندرونی فصیل بیرونی سے زیادہ بلند ہے وسط شہر میں اپنا قصر بنایا اور اس کے گرد جامع مسجد بنائی۔ بیان کیا گیا ہے کہ ابوجعفر کے حکم سے حجاج بن ارطاۃ نے جامع مسجد کا نقشہ مرتب کیا تھا اور اس کی بنیاد قائم کی کہا جاتا ہے کہ اس کا قبلہ درست نہیں ہے اور مصلی میں اس بات کی ضرورت ہے کہ اسے باب البصرہ کی سمت تھوڑا سا پھیر دیا جائے رصافہ کی مسجد کا قبلہ شہر کی مسجد کے قبلہ سے زیادہ صحیح ہے اس کی وجہ یہ ہوئی کہ شہر کی مسجد قصر کی تعمیر کے بعد اس کی مناسبت میں تعمیر کی گئی اور مسجد رصافہ قصر سے پہلے بنی تھی اور پھر قصر مسجد

کے لحاظ سے بنا دیا گیا اسی وجہ سے یہ فرق پڑ گیا۔

خالد بن الصلت نگرانی:

ابو جعفر نے تعمیر کے لیے شہر کے چار حصے کر دیئے ایک حصہ ایک منتظم تعمیر کے متعلق کر دیا تھا تاکہ جلد سے جلد تعمیر مکمل ہو جائے انھوں نے خالد بن الصلت کو ایک حصہ کے اخراجات کا خزانچی مقرر کیا تھا وہ بیان کرتے ہیں کہ جب اس حصہ کی تعمیر سے میں فارغ ہوا تو میں نے تمام اخراجات کا حساب ان کی خدمت میں پیش کیا انھوں نے انگلیوں کے ذریعہ حساب کر کے پندرہ درہم میرے ذمہ نکالے اور اس کی پاداش میں چند روز تک انھوں نے مجھے شرقیہ جیل میں قید کر دیا یہاں تک کہ میں نے وہ رقم ادا کر دی۔ جو اینٹیں شہر کے لیے بنائی گئی تھیں ان کا عرض و طول ایک ایک گز تھا۔ بعض ارباب سیر نے بیان کیا ہے کہ ایک مرتبہ باب المحول کے قریب فصیل کا ایک حصہ منہدم کر دیا گیا اس میں ایک اینٹ نکلی جس پر سرخ رنگ سے اس کا وزن ایک سو سترہ رطل لکھا ہوا تھا جب اسے ہم نے تولا تو ٹھیک وہی وزن نکلا جو اس پر مندرج تھا۔ ابو جعفر کے اکثر قریبی عہدے دار اور کاتبوں کے مکانوں کے دروازے مسجد کی طرف تھے۔

عیسیٰ بن علی کی ابو جعفر منصور سے شکایت:

عیسیٰ بن علی نے ابو جعفر سے شکایت کی کہ مجھے چوک کے دروازے سے قصر تک پیدل چل کر آنے میں زحمت ہوتی ہے میں بہت بوڑھا اور ضعیف ہو گیا ہوں ابو جعفر نے کہا تم کاٹھی میں بیٹھ کر آیا کرو اس نے کہا کاٹھی میں بیٹھتے ہوئے مجھے شرم آتی ہے ابو جعفر نے کہا اب بھی کوئی ایسا شخص زندہ ہے جس سے شرم آتی ہے عیسیٰ نے کہا آپ مجھے کسی پیدل پانی لانے والے کا ایک مکان سمجھ لیجیے کہنے لگے شہر میں جس قدر آبادی ہے وہ سب عسکری کی جگہ ہے پیدل آئیں جائیں۔

بغداد کے متعلق رومی بطریق کی رائے:

مگر اب منصور نے حکم دیا کہ تمام لوگ اپنے دروازے مسجد کے چوک کی سمت کے بجائے کوچوں کے راستوں کی سمت نکالیں اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اب چوک میں جو شخص آتا وہ پیدل ہی ہو کر آ سکتا اس تبدیلی کا دوسرا نتیجہ یہ ہوا کہ شہر کی چاروں محرابوں پر جو مکانوں کے بجائے قائم تھے بازار بن گئے ہر محراب میں ایک ایک بازار لگ گیا۔ ایک مدت تک شہر کی یہی صورت قائم رہی اس کے بعد یہ رومی بطریق سرکاری کام پر ابو جعفر کے پاس آیا ابو جعفر نے ربیع کو حکم دیا کہ وہ اسے شہر اور حوالی شہر کی سیر کرائے تاکہ یہ شہر کی آبادی اور مسافت کو دیکھ لے ربیع نے اسے سب جگہ پھرایا جب وہ واپس آیا تو ابو جعفر نے اس سے پوچھا کہ شہر کی نسبت تمہاری کیا رائے ہے یہ شہر کی فصیل اور دروازوں کی برجوں پر چڑھا تھا اس بطریق نے کہا عمارت نہایت عمدہ ہے مگر صرف یہ خرابی ہے کہ آپ کے دشمن آپ کے ساتھ اس شہر میں موجود ہیں۔ ابو جعفر نے پوچھا وہ کون؟ کہنے لگا یہ بازاری ہیں تب ہی اس وقت سے ابو جعفر کے دل میں بازاریوں کی نفرت پیدا ہو گئی بطریق کے واپس جانے پر انھوں نے بازاروں کو شہر سے منتقل کر دینے کا حکم دے دیا۔

بازاروں کی منتقلی:

جب یہ دونوں بازار بن گئے تو اب ابو جعفر نے بازاروں کو وہاں منتقل کر دیا اور ہر گز کے اعتبار سے اس کا کرایہ مقرر کیا۔ جب آبادی کی کثرت ہوئی تو لوگ ایسے مقامات پر بھی دکانیں بنانے لگے جہاں ابراہیم بن حبیش اور جوانوں کو ان کے بنانے کا خیال نہ تھا

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ابوزکریا یحییٰ کا قتل

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

میں اس سے قبل واقف نہیں ہوں اور نہ یہ جانتا ہوں کہ اس پر کیا آفت نازل ہوئی ہے۔ منصور نے اس کا ذکر کیا ہے وہ بالکل بری ہے [illegible] [illegible] [illegible] جو اس کی بجائے چند [illegible] دوسری [illegible] رہا کر دیا گیا ہے اسے انھی خبر دی کہ وہ اس نے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] لگا دی [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] اس کے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] آپ چاہتے ہیں۔ منصور نے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] کا اعزاز [illegible] ہوں گا۔

میر عمارت مسیب کی برطرفی

ابن [illegible] نے کہا ہے کہ [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] جب [illegible] قدر [illegible] اور [illegible] صرف [illegible] منصور سے [illegible] لیے تعمیرات کی تعمیر میں ایک دن تمام اور دوسرے دن کا [illegible] حساب [illegible] تو اسے بھی انھوں نے اجرت کی تشخیص کے لیے [illegible] [illegible] کے بعد مسیب کو بلا کر [illegible] کہ اب تک تم نے اجرت دی ہے وہ اب [illegible] حساب کرنے سے پانچ درہم ہوئے منصور کو یہ قلیل رقم معلوم ہوئی انھوں نے اسے منظور نہیں کیا اور [illegible] پر اصرار کر کے ایک درہم کم کر دیا۔ جب یہ شہر تیار ہو گیا تو انھوں نے اس کے [illegible] ہر [illegible] سے [illegible] کی مقدار معلوم کر لی۔ اور [illegible] دار الامارت اور مسیب کو بلا کر حساب پیش کرنے کا حکم دیا اور [illegible] سے [illegible] باقی پندرہ [illegible] انھوں نے [illegible] کم کر دی [illegible] معیار پر منصور نے مسیب سے ایک ایک چیز کا حساب [illegible] یا [illegible] طاق [illegible] معیار [illegible] احتیاط [illegible] حساب سے مسیب پر جو [illegible] [illegible] کے [illegible] انھوں نے مطالبہ کیا اور اسے قید کر دیا اور جب تک اس نے یہ رقم ادا نہ کر دی اسے قید سے رہائی نہ ملی۔

بعض بنی منصور بیان کرتے ہیں کہ ابو جعفر کے [illegible] کے [illegible] سے [illegible] یہ بات معلوم ہوئی [illegible] [illegible] جامع قصر الذہب [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] ہوتے تھے [illegible] کا حساب اس طرح [illegible] کہ [illegible] ایک قیراط اور [illegible] دو حبہ [illegible] اجرت ملتی تھی اور [illegible] عمل روزانہ اجرت ملتی تھی۔

سلم بن قتیبہ کی معزولی

اسی سال منصور نے سلم بن قتیبہ کو بصرہ کی ولایت سے معزول کر کے اس کی جگہ محمد بن سلیمان کو مقرر کیا۔

بصرہ کا والی مقرر کرنے کے بعد منصور نے سلم کو لکھا کہ ابراہیم کے ہمراہ خروج کرنے والوں کے مکانات منہدم کر دو اور ان کی کھجوروں کے درخت کاٹ ڈالو [illegible] سلم نے منصور کو لکھا کہ [illegible] پہلے کس چیز سے شروع کروں مکانات سے یا کھجوروں سے؟ اس کے جواب میں منصور نے سلم کو لکھا کہ اگر میں نے تم کو حکم دیا ہوتا کہ ان کے [illegible] خراب کر دو تو اس کے جواب میں تم مجھ سے سوال کرتے کہ کس چیز سے [illegible] پہلے شروع کروں [illegible] یا [illegible] والسلام [illegible] منصور نے سلم کو بصرہ کی ولایت سے معزول کر دیا اور اس کی جگہ محمد بن سلیمان کو مقرر کیا۔

ابراہیم بن عبداللہ کے حامیوں پر ظلم وستم:

محمد نے بصرہ آ کر خوب ظلم ڈھائے۔ ابراہیم کی ہزیمت کے بعد سلم بن قتیبہ بصرہ کا والی مقرر ہوا اس نے ابو برقہ یزید بن سلم کو اپنا کوتوال مقرر کیا جو پانچ ماہ اس عہدہ پر برقرار رہا پھر علیحدہ کر دیا گیا اور محمد بن سلیمان اس کی جگہ بصرہ کا والی مقرر ہو کر آیا۔ محمد نے آتے ہی یعقوب بن الفضل اور ابو مروان کے مکانوں کو جو بنی یشکر کے محلہ میں واقع تھے منہدم کرا دیا۔ نیز عون بن مالک، عبدالواحد بن زیاد اور خلیل بن الحسین کے مکانوں کو جو محلہ عدی میں واقع تھے اور عفو اللہ بن سفیان کے مکان کو منہدم اور ان سب کے نخلستانوں کو قطع کرا دیا۔

عبداللہ بن ربیع کی برطرفی۔

اس سال موسم گرما کی مہم نے جعفر بن حنظلہ البہرانی کی قیادت میں کفار سے جہاد کیا اس سال عبداللہ بن الربیع مدینہ کی ولایت سے برطرف کر دیا گیا اور اس کی جگہ جعفر بن سلیمان مقرر کیا گیا آخر ماہ ربیع الاول میں مدینے پہنچ گیا۔

امیر حج عبدالوہاب بن ابراہیم:

نیز اسی سال سری بن عبداللہ مکہ کی ولایت سے برطرف کر دیا گیا اور اس کی جگہ عبدالصمد بن علی مقرر ہوا۔ عبدالوہاب بن ابراہیم بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی امارت میں اس سال حج ادا ہوا۔

۱۴۷ھ کے واقعات

ترکوں کی یورش:

اس سال استرخان الخوارزمی ترکوں کی ایک زبردست جمعیت کے ساتھ آرمینیا کی سمت میں مسلمانوں پر یورش کر کے بڑھا اور مسلمانوں اور ذمیوں کو گرفتار کر کے لے گیا۔ ترکوں نے حرب بن عبداللہ الراوندی کو جس کے نام سے بغداد کا حربیہ مشہور ہے قتل کر دیا۔ یہ ان خارجیوں کے ہنگامے کو فرو کرنے کے لیے جنہوں نے جزیرے میں اودھم مچا رکھا تھا دو ہزار کی فوج کے ساتھ موصل میں مقیم تھا جب ابوجعفر کو ترکوں کی یورش کا علم ہوا انہوں نے جبرئیل بن یحییٰ کو ان سے لڑنے روانہ کیا اور اس کے ساتھ حرب کو بھی اس کے ہمراہ جانے کا حکم دیا۔ حرب جبرئیل کے ساتھ ہو لیا اور لڑائی میں مارا گیا جبرئیل نے شکست کھائی اور بہت سے مسلمان شہید ہوئے۔

ابوجعفر کا عبداللہ بن علی کو قتل کرنے کا حکم:

اس سال عبداللہ بن علی بن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے انتقال کیا ان کی وجہ موت میں اختلاف ہے ایک بیان یہ ہے کہ مہدی کو عیسیٰ بن موسیٰ پر ولی عہدی کے لیے مقدم کرنے کے تین ماہ بعد ۱۴۷ھ میں ابوجعفر حج کے لیے گئے اس سے پہلے ہی انہوں نے عیسیٰ بن موسیٰ کو کوفہ اور اس کے ماتحت علاقہ کی ولایت سے برطرف کر کے اس کی جگہ محمد بن سلیمان بن علی کو والی مقرر کر کے اسے اپنی جگہ نائب بنا کر مدینۃ السلام بھیج دیا اب انہوں نے عیسیٰ کو بلا کر آدھی رات کو خفیہ طور پر عبداللہ بن علی کو اس کے سپرد کیا اور کہا کہ اس شخص نے اس نعمت خلافت سے مجھے اور تم کو محروم کرنے کی کوشش کی مہدی کے بعد تم میرے ولی عہد ہو اور خلافت تم کو ملنے والی ہے تم اسے

سے جاؤ اور اس کی گردن مار دو۔ اس معاملہ میں ہرگز ہرگز کمزوری اور بزدلی کا اظہار مت کرنا ورنہ میری ساری محنت برباد جائے گی۔ یہ ہدایت کر کے ابو جعفر وہاں سے حج پر روانہ ہو گئے اور اثنائے راہ سے انہوں نے تین مرتبہ عیسیٰ کو اس بابت پوچھ بھیجا اور ہر طرح تاکید لکھی۔ عیسیٰ نے جواب میں لکھا: "میں نے آپ کے حکم کی بجا آوری کر دی ہے" اس جواب پر ابو جعفر کو یقین ہو گیا کہ عیسیٰ نے ضرور میرے حکم کی متابعت میں عبداللہ کا کام تمام کر دیا ہے۔

یونس بن فروہ کا عیسیٰ بن موسیٰ کو مشورہ:

دوسری جانب جب عبداللہ، عیسیٰ بن موسیٰ کے سپرد کیا گیا اس نے اسے اپنے پاس چھپا لیا۔ اپنے منشی یونس بن فروہ کو بلا کر اس سے کہا کہ منصور نے اپنے چچا کو میرے سپرد کیا ہے اور اس کے بارے میں مجھے یہ ہدایت کی ہے۔ یونس نے کہا اس سے ان کا مقصد یہ ہے کہ وہ تم دونوں کو قتل کرا دے اسی وجہ سے انہوں نے تم کو عبداللہ کے خفیہ طور پر قتل کر دینے کا حکم دیا ہے تاکہ جب تم ان کا کام تمام کر دو تو علانیہ تم سے اس کا مواخذہ کریں اور قصاص لے لیں۔ عیسیٰ نے کہا تو پھر کیا کیا جائے؟ اس نے کہا کہ تم عبداللہ کو اپنے پاس اس طرح چھپائے رکھو کہ کسی کو اس کا حال معلوم نہ ہو سکے تاکہ اگر منصور علانیہ طور پر ان کو تم سے طلب کریں تو اس وقت سب کے سامنے عبداللہ کو ان کے سامنے لا کر پیش کر دو مگر یہ خیال رکھنا کہ کبھی اسے خفیہ طور پر دوبارہ منصور کے حوالے نہ کرنا کیونکہ یہ بات گو اس نے عبداللہ کو خفیہ طور پر قتل کیے جانے کے لیے تمہارے حوالے کیا ہے مگر یہ بات ظاہر ہو کر رہے گی۔ عیسیٰ نے اسی کی رائے پر عمل کیا۔

عبداللہ بن علی کے متعلق سفارش:

حج سے واپس آ کر منصور نے اپنے چچاؤں کو اشارہ کیا کہ تم مجھ سے عبداللہ کی معافی کے لیے سفارش کرو اور میں وعدہ کرتا ہوں کہ اسے منظور کر لوں گا۔ اس قرارداد کے مطابق یہ سب کے سب منصور کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بہت ہی لجاجت کے ساتھ اور اپنی قرابت قریبہ کا اظہار کر کے اس کے لیے معافی کے خواستگار ہوئے۔

عیسیٰ بن موسیٰ سے عبداللہ بن علی کی طلبی:

منصور نے کہا اچھا عیسیٰ بن موسیٰ کو میرے پاس بلاؤ۔ وہ آ گیا۔ منصور نے اس سے کہا میں نے اپنے اور تمہارے چچا عبداللہ بن علی کو حج کو جانے سے پیشتر تمہارے سپرد کیا تھا اور حکم دیا تھا کہ اسے اپنے مکان میں رکھنا۔ عیسیٰ نے کہا بے شک امیر المومنین نے ایسا ہی کیا تھا۔ منصور کہنے لگا ہاں! اب تمہارے یہ سب چچا اس کی معافی کے لیے سفارش کرنے میرے پاس آئے ہیں اور میں بھی یہ مناسب سمجھتا ہوں کہ اسے معاف کر دیا جائے اور رہا کر دیا جائے تم اسے میرے پاس لے آؤ۔ عیسیٰ نے کہا امیر المومنین! آپ نے تو مجھے اس کے قتل کر دینے کا حکم دیا تھا اور میں نے ارشاد کی تعمیل کی اور اسے قتل کر دیا۔ منصور نے کہا نہیں ہرگز نہیں میں نے اس کے قتل کر دینے کا تم کو حکم نہیں دیا تھا بلکہ یہ کہا تھا کہ اسے اپنے مکان میں قید رکھو۔ عیسیٰ نے کہا آپ نے مجھے اس کے قتل کر دینے کا حکم دیا تھا۔ منصور نے کہا تو جھوٹ بولتا ہے میں نے کبھی اس کے قتل کر دینے کا حکم نہیں دیا تھا۔ پھر اپنے چچاؤں سے مخاطب ہو کر انہوں نے کہا دیکھئے یہ شخص آپ کے بھائی کے قتل کا اقرار کرتا ہے اور دعویٰ کرتا ہے کہ میں نے اسے اس کا حکم دیا تھا حالانکہ یہ بالکل جھوٹا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ اسے ہمارے حوالے کیجیے ہم عبداللہ کے عوض میں اسے قتل کریں گے۔ منصور نے کہا اچھی بات ہے جو تمہارا جی چاہے کرو۔

عبداللہ بن علی کی حوالگی:

اب جب عیسیٰ کو قتل کرنے کے لیے [illegible] میں [illegible] ۔ [illegible] نے [illegible] تو [illegible] میں [illegible] ۔ ذکر [illegible] ابن [illegible] تم [illegible] کی طرف [illegible] کر [illegible] ۔ عیسیٰ نے [illegible] بات [illegible] باقی [illegible] ۔ [illegible] عیسیٰ نے [illegible] تم [illegible] موت [illegible] عیسیٰ کے [illegible] ۔ [illegible] منصور [illegible] عیسیٰ نے [illegible] قتل [illegible] آپ [illegible] منصور [illegible] آپ کے چچا [illegible] آپ [illegible] ان [illegible] منصور [illegible] عیسیٰ نے اسے حاضر کر دیا اور کہا کہ آپ نے [illegible] اور اب [illegible] آپ [illegible] آپ نے چچا منصور [illegible] ہوگا [illegible] دیں گے ۔

عبداللہ بن علی کی ہلاکت:

اس کے تمام چچا جو سفارش کے لیے آئے تھے واپس چلے گئے ۔ منصور نے عبداللہ بن علی کو [illegible] میں قید کر دیا جس کی بنیادوں میں [illegible] منصور نے اس پر پانی بہا دیا جس کی وجہ سے وہ [illegible] اور عبداللہ اس میں دب کر مر گئے ۔ اسی سال ان کی وفات ہوئی ۔ باب الشام کے مقبروں میں دفن کیے گئے [illegible] پہلے شخص ہیں جو وہاں دفن ہوئے [illegible] باون سال کی عمر میں ان کی وفات ہوئی ۔

ان کی موت کے بعد [illegible] منصور [illegible] عبداللہ [illegible] تھا اور اس کے [illegible] منصور نے [illegible] پانچ خلیفہ [illegible] کے نام [illegible] انہوں نے [illegible] یہ بات بالکل غلط ہے اور عبدالملک بن مروان نے عبدالرحمن بن محمد بن الاشعث [illegible] عمرو بن سعید کو قتل کیا اور عبداللہ بن علی [illegible] منصور نے [illegible] عبداللہ بن علی [illegible] ہے ۔ عبداللہ بن [illegible] نے [illegible] بات [illegible] اس معاملہ میں آپ کی [illegible] ہے ۔

* * *

باب ۹

مہدی کی ولی عہدی کی تقدیم

اس باب میں منصور نے عیسیٰ بن موسیٰ کو منصب ولی عہدی کی نیابت سے علیحدہ کر کے اپنے بیٹے مہدی کے لیے ولی عہدی کی
اور عیسیٰ کو مہدی کے بعد ولی عہد قرار دیا۔

ابو جعفر کا مہدی کو ولی عہد اول بنانے کا ارادہ

ابو العباس کی وفات کے بعد منصور نے عیسیٰ بن موسیٰ کو تو اس کے عہد کے مطابق ولی عہد قائم رکھا اور عیسیٰ کی بہت عزت و تعظیم کرتے تھے، دربار میں اسے اپنی داہنی جانب بٹھاتے اور اپنے بیٹے مہدی کو بائیں۔ یہ ایک عرصہ تک یونہی چلتا رہا۔ خلافت ملنے کے ایک عرصہ بعد ابو جعفر منصور نے اپنے بعد بجائے عیسیٰ کے مہدی کو ولی عہد خلافت بنانے کا ارادہ کر لیا۔ ابو العباس نے اپنے بعد منصور کو اور ان کے بعد عیسیٰ کو ولی عہد مقرر فرمایا تھا۔ جب منصور نے اس تبدیلی کا عزم کر لیا تو عیسیٰ سے اس بارے میں خود گفتگو کی۔ بہت ہی نرم الفاظ میں گفتگو کی۔ عیسیٰ نے جواب دیا مگر یہ تو فرمائیے کہ اس منصب کو قبول کرتے وقت جو میں نے اور تمام مسلمانوں نے لونڈی غلام آزاد کرنے اور بیوی کو طلاق دینے کی اس معاہدے کی خلاف ورزی کرنے کی صورت میں جو عہد و پیمان اور حلف قسمیں اپنے اوپر عائد کر لی ہیں ان کا کیا ہوگا۔ امیر المؤمنین یہ بات نہیں ہو سکتی اس کا کوئی چارہ کار نظر نہیں آتا۔

ابو جعفر اور عیسیٰ بن موسیٰ میں کشیدگی:

جب ابو جعفر نے دیکھا کہ وہ ان کی اس بات کو کسی طرح ماننے کے لیے تیار نہیں ہیں تو ان سے تعلقات بگاڑ لیے اور انہوں نے اسی وقت سے اپنے دربار کے تعلقات میں تھوڑی سی تبدیلی اور کشیدگی کا اظہار شروع کر دیا اور حکم دیا کہ ملاقات کے لیے جب سب آیا کریں تو عیسیٰ سے پہلے مہدی کو اندر آنے کی اجازت دی جایا کرے۔

ابو جعفر کا عیسیٰ بن موسیٰ سے بات آگے بڑھانا

چنانچہ اب یہ دستور ہو گیا کہ جب مہدی آتا تو اسے پہلے دربار میں آنے کی اجازت ملتی اور وہ منصور کی داہنی جانب عیسیٰ کی جگہ بیٹھتا اس کے بعد عیسیٰ کو اجازت ملتی اور وہ مہدی سے نیچے بیٹھ جاتا مگر عیسیٰ اس دستور سے کبھی مہدی کی جگہ نہ بیٹھتا، منصور کے بائیں جانب بیٹھتا اس کو یہ بات کہ منصور اس کی بے عزتی اور تحقیر کرنا چاہتے ہیں بہت ناگوار گزرتی اب اس نے یہ دستور بنا لیا کہ سب سے پہلے مہدی دربار میں آنے کی اجازت پاتا اس کے تھوڑی دیر بعد عیسیٰ بن موسیٰ کو اجازت ملتی ہے اور اس کے بعد عیسیٰ بن موسیٰ کو دربار میں آنے کی اجازت ملتی اور بعض اوقات تو اسے عیسیٰ بن موسیٰ کے بعد بھی دستور کے بعد یہ ہوا کہ مہدی کو تو ہر حال میں سب سے پہلے اندر آنے کی اجازت ملتی مگر دوسرے حضرات بھی جب تک نہیں آ جاتے تھے عیسیٰ کو اجازت نہ ملتی بلکہ بیچ کے کسی وقت میں بلا کر اندر آنے کی اجازت ملتی۔

عیسیٰ بن موسیٰ سے بدسلوکی:

عیسیٰ بن موسیٰ اس تمام اثناء میں یہی گمان کرتا رہا کہ یہ بعض ان اصحاب ترک کی خاص ضرورت کی وجہ سے ہر کسی معاملہ میں مشورے کی غرض سے پہلے بلاتے ہیں اس خیال کی بنا پر وہ بالکل خاموش رہا اس نے اس کے متعلق ایک حرف بھی شکایت کا زبان سے نہیں نکالا مگر اب حالات بد سے بدتر ہوگئے اس کے ساتھ بدسلوکی کی یہ نوبت پہنچی کہ ایک مرتبہ بارگاہ خلافت میں جانے سے پہلے جب وہ اپنی مقررہ نشست میں آ کر بیٹھا اس کے ساتھ اس کا ایک لڑکا بھی تھا اس نے دیوار کی جڑ میں سے کھودے جانے کی آواز سنی اور اس دیوار کے گرد چونے کا غبار پیدا ہوا حتیٰ کہ اس پر گری اس نے نظر اٹھائی تو دیکھا کہ چھت کی کڑی ایک سمت سے ہلائی گئی ہے اس درز کی وجہ سے اس کی ٹوپی اور کپڑوں پر مٹی گرنے لگی اس نے اپنے بیٹے کو اس جگہ سے ہٹا دیا اور خود نماز پڑھنے کھڑا ہوا اس کے بعد اسے اندر بلا لیا گیا یہ اسی طرح گرد جھاڑے بغیر منصور کے پاس آیا منصور کہنے لگا کیا کوئی شخص آج تک اس طرح خاک آلود کپڑوں کے ساتھ میرے پاس آیا ہے؟ کیا یہ تمام خاک راستے کی ہے؟ عیسیٰ نے جواب دیا۔ میرا خیال یہی ہے کہ راستے کی خاک ہے اس استفسار کی وجہ تھی منصور کی یہ نیت تھی کہ یہ کسی طرح کوئی شکایت اپنی زبان سے کرے مگر عیسیٰ نے ایک حرف شکایت کا زبان سے نہیں نکالا۔

منصور نے ولی عہدی کے مسئلہ کو اپنی منشاء کے مطابق طے کرانے کے لیے عیسیٰ بن علی کو عیسیٰ بن موسیٰ کے پاس بھیجا تھا عیسیٰ بن موسیٰ کو اس معاملہ میں اس کا دخل دینا گوارا نہ ہوا اور اس سے وہ یہ سمجھا کہ منصور اس طرح اسے ذلیل کر رہا ہے۔

عیسیٰ بن موسیٰ کی علالت:

بیان کیا گیا ہے کہ عیسیٰ بن موسیٰ کو کوئی جھٹکا سا لگا وہ مجلس سے ایک دم اٹھ کر جانے لگا منصور نے پوچھا اے ابو موسیٰ کہاں جاتے ہو اس نے کہا مجھے سخت گھبراہٹ معلوم ہو رہی ہے انہوں نے کہا تو گھر میں چلے جاؤ۔ عیسیٰ نے کہا مجھے اس قدر تکلیف ہے کہ میں گھر میں بھی نہیں ٹھہر سکتا منصور نے پوچھا تو پھر کہاں؟ اس نے کہا میں اپنے مکان جانا چاہتا ہوں تاکہ لیٹ جاؤں۔ ڈیوڑھی سے اٹھ کر عیسیٰ اپنے مکان کے صحن میں آیا منصور بھی اس کی طرف سے بہت پریشان صورت بنائے اس کے پیچھے ہی آ گیا یہاں تک آ کر عیسیٰ نے کوفہ جانے کی اجازت مانگی منصور نے کہا بہتر یہ ہے کہ یہیں رہ کر علاج کرو مگر اس نے نہ مانا اور کوفہ جانے پر اصرار کیا تو منصور نے اسے کوفہ جانے کی اجازت دے دی۔

عیسیٰ بن موسیٰ کی روانگی کوفہ

اس اصرار پر اسے اس کے طبیب معالج بختیشوع بن جبرئیل نے جرات دلائی تھی اور کہہ دیا تھا کہ منصور کے سامنے میں تمہارا علاج کرنے کی جرات نہیں کروں گا کیونکہ مجھے خود اپنی جان کا خطرہ ہے۔ جب منصور نے اسے کوفہ جانے کی اجازت دی اور کہا کہ چونکہ اس سال میں خود حج کرنے جا رہا ہوں تو میں تمہارے پاس بھی آ کر مہمان رہوں گا اس وقت تک ان شاء اللہ تمہاری طبیعت بھی سنبھل جائے گی۔

عیسیٰ بن موسیٰ کی صحت یابی

اب حج کا زمانہ قریب آ گیا منصور مدینۃ السلام سے کوفہ آئے اور یہاں رصافہ میں کئی روز تک قیام پذیر رہے۔ گھوڑ دوڑ بھی

کئی کئی مرتبہ عیسیٰ کی عیادت کو بھی گئے اور پھر مدینۃ السلام واپس چلے گئے اور مکہ کے راستے میں پانی کی قلت کا بہانہ کر کے حج کا ارادہ بھی ملتوی کر دیا۔ اس مرض سے عیسیٰ کی حالت نہایت زبوں ہو گئی یہاں تک کہ اس کے تمام بال گر پڑے مگر بہر حال اسے افاقہ ہو گیا۔

موسیٰ بن عیسیٰ کو ابو جعفر کی دھمکی:

بیان کیا گیا ہے کہ عیسیٰ بن علی نے منصور سے کہا کہ عیسیٰ بن موسیٰ اس وجہ سے مہدی کی بیعت سے رکتا ہے کہ وہ اپنے بیٹے موسیٰ کے لیے اس خلافت کا منتظر ہے اور درحقیقت موسیٰ ہی اسے مہدی کی بیعت سے روک رہا ہے منصور نے اس سے کہا کہ تم جاؤ اور موسیٰ بن عیسیٰ سے اس معاملہ میں گفتگو کرو کہ اگر وہ نہ مانے گا تو اس کے باپ اور بیٹے دونوں کی جان خطرے میں پڑ جائے گی عیسیٰ نے موسیٰ سے جا کر اس بارے میں گفتگو کی اسے حکومت کے بیٹے کی طرف سے مایوس کر دیا اور منصور کے غضب سے خوب ڈرایا دھمکایا۔

موسیٰ بن عیسیٰ کی عباس بن محمد سے درخواست:

جب موسیٰ کو اس بات کا خوف پیدا ہو گیا کہ اس معاملہ میں اسے تکلیف اٹھانا پڑے گی وہ عباس بن محمد کے پاس آیا اور اس سے کہا اے میرے چچا میں آپ سے ایک ایسی بات کہتا ہوں جو اب تک میں نے کسی دوسرے سے کہی ہے اور نہ آئندہ زبان سے نکالوں گا مگر چونکہ میں آپ پر پورا بھروسہ رکھتا ہوں اور آپ کی طرف سے مجھے قطعی اطمینان ہے اس وجہ سے یہ بات کہنا چاہتا ہوں وہ بات ایسی ہے کہ میں اپنی جان آپ کے ہاتھ میں دے رہا ہوں عباس نے کہا اے میرے برادرزادے تم میری طرف سے بالکل اطمینان رکھو اور بلا خوف جو کہنا چاہتے ہو کہو موسیٰ نے کہا مجھے معلوم ہے کہ میرے باپ کو مجبور کیا جا رہا ہے کہ وہ مہدی کے حق میں اپنی ولی عہدی سے دست بردار ہو جائیں اور اسی وجہ سے ان کو ہر قسم کی تکلیف دی جا رہی ہے کبھی ان کو دھمکی دی جاتی ہے کبھی ان کو دربار میں آنے کے لیے دوسروں کے بعد اجازت ملتی ہے کبھی دیواریں ان پر ڈھائی جاتی ہیں اور کبھی مہلک اشیاء ان کو کھلائی جاتی ہیں مگر ان تمام مصائب کے ہوتے ہوئے بھی میرے باپ اب تک انکار پر مصر ہیں اور آئندہ بھی کبھی وہ اسے منظور نہیں کریں گے۔ البتہ ایک شکل میری سمجھ میں آتی ہے کہ اگر اس طرح انھوں نے دست برداری دے دی تو دے دیں ورنہ اور کوئی دوسری صورت ان کو مجبور کرنے والی نہیں ہے۔

موسیٰ بن عیسیٰ کی تجویز:

عباس نے پوچھا وہ کیا ہے جلد بتاؤ میں سمجھتا ہوں کہ تم نے جو بات سوچی ہو گی وہ درست ہو گی موسیٰ نے کہا آپ میرے سامنے میرے والد کو امیر المومنین کے پاس لے جائیے اور وہاں ان سے کہیے کہ عیسیٰ میں خوب واقف ہوں کہ تم ولی عہدی سے مہدی کے حق میں دست بردار ہونے کے لیے جو انکار کر رہے ہو اس کی وجہ یہی ہے کہ تم خود خلیفہ بننا چاہتے ہو کیونکہ ظاہر ہے کہ تمہاری عمر اتنی ہو گئی ہے کہ اب موت کا وقت قریب ہے اور تم کو معلوم ہے کہ اگر خلافت مل بھی گئی تو وہ کتنے دن کے لیے ہو گی تمہارا اپنا انکار اپنے بیٹے موسیٰ کی خاطر معلوم ہوتا ہے کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ میں اسے زندہ چھوڑ دوں گا کہ وہ تمہارے بعد میرے بیٹے مہدی پر حکومت کرے گا! یہ ہرگز نہیں ہو گا میں تمہارے سامنے تمہارے بیٹے کا کام تمام کر رہا ہوں تاکہ مجھے اس بات کا اطمینان ہو جائے کہ اسے میرے بعد میرے بیٹے پر حکومت کرنے کا موقع نہیں رہا اور تم بھی اس سے مایوس ہو جاؤ کیا تم اس خام خیالی میں ہو کہ میں تمہارے بیٹے کو

اپنے بیٹے سے زیادہ چاہتا ہوں اس گفتگو کے بعد امیر نے قتل کا حکم دیا اس وقت ربیع نے اس کا گلا گھونٹ دینے کے لیے بالکل قریب جا کے اس نے وہ اس بات کو منظور کرنے والے نہیں ہیں شاید اس کی یہ ہے کہ آخر [illegible] موسیٰ بن عیسیٰ نے اس کام سے ان کو مجبور پا کے

ابوجعفر کا موسیٰ بن عیسیٰ کی تجویز سے اتفاق:

موسیٰ نے کہا اے میرے چچا! اور تم نے بڑی عمدہ تجویز سوچی ہے اب تم کو اس کی تدبیر خود کرنی ہے تم اپنے اپنے باپ کے عوض پیش کرنے سوا اور اس کی زندگی کی خاطر اپنے حق سے دست بردار ہو جاؤ بیعت کو عمدہ جانتے ہیں موسیٰ نے ابوجعفر سے آ کر یہ بات بیان کی انہوں نے موسیٰ کو دعا دی اس کی تجویز کو بہت پسند کیا اور کہنے لگے کہ میں اتنا ہی اس پر عمل کروں گا سب لوگ دربار میں جمع ہو گئے اور عیسیٰ بن علی بھی حاضر تھا منصور نے عیسیٰ بن موسیٰ کو مخاطب کر کے کہا کہ میں تمہاری رائے سے واقف ہو گیا ہوں تم اس خلافت کو اپنے بیٹے کے لیے چھوڑ دو اپنے اور تمہارے دونوں کے لیے بہتر ہے یہ عمل کرنا چاہیے اس وقت عیسیٰ بن علی نے کہا امیر المومنین مجھے پیشاب معلوم ہوا ہے منصور نے کہا ہم تمہارے لیے کسی پیشاب کا برتن منگائے دیتے ہیں عیسیٰ نے کہا مجھ سے یہ گستاخی نہیں ہو سکتی کہ میں آپ کے دربار میں بیٹھ کر پیشاب کروں البتہ مجھے قریب کی کسی کوٹھڑی میں جانے کی اجازت دیجئے کہ وہاں بیٹھ کر پیشاب کروں منصور نے اس کام کے لیے ایک خادم کو حکم دے دیا۔ عیسیٰ اٹھ کر چلا۔ عیسیٰ بن موسیٰ نے اپنے بیٹے موسیٰ سے کہا کہ تم اپنے چچا کے ساتھ جاؤ اور ان کے کپڑے ان کے پیچھے سے اٹھا لینا اور اگر کوئی صندلی تمہارے پاس ہو تو وہ ان کو پیشاب کرنے کے لیے دے دینا۔

موسیٰ بن عیسیٰ کا عیسیٰ بن علی کے قتل کا ارادہ:

جب پیشاب کرنے بیٹھا موسیٰ نے چاہا کہ ان کے کپڑے ان کے پیچھے سے اٹھائے اتفاق سے کسی وجہ سے عیسیٰ نے اسے مڑ کر دیکھا پوچھا کون ہے۔ اس نے اپنا نام بتایا۔ عیسیٰ کہنے لگا میرا باپ تجھ پر قربان ہو جائے خدا! میں خوب جانتا ہوں کہ تم دونوں کے بعد اس خلافت میں کوئی خیر نہیں اور تم دونوں اس کے سب سے زیادہ اہل اور حق دار ہو مگر منصور تو اس ولی عہدی کے معاملہ میں حد سے گزر گیا ہے موسیٰ نے اپنے جی میں کہا خدا! اس وقت یہ میرے قابو میں ہے یہی منصور کو میرے باپ سے [illegible] ہے اور اس کے اس قول کی بنا پر میں اس کا کام تمام کر دوں اس کے بعد مجھے اس کی کچھ پروا نہیں کہ امیر المومنین مجھے قتل کر دیں اس کے قتل کر دینے میں دونوں فائدے ہیں کہ میرے باپ اس کے شر سے محفوظ ہو جائیں گے اور اگر اس کے عوض میں قتل کیا گیا تو ان کو میری طرف سے بھی تسلی ہو جائے گی۔

موسیٰ بن عیسیٰ اور عیسیٰ بن موسیٰ کی گفتگو:

جب یہ دونوں دربار میں اپنی اپنی جگہوں پر بیٹھے تو موسیٰ نے کہا امیر المومنین میں اپنے باپ سے ایک بات کہنا چاہتا ہوں منصور اس اجازت طلبی سے خوش ہوا اور اس نے اپنے دل میں خیال کیا کہ اس بارے میں اس سے ذکر کرنا ہو گا انہوں نے موسیٰ کو دربار سے اٹھ جانے کی اجازت دے دی وہ اپنے باپ کے پاس آیا اور کہنے لگا جناب والا! معلوم ہے کہ عیسیٰ نے میرے اور آپ کے قتل میں کوئی بات اٹھا نہیں رکھی آج اس نے مجھے یہ موقع دیا ہے کہ میں اس کا خاتمہ کر دوں۔ عیسیٰ نے پوچھا وہ کیا موسیٰ

نے ہمارا وقت سنایا کہ عیسیٰ بن علی نے مجھ سے یہ بات کہی ہے کہ میں امیر المومنین کو اس کی اطلاع کر دیتا ہوں وہ اس کی پاداش میں اسے قتل کر دیں گے اور اس طرح آپ کا بھی اس کی طرف سے قصہ ختم ہو جائے گا اور اگر اس نے کر دیا تو پھر وہ مجھے قتل کرے گا تو آپ اس طرح ان کا کام تمام کر چکے ہوں گے اس کے بعد کیا ہوگا اس کی کسی کو کوئی پروا نہ ہوگی۔ عیسیٰ بن موسیٰ نے کہا مجھے تمہاری اس نیت اور ارادے پر بہت افسوس ہے تمہارے چچا نے تم کو قتل کرنے کے لیے راز میں تم سے ایک بات کہی اور تم اس کو بیان کر کے ان کو مروا دینا اور ہلاک کرنا چاہتے ہو۔ خبردار! آئندہ یہ بات تمہاری زبان سے نہ نکلے جاؤ اپنی جگہ بیٹھو۔

ابوجعفر کا موسیٰ بن عیسیٰ کو قتل کرنے کا حکم:

موسیٰ بن عیسیٰ پھر اپنی جگہ جا بیٹھا ابوجعفر اس اثناء میں اس بات کے منتظر تھے کہ موسیٰ کی اپنے باپ سے جو گفتگو ہوئی ہے اس کا ضرور کوئی اثر نمایاں ہوگا مگر جب انہوں نے اس کا کوئی اثر نہ دیکھا تو اب پھر حسب سابق اسے ڈرانے اور دھمکی دینے لگے کہنے لگے میں تیرے سامنے ہی تیرے بیٹے کا کام تمام کر دیتا ہوں تاکہ تجھے اپنے ارادے میں قطعی مایوسی ہو جائے ربیع تم جا کر موسیٰ کے پرتلے سے اس کی گردن گھونٹ دو۔ ربیع اٹھا اس نے موسیٰ کے پرتلے سے اس کی گردن باندھی اور آہستہ آہستہ گھونٹنا شروع کیا۔ موسیٰ چلانے لگا اے امیر المومنین میں اپنے معاملہ میں آپ کو اللہ کا واسطہ دیتا ہوں جو خیال اس معاملہ میں میرے متعلق کیا جاتا ہے میں اس سے کوسوں دور ہوں میرا اس سے کوئی تعلق نہیں ہے علاوہ بریں اگر مجھے قتل بھی کر دیا جائے تو عیسیٰ کو اس کی کیا پروا ہوگی اس کے بارہ تیرہ بیٹے موجود ہیں جن سے وہ وہی تعلق خاطر رکھتا ہے جو اسے میرے ساتھ ہے بلکہ ان میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو اسے میرے مقابلہ میں زیادہ عزیز ہیں۔

عیسیٰ بن موسیٰ کی ولی عہدی اوّل سے دستبرداری:

اس دوران میں ابوجعفر برابر کہتے جاتے تھے ہاں ربیع اس کا خوب گلا گھونٹ اسی طرح مار ڈال ربیع کو بھی اپنی جگہ یہ خیال ہو گیا کہ منصور واقعی اسے ہلاک کرنا چاہتے ہیں مگر وہ اپنی گرفت کو ڈھیلا دیتا رہا موسیٰ چیخ رہا تھا یہ حالت دیکھ کر عیسیٰ بن موسیٰ سے نہ رہا گیا کہنے لگا امیر المومنین مجھے یہ خیال بھی نہ تھا کہ اس معاملہ میں آپ یہاں تک بڑھ جائیں گے مہربانی فرما کر اسے چھوڑنے کا حکم دیجیے اگر اسی معاملہ کی وجہ سے میرا ایک غلام بھی قتل ہوتا تو میں گوارا نہیں کر سکتا تھا چہ جائیکہ میرا بیٹا۔ میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ میں مہدی کے ہاتھ پر بیعت کے لیے اسی وقت تیار ہوں اگر اس کے خلاف کروں تو میری بیویاں مطلقہ میرے مملوک آزاد اور میری ساری جائیداد اللہ کے راستے میں وقف کی جائے۔

عیسیٰ بن موسیٰ کی ولی عہدی دوم کی بیعت:

منصور نے اپنے حسب منشاء عیسیٰ سے مہدی کے لیے بیعت لے لی جب یہ مکمل ہو گئی تو اب منصور نے اس سے کہا کہ بیٹا تم نے بادل ناخواستہ میرے لیے کیا ہے اب میں چاہتا ہوں کہ ایک کام اپنی خوشی سے میرے لیے اور کر دو تاکہ اس فعل کی ندامت جو میں اپنے قلب میں محسوس کرتا ہوں وہ دور ہو جائے۔ عیسیٰ نے پوچھا وہ کیا؟ منصور نے کہا میری یہ خواہش ہے کہ اب مہدی کے بعد تم ولی عہدی خلافت قبول کرو۔ عیسیٰ نے کہا ایک مرتبہ اس منصب جلیلہ سے علیحدہ ہونے کے بعد میں دوبارہ اسے قبول کرنا نہیں چاہتا مگر منصور اور اس کے اہل خاندان نے جو دربار میں موجود تھے اس پر اس حد تک اصرار کیا کہ اسے قبول کرنا پڑا۔

عیسیٰ بن موسیٰ کی ولی عہدی کے متعلق دوسری روایت:

کوفہ کا ایک شخص جس کے سامنے عیسیٰ ان دنوں کے دربار میں جاتے تھے یہ واقعہ کہتا ہے کہ ولی عہدی سے علیحدگی کا قضیہ دوسرے دن طے ہو گیا۔ محمد بن داؤد بیان کرتے ہیں کہ عیسیٰ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے اور اس معاملہ کو اس طرح بیان کرتے تھے ان کے علاوہ دوسرے لوگ بھی کہتے ہیں کہ اس معاملہ کے متعلق یہ بیان کیا ہے کہ منصور نے مہدی کے لیے بیعت لینے کا ارادہ کر لیا۔ اس نے فوجی عہدہ داروں سے اس معاملہ میں گفتگو کی۔ ان کے بعد سے فوج والوں کا یہ دستور ہو گیا تھا کہ جب وہ عیسیٰ کو دیکھتے تو اس پر آوازہ فقرے کستے۔ عیسیٰ نے منصور سے ان کی شکایت کی۔ منصور نے عیسیٰ سے کہا کہ میرے بھتیجے! حالانکہ میں ان سے بہت خوف کھاتا ہوں اگر چہ یہ بات میں نے تم سے پہلے سے کہہ دی ہے کہ اس کی وجہ سے تم ان کو چپ کرا دو، ورنہ مجھے ڈر ہے کہ کہیں ان کا اتفاق ہوا کہ پھر سے وہ لوگ خاموش رہے پھر دوبارہ آوازے کسنے لگے۔

ابو جعفر منصور کا عیسیٰ بن موسیٰ کے نام خط

ایک عرصہ کے بعد ابو جعفر منصور نے یہ خط عیسیٰ کو لکھا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یہ خط عبد اللہ عبد اللہ منصور امیر المومنین کی جانب سے عیسیٰ بن موسیٰ کو لکھا جاتا ہے

سلام علیک! میں تمہارے سامنے اس ذات پاک کی تعریف کرتا ہوں جس کے سوا اور کوئی ذات عبادت کے قابل نہیں ہے۔ اما بعد! اس خدا کا شکر کرتا ہوں جس کا احسان عظیم ہے جس کا فضل عظیم ہے جس نے اس عالم کو ایک خوبصورت انداز کے ساتھ بنایا جس نے مخلوق کو اپنے علم سے پیدا کیا اور اپنے حکم سے اس کے متعلق فیصلہ کر دیا۔ مخلوق کا کوئی فرد اس کی ذات کی حقیقت کو نہیں پا سکتا اور نہ کوئی اس کی عظمت کا اندازہ کر سکتا ہے جو چاہتا ہے اپنے حکم سے کر بیٹھتا ہے۔ اپنے فیصلے کو نافذ کرتا ہے کوئی اس کا رد کرنے والا ہے نہ اس سے مشورہ لینے والا جو بات کہنا چاہتا ہے وہ اس پر حکم کرتا ہے بندے چاہے پسند کریں یا ناپسند کریں وہ ان کے لیے جو چاہتا ہے کر گزرتا ہے۔ اس کے حکم کو وہ ٹال نہیں سکتے نہ اپنے آپ کو بچا سکتے ہیں اور نہ اپنی ذات سے کسی شے کا دفاع کر سکتے ہیں۔ وہی ہے جس کے لیے پیدا کرنا اور حکم دینا ہے۔ تبارک اللہ رب العالمین۔

تم کو معلوم ہے کہ لوگوں نے عہد حکومت میں بادشاہت کی ایک طویل مدت ان اجداد کے طور پر حکومت کرتا تھا جس کو انہوں نے والی مقرر کیا ہم ان کے سامنے سر تسلیم خم کرتے تھے ہم اپنے دشمن کے مقابلہ اور مخالف ہوتے مگر ان کا کوئی چارہ نہ کر سکتے ہم دوسرے حقوق سے محروم کر دیے گئے تھے ہم انتقام لینے سے عاجز ہو گئے تھے اور نہ اپنے حقوق حاصل کر سکتے تھے۔ مگر جب ان کا وقت آ پورا اور ان کی حکومت کی مدت بھی پوری ہو گئی اللہ نے اپنے دشمن کو ہلاک اور اپنے نبی کی اہل بیت پر اپنی رحمت و برکت کا تحفہ بھیجا مختلف اسباب کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے ان کے خون کا بدلہ لیا اور ان کے دشمنوں سے لڑنے کے لیے ان کے مددگار پیدا کر دیے ان کی محبت کے والی اور ان کی وراثت کے ... [illegible] ... اللہ تعالیٰ نے ہمارا

دوستی اور نصرت نے ہی ان کے دل یک جا کر دیے اور ہماری نصرت سے ان کی عزت افزائی کی حالانکہ ہم نے بھی ان سے مدد لی اور ہم بھی ان کے ہمراہ ہر معرکۂ جنگ میں شریک شمشیر زنی ہوتے تھے مگر پھر بھی اللہ نے ان کے دلوں میں ہماری محبت ہمیشہ ڈال رکھی تھی کہ اس کی وجہ سے وہ ہماری طرف سبقت کر کے وہ مخلصانہ اطاعت کے جذبات کو اپنے قلوب میں لیے ہوئے اپنے علاقوں سے ہماری مدد کے لیے امنڈ آئے یہاں تک کہ فتح و ظفر ہم رکاب ہوئی ان کا رعب ایسا تھا کہ جس سے مقابلہ ہوا اسے شکست ہی ہوئی جو بھی ہمارا مقابل آیا وہ ہار گیا اس طرح اللہ نے ہمیں وہ اجتماعی کامیابی عطا کی جس کی ہمیں آرزو تھی اور جس کے لیے ہم نے پہلے ہی سے جدوجہد کی تھی یہ اللہ کا ہم پر سب سے بڑا احسان و فضل ہے اور محض اس کی عطا ہے جس میں ہماری طاقت و قوت کو کچھ دخل نہ تھا۔

اللہ کے اس فضل سے ہم کو حاصل ہوا ہم برابر زندہ رہے یہاں تک کہ اللہ نے اس شعور کو پہنچا دیا ہے اس مرتبہ پھر ہمارے ان موالی اور مددگاروں کے دلوں میں جن کی وجہ سے ہمیں یہ نعمت خلافت حاصل ہوئی ہے اس امر کے لیے پھر اپنی محبت و رغبت جاگزیں کر دی ہے اور ہر وقت اس کی بزرگی و سعادت کا ذکر کرتے ہیں اس کی تعریف میں رطب اللسان ہیں اور اس کو خلافت کا صرف اسی کا حق سمجھتے ہیں جب امیر المومنین نے دیکھا کہ اللہ نے اس کی محبت اپنے دوستوں اور مددگاروں کے دلوں میں جاگزیں کر دی ہے ان کی زبانوں پر اس کا ذکر جاری کر دیا ہے وہ اس کی خلافت اور نام کی وجہ سے اس خلافت کا اس کو اہل اور مستحق سمجھتے ہیں اور مسلمانوں کا میلان بھی اسی کی جانب ہے تو امیر المومنین کو یقین آ گیا کہ یہ منصب اللہ نے ہی اس کو عطا کیا ہے اور اسے دیا ہے اور اس نے ہی اس کا انتخاب کیا ہے اب بندوں کے لیے اس معاملہ میں دخل دینے یا مخالفانہ مشورہ دینے کا بھی کوئی حق نہیں رہا۔ اگرچہ پہلے ہی سب لوگ بالاتفاق اس کا نام لے رہے تھے اسی وجہ سے امیر المومنین کو یہ گمان ہے کہ چونکہ یہ امر خلافت پہلے سے مہدی کے لیے مقدر ہو چکا ہے اس وجہ سے اگر آپ کی طرف سے یہ امر اس وقت نہ پہنچتا تب بھی وہی خلیفہ ہوتا اور جب کہ تمام لوگوں نے اس پر اتفاق کر لیا ہے تو امیر المومنین نے بہتر سمجھا کہ اس کے تسلیم کرنے کے اور کوئی چارہ کار نظر نہیں آتا امیر المومنین کے خاص احباب اور معتمدین میں جاہ و منزلت کی وجہ سے وہ دونوں یعنی جو سب سے زیادہ قرابت اور ان کے مزاج شناس اور خیر خواہ سمجھے جاتے ہیں وہی اس معاملہ میں سب سے زیادہ مستحق ہیں آپ سے اس لیے کہ امیر المومنین ان کی صلاحیت مان کر اس پر عمل درآمد کر سکتے ہیں علاوہ ازیں یہ بھی اور زائد طور پر خود امیر المومنین اور ان کے اہل بیت کو دوسروں کے مقابلہ میں آپ سے اس کا زیادہ حق ہے کہ وہ آپ ایک زندگی اس خلافت فضیلت و سعادت کو تسلیم کرے اس کی برکت کے منتظر ہوں وہ اس کے بارے میں بہت معقول ہے۔ اس کی تصدیق کریں اور اس بات پر اللہ کا شکر ادا کریں کہ اللہ نے ان کی اولاد میں ایک ایسا مرد صالح پیدا کیا ہے جس کے لیے انبیاء نے ان سے پہلے اللہ سے دعا مانگی تھی۔ حضرت زکریا علیہ السلام نے دعا مانگی:

﴿ رَبِّ هَبْ لِی مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا یَرِثُنِی وَیَرِثُ مِنْ آلِ یَعْقُوبَ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِیًّا ﴾

”اے اللہ تو مجھے اپنے پاس سے ایک ولی عطا فرما جو میرا اور آل یعقوب کا وارث بنے اور اسے میرے رب! تو

[illegible]

عیسیٰ بن موسیٰ کا ابو جعفر کے نام خط

عیسیٰ بن موسیٰ نے اس خط کا جواب یہ لکھا:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

"یہ خط عیسیٰ بن موسیٰ کی جانب سے بندۂ خدا ابو جعفر امیر المومنین کے نام لکھا جاتا ہے۔ السلام علیک [illegible] کی تعریف کرتا ہوں جس کے سوا کوئی دوسرا معبود نہیں ہے۔

امابعد مجھے آپ کا خط ملا جس میں آپ نے اس امر کا تذکرہ کیا ہے [illegible]

[illegible]

﴿ واللہ یعلم خائنۃ الاعین وما تخفی الصدور ﴾

[illegible]

عہد کی تکمیل یا کسی چیز کی حفاظت کا پکا ارادہ کر لیتا ہے تو وہ تمام اسباب وعلل بھی خود ہی پیدا کر دیتا ہے اور خود ہی اسے مستحکم و مکمل کر دیتا ہے جس شے میں اللہ نے تاخیر کی ہے بندوں کو یہ قدرت نہیں ہے کہ وہ اسے جلد وقوع پذیر کرا سکیں اور جس شے کے پورے ہونے کا وقت آ چکا ہے کوئی مخلوق ٹال نہیں سکتا۔ اس شیطان نے جو انسان کا کھلا ہوا دشمن ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اس کی عداوت سے ڈرایا اور اس کی عداوت کو ظاہر کر دیا ہے مگر پھر بھی یہ ارباب حق و طاعت کے درمیان پھوٹ ڈال دیتا ہے تاکہ ان کا خوشگوار تعلق پراگندہ ہو جائے اور درمیان میں دشمنی ڈال دے اور جب معاملات کی اصلی حقیقت ظاہر ہوتی ہے اور مصیبت پڑتی ہے اس وقت شیطان ان سب سے اپنی بے تعلقی کا اظہار کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ کلام پاک میں فرماتا ہے:

﴿وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ وَلَا نَبِيٍّ إِلَّا إِذَا تَمَنَّىٰ أَلْقَى الشَّيْطَانُ فِي أُمْنِيَّتِهِ فَيَنسَخُ اللَّهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطَانُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللَّهُ آيَاتِهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ﴾

"ہم نے کوئی رسول یا نبی تم سے قبل دنیا میں نہیں بھیجا مگر جب اس نے کوئی تمنا کی شیطان نے اس کی تمنا میں وسوسہ ڈال دیا تو جو وسوسہ شیطان ڈالتا ہے اللہ اسے مٹا دیتا ہے پھر اللہ اپنی نشانیاں مضبوط کر دیتا ہے اور وہ سب کچھ جاننے والا دانشمند ہے" پھر اللہ نے اہل تقویٰ کی یوں تعریف کی ہے:

﴿إِذَا مَسَّهُمْ طَائِفٌ مِّنَ الشَّيْطَانِ تَذَكَّرُوا فَإِذَا هُم مُّبْصِرُونَ﴾

"جب کوئی وسوسہ شیطانی ان کے قلب پر طاری ہوتا ہے تو وہ اللہ کو یاد کر لیتے ہیں"۔

اور پھر ان کو سمجھ آ جاتی ہے۔ اب اگر امیر المومنین کی نیت اور منشا یہی ہو کہ اپنے پیش رووں کے فیصلہ کی خلاف ورزی کریں تو بھی آپ کو اللہ سے ڈراتا ہوں کہ آپ ہرگز ایسا نہ کریں کیونکہ آپ کو معلوم ہے کہ اس سے قبل اپنے بیٹوں کی درخواست اور خود اپنی خواہشات کی وجہ سے ان لوگوں نے یہی کرنا چاہا تھا جس کا ارادہ اب آپ نے کیا ہے مگر پھر انہوں نے غور و خوض کے بعد حق کو اختیار کر لیا اور دوسرے خیالات دل سے نکال ڈالے۔ ان کو معلوم تھا کہ اللہ کے فیصلہ کو کوئی روک نہیں سکتا اور نہ اس کی عطا کو کوئی دور کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ نعمتوں کے بدل جانے اور مصائب کے وقوع پذیر ہو جانے سے وہ اپنے کو مامون نہیں سمجھتے تھے اسی وجہ سے انہوں نے موخر شے کو اختیار کیا اور موجودہ کے مقابلے میں اسی کو قبول کر لیا اور اپنے عہود و قیود میں کسی قسم کی تبدیلی پسند نہ کی اس قول جمیل کی وجہ سے اللہ نے ان کے تمام معاملات پورے کر دیے جو اہم واقعہ پیش آیا اللہ نے خود ہی اس کا تدارک کر دیا ان کی حکومت و اقتدار کی حفاظت کی ان کے یار اور مددگاروں کی عزت بڑھائی ان کی عمارت کو اور بلند کر دیا اور اپنی نعمتوں اور سرفرازیوں سے ان کو مالا مال کر دیا۔ اس پر وہ ہمیشہ شکر ادا کرتے رہے اللہ کو جو منظور ہوا وہ پورا ہوا حالانکہ اس کے دشمن اسے پسند نہ کرتے تھے۔ والسلام علی امیر المومنین ورحمۃ اللہ"۔

عیسیٰ بن موسیٰ کے خط سے ابو جعفر کی برہمی:

ابو جعفر اس خط کو پڑھ کر سخت برہم ہوئے اس سے بات کرنا چھوڑ دی فوجیوں نے اس کے ساتھ زیادہ سختی کی اور بے ادبی

شروع کر دی۔ اسد بن المرزبان، عقبہ بن سلم اور نصر بن حرب بن عبداللہ وغیرہ وغیرہ اس میں پیش پیش تھے۔ یہ عیسیٰ کی ڈیوڑھی پر آتے اور کسی کو اس کی ملاقات کے لیے اندر نہ جانے دیتے جب خود عیسیٰ سوار ہو کر جاتا تو اس کے پیچھے ہو لیتے اور کہتے کہ تو ہی وہ گائے ہے جس کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوا يَفْعَلُونَ (آخر کار انھوں نے وہ گائے ذبح کر ڈالی حالانکہ وہ ایسا کرنے والے نہ تھے) عیسیٰ نے منصور سے آ کر ان کے اس طرزِ عمل کی شکایت کی اس نے کہا اے میرے بھتیجے! چونکہ یہ لوگ میرے بیٹے کی محبت میں سرشار ہو رہے ہیں اس وجہ سے ان کی طرف سے مجھے بھی اور تمہاری دونوں کی جان کا خطرہ ہے بہتر یہ ہے کہ تم اسے اپنے پر مقدم کر دو اس طرح وہ میرے اور تمہارے درمیان مقرر ہو جائے گا تب یہ لوگ باز آ جائیں گے عیسیٰ نے ان کی بات کے ماننے پر آمادگی ظاہر کی۔

ربیع کہتا ہے کہ جب عیسیٰ کے پاس سے منصور کو اپنے خط کا جواب موصول ہوا انھوں نے اس جواب کے آخر میں اپنے ہاتھ سے یہ جملہ لکھ دیا: ”اس ولی عہدی خلافت سے کنارہ کشی کر کے دنیا میں اس کا عوض تم کو ملے گا اور آخرت میں خلافت کی ذمہ داریوں کی جواب دہی سے مامون رہو گے“۔

ابو جعفر کا خالد بن برمک سے مشورہ:

عیسیٰ بن موسیٰ کی ولی عہدی سے علیحدگی کے متعلق متذکرہ بالا دو بیانوں کے علاوہ حسن بن عیسیٰ الکاتب نے حسب ذیل واقعہ بیان کیا ہے وہ کہتا ہے کہ جب ابو جعفر نے اس بات کا قصد کیا کہ وہ اپنے بیٹے مہدی کو عیسیٰ بن موسیٰ پر مقدم کر دے تو اس نے خود عیسیٰ سے اس بات کی خواہش کی مگر اس نے اسے ماننے سے انکار کر دیا جب ابو جعفر کی کوئی تدبیر کارگر نہ ہوئی تو انھوں نے خالد بن برمک سے بلا کر کہا کہ تم جا کر عیسیٰ سے اس بارے میں گفتگو کرو ہم سے تو اس نے قطعی انکار کر دیا ہے اور ہمیں اب کوئی چارۂ کار نظر نہیں آتا۔ تم سے کوئی تدبیر ہو سکتی ہو تو کرو خالد نے کہا بہتر ہے آپ تیس سربرآوردہ شیعوں کو منتخب کر کے میرے ساتھ کر دیجیے۔

خالد بن برمک کی حکمت عملی:

خالد اس جماعت کے ساتھ سوار ہو کر عیسیٰ کے پاس آیا اور انھوں نے منصور کا خط اسے دیا عیسیٰ نے کہا چونکہ اللہ نے مجھے اس منصب پر فائز کر دیا ہے اس لیے اب میں خود اس سے دست بردار نہیں ہوں گا خالد نے خوف و طمع کی تمام تدبیریں ختم کر دیں مگر وہ اپنے انکار پر جما رہا۔ مایوس ہو کر خالد اس کے پاس سے باہر آ گیا۔ اس کے بعد وہ شیعہ بھی اٹھ آئے۔ خالد نے ان سے پوچھا کہ اس معاملہ میں اب آپ کیا کریں گے کہنے لگے کہ ہم اس کا حال امیر المومنین کو لکھ دیتے ہیں اور ہمارے اور ان کے درمیان جو واقعہ پیش آیا ہے اس کی ان کو اطلاع کر دیں گے خالد نے کہا نہیں بلکہ ہم یہ کہیں گے کہ عیسیٰ نے آپ کی تجویز کو قبول کر لیا ہے اور اگر بعد میں وہ اس سے انکار کرے گا تو ہم اس کے خلاف شہادت دیں گے انھوں نے کہا تم بھی کرو ہم بھی تیار ہیں خالد نے کہا بس یہ بات بالکل ٹھیک ہے اور میں امیر المومنین کو ان کے منشاء کے مطابق تصفیہ کی اطلاع دیتا ہوں یہ سب ابو جعفر کے پاس آئے خالد بھی ہمراہ تھا انھوں نے کہا کہ عیسیٰ نے اس بات کو منظور کر لیا ہے منصور نے اسی وقت مہدی کی بیعت کے لیے ایک فرمان لکھا اور اسے تمام حدود سلطنت میں ارسال کر دیا جب اس کی اطلاع عیسیٰ کو ہوئی اس نے ابو جعفر کے پاس آ کر اس معاملہ سے قطعی انکار کیا اور کہا کہ میں نے ہرگز ہرگز مہدی کو اپنے اوپر مقدم نہیں کیا ہے اور میں اس معاملہ میں آپ کو اللہ کی یاد دلاتا ہوں کہ آپ ایسا نہ کریں۔ ابو جعفر

نے اس جماعت کو بلا کر ان سے متعلق سوال کیا انھوں نے کہا کہ ہم شہادت دیتے ہیں کہ انھوں نے یہ بات منظور کر لی ہے ابوجعفر نے اپنا فرمان نافذ کر دیا اور اس کارروائی پر خالد کا شکریہ ادا کیا۔ مہدی بھی ہمیشہ خالد کی اس خدمت کا اعتراف کرتا تھا اور اس معاملے میں اس کی دانائی کی تعریف کرتا تھا۔

ابونخیلہ شاعر کی سلیمان بن عبداللہ سے ملاقات:

عبداللہ بن حارث بن نوفل کا مولیٰ عبداللہ بن مسلم کہتا ہے کہ جب ابوجعفر نے مہدی کو عیسیٰ پر مقدم کرنے کا عزم کر لیا تو اس زمانے میں ایک مرتبہ میں سلیمان بن عبداللہ بن حارث بن نوفل کے ساتھ سیر کے لیے جا رہا تھا اتنے میں ابونخیلہ شاعر جس کے ہمراہ اس کے دونوں بیٹے اور دونوں غلام اپنے گھر کا کچھ سامان اٹھائے ہوئے تھے ہمیں ملا۔ ان کو دیکھ کر سلیمان بن عبداللہ ٹھہر گیا اس نے ابونخیلہ سے پوچھا کیا ہے تم کس حال میں ہو اس نے کہا میں خاندان زرارہ کے قعقاع نامی ایک شخص کے پاس جو عیسیٰ بن موسیٰ کا صاحب شرط تھا مقیم تھا اس نے مجھ سے کہا کہ تم میرے پاس سے چلے جاؤ کیونکہ میں عیسیٰ بن موسیٰ کا نمک پروردہ ہوں اور مجھے خبر پہنچی ہے کہ تم نے اس بیعت کے قصے میں مہدی کی تعریف میں کچھ شعر کہے ہیں مجھے اندیشہ ہے کہ اگر اسے اس کی خبر ہو گئی تو تمہارے میرے پاس مہمان ہونے کی وجہ سے اس کی ذمہ داری مجھ پر عائد ہو جائے گی اس بات میں اس نے اتنا اصرار کیا کہ مجھے وہاں سے نکلنا ہی پڑا۔

ابونخیلہ کی ابوجعفر کے دربار میں باریابی:

سلیمان نے مجھ سے کہا کہ تم ابونخیلہ کو اپنے ساتھ لے جاؤ میرے مکان میں کسی اچھی جگہ ٹھہرا دو۔ خادموں سے کہہ دینا کہ وہ اس کے اور اس کے ہمراہیوں کے ساتھ بہت اچھا سلوک کریں اور خوب خاطر مدارات کریں اس کے بعد سلیمان نے ابوجعفر کو بھی ابونخیلہ کے وہ شعر سنائے جو اس نے مہدی کے لیے کہے تھے جس روز ابوجعفر نے اپنے بیٹے مہدی کو عیسیٰ پر مقدم کر کے اس کے لیے بیعت لی ابوجعفر نے ابونخیلہ کو دربار میں بلایا اور اشعار سنانے کی فرمائش کی اس نے شعر سنائے۔ سلیمان بن عبداللہ نے ابوجعفر سے سفارش کی کہ ان اشعار کا آپ معقول صلہ دیں کیونکہ یہ بات ہمیشہ کے لیے کتابوں میں اور لوگوں کی زبانوں پر یادگار رہ جائے گی۔ اور دس ہزار درہم ان سے دلوا کر ہی چھوڑا۔

ابونخیلہ کا بیان:

ابونخیلہ کہتا ہے میں ابوجعفر کی خدمت میں حاضر ہوا ایک ماہ اس کی ڈیوڑھی پر حاضر رہا مگر اس تک رسائی نہ ہوئی ایک دن عبداللہ بن الربیع الحارثی نے مجھ سے کہا کہ امیرالمومنین چاہتے ہیں کہ اپنے بیٹے کو ولی عہد خلافت مقرر کر دیں اور عیسیٰ پر اسے مقدم کر دیں مناسب ہوگا کہ تم ایسی نظم کہو جس میں ان کو اس کام پر برانگیختہ کرو اور اس میں مہدی کی فضیلت اچھی طرح ظاہر کرو۔ اس طرح ممکن ہے کہ وہ اور ان کے صاحبزادے تمہارے ساتھ کچھ سلوک کر جائیں میں نے کئی نظمیں ان کی مدح میں کہیں اور ان کو خادموں کے سامنے پڑھا اور ان کو یاد ہو گئیں ابوجعفر نے کسی سے پوچھا یہ کس کے شعر ہیں ان سے کہا گیا کہ ان کا قائل بنی سعد بن زید مناۃ کا ایک شخص ہے ابوجعفر خوش ہوئے انھوں نے مجھے بلایا میں ان کے پاس پیش کیا گیا عیسیٰ بن موسیٰ ان کے داہنے بیٹھا تھا اور تمام بڑے فوجی اور ملکی عہدے دار دربار میں حاضر تھے جب میں ایسی جگہ پہنچ گیا جہاں سے میں ان کو نظر آتا تھا۔ میں نے بلند آواز سے عرض کیا

میں لوگوں نے بھی ایسا ہی کیا۔ جب وہ اپنے [illegible] ابو جعفر منصور کے ہاتھ کے اشارے سے قریب آتے [illegible] ان کے [illegible] خوب بلند آواز سے [illegible]

[illegible]

[illegible] ان [illegible] لیے [illegible]۔

[illegible] کا قول:

جب عیسیٰ بن موسیٰ [illegible] آیا [illegible] ہاتھ [illegible] اور کہا [illegible] امیر المومنین کو [illegible]

[illegible] ان کا [illegible] اور [illegible] کو [illegible] بیان کیا گیا ہے کہ جب [illegible] اسی وقت قتل کیا گیا۔

ولید بن محمد العنبری کی روایت:

ولید بن محمد العنبری کہتا ہے کہ عیسیٰ کے مہدی کو اپنے پر مقدم کرنے کی [illegible] مسلم بن قتیبہ نے اس سے [illegible] مہدی کو اپنے پر مقدم [illegible] اور ان کی [illegible] عیسیٰ نے پوچھا [illegible] اس نے کہا ہاں [illegible] عیسیٰ نے کہا [illegible] اس کے لیے تیار [illegible] مسلم نے منصور سے [illegible] کہا عیسیٰ اس بات کے قبول کرنے کے لیے آمادہ ہے [illegible] منصور بہت خوش ہوا اور اسی وقت [illegible] لوگوں نے مہدی اور اس کے بعد عیسیٰ بن موسیٰ کے لیے بیعت کی [illegible] منصور نے اس معاملہ پر تقریر کی اور کہا کہ عیسیٰ مہدی کو اپنے اوپر مقدم [illegible] منصور نے [illegible] سے کیا [illegible]۔

عیسیٰ بن موسیٰ کی ولی عہدی سے دستبرداری کی تیسری روایت:

اس معاملہ کے متعلق ابو جعفر کے [illegible] کاتب [illegible] عیسیٰ بن موسیٰ ولی عہدی سے [illegible] منصب خلافت [illegible] حکومت [illegible] منصب [illegible] اختیار [illegible] اسلام [illegible] عیسیٰ [illegible] مہدی [illegible] امیر المومنین [illegible] عیسیٰ [illegible]

[illegible]۔

مہدی کی ولی عہدی کی تقدیم پر عیسیٰ بن موسیٰ کی رضامندی:

عیسیٰ نے کہا اچھا عبداللہ امیر المومنین نے اپنے بیٹے محمد المہدی کو ولی عہدی میں جو تقدیم دی ہے میں اس شرط پر کہ اس کے عوض میں ایک کروڑ درہم مجھے دیے جائیں تیس لاکھ میرے فلاں فلاں بیٹوں کو دیے جائیں اور سات لاکھ میری فلاں بیوی کو دیے جائیں اپنی دلی رضامندی اور خوشی سے تیار ہوں کہ مہدی کو ولی عہد مقدم کر دیا جائے کیونکہ وہ باعتبار اہلیت "حق" اور قوت کے خلافت کے بار گراں کو اٹھانے کے لیے مجھ سے زیادہ مستحق ہیں ان کی تقدیم کی وجہ سے اب آئندہ مجھے اس معاملہ میں کوئی حق نہ رہے گا اور اگر میں اس کا ادعا کروں تو وہ باطل تصور ہوگا۔

مہدی کی ولی عہدی کی تقدیم کا عہد نامہ:

اس معاہدے کو لکھتے ہوئے کئی مرتبہ وہ مجلس کو یکجا بتاتا تھا ابو عبید اللہ بار بار اٹھاتا تھا کہ عہد نامہ میں کسی قسم کا قانونی نقص باقی نہ رہے۔ عہد نامہ کی تحریر کے بعد اس پر مہر اور گواہی کے ثبت کے بعد عیسیٰ نے اپنے دستخط اس پر کیے اور مہر لگائی جس سے لوگ اس وقت موجود تھے عہد کی تکمیل کے بعد سب لوگ باب المقصورہ سے قصر میں آئے امیر المومنین نے بارہ لاکھ درہم کی مالیت کا قطعہ عیسیٰ اور اس کے بیٹے موسیٰ کو عطا فرمایا۔

امارت کوفہ پر محمد بن سلیمان کا تقرر:

عیسیٰ بن موسیٰ تیرہ سال کوفہ اور سواد کوفہ کا والی رہا اس کے بعد جب عیسیٰ نے مہدی کو اپنے اوپر مقدم کرنے سے انکار کیا تو منصور نے اسے کوفہ کی ولایت سے علیحدہ کر کے اس کی جگہ محمد بن سلیمان بن علی کو مقرر کیا۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ محمد کو مقرر کرنے سے منصور کا مقصد یہ تھا کہ یہ عیسیٰ کی تحقیر و تذلیل کرے گا مگر اس نے ایسا نہیں کیا بلکہ ہمیشہ عیسیٰ کی بہت تعظیم و تکریم کرتا رہا۔

محمد بن ابی العباس کا استعفیٰ و وفات:

اس سال ابو جعفر نے محمد بن ابی العباس اپنے بھتیجے کو بصرہ کا والی مقرر کیا محمد نے اس عہدے سے استعفیٰ پیش کیا جسے منظور کر لیا گیا اور وہ مدینۃ السلام بغداد آ گیا اور یہیں مر گیا اس کی بیوی بغوم بنت علی الربیع نے "واقعا" کہہ کر اس پر نوحہ کیا۔ ایک پہرہ دار نے ایک مشعل اس کی پشت پر پھینک ماری محمد بن ابی العباس کے خدام اس پر پل پڑے اور انہوں نے اس کا کام تمام کر دیا اس مقتول کے خون کا کوئی معاوضہ نہیں لیا گیا محمد بن ابی العباس نے بصرہ چھوڑتے وقت عقبہ بن سلم کو نائب مقرر کر دیا تھا منصور نے پھر اسی کو ۱۵۱ھ تک بصرہ کی ولایت پر بحال رکھا۔

امیر حج ابو جعفر منصور و عمال:

اس سال منصور کی امارت میں حج ہوا۔ اس کا چچا عبدالصمد بن علی مکہ اور طائف کا عامل تھا جعفر بن سلیمان مدینہ کا والی تھا۔ محمد بن سلیمان کوفہ اور اس کے ماتحت علاقہ کا والی تھا۔ عقبہ بن سلم بصرہ کا والی تھا۔ سوار بن عبداللہ بصرہ کے قاضی تھے یزید بن حاتم مصر کا والی تھا۔

* * *

۱۴۸ھ کے واقعات

ترکوں کا آرمینیا سے فرار:

اس سال منصور نے حمید بن قحطبہ کو ان ترکوں کے مقابلے کے لیے آرمینیا بھیجا جنہوں نے حرب بن عبداللہ کو قتل کر کے تفلیس میں قتل عام کیا تھا۔ حمید آرمینیا پہنچا مگر اس کے آنے سے پہلے ہی ترک تفلیس سے چلے گئے تھے۔ حمید واپس آ گیا اور کسی ترک سے اس کا مقابلہ نہ ہوا۔

امیر حج جعفر بن ابی جعفر منصور:

اس سال صالح بن علی نے دابق میں جہاد کے لیے پڑاؤ ڈالا اور فوجیں روانہ کیں۔ اس سال جعفر بن ابی جعفر المنصور کی امارت میں حج ہوا۔ مختلف ممالک کے صوبیدار اس سال وہی لوگ تھے جو حسب سابق کام کر رہے تھے۔

۱۴۹ھ کے واقعات

اس سال عباس بن محمد نے روم کے علاقہ میں موسم گرما کی مہم کے ساتھ جہاد کیا۔ اس کے ہمراہ حسن بن قحطبہ اور محمد بن اشعث بھی تھے۔ آخر الذکر راستے ہی میں ہلاک ہو گئے۔

بغداد کی فصیل و خندق کی تکمیل:

اس سال منصور نے بغداد کی فصیل اور خندق وغیرہ کی تعمیر سے فراغت پائی۔ نیز وہ اس سال موصل کے حدیثہ تشریف لے گئے اور پھر مدینۃ السلام واپس آ گئے۔

امیر حج محمد بن ابراہیم و عمال:

محمد بن ابراہیم بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس کی امارت میں حج ہوا۔ عبدالصمد بن علی کو مکہ کی امارت سے معزول کر دیا گیا اور ان کی جگہ محمد بن ابراہیم مقرر کیا گیا۔ مکہ اور طائف کے علاوہ دوسرے تمام ممالک کے صوبیدار اس سال وہی لوگ تھے جو ۱۴۷ھ اور ۱۴۸ھ میں تھے۔ البتہ مکہ و طائف کا والی اس سال محمد بن ابراہیم بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس ہو گیا تھا۔

۱۵۰ھ کے واقعات

استاذ سیس کی بغاوت:

اس سال استاذ سیس نے صوبہ خراسان کے اضلاع ہرات، بادغیس اور سجستان کے باشندوں کے ساتھ جن کی تعداد تقریباً تین لاکھ بیان کی جاتی ہے حکومت کے خلاف بغاوت کی۔ یہ لوگ خراسان کے بڑے حصہ پر قابض ہو گئے اور اب وہ آگے بڑھے۔ اہل مرو الروذ کا ان سے مقابلہ ہوا۔ اجثم مروروذی اہل مرو الروذ کے ساتھ مقابلہ پر نکلا۔ انہوں نے اس کا بڑی شدت سے مقابلہ کیا۔ اجثم اور

[illegible] کے [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] کی شکایت

مہدی کا وزیر معاویہ بن عبیداللہ [illegible] سے [illegible] [illegible] خازم نے [illegible] اس بات سے انکار کیا اور کوئی بات [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible]

[illegible] [illegible]

خازم کی فوجی ترتیب

خازم [illegible] [illegible]

حصے میں اپنی فوج لے کر میسرہ کی سمت سے اور بکار بن مسلم اپنی سمت سے اپنی فوج لے کر ان پر حملہ آور ہوئے اور ان کو مار بھگایا۔

استاذ سیس کی شکست و فرار:

ہزیمت کے بعد مسلمانوں نے دل کھول کر قتل کرنا شروع کیا صرف اس معرکہ میں دشمن کے تقریباً ستر ہزار آدمی مسلمانوں کے ہاتھوں قتل اور چودہ ہزار مسلمانوں کے ہاتھوں اسیر ہو گئے استاذ سیس نے جس کے ہمراہ بہت ہی تھوڑے آدمی رہ گئے تھے بھاگ کر پہاڑ میں پناہ لی۔ اسی جگہ ابوعون اور عمرو بن سلم بن قتیبہ اپنی جمعیتوں کے ہمراہ خازم سے آ ملے۔ خازم نے ان کو ایک سمت فروکش کرا دیا اور کہا کہ آپ دونوں یہیں ٹھہرے رہیں جب ہم کو ضرورت ہوگی ہم آپ کو مدد کے لیے بلا لیں گے۔

استاذ سیس کا محاصرہ و گرفتاری:

اس کے بعد خازم نے استاذ سیس اور اس کے ہمراہیوں کا محاصرہ کر لیا آخر کار انھوں نے ابوعون کے فیصلہ پر ہتھیار رکھ دیے چونکہ سوائے اس شرط کے انھوں نے دوسری کسی شرط پر ہتھیار رکھنے سے بے آمادگی ظاہر نہیں کی تھی اس وجہ سے مجبوراً خازم نے اسے منظور کر لیا اور ابوعون کو حکم دیا کہ تم جا کر ان سے وعدہ کر لو کہ وہ تمہاری صواب دید پر ہتھیار رکھ دیں۔ ابوعون نے ان سے جا کر اپنی صواب دید کا اقرار کر لیا انھوں نے ہتھیار رکھ دیے اطاعت قبول کرنے کے بعد اس کے حکم سے استاذ سیس اس کے بیٹوں اور اقربا کے لوگوں کی بیڑیاں ڈال دی گئیں اور دوسروں کو چھوڑ دیا گیا یہ تیس ہزار تھے۔ خازم نے بھی ابوعون کے اس فیصلہ کو برقرار رکھا اور ان کے ہر شخص کو دو دو کپڑے دیے اس نے اس فتح کی خوشخبری اور دشمن کی تباہی کی اطلاع مہدی کو لکھ بھیجی۔ مہدی نے امیر المومنین منصور کو اس کی اطلاع کی۔

محمد بن عمر کہتا ہے کہ استاذ سیس اور حریش نے ۱۵۰ھ میں خروج کیا اور ۱۵۱ھ میں استاذ سیس کو ہزیمت ہوئی۔

امارت مدینہ پر حسن بن زید کی تقرری:

اس سال منصور نے جعفر بن سلیمان کو مدینہ کی ولایت سے علیحدہ کر کے اس کی جگہ حسن بن زید بن حسن بن علی بن ابی طالب جزیہ کو والی مدینہ مقرر کیا۔

جعفر الاکبر بن ابی جعفر کی وفات:

اس سال جعفر الاکبر بن ابی جعفر المنصور نے مدینۃ السلام میں وفات پائی منصور نے اس کی نماز جنازہ پڑھی اور وہ رات کے وقت قریش کی قبروں میں دفن کیا گیا۔

امیر حج عبدالصمد بن علی و عمال:

اس سال موسم گرما میں کوئی مہم جہاد کے لیے نہیں بھیجی گئی۔ بیان کیا گیا ہے کہ اس سال صائفہ پر منصور نے اسید کو سپہ سالار مقرر کیا تھا مگر وہ دشمن کی سرزمین پر اپنی فوج لے کر حملہ آور نہیں ہوا بلکہ مرج دابق میں پڑا رہا۔ اس سال عبدالصمد بن علی بن عبداللہ بن عباس کی بحیثیت والی مکہ اور طائف کی امارت میں حج ہوا۔ یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اس سال ان مقامات کا والی محمد بن ابراہیم بن محمد تھا اور مدینہ کا والی حسن بن زید العلوی تھا۔ محمد بن سلیمان بن علی کوفہ کا والی تھا، عقبہ بن سلم بصرہ کا والی تھا، سوار بصرہ کے قاضی تھے۔ یزید بن حاتم مصر کا والی تھا۔

۱۵۱ھ کے واقعات

عمر بن حفص کی امارت سندھ سے علیحدگی:

اس برس قوم کرک نے جدہ پر براہ سمندر غارت گری کی تھی۔ اس سال عمر بن حفص بن عثمان بن ابی صفرہ سندھ کی امارت سے علیحدہ ہو کر افریقہ کا والی مقرر کیا گیا اور اس کی جگہ سندھ پر ہشام بن عمرو التغلبی والی مقرر ہوا۔ اس عزل و نصب کے اسباب اور واقعات ذیل میں بیان کیے جاتے ہیں۔

منصور نے عمر بن حفص اصغر بن ہزار مرد کو سندھ کا حاکم مقرر کیا تھا یہ محمد بن عبداللہ و ابراہیم بن عبداللہ کے خروج تک اپنے فرائض بخوبی انجام دیتا رہا۔ محمد بن عبداللہ نے خروج کرنے کے بعد اپنے بیٹے عبداللہ الاشتر کو چند زیدیوں کے ساتھ بصرہ بھیجا اور ہدایت کی کہ وہاں سے نہایت عمدہ تیز رو گھوڑے خرید کر عمر بن حفص کے پاس سندھ چلے جاؤ اس شخص کے پاس بھیجنے کی وجہ یہ تھی کہ یہ بھی منصور کے ان سپہ سالاروں میں تھا جنھوں نے محمد کے لیے بیعت کی تھی اور نیز اس لیے کہ یہ آل ابی طالب کی طرف رجحان بھی رکھتا تھا۔

ابراہیم بن عبداللہ کی جماعت کو عمر بن حفص کی امان:

یہ جماعت ابراہیم بن عبداللہ کے پاس بصرہ آئی یہاں انھوں نے عجیب سے اصیل ونجد کے گھوڑے خریدے سندھ تک بحری گھوڑوں کی تجارت کی حیثیت سے بحری راستے سے سفر کرتے اور عمر بن حفص کے پاس پہنچے اور بیان کیا کہ ہمارے پاس بہت عمدہ گھوڑے ہیں عمر نے کہا کہ وہ گھوڑے میرے سامنے پیش کیے جائیں انھوں نے وہ گھوڑے اس کے سامنے پیش کیے۔ جب یہ لوگ عمر کے قریب آ گئے تو ان میں سے کسی نے کہا کہ مجھے اپنے پاس آنے دیجیے میں آپ سے کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں اس نے پاس بلا لیا اس شخص نے کہا کہ ہم آپ کے پاس ایک شے لے کر آئے ہیں جو آپ کے لیے ان گھوڑوں سے بہتر ہے وہ جس میں آپ کی دنیا اور دین دونوں کی بھلائی ہے آپ ہمیں اس بات پر امان دیجیے کہ یا تو جس غرض سے ہم آپ کے پاس آئے ہیں آپ اسے قبول فرمائیں اور یا اگر قبول نہ کریں تو آپ اس وقت تک اس معاملہ کو بالکل پوشیدہ رکھیں اور ہمیں کوئی اذیت نہ دیں اس کی جب تک کہ ہم پھر خود ہی آپ کے علاقے سے واپس نہ چلے جائیں گے۔

عمر بن حفص کی عبداللہ بن محمد کی بیعت:

عمر نے ان کو امان دے دی انھوں نے کہا کہ ہم گھوڑے لے کر آپ کے پاس نہیں آئے بلکہ یہ دیکھیے رسول اللہ ﷺ کے پوتے عبداللہ بن محمد بن عبداللہ بن حسن بن حسن بن علی آپ کے پاس موجود ہیں۔ ان کے والد نے ان کو آپ کے پاس بھیجا ہے انھوں نے مدینہ میں خروج کر دیا ہے اور اپنی خلافت کی دعوت عام ہو رہی ہے ان کے بھائی ابراہیم نے بصرہ میں خروج کر کے اس پر قبضہ کر لیا ہے عمر نے ان کی دعوت پر خوشی خوشی لبیک کہا اور محمد کے لیے ان کی بیعت کر لی۔ عبداللہ بن محمد کے لیے حکم دیا کہ انھیں مہمان بنایا جائے چنانچہ وہ اس کے پاس فروکش ہو گیا عمر نے اپنے اہل خاندان اور فوج کے سرداروں اور اپنے علاقے کے سربرآوردہ لوگوں کو اس کی

بیعت کی دعوت دی تھی انھوں نے قبول کر لیا اور بیعت کر لی اب ان سب سے خفیہ طور سے اور کچھ ذرائع اختیار کیے گئے خفیہ تدبیریں اور خفیہ کارروائیاں شروع کی گئیں اور مدینہ پہنچنے کے لیے کئی خفیہ راستے مہیا کر لیے ایک جمعرات کے دن ان لوگوں نے اس خفیہ اجلاس کا اہتمام کیا۔

عمر بن حفص کو عبداللہ بن محمد کا مشورہ

چند دن کے بعد بصرہ سے ایک تجارتی جہاز سندھ آیا اس میں عمر بن حفص کی بیوی کا غلام عمر کے نام ایک خط لے کر آیا جس میں لکھا تھا کہ محمد بن عبداللہ قتل کر دیے گئے عمر نے عبداللہ بن محمد سے یہ واقعہ بیان کیا اور ان کے باپ کی ہلاکت پر تعزیت کی اور کہا کہ میں نے آپ کے والد کے لیے بیعت لی تھی مگر اب ان کے ساتھ یہ واقعہ پیش آ گیا۔ عبداللہ نے کہا میرا معاملہ اب شہرت پا چکا ہے میرا خون معلوم ہو گیا ہے اب میرے خون کی ذمہ داری تمہاری گردن پر ہے اب تم جیسا مناسب خیال کرو اپنے لیے راستہ تجویز کر لو چاہے میری حفاظت کرو یا اس سے دست بردار ہو جاؤ۔ عمر نے کہا ایک بات میرے خیال میں آئی ہے وہ یہ ہے کہ یہاں سندھ کا ایک بڑا زبردست رئیس ہے جس کا ملک وسیع اور جس کی رعایا کثیر ہے وہ باوجود شرک کے رسول اللہ ﷺ کی بہت تعظیم و تکریم کرتا ہے اور اپنے عہد کا پکا ہے میں اسے خط لکھ دیتا ہوں تمہارے اور اس کے درمیان رشتہ مودت قائم کر دیتا ہوں اور تم کو اس کے پاس بھیج دوں گا تم وہیں رہنا اس کے ساتھ قیام کی حالت میں تم پر کسی کی دسترس نہیں ہو سکے گی۔

عبداللہ بن محمد کی رخصت:

عبداللہ نے کہا جو آپ مناسب خیال کرتے ہوں اس پر عمل کیجیے عمر نے اپنی تجویز پر عمل کیا عبداللہ اس رئیس کے پاس چلا گیا اس نے ان کی بڑی تعظیم و خاطر داری کی اور تواضع کی اور بہت سلوک کیا اب زیدیہ دور دراز سے ان کے پاس آ کر جمع ہونے لگے اس طرح چار سو اشخاص ذی اثر اور بہادر ان کے پاس جمع ہو گئے۔ عبداللہ اس جماعت کی معیت میں میر شکار کے لیے شہزادوں کی طرح پورے تزک و احتشام کے ساتھ سواری میں نکلتا تھا۔

عمر بن حفص کے ایک رشتہ دار کا قتل

جب محمد اور ابراہیم دونوں مارے گئے تو خلیفہ منصور کو عبداللہ کی اطلاع ہوئی منصور کو اس سے بڑی اذیت ہوئی اسے سخت غصہ آیا اس نے عمر بن حفص کو اپنی اطلاع بھیجی کہ اپنے تمام رشتہ داروں کو قتل کر دے۔ عمر کو خط ملا اور یہ کہنے لگا اگر میں اس واقعہ کا اقرار کرتا ہوں تو وہ مجھے معزول کر دیں گے اگر ان کے پاس جاؤں قتل کرا دیں گے اگر مقابلہ کروں تو وہ مجھے پکڑ لیں گے ان کے خاندان کے ایک شخص نے کہا کہ تم اس واقعہ کی ذمہ داری میرے سر ڈال دو اور اسی وقت اس کی اطلاع امیر المومنین کو لکھ کر بھیجو مجھے گرفتار کر کے بیڑیاں پہنا دو اور قید کر دو وہ یقیناً میری حاضری کا حکم دیں گے تم مجھے بھیج دینا میرا خیال ہے کہ سندھ میں جو قوت و دبدبہ تم کو حاصل ہے نیز بصرہ میں تمہارے خاندان کا جو اعزاز و وقار ہے اس کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے وہ میرے خلاف کوئی کارر

واپس نہیں کریں گے مجھے یہ کہ تمہارا بیان غلط ہے مجھے تمہارے متعلق اس کے بالکل برعکس معلومات پہنچی ہیں وہ کہنے لگا اگر میں ایسا کیا تو میں خوشی اس کے لیے تیار ہوں کہ میری جان تم پر قربان ہو جائے الغرض وہ خدا کی قسمیں کھاتا رہا منصور نے اس کے قید کرنے کا حکم دے دیا وہ جیل میں ڈال دیا گیا پھر اس نے منصور کو اس کی طرف سے کوئی خبر نہ دی منصور نے اس کی حاضری کا حکم بھیجا جب یہ اس کے سامنے پیش ہوا انھوں نے اسے قتل کر دیا۔

امارت سندھ پر ہشام بن عمرو کا تقرر:

اس کے بعد وہ ایک طویل مدت تک غور کرتے رہے کہ کسے سندھ کا حاکم مقرر کریں جس کسی کا نام لیتے اور پھر خاموش ہو جاتے۔ ایک دن میں ان کے ساتھ جا رہا تھا ہشام بن عمرو التغلبی ان کے ہمراہ تھا منصور جب تک اس روز سواری میں رہا برابر اسے غور سے دیکھتے رہے اپنی قیام گاہ واپس آ کر جب کپڑے اتار دیے تو ربیع نے آ کر ہشام کی باریابی کی اجازت چاہی منصور نے کہا کہ ابھی وہ میرے ساتھ تھا مجھے کیا ایسی کیا ضرورت پیش آئی ربیع نے کہا اسے ایک نہایت اہم بات آپ سے عرض کرنا ہے منصور ایک کرسی منگوا کر اس پر بیٹھ گئے اور اب ہشام بن عمرو کو باریاب کیا۔ اس نے سامنے کھڑے ہو کر عرض کیا کہ جب سواری سے میں اپنے مکان واپس گیا تو میری فلاں بہن بنت عمرو میرے سامنے آئی اس کے حسن و جمال، ذہانت و فراست اور عقل کو دیکھ کر میرے دل میں یہ خیال آیا کہ یہ تو امیر المومنین کے لائق ہے اب میں اس غرض سے حاضر ہوا ہوں کہ اسے آپ کی نذر کروں منصور دیر تک سر جھکائے بیٹھے زمین کریدتے اور سوچتے رہے اور پھر کہا کہ اچھا اس وقت تم جاؤ جو فیصلہ ہو گا اس کے متعلق میرا حکم تم کو بعد میں مل جائے گا اس کے جانے کے بعد منصور نے ربیع کو مخاطب کر کے کہا اگر بنی تغلب کی ہجو میں جریر نے یہ شعر

لا تطلبن خؤولة في تغلب فالزنج أكرم منهم أخوالا

ترجمہ: "بنی تغلب میں کبھی ننھیال نہ تلاش کرنا کیونکہ ننھیالی رشتہ داروں کی حیثیت میں زنگی ان سے کہیں اچھے ہیں"۔

نہ کہا ہوتا تو میں ضرور اس کی بہن سے شادی کر لیتا۔ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ اگر اس سے میری اولاد ہوئی تو اس شعر کی وجہ سے ان کو عار دلائی جائے گی اچھا تم خود جاؤ اور اس سے جا کر کہو کہ امیر المومنین کہتے ہیں کہ اگر ان کو رشتہ مناکحت کی ضرورت ہوتی تو وہ اور وہ تم سے بیان کرتے امیر المومنین اس کے قبول کرنے میں دریغ نہ کریں گے اگر خود مجھے اس رشتہ مناکحت کی ضرورت ہو گی تو میں تمہاری پیش کش کو قبول کر لوں گا خدا تم کو اس کی جزائے خیر دے میں اس بات کے عوض میں تم کو سندھ کا والی مقرر کرتا ہوں تم وہاں سے مراسلت کرو اگر وہ تمہاری اطاعت منظور کر لے اور عبداللہ بن محمد کو تمہارے حوالے کر دے تو بہتر ہے ورنہ تم اس کے خلاف جنگ کرو۔

امارت افریقہ پر عمر بن حفص کا تقرر:

دوسری طرف منصور نے عمر بن حفص کو افریقہ کا والی مقرر کر کے اسے اس کے متعلق تحریر بھیج دی ہشام بن عمرو التغلبی نے سندھ آ کر اپنے عہدے کا چارج لے لیا اور عمر بن حفص بعید المسافت مسافت طے کر کے افریقہ پہنچ گیا سندھ آ کر ہشام کو کچھ پتہ چلا

کہ وہ عبداللہ کو پکڑ کے گرفتار کر کے ہمارے حوالہ کر دے۔ اپنے مصاحبین سے کہہ رہا کہ میں اس رئیس سے اس معاملہ میں خط و کتابت کر رہا ہوں اور چاہتا ہوں کہ صلح و آشتی سے کام نکل جائے اسی وجہ سے میں اپنی تحریر میں نرم لہجہ اختیار کر رہا ہوں تاکہ جنگ کی نوبت نہ آنے پائے ابوجعفر کو اس کے اس پس و پیش اور تاخیر کی مسلسل اطلاعیں ملیں انھوں نے اپنے خط میں اس معاملہ کے لیے بار بار اسے اصرار سے لکھا کہ اس پر جلد عمل کرو۔

سفیح کی روانگی سندھ:

اس اثناء میں سندھ کے ایک علاقہ میں کسی شخص نے شورش برپا کی ہشام نے اپنے بھائی سفیح کو باغیوں کی سرکوبی کے لیے روانہ کیا یہ اپنی فوج لے کر اس سمت چلا جس راستے سے یہ پیش قدمی کر رہا تھا وہ اس رئیس کی سرحد سے بالکل ملحق واقع ہوا تھا یہ بڑھا چلا جا رہا تھا کہ اسے ایک غبار بلند ہوتا ہوا نظر آیا۔ اصل میں تو یہ غبار عبداللہ بن محمد کی سواری کا تھا مگر سفیح کو یہ خیال گزرا کہ یہ اس دشمن کا مقدمۃ الجیش ہے جس کے مقابلہ پر یہ جا رہا ہے اس خیال کی وجہ سے دریافت حقیقت کے لیے اس نے پہلے طلائع روانہ کیے انھوں نے آ کر بیان کیا کہ یہ وہ دشمن تو نہیں ہے جن کے مقابلے کے لیے آپ جا رہے ہیں یہ عبداللہ بن محمد الاشتر العلوی سیر کے لیے دریائے سندھ کے کنارے جا رہا ہے۔

عبداللہ بن محمد اور اس کی جماعت کا خاتمہ۔

یہ سنتے ہی سفیح نے اس کی گرفتاری کے لیے اس سمت جانے کا ارادہ کر لیا اگرچہ اس کے مشیروں نے کہا بھی کہ یہ ابن رسول اللہ ﷺ ہیں آپ خود جانتے ہیں کہ آپ کے بھائی نے عمداً ان سے کنارہ کشی کی ہے کہ ان کے خون کا وبال اسے اپنے سر نہ لینا پڑے علاوہ بریں وہ آپ کے مقابلہ پر نہیں آئے بلکہ محض سیر و تفریح کے لیے نکلے ہیں اور آپ خود بھی ان کے مقابلے کے لیے نہیں آئے ہیں بلکہ دوسرے کے لیے آئے ہیں مناسب ہے کہ آپ ان سے اعراض کریں اور ان کو نہ چھیڑیں مگر سفیح نے کہا میں یہ کبھی نہیں چاہتا کہ کوئی دوسرا ان کو پکڑ کر ان کی گرفتاری اور قتل کو منصور کی خدمت میں ذریعہ تقرب و رسائی بنائے لہٰذا میں خود کیوں نہ اس موقع سے فائدہ اٹھاؤں۔ عبداللہ کے ہمراہ اس وقت دس آدمی تھے۔ سفیح ان کی طرف بڑھا اس نے اپنے مشیروں کی ملامت کی مذمت کی اور عبداللہ پر حملہ کر دیا۔ عبداللہ اور اس کے ساتھیوں نے بہادری سے ڈٹ کر ان کا مقابلہ کیا لڑے اور سب کے سب مارے گئے ان میں سے کوئی ایک بھی ایسا نہ بچا جو اس واقعہ کی خبر کو اطلاع دیتا چونکہ عبداللہ دوسرے مقتولین میں خلط ملط پڑا ہوا تھا اس وجہ سے سفیح کو اس کا پتہ نہ چلا مگر اس کے متعلق یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس خوف سے کہ اس کا سر کاٹ لیا جائے قتل کے بعد اس کے ساتھیوں نے اسے دریائے سندھ میں ڈال دیا۔

سندھ کے رئیس پر حملہ کرنے کا حکم:

ہشام بن عمرو نے اس فتح کی اطلاع کے لیے منصور کی بارگاہ میں ایک عریضہ ارسال کیا اور اس میں یہ ظاہر کیا کہ میں خود ارادتاً اس کے مقابلہ پر گیا تھا۔ منصور نے اپنے جواب میں اس کی اس کارروائی کو خوب سراہا اور ہدایت کی کہ اب تم اس رئیس کے

خلاف جنگ کی، جس نے عبداللہ بن محمد کو پناہ دی تھی۔ وجہ یہ تھی کہ عبداللہ نے اس رئیس کے ہاں قیام کے زمانے میں چند لونڈیاں رکھی تھیں ان میں ایک سے ان کے ہاں محمد بن عبداللہ جو ابوالحسن محمد العلوی ابن الاشتر کے نام سے مشہور ہے پیدا ہوا تھا۔ ہشام نے اس رئیس سے لڑا، اس پر فتح یاب ہوا، اس نے اس کی ریاست پر قبضہ کر لیا اور اس رئیس کو قتل کر دیا۔ اس نے عبداللہ بن محمد کی ام ولد کو مع اس کے فرزند کے منصور کی خدمت میں بھیج دیا۔ منصور نے اپنے والی مدینہ کو اس لڑکے کی صحت نسب لکھ بھیجی اور خود اس بچے کو بھی اس کے پاس بھیج دیا اور لکھا کہ تم آل ابی طالب کو جمع کر کے میرا یہ خط جو اس بچے کی صحت نسب سے متعلق ہے سنا دینا اور اسے اس کے عزیزوں کے سپرد کر دینا

مہدی کی بغداد میں آمد:

اسی سال ماہ شوال میں منصور کا بیٹا مہدی خراسان سے اس کے پاس آیا۔ مہدی کی ملاقات اور اس کے کامیاب واپس آنے پر منصور کو مبارک باد دینے کی غرض سے منصور کے تمام امرا شام، کوفہ اور بصرہ وغیرہ سے ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ مہدی نے صلے کے طور پر تحفے دیئے اور سواریاں ان کو دیں۔ منصور نے بھی ان کے ساتھ یہی سلوک کیا اور ان میں سے ہر شخص کو مہدی کا مصاحب مقرر کیا اور ان کا پانچ پانچ سو درہم منصب مقرر کر دیا۔

* * *

باب ۹

رصافہ اور رافقہ کی تعمیر

اس سال منصور نے اپنے بیٹے مہدی کے لیے مدینۃ السلام کے مشرق میں رصافہ کی تعمیر شروع کی۔

جب مہدی خراسان سے آیا تو منصور نے اس کو جانب شرق فروکش کیا اور اس کے لیے رصافہ تعمیر کرایا اس کی ایک فصیل اور خندق بنوائی، میدان قائم کیا اور اس میں باغ لگوایا، نیز اس کے لیے پانی جاری کرایا، یہ پانی نہر مہدی سے رصافہ پہنچتا تھا۔

راوندیہ فتنہ کے متعلق ابو جعفر کی قثم بن العباس سے گفتگو:

اس واقعہ کے متعلق دوسری روایت یہ ہے کہ جب راوندیہ جماعت نے منصور کے حکم کے خلاف شورش برپا کیا اور جب اہل مذہب پر منصور سے ان کی لڑائی ہوئی تو قثم بن العباس بن عبیداللہ بن العباس جو ان دنوں بہت ضعیف العمر ہو چکا تھا اور جس کی سب لوگ بہت عزت کرتے تھے منصور سے ملنے آیا منصور نے اس سے کہا آپ نے دیکھا کہ یہ باغی کس طرح ہم پر شیر بن گئے مجھے تو یہاں تک اندیشہ ہو گیا تھا کہ اگر ان سب میں اتفاق رائے ہو گیا تو حکومت ہمارے ہاتھ سے نکل جائے گی اس معاملہ میں آپ کا کیا مشورہ ہے؟ اس نے کہا ایک بات میرے ذہن میں آئی ہے مگر وہ ایسی ہے کہ اگر میں آپ کے سامنے اس کا اظہار کر دوں تو سارا معاملہ خراب ہو جائے گا اور اگر آپ مجھے میری اپنی تجویز پر عمل کرنے کی اجازت دیں تو میں ایسے کر گزروں گا اس طرح آپ کی خلافت پائیدار و مستحکم ہو جائے گی اور فوج پر آپ کا رعب و داب قائم رہے گا۔ منصور کہنے لگے کیا ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ میری خلافت کے عہد میں تم کوئی کام میرے علم کے بغیر کر گزرو؟ لیکن قثم نے کہا: اپنی حکومت کے بارے میں آپ کو میری نیت پر کچھ شبہ ہے؟ اگر آپ کا ایسا خیال ہے تو آپ مشورہ طلب نہ کریں اور اگر آپ مجھ پر کامل اعتماد رکھتے ہیں تو پھر آپ مجھے میری تجویز پر عمل کرنے کی اجازت دیں اور اس کے لیے مجھے اختیار بھی دے دیں۔ منصور نے کہا: اچھا جو تم نے سوچا ہے اسے پورا کر ڈالو۔

قثم بن العباس کی حکمت عملی۔

اس ملاقات کے بعد قثم اپنے مکان آیا اپنے غلام کو بلا کر کہا کہ کل جب میں سوار ہو کر دربار میں جانے سے پہلے امیر المومنین کے قصر میں جاؤں تو جب تم دیکھو کہ میں دربار میں آ گیا ہوں اور اپنے ذی رتبہ ہمسروں میں بیٹھ گیا ہوں تو آ کر میرے خچر کی باگ پکڑ کر مجھ سے ٹھہرنے کی درخواست کرنا اور اس سے پہلے تم مجھے رسول اللہ ﷺ عباس اور امیر المومنین کے حق کا واسطہ دے کر کہنا: ذرا جب تک رک جاؤں گا تو میں تمہاری درخواست سن کر اس کا جواب دے دوں گا اس کے بعد میں تم کو سخت سست کہوں گا اور برا بھلا کہوں گا تم ان باتوں سے پریشان نہ ہونا اور پھر مجھ سے اپنی درخواست بیان کرنا اس وقت میں تم کو گالیاں دوں گا اس سے بھی تم خائف نہ ہونا اور پھر اپنی بات پر اصرار کرنا اس وقت میں تم کو اپنے کوڑے سے ماروں گا اسے بھی برداشت کرنا اور پھر پوچھنا کہ یمن اور مضر میں کون شریف تر ہے جب میں اس بات کا جواب دے دوں اس وقت تم میرے خچر کی باگ چھوڑ دینا اور پھر تم آزاد ہو۔

یمنی و مضری کی مناقشت:

اس کے غلام نے دوسرے دن صبح خچر لیا اور امیر المومنین کے قصر میں اس خچر پر بیٹھا جہاں بیٹھنے کا اس سے آقا نے حکم دیا تھا جب قثم آئے تو اس غلام نے اس کے سامنے آ کر ان سے ایک بات دریافت کرنی چاہی قثم نے پوچھا کیا بات ہے اس نے کہا بتائیے کہ قبیلہ یمن اور مضر میں کون اشرف ہے قثم نے کہا مضر زیادہ قریب ہیں جن میں رسول اللہ ﷺ پیدا ہوئے ان ہی میں کتاب اللہ نازل ہوئی ان ہی میں بیت اللہ واقع ہے اور ہمارے خلفاء بھی انہی مضر سے ہیں یہ جواب سن کر یمنی سرداروں نے بہت پیچ و تاب کھایا اس نے دوسرے شرف کی کوئی بات بھی بیان نہیں کی تھی ایک یمنی سردار نے کہا کہ یہ بات غلط ہے کہ یمن میں کوئی خوبی و شرف موجود ہی نہیں ہے پھر اس نے اپنے غلام سے کہا کہ تم اس بڈھے کے خچر کی باگ پکڑ کر اس کو زور سے جھٹکا دے کر روکو اور جب تک کہ وہ اس معاملے میں تمہارا اطمینان بخش جواب نہ دے اسے آگے نہ بڑھنے دو۔

فوج میں افتراق:

غلام نے اپنے آقا کے حکم کی بجا آوری میں اس زور سے اس کے خچر کو روکا کہ قریب تھا کہ وہ پچھلے پیروں بیٹھ جائے یہ گستاخی دیکھ کر مضری سردار سخت برہم ہوئے وہ کہنے لگے غضب ہے کہ ہمارے شیخ کی ایسی توہین کی جائے ان میں سے ایک سردار نے اپنے غلام کو حکم دیا کہ تو اس غلام کا (جس نے قثم کو روکا تھا) ہاتھ کاٹ دے اس غلام نے پلک جھپکنے میں اس کا ہاتھ کاٹ دیا اب کیا تھا اس واقعہ سے دونوں فریق ایک دوسرے سے متنفر ہو گئے قثم نے اپنے خچر کی باگ موڑی اور ابو جعفر کے پاس چلا آیا فوج میں افتراق پیدا ہو گیا کئی فرقے بن گئے مضر کا ایک فرقہ یمن کا ایک خراسانیوں کا ایک اور بنی ربیعہ کا ایک فرقہ ہو گیا تھا۔

قثم بن العباس کا رصافہ تعمیر کرنے کا مشورہ:

قثم نے ابو جعفر سے جا کر کہا کہ لیجیے میں نے آپ کی فوج میں پھوٹ ڈال دی ہے اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے ہیں اس طرح اب یہ فوج آپ کے خلاف کارروائی کرنے سے اس لیے ڈرتی رہے گی کہ آپ دوسری جماعت کی مدد سے اسے کچل دیں گے اب صرف ایک بات اور باقی ہے منصور نے پوچھا وہ کیا انہوں نے کہا کہ آپ اپنے بیٹے کو دریا کی دوسری سمت ایک قصر میں فروکش کر دیجیے اور اس کے ساتھ اپنی فوج کا ایک حصہ اس قصر کو منتقل کر دیجیے اس طرح آپ کے پاس دو علیحدہ شہر ہو جائیں گے اگر اس کنارے کے باشندے کبھی آپ کے خلاف سر اٹھائیں تو آپ دوسرے کنارے کے شہر والوں سے ان کا مقابلہ کر سکیں اور اگر اس کے برعکس ہو تو اس کنارے والوں سے ان کا مقابلہ کریں اگر کبھی بنی مضر آپ کے مخالف ہو جائیں تو آپ یمن خراسانی اور ربیعہ کے ساتھ ان کا مقابلہ کریں اور جب یمن مخالف ہوں تو اپنے مضری حمایتیوں کی مدد سے آپ ان کا مقابلہ کریں۔

رصافہ تعمیر کرنے کی وجہ:

منصور نے اس رائے کو قبول کر لیا اس پر عمل کرنے سے اس کی حکومت مستحکم و استوار ہو گئی اصل میں یہ وجہ ہوئی جس کے لیے منصور نے دجلہ کے شرقی ساحل پر رصافہ کی عمارتیں بنائیں اور فوجی سرداروں کو علیحدہ علیحدہ بسا دیا۔ منصور نے صالح صاحب المصلیٰ کو باب شرقی کی حد بندی، شوارع اور تعمیرات کا متولی مقرر کیا جس طرح کہ ابو حنیفہ النحوی کو انہوں نے مغربی سمت کا منتظم تعمیرات مقرر کیا تھا۔ جب انہوں نے سوق یحییٰ، مسجد نجم، رصافہ اور دجلہ کے کنارے تک دار الرقیق کی سڑک پر اس کی تکمیل تعمیر

زمینیں موجود ہیں یہ وہ زمین ہے جو کلوں اور عاملوں سے زائد بچ رہی تھی اور اسے اس نے اپنے لیے مانگ لیا تھا صالح خراسان کا باشندہ تھا۔

محمد المہدی و عیسیٰ بن موسیٰ کی تجدید بیعت:

اس سال منصور نے اپنے بعد اپنے بیٹے محمد المہدی اور اس کے بعد عیسیٰ بن موسیٰ کے لیے اپنے تمام خاندان سے بیعت کی تجدید کرائی۔ ایک جمعہ کو انھوں نے اس غرض سے دربار منعقد کیا تمام اہل خاندان دربار میں آئے اور بیعت کے بعد ہر شخص منصور اور مہدی کے ہاتھ کو بھی بوسہ دیتا مگر عیسیٰ بن موسیٰ کے ہاتھ کو صرف چھو لیتا اور بوسہ نہیں دیتا۔

سلم کی بحرین پر فوج کشی:

اس سال عبدالوہاب بن ابراہیم بن محمد کی قیادت میں موسم گرما کی مہم نے جہاد کیا۔ اس سال عقبہ بن سلم بصرہ پر اپنے بیٹے نافع بن عقبہ کو اپنا نائب مقرر کر کے بحرین آیا یہاں اس نے سلیمان بن حکیم العبدی کو قتل کر کے اہل بحرین کو لونڈی غلام بنا لیا۔ ان میں سے بعض لونڈی غلاموں اور کچھ جنگی قیدیوں کو اس نے ابو جعفر کے پاس بھیج دیا ابو جعفر نے ان میں سے بعض کو قتل کرا دیا اور بقیہ مہدی کو بخش دیے مہدی نے ان پر احسان کر کے ان کو آزاد کر دیا اور ہر ایک مرد کو دو دو کپڑے دیئے۔ اس کے بعد عقبہ بن سلم بصرہ کی ولایت سے علیحدہ ہو گیا۔

سلم کے خلاف تحقیقات:

اسد بن المرزبان کی بیوہ افریک بیان کرتی ہے کہ اس کو قتل کرنے کے بعد منصور نے تحقیق حال کے لیے اسد بن المرزبان کو عقبہ بن سلم کے پاس بحرین بھیجا تاکہ اس کے اعمال و کام کی جانچ پڑتال کرے سلم نے خوشامد درآمد سے اسے اپنا ہمدرد بنا لیا اسد نے اس سے کوئی جواب طلب نہیں کیا بلکہ اس کے اعمال کی پردہ پوشی کی منصور کو اس کی اطلاع ہوئی تو انھیں یہ بھی معلوم ہوا کہ اسد نے اس معاملہ میں رشوت لی ہے انھوں نے ابو سوید خراسانی کو جو اسد کا گہرا دوست اور رشتے کا بھائی تھا اسد کے پاس بھیجا جب یہ ڈاک کے ذریعہ آتا ہوا دکھائی دیا تو اسد بہت خوش ہوا اگرچہ یہ عقبہ کے پڑاؤ کی ایک سمت فروکش تھا مگر وہ کچھ دیر تک اس کی ملاقات کے لیے نہیں گیا اور کہنے لگا کہ یہ میرا دوست ہے خود ابو سوید اس کے پاس آ گیا۔

اسد بن المرزبان کا انجام:

اسد مستعدی سے اس کے استقبال کے لیے اٹھنے لگا مگر ابو سوید نے کہا آپ بیٹھے رہیے۔ اسد بیٹھ گیا ابو سوید نے اس سے پوچھا جو کچھ میں دوں گا تم اسے بلا جھجک مان لو گے اس نے کہا جی ہاں۔ ابو سوید نے کہا ہاتھ پھیلاؤ۔ اس نے ہاتھ پھیلا دیا ابو سوید نے ایک ہی وار میں اسے قطع کر دیا پھر اس نے پاؤں آگے کیے پھر دوسرا ہاتھ اور پھر دوسرا پاؤں اسی طرح جب اس نے باری باری سے چاروں ہاتھ پاؤں قطع کر دیے تو اب کہا کہ گردن آگے کرو اس نے گردن بڑھا دی ابو سوید نے گردن اڑا دی۔ افریک کہتی ہے کہ میں نے اس کا سر لے کر اپنی گود میں رکھ لیا ابو سوید نے وہ مجھ سے چھین کر منصور کے پاس بھیج دیا اسد کے مرنے کے بعد اپنے مرنے تک افریک نے گوشت نہیں کھایا۔

واقدی کہتا ہے کہ اس سال ابو جعفر نے معن بن زائدہ کو سجستان کا والی مقرر کیا۔

امیر حج محمد بن ابراہیم:

اس سال محمد بن ابراہیم بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی امارت میں حج ہوا۔ محمد بن ابراہیم مکہ اور طائف کا عامل تھا۔ حسن بن زید مدینہ کا والی تھا۔ محمد بن سلیمان بن علی کوفہ کا والی تھا۔ جابر بن توبہ الکلابی بصرہ کا والی تھا۔ سوار بن عبداللہ بصرہ کے قاضی تھے۔ یزید بن حاتم مصر کا والی تھا۔

۱۵۲ھ کے واقعات

حمید بن قحطبہ کی کابل پر فوج کشی:

اس سال خارجیوں نے بست سجستان میں معن بن زائدہ کو قتل کر دیا۔ اس سال حمید بن قحطبہ نے جسے منصور نے ۱۵۱ھ میں خراسان کا والی مقرر کیا تھا۔ کابل پر جہاد کیا۔ عبدالوہاب بن ابراہیم کی قیادت میں موسم گرما کی مہم جہاد کے لیے روانہ ہوئی مگر یہ فوج درہ سے آگے نہ بڑھی۔ یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ اس سال موسم گرما کی مہم محمد بن ابراہیم کی قیادت میں جہاد کے لیے گئی تھی۔

منصور نے جابر بن توبہ کو بصرہ کی ولایت سے برطرف کر کے اس کی جگہ یزید بن منصور کو مقرر کیا۔

ہاشم بن الاشتاخنج کی سرکشی و قتل:

اس سال ابوجعفر نے ہاشم بن الاشتاخنج کو جس نے افریقہ میں سرکشی و نافرمانی کی تھی قتل کیا یہ اور خالد المروزی کا بیٹا گرفتار کر کے منصور کی خدمت میں لائے گئے۔ منصور نے قادسیہ میں آ جانے کے بعد ابن الاشتاخنج کو قتل کر دیا۔

امیر حج ابوجعفر منصور:

اس سال منصور کی امارت میں حج ہوا۔ یہ ماہ رمضان میں حج کے ارادے سے مدینۃ السلام سے روانہ ہوئے مگر ان کی روانگی کی اطلاع محمد بن سلیمان حاکم کوفہ اور عیسیٰ بن موسیٰ وغیرہ دوسرے عمائد کوفہ کو اس وقت تک نہ ہوئی جب تک کہ منصور خود کوفہ کے قریب نہ آ گئے۔

عمال:

اس سال یزید بن حاتم مصر کی ولایت سے برطرف کر دیا گیا اور محمد بن سعید مصر کا والی مقرر کیا گیا۔ بصرہ کے علاوہ اور تمام ممالک کے صوبہ دار وہی تھے جو سنہ گذشتہ میں تھے البتہ بصرہ کا والی یزید بن منصور تھا نیز مصر کا والی بھی اس سال یزید بن حاتم کے بجائے محمد بن سعید تھا۔

۱۵۳ھ کے واقعات

ابوجعفر منصور کی بصرہ میں آمد:

منصور حج سے فارغ ہو کر مکہ سے بصرہ واپس آئے یہاں انھوں نے قوم کرک سے جنگ کرنے کے لیے بحری بیڑہ تیار کر کے ان کے مقابل بھیجا۔ کرک نے جدہ پر غارت گری کی تھی۔ جب منصور اس سال بصرہ آئے انھوں نے کرک سے لڑنے کے لیے

ویک فوج تیاری کی اس مرتبہ جو ان کے بحری بیڑے نے کی تو آخری موقع تھا وہ جزیرے پر قابض ہوتے تھے۔ یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ آخری مرتبہ ۱۵۵ھ میں بحری بیڑے آئے تھے سب سے پہلے ۱۴۵ھ میں بحری بیڑے آئے تھے وہاں انھوں نے چالیس دن قیام کیا ایک قصر تعمیر کیا اور پھر مدینۃ السلام واپس آ گئے۔

ابو ایوب الموریانی پر عتاب

ابو ایوب الموریانی پر منصور کا غضب نازل ہوا انھوں نے اسے، اس کے بھائی اور بھتیجوں سعید، مسعود، مخلد اور محمد کو گرفتار کر کے قید کر دیا اور بازپرس کی ان کے مکانات مناذر میں ہوتے تھے ان کے غضب کا سبب یہ بیان کیا جاتا ہے کہ ابان بن صدقہ ابو ایوب کے کاتب نے منصور سے اس کی شکایت کر دی تھی۔

عمر بن حفص کا قتل:

عمر بن حفص بن عثمان بن ابی صفرہ افریقیہ میں ابو حاتم اباضی ابو عاد اور ان کے تابع بربروں کے ہاتھوں جن کی تعداد تین لاکھ پچاس ہزار بیان کی جاتی ہے جن میں پینتیس ہزار صرف سوار تھے قتل ہوا اس بڑی جماعت کے ساتھ ابو قرۃ الصفری بھی چالیس ہزار کی جمعیت کے ساتھ شریک کارزار تھا اس معرکہ سے پہلے چالیس دن تک اسے خلیفہ کہہ کر سلام کیا جاتا رہا۔

منصور کا مولیٰ عباد، ہرثمہ بن اعین اور یوسف بن علوان خراسان سے پابہ زنجیر بارگاہ خلافت میں لائے گئے ان پر عیسیٰ بن موسیٰ کی جانب داری کا الزام تھا۔

لمبی ٹوپیاں پہننے کا حکم:

منصور نے لوگوں کو بہت ہی لمبی لمبی ٹوپیاں پہننے کا حکم دیا بیان کیا گیا ہے کہ ان کا طول نمایاں کرنے کے لیے لوگ ٹوپیوں کے اندر سرکنڈے رکھ دیتے تھے اس پر ابو دلامہ نے یہ شعر کہے:

وكنا نرجي من امام زيادة　　فزاد الامام المصطفى في القلانس
تراها على هام الرجال كأنها　　دنان يهود جللت بالبرانس

ترجمہ: ”ہم امام سے اضافے کی توقع رکھتے تھے ہمارے برگزیدہ امام نے ٹوپیوں میں زیادتی کر دی اب وہ ٹوپیاں اس قدر طویل ہو گئی ہیں کہ لوگوں کے سروں پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہودیوں کے شراب کے مٹکے ہیں جن کے اوپر برنس منڈھا ہے“۔

معیوف بن یحییٰ کا رومی قلعہ پر حملہ:

عبیدہ بن [illegible] ابی لیلیٰ قاضی کوفہ کا انتقال ہوا ان کی جگہ شریک بن عبداللہ نخعی کوفہ کے قاضی مقرر کیے گئے معیوف بن یحییٰ الحجوری کی قیادت میں موسم گرما کی مہم جہاد کے لیے گئی اس مرد نے ایک رومی قلعہ پر اہل قلعہ کی بے خبری میں جب کہ وہ سوتے پڑے تھے شب خون مارا اور جتنے جنگ جو اس میں تھے ان سب کو قید کر کے یہاں سے روانہ ہو کر لاذقیہ گیا جو جلایا جا چکا تھا اسے بھی اس نے فتح کیا اور یہاں سے اسے بالغ مردوں کے علاوہ چھ ہزار لونڈی غلام ملے۔ منصور نے بکار بن مسلم العقیلی کو آرمینیا کا والی مقرر کیا۔

امیر حج محمد بن ابی جعفر المہدی اور عمال

محمد بن ابی جعفر المہدی نے اس سال امارت میں حج ادا کیا۔ محمد بن ابراہیم بن محمد مکہ اور طائف کا عامل تھا۔ حسن بن زید بن حسن مدینہ کا والی تھا۔ محمد بن سلیمان کوفہ کا، یزید بن منصور بصرہ کا والی تھا۔ [illegible] محمد بن سعید مصر کا والی تھا۔ واقدی کے بیان کے مطابق یزید بن منصور اس سال ابو جعفر کی جانب سے یمن کا والی تھا۔

۱۵۲ھ کے واقعات

خوارج کے خلاف فوج کی روانگی

منصور شام ہوتے ہوئے بیت المقدس آئے انہوں نے یزید بن حاتم کو پچاس ہزار فوج کے ساتھ ان خارجیوں کی سرکوبی کے لیے روانہ کیا جنہوں نے افریقیہ میں ادھم مچا رکھا تھا اور وہاں کے عامل عمر بن حفص کو قتل کر چکے تھے۔ یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ اس فوج پر انہوں نے ترسٹھ لاکھ درہم خرچ کیے۔

شہر رافقہ تعمیر کرنے کا ارادہ

اس سال منصور نے شہر رافقہ بسانے کا ارادہ کیا۔ اہل رقہ ان کی مزاحمت پر لڑنے کے لیے تیار ہو گئے وہ سمجھتے تھے کہ اس شہر کے آباد ہونے سے ہمارے بازار کی رونق ختم ہو جائے گی اور ذریعہ معاش جاتا رہے گا انہیں اپنے موجودہ گھروں میں رہنا دشوار ہوگا۔ ان کی ضد کی وجہ سے منصور بھی ان سے لڑنے کے لیے آمادہ ہو گئے انہوں نے ایک راہب کو جو وہاں کی خانقاہ میں رہتا تھا بلایا اور پوچھا کیا تم کو پتہ ہے کہ تمہارے ہاں کوئی ایسی خبر ملی ہے کہ یہاں کوئی شخص شہر آباد کرے گا اس نے کہا ہاں مجھے روایت پہنچی ہے کہ مقلاص نامی ایک شخص یہاں شہر آباد کرے گا۔ منصور نے کہا تو ٹھیک ہے بخدا میرا لقب مقلاص ہے۔

محمد بن عمر نے بیان کیا ہے کہ اس سال مسجد حرام میں بجلی گری جس سے پانچ آدمی ہلاک ہو گئے۔

ابو ایوب موریانی کے خاندان کا خاتمہ

ابو ایوب موریانی اور اس کا بھائی خالد مر گئے۔ منصور نے ابو العباس الطوسی کے حاجب موسیٰ بن دینار کو ابو ایوب کے بھتیجوں کے ہاتھ پاؤں قطع کرنے اور قتل کر دینے کا حکم دیا اور مہدی کے نام ان کے متعلق باضابطہ تحریر لکھا۔ موسیٰ نے اس حکم کی حسب فرمان بجا آوری کر دی۔

امیر حج محمد بن ابراہیم اور عمال

منصور نے اس سال عبد الملک بن ظبیان النمیری کو بصرہ کا والی بنایا اور حمید بن قحطبہ کی قیادت میں کابل کی مہم پر فوج بھیجی۔ یہ فوج حملہ کرتی ہوئی فرات تک جا پہنچی۔ اس سال محمد بن ابراہیم کی امارت میں حج ادا ہوا جو ابو جعفر کی طرف سے مکہ و طائف کا عامل تھا۔ حسن بن زید مدینہ کا، محمد بن سلیمان کوفہ کا اور عبد الملک بن ایوب بن ظبیان بصرہ کا والی تھا۔ سوار بن عبد اللہ بصرہ کے قاضی تھے۔ ہشام بن عمرو سندھ کا والی تھا۔ یزید بن حاتم افریقیہ کا اور محمد بن سعید مصر کا والی تھا۔

۱۵۵ھ کے واقعات

یزید بن حاتم نے افریقیہ فتح کر لیا۔ اس نے ابو عاد اور ابو حاتم اور ان کے تمام ساتھیوں کو قتل کر ڈالا اور مغرب میں عباسی حکومت کا اقتدار دوبارہ قائم ہو گیا۔

رافقہ کی تعمیر:

منصور نے اپنے بیٹے مہدی کو رافقہ کی تعمیر کے لیے بھیجا۔ مہدی نے اس شہر کو بغداد کی ترتیب پر بنایا۔ بیٹے دروازے کے ... فصیلیں ... کشادہ سڑکیں اور گلیاں ... اس کا کام ... کر کے وہ اپنے مستقر واپس آ گیا۔

کوفہ و بصرہ کی خندق و فصیل بنانے کا حکم:

محمد بن عمر کے بیان کے مطابق اسی سال منصور نے کوفہ اور بصرہ کی خندق اور فصیل تعمیر کرائی اور ان کی لاگت یہاں کے باشندوں کی مالگزاری سے وصول کی۔

اسی سال منصور نے عبدالصمد بن علی کو بصرہ کی ولایت سے علیحدہ کر کے اس کی جگہ ہیثم بن معاویہ عتکی کو والی مقرر کیا۔ ... اور اسے حکم دیا کہ بصرہ کے گرد ایک فصیل بنائے اور خندق کھودے۔ اس کے بعد ہیثم نے اس حکم کی بجا آوری کی۔

اہل کوفہ سے ٹیکس کی وصولی

جب منصور نے کوفہ کی فصیل بنانے اور خندق کے کھودنے کا حکم دیا تو ... پانچ پانچ درہم ... دے دیے۔ جب ... تعداد معلوم ہو گئی تو ... ہر شخص سے چالیس چالیس درہم وصول کیے جائیں ... چنانچہ ... وصول کر کے فصیل اور خندق کی تعمیر میں صرف کیا گیا۔ اس پر ان کے ایک شاعر نے یہ شعر کہے:

یا لقومی ما لقینا ۔ من امیر المومنینا
قسم الخمسۃ فینا ۔ وجبانا الاربعینا

ترجمہ: اے میری قوم! ہم نے امیر المومنین سے کیا پایا، انہوں نے ہم میں پانچ پانچ درہم تقسیم کیے اور چالیس چالیس درہم وصول کیے۔

قیصر روم کی جانب سے صلح کی درخواست

قیصر روم نے ... منصور سے صلح کی درخواست کی ... جزیہ ادا کرنے ... اسی سال منصور نے اپنے بھائی عباس بن محمد کو جزیرہ ... سے معزول ... کیا ... اور اسے قید کر دیا۔

عباس بن محمد پر عتاب و اسیری:

اس واقعہ کے متعلق یہ بیان کیا جاتا ہے کہ یزید بن اسید کے بعد منصور نے عباس بن محمد کو جزیرہ کا والی مقرر کیا مگر کسی وجہ سے ان سے ناراض ہو گئے وہ خفگی بڑھتی رہی آخر ان کو قید کر دیا۔ محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس کے بیٹوں میں سے اپنے کسی چچا پر جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ وہ اسمٰعیل بن علی ہیں یا کوئی اور ہیں ناراض ہوئے اس موقع پر ان کے تمام بھائی اور قرابتدار جن میں ان کے تمام بچے اور ان کی عورتیں بھی شامل تھیں اس کی سفارش کے لیے منصور کے پیچھے پڑ گئے ہر وقت کہتے تھے انھیں تو بخش دیجئے آخر انھوں نے اسے معاف کر دیا اور وہ اس سے خوش ہو گئے۔

عباس بن محمد کو معافی:

اس موقع پر عیسیٰ بن موسیٰ نے منصور سے کہا دیکھئے باوجودیکہ آپ کا احسان ان سب کے لیے برابر پہنچتا رہا ہے مگر یہ بنی علی بن عبداللہ کی اولاد تم سے حسد کرنے لگتی ہے۔ آپ اسمٰعیل بن علی پر خفا ہوئے کچھ دن نہ گزرے تھے کہ انھوں نے اس کی سفارش کر کے آپ کو مجبور کر دیا۔ عباس بن محمد پر آپ کو خفا ہوئے مدت ہو گئی ہے مگر اس کے بارے میں کسی نے ان میں سے کوئی آپ سے کچھ کہتے تک نہیں۔ یہ سن کر منصور نے عباس کو بلا بھیجا اور اس کی خطا معاف کر دی۔

یزید بن اسید کی معزولی و اہانت:

جب عباس نے یزید بن اسید کو جزیرہ کی نیابت سے معزول کیا تھا تو اس زمانہ میں اس نے یزید کی توہین کی تھی یزید نے ابوجعفر سے اس کی شکایت کی انھوں نے اس سے کہا کہ تم میرے احسانات اور اس کی توہین کا موازنہ کر لو تو تم کو شکایت کی کوئی وجہ باقی نہ رہے گی اس کے جواب میں یزید نے کہا امیرالمومنین خطا معاف ہو اگر آپ کا احسان آپ کی بدی کے کفارے میں ہے تو پھر ہم آپ کی جو اطاعت و فرمانبرداری کرتے ہیں وہ گویا ہماری طرف سے آپ پر احسان عظیم ہے۔

محمد بن سلیمان والی کوفہ

اس سال منصور نے موسیٰ بن کعب کو جزیرہ کا والی مقرر کیا جس کے ماتحت تمام علاقے اور کل شہر تھے بعض راویوں کے بیان کے مطابق اس سال منصور نے محمد بن سلیمان بن علی کو کوفہ کی ولایت سے علیحدہ کر کے اس کی جگہ مسیب بن زہیر کے بھائی عمرو بن زہیر کو مقرر کیا مگر عمر بن شبہ کہتا ہے کہ منصور نے محمد بن سلیمان کو کوفہ کی نیابت سے ۱۵۳ھ میں علیحدہ کر دیا تھا مگر مسیب بن زہیر کے بھائی عمرو بن زہیر الضبی کو انھوں نے اس سال ۱۵۵ھ میں کوفہ کا والی مقرر کیا۔ اسی نے کوفہ میں خندق بنائی۔

ابن ابی العوجاء کی گرفتاری:

بیان کیا گیا ہے کہ اسی کے عہد ولایت میں عبدالکریم بن ابی العوجاء جو معن بن زائدہ کا ماموں تھا اس کے پاس پکڑ کر لایا گیا اس نے اسے قید کر دیا اس کے سفارش کرنے والوں کی ایک بڑی جماعت مدینۃ السلام آئی انھوں نے ابوجعفر پر اس قدر زور ڈالا کہ آخر کار انھوں نے محمد کو لکھ بھیجا کہ میرے دوسرے حکم ثانی تک تم اس کے معاملہ میں کوئی کارروائی نہ کرنا۔ ابن ابی العوجاء نے ابو الجبار سے جس نے اپنی ملازمت ابوجعفر محمد اور ان کے بعد ان کے بیٹوں کے یہاں کی تھی کہا اگر امیر مجھے تین دن کی مہلت دے دیں تو میں ان کو ایک لاکھ درہم دوں گا اور تم کو اتنے ہی درہم دوں گا۔ ابو الجبار نے اس بات کا ذکر محمد سے کیا اس نے کہا اچھا ہوا تم نے مجھے اس کی یاد دلا دی

[illegible]

ابن ابی العوجاء کا قتل

[illegible]

ابو جعفر منصور اور ابن ابی العوجاء [illegible]

[illegible]

محمد بن سلیمان کی معزولی کا فرمان

[illegible]

محمد بن سلیمان کی بحالی

[illegible]

[illegible] الجرشی

[illegible]

[illegible]

ترجمہ: "[illegible]"۔

حسن بن زید کی معزولی

نیز اسی سال منصور نے حسن بن زید کو مدینہ کی ولایت سے علیحدہ کر کے ان کی جگہ عبدالصمد بن علی کو مقرر کیا اور فلیح بن سلیمان کو بھی ان کا مشرف مقرر کر کے ان کے ساتھ مدینہ میں متعین کر دیا۔

عمال

اس سال محمد بن ابراہیم بن محمد مکہ اور طائف کا والی تھا۔ عمرو بن زہیر کوفہ کا، ہیثم بن معاویہ بصرہ کا، یزید بن حاتم افریقیہ کا اور محمد بن سعید مصر کا والی تھا۔

* * *

باب ۱

خالد بن برمک

۱۵۱ھ کے واقعات

عمرو بن شداد کا قتل:

اس سال ابراہیم بن عبداللہ کا عامل فارس عمرو بن شداد ابوجعفر کے عامل بصرہ ہیثم بن معاویہ کے ہاتھ آ گیا اسے بصرے میں قتل کر کے سولی پر لٹکا دیا۔ اس واقعہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

عمرو بن شداد نے اپنے ایک غلام کو مارا اس نے عامل بصرہ ابن دعلج یا ہیثم بن معاویہ سے آ کر اس کا پتہ دیا عامل بصرہ نے اسے گرفتار کر کے قتل کر دیا اور مربد میں اس مقام پر جہاں اب اسحاق بن سلیمان کا مکان واقع ہے سولی پر لٹکا دیا۔ یہ عمرو بن شداد بنی جمح کا مولیٰ تھا۔

عمرو بن شداد کے قتل کی دوسری روایت:

بعض راویوں نے اس واقعہ کے متعلق یہ بات بیان کی ہے کہ ہیثم بن معاویہ نے اسے پکڑ لیا اب وہ اسے لے کر مدینۃ السلام کے ارادے سے روانہ ہوا تھا کہ راستہ میں وہ پہنچا ایک قصر میں جو نہر معقل پر واقع تھا قیام کر رہا تھا سو وہاں اس کے پاس ڈاک نے خط پہنچایا جو ابوجعفر کی طرف سے ہیثم بن معاویہ کے نام لکھا ہوا تھا اور اس خط میں ہیثم کو حکم دیا گیا تھا کہ وہ عمرو بن شداد کو اس کے حوالے کر دے۔ ہیثم نے عمرو کو اس کے حوالے کر دیا۔ جب وہ روانہ ہوئے تو وہ کوفہ کی سمت میں ایک مقام پر لا کر خلوت میں اس سے کچھ باتیں دریافت کرنے لگا مگر اس نے کوئی کام کی بات ظاہر نہ کی سرکاری ہرکارے نے اس کے دونوں ہاتھ پاؤں قطع کرا کے گردن اڑوا دی اور مربد میں اس کی لاش کو سولی پر لٹکا دیا۔

ہیثم بن معاویہ کی معزولی:

اس سال منصور نے ہیثم بن معاویہ کو بصرہ اور اس کے توابع کی ولایت سے علیحدہ کر دیا اور سوار بن عبداللہ قاضی کو بصرہ کا صدر الصدور مقرر کر دیا اس طرح قضا اور صدارت دونوں ان کے تفویض کر دی گئیں نیز منصور نے سعید بن دعلج کو بصرہ کی کوتوالی اور عامل مقرر کیا۔

ہیثم بن معاویہ کا انتقال:

اس سال ہیثم بن معاویہ نے دفعۃً مدینۃ السلام میں بصرہ کی ولایت سے معزول ہونے کے بعد انتقال کیا۔ انتقال کے وقت وہ اپنی ایک جاریہ سے مباشرت کر رہا تھا۔ منصور نے اس کی نماز جنازہ پڑھی اور بنی ہاشم کی قبروں میں دفن کیا گیا۔

امیر حج عباس بن محمد و عمال:

زفر بن عاصم الہلالی نے قیقیات میں موسم گرما کی مہم سے جہاد کیا۔ العباس بن محمد کی امارت میں حج ہوا۔ اس سال مکہ کا والی محمد بن ابراہیم تھا، کوفہ و مدینہ، سابقہ عمال ہی تھے۔ اس کا بیٹا ابراہیم کوفہ میں اس کا نائب تھا۔ کوفہ کا محمد بن سلیمان جانشین بھی اس کے تحت تھا۔ عمرو بن شداد والی تھا۔ بصرہ کا عبدالملک بن ظبیان النمیری تھا۔ بصرہ کے صدقات کا محصل سعید بن دعلج تھا۔ سوار بن عبداللہ القاضی بصرہ کے قاضی اور داروغہ تھے۔

حمید بن قحطبہ خراسان کا والی تھا۔ ہشام بن عمرو سندھ کا والی تھا۔ یزید بن حاتم افریقیہ اور محمد بن سعید مصر کا والی تھا۔

۱۵۷ھ کے واقعات

قصر خلد کی تعمیر

منصور نے دجلہ کے کنارے اپنا قصر خلد بنوایا۔ انہوں نے اس کی تعمیر کی نگرانی اپنے مولیٰ ربیع اور ابان بن صدقہ کے سپرد کی۔

اس سال یحییٰ ابو زکریا محتسب قتل کیا گیا۔ اس کے قتل کی وجہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔ نیز اس سال منصور نے تمام بازار مدینۃ السلام سے باب الکرخ میں منتقل کر دیئے۔ اس تبدیلی کی وجہ بھی ہم پہلے بیان کر چکے ہیں۔

امارت بحرین پر سعید بن دعلج کا تقرر:

منصور نے جعفر بن سلیمان کو بحرین کا والی مقرر کیا مگر انہوں نے اپنے منصب کا جائزہ بھی نہیں لیا تھا کہ منصور نے سعید بن دعلج کو ان کی جگہ مقرر کر دیا۔ سعید نے اپنے بیٹے تمیم کو بحرین بھیج دیا۔

ابو جعفر منصور کا فوج کا معائنہ:

اس سال منصور نے اپنی تمام فوج کا پوری طرح مسلح حالت میں معائنہ کیا۔ وہ خود بھی مسلح تھا اور معائنہ میں شریک تھا۔ معائنہ کے لیے انہوں نے دجلہ کے کنارے ایک چبوترہ بنایا تھا۔ اس روز کے لیے انہوں نے اپنے تمام اعزا اقربا اور مصاحبین اور دوستوں کو باقاعدہ پورا فوجی لباس پہنے اور مسلح ہو کر آنے کا حکم دیا تھا اور خود بھی انہوں نے زرہ پہنی تھی کلاہ کے اوپر ایک سیاہ معمولی خود پہنا جس سے گردن ڈھکی ہوئی تھی۔

عامر بن اسمٰعیل و سوار بن عبداللہ کا انتقال

عامر بن اسمٰعیل المسلی نے مدینۃ السلام میں انتقال کیا۔ منصور نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور بنی ہاشم کی قبروں میں دفن کیا گیا۔ سوار بن عبداللہ نے انتقال کیا، ان کی نماز جنازہ محمد بن سلیمان نے پڑھائی۔ منصور نے ان کی جگہ عبیداللہ بن الحسن بن الحصین العنبری کو بصرہ کا قاضی مقرر کیا۔ اس سال منصور نے باب الشعیر کے پاس دجلہ پر ایک پل بنوایا۔ ربیع حاجب کے حکم سے حمید بن قاسم الصیرفی کی نگرانی میں اس کی تعمیر پایۂ تکمیل کو پہنچی۔ محمد بن سعید کاتب مصر کی امارت سے علیحدہ کر دیا گیا۔ اس کی جگہ ابو جعفر منصور کا مولیٰ مطر مصر کا والی مقرر ہوا۔ معبد بن الخلیل سندھ کا والی مقرر کیا گیا اور ہشام بن عمرو سندھ کی ولایت سے علیحدہ کر دیا گیا۔ معبد

دونوں خراسان میں تھے۔ کہیں اسے خراسان تقرر منسوب ہوا ہے جو یزید بن اسید السلمی کی قیادت میں موسم گرما کی مہم نے جہاد کیا اس نے بطال کے مولیٰ سنان کو بعض قلعوں پر یورش کے لیے بھیجا سنان نے وہاں مال غنیمت اور قیدی حاصل کیے۔

محمد بن عمر کہتے ہیں کہ اس سال موسم گرما کی مہم نے زفر بن عاصم کی قیادت میں جہاد کیا تھا۔

امیر حج ابراہیم بن یحییٰ و عمال:

ابراہیم بن یحییٰ بن محمد بن علی بن عبداللہ بن عباس کی امارت میں حج ہوا۔ محمد بن عمر کہتے ہیں کہ ابراہیم مدینہ کا والی تھا مگر اس کے علاوہ دوسرے ارباب سیر و تاریخ کہتے ہیں کہ اس سال مدینے کا والی عبدالصمد بن علی تھا مکہ اور طائف کا والی محمد بن ابراہیم تھا۔ فارس اور اہواز پر عمارہ بن حمزہ تھا، کرمان اور سندھ کا والی معبد بن الخلیل اور مصر کا والی منصور کا مولیٰ مطر تھا۔

۱۵۸ھ کے واقعات

خالد بن برمک پر عتاب:

اس سال منصور نے اپنے بیٹے مہدی کو رقہ روانہ کیا اور ہدایت کی کہ موصل کی والی سے موسیٰ بن کعب کو برطرف کر کے اس کے بجائے یحییٰ بن خالد بن برمک کو موصل کا والی مقرر کر دیا۔ اس تقرری کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ منصور نے خالد بن برمک پر تیس لاکھ درہم جرمانہ کیا اور ادائیگی کے لیے تین دن کی مہلت دی، عدم ادائیگی کی صورت میں قتل کی دھمکی دی۔ خالد نے اپنے بیٹے یحییٰ سے کہا کہ مجھ پر جو جرمانہ کیا گیا ہے اس کی ادائیگی میری طاقت سے باہر ہے اس سے مقصد صرف یہ ہے کہ چونکہ اتنی بڑی رقم میں اتنی مدت میں ادا نہ کر سکوں گا اس بہانے سے میری جان لے لی جائے۔ اب تم اپنے حرم اور اہل و عیال کے پاس جاؤ اور جو سلوک میرے بعد تم ان کے ساتھ کرو گے وہ ابھی کر دو۔ پھر اس کے بعد خالد نے یحییٰ سے کہا کہ میری یہ حالت تمہارے لیے باعث یاس نہ ہونا چاہیے۔ بہتر یہ ہے کہ تم میرے عزیز دوستوں سے اس معاملہ میں جا کر ملو۔ عمارہ بن حمزہ، صالح (صاحب المصلیٰ) اور مبارک الترکی سے تم ضرور جا کر ملو اور ان سے ہماری حالت بیان کرو۔

یحییٰ بن خالد کی عمارہ بن حمزہ سے امداد طلبی:

یحییٰ کہتا ہے کہ باپ کی ہدایت کے مطابق میں ان لوگوں سے ملا ان میں سے بعض تو بہت ترش روئی کے ساتھ مجھ سے پیش آئے مگر انہوں نے خفیہ طور پر مجھے روپیہ بھیج دیا بعض ایسے بھی تھے کہ انہوں نے مجھ سے ملنا تک گوارا نہیں کیا مگر میرے پیچھے روپیہ بھیج دیا۔ میں عمارہ بن حمزہ سے ملنے آیا وہ اپنے مکان کے صحن میں بیٹھا ہوا دیوار کی طرف دیکھ رہا تھا میری طرف اس نے رخ بھی نہیں کیا جب میں نے سلام کیا تو اس نے معمولی طور پر سلام کا جواب دے دیا اور پوچھا کہ تمہارے باپ کیسے ہیں میں نے کہا خیریت سے ہیں آپ کو سلام کہا ہے اور کہا ہے کہ میں آپ سے کہہ دوں کہ ان پر اس قدر روپیہ جرمانہ کیا گیا ہے۔ آپ مہربانی فرما کر ایک لاکھ درہم قرض دے دیجیے۔ میری اس بات کا اس نے مطلقاً کوئی جواب نہیں دیا اس کی اس سرد مہری کو دیکھ کر زمین میرے پاؤں کے نیچے سے نکل گئی میں نے دوبارہ اپنے آنے کی غرض بیان کی اس نے کہا اگر مجھ سے ہو سکا تو میں تم کو بھیج دوں گا۔

عمارہ بن حمزہ کی اہانت:

جب میں آپ کے پاس سے چلا تو راستے میں میں نے خیال کیا [illegible] عمارہ [illegible] بیٹھے۔ میں نے عمارہ کو [illegible] واقعہ [illegible] معلوم ہو [illegible] ان کی قدر [illegible] اب [illegible]

سارا حال [illegible] بیان کیا

ایک نجومی کی پیشین گوئی:

میں بغداد کے پل سے بہت فکر و رنج اور غمگین چلا جا رہا تھا [illegible] ایک [illegible] کہا کہ [illegible] میرے پاس آیا [illegible] معلوم ہوتا ہے [illegible] تمہاری پریشانی [illegible] دور ہو جائے گی اور تم کل اسی مقام سے پوری شان و شوکت اور [illegible] کے ساتھ [illegible] اب مجھ کو اس کی بات سے تعجب ہوا [illegible] اس نے کہا اگر میری یہ بات پوری ہو تو آپ مجھے پانچ ہزار درہم دیں میں نے کہا منظور ہے چونکہ مجھ کو یقین تھا کہ اس بات کا پورا ہونا [illegible] اگر وہ پچاس ہزار کہتا تو [illegible] اسے بھی مان لیتا [illegible] چلا گیا۔

ابوجعفر منصور کو موصل میں شورش کی اطلاع:

روح نے مہدی کو لکھا کہ عیسیٰ سال کے صرف دو ماہ میں کوفہ آتا ہے اس کے علاوہ وہ جمعہ پڑھنے آتا ہے اور مرض کی وجہ سے کوفہ آتا ہے۔ جب جمعہ کے لیے آتا ہے تو مسجد کے چوک میں ہو کر جو نماز کی جگہ ہے اپنی سواری کے ساتھ وہاں تک لیے ہوئے مسجد کے دروازوں تک چلا آتا ہے اس کے جانور نماز کی جگہ بول و براز کر دیتے ہیں اس کے سوا دوسرا کوئی شخص ایسا نہیں کرتا۔ مہدی نے لکھا کہ مسجد کے متصل جو راستے ہیں ان کے ناکوں پر لکڑیاں لگا دو۔ روح نے اس کی ابتدا کر دی۔ یہی جگہ خشبہ کہلاتی ہے۔ بعد سے پہلے ہی عیسیٰ کو بھی اس کی اطلاع ہو گئی۔ مختار بن ابی عبیدہ کا مکان مسجد سے ملا ہوا تھا عیسیٰ نے منہ مانگی قیمت دے کر اسے ان کے ورثہ سے خرید لیا اسے آباد کیا اور اس میں ایک حمام بنوایا۔ جمعرات ہی کے دن وہ اس مکان میں آ جاتا اور وہیں ٹھہرتا اور جمعہ کی نماز کے لیے مسجد میں آتا تو ایک گدھے پر سواری کرتا اور گدھا ان لکڑیوں پر سے کود کر اسے مسجد کے دروازے تک لے آتا تھا عیسیٰ مسجد کے ایک کونے میں نماز پڑھ کر پھر اپنے مکان میں واپس ہو جاتا کچھ عرصے کے بعد پھر اس نے کوفہ ہی میں مستقل طور پر سکونت اختیار کر لی۔

عیسیٰ بن موسیٰ کی ولی عہدی سے دست برداری:

استحقاقات ولایت عہد کے متعلق مہدی مسلسل عیسیٰ پر زور دیتا رہا کہ وہ اپنے حق سے دست بردار ہو جائے تاکہ وہ اپنے بعد موسیٰ و ہارون کو ولی عہد بنائے۔ انہوں نے یہاں تک کہا کہ اگر تم نے میری بات نہ مانی تو میں تم کو وہ سزا دوں گا جو مجرم کو دی جاتی ہے اور اگر تم یہ بات مان جاؤ تو میں تم کو وہ معاوضہ دوں گا جس سے تم مالا مال ہو جاؤ اور اس کا نفع فوراً تم کو پہنچے۔ آخر کار عیسیٰ نے ان کی بات مان لی اور ہارون کے لیے بیعت کر لی۔ مہدی نے اسے ایک کروڑ درہم یا حسب روایت دوسروں کے دو کروڑ درہم نقد دیئے اس کے علاوہ بہت بڑی جاگیر دی۔

عیسیٰ بن موسیٰ کی طلبی:

عمر کے علاوہ دوسرے ارباب سیر روایت کرتے ہیں کہ جب مہدی نے چاہا کہ عیسیٰ ولی عہدی سے علیحدہ کر دیئے جائیں تو انہوں نے اسے اپنے پاس طلب کیا۔ عیسیٰ کو ان کی نیت کا پتہ چل گیا اس نے ان کے پاس آنے سے انکار کر دیا۔ تعلقات اس قدر کشیدہ ہو گئے کہ اس کی جانب سے بغاوت کا اندیشہ ہو گیا اس اندیشے کی بنا پر مہدی نے اپنے چچا عباس بن محمد کو لکھا کہ آپ عیسیٰ کے پاس جائیں اور میری طرف سے یہ اور یہ باتیں اس سے کہیں۔ عباس مہدی کا خط لے کر عیسیٰ کے پاس آیا اور ان کی طرف سے جو پیام پہنچایا تھا وہ اس نے پہنچا دیا نیز اس معاملے میں عیسیٰ نے جو جواب دیا وہ عباس نے مہدی سے آ کر بیان کر دیا۔ عباس کے آ جانے کے بعد مہدی نے محمد بن فروخ ابو ہریرہ افسر فوج کو ایک ہزار ہوشیار شیعوں کے ساتھ عیسیٰ کی طرف بھیجا ان میں سے ہر شخص کو ایک طبل دیا گیا اور یہ حکم دیا کہ کوفہ پہنچنے کے ساتھ سب اپنے اپنے طبل بجائیں۔ رات کے بالکل آخری حصے میں جب صبح نمودار ہونے لگی یہ جمعیت کوفہ

میں داخل ہوئی تو منصور کے مرنے کے بعد سب سے پہلے [illegible] اپنے محل پر [illegible] شہر سے [illegible] بہت [illegible] کرنے کے لیے [illegible] اپنی [illegible] نے [illegible] وقت [illegible] دیا۔

امیرِ حج یزید بن منصور و عمال

اس سال مہدی کے ماموں یزید بن منصور کی امارت میں حج ہوا جب کہ وہ یمن سے مدینۃ السلام آ رہا تھا۔ خود مہدی نے اسے اپنے پاس حاضری کا حکم دیا تھا اور لکھا تھا کہ اس سال تم ہی امیر حج بن کر جاؤ۔ مہدی نے اپنے خط میں اس سے ملاقات کا اشتیاق اور اپنی قرابت کا بھی اظہار کیا تھا۔

اس سال عبید اللہ بن صفوان الجمحی مدینہ کا امیر تھا۔ اسحاق بن صباح الکندی کوفہ میں نماز، امامت اور احداث پر تھے۔ ثابت بن موسیٰ وہاں کے خراج پر تھا۔ شریک بن عبداللہ قاضی تھے۔ عبدالملک بن ایوب بن ظبیان النمیری بصرہ کا [illegible] تھا۔ عمارہ بن حمزہ [illegible] احداث پر تھا اور اس کی [illegible] قائم مقام تھا۔ عبید اللہ بن الحسن العنبری بصرہ کے قاضی تھے۔ [illegible] کا عامل تھا۔ [illegible] کا والی [illegible] یمامہ کا [illegible] تھا۔

ابو عون عبدالملک بن یزید خراسان کا حاکم تھا۔ فضل بن صالح جزیرہ کا والی تھا۔ محمد بن سلیمان [illegible] والی تھا۔

۱۶۰ھ کے واقعات

یوسف البرم کی بغاوت و قتل

اس سال یوسف بن ابراہیم جو البرم کے لقب سے مشہور تھا اور اس کے متبعین نے مہدی کے طرز حکومت اور طرز زندگی سے ناراض ہو کر خراسان میں بغاوت کر دی۔ ایک خلقت کثیر اس کے جھنڈے کے نیچے آ گئی۔ مہدی نے یزید بن مزید کو اس کے مقابلہ پر بھیجا۔ یزید نے اس سے نہایت شدید جنگ کی [illegible] ایک دوسرے سے گتھ گئے۔ یزید نے اسے گرفتار کر کے مہدی کے پاس بھیج دیا۔ نیز اس کے ساتھیوں کو بھی اس کے ساتھ روانہ کیا۔ جب یہ نہروان پہنچے تو یوسف البرم اور اس کے ساتھیوں کو اسی طرح اونٹوں پر سوار کیا گیا کہ ان کے منہ دم کی طرف کر دیے گئے۔ اسی حالت میں ان کو رصافہ لایا گیا اور مہدی کے سامنے پیش کیا گیا۔ مہدی نے ہرثمہ بن اعین کو ان کے قتل کا حکم دیا۔ اس نے یوسف کے دونوں ہاتھ اور پاؤں پہلے قطع کر کے اس کی گردن اڑا دی اور اس کے دوسرے ساتھیوں کو بھی قتل کر دیا اور پھر ان سب کو عسکر مہدی کے متصل دجلہ کے پل پر سولی پر لٹکا دیا۔ چونکہ اس یوسف نے ہرثمہ کے ایک بھائی کو خراسان میں قتل کیا تھا اسی وجہ سے مہدی نے یوسف کو ہرثمہ کے سپرد کیا۔

عیسیٰ بن موسیٰ کی مدینۃ السلام میں آمد

اس سنہ میں ۶ محرم کو عیسیٰ بن موسیٰ [illegible] کے ہمراہ [illegible] مدینۃ السلام آیا اور محمد بن سلیمان کے اس مکان میں جو عسکر مہدی میں دجلہ کے کنارے واقع تھا فروکش ہوا۔ چند روز تک یہ مہدی کے پاس آتا جاتا رہا [illegible]

بیٹھا یا کرتا تھا۔ زبان سے کچھ نہ کہتا مگر اس نے دربار میں کسی قسم کی بے رخی یا بے اعتنائی یا خلاف مزاج کوئی بات یا ادب میں کمی بھی محسوس نہیں کی اس طرح مہدی سے کچھ تھوڑا سا فرق بھی کرنے لگا۔

عیسیٰ بن موسیٰ کی نظر بندی:

ایک دن مہدی کے برآمد ہونے سے پہلے وہ ایوان آیا اور چھوٹے کوٹھے پر ربیع کی جو نشست گاہ تھی وہاں آ کر بیٹھ گیا اس کمرے میں ایک دروازہ بھی تھا دوسری طرف تمام قبیلہ تھا سب نے آپس میں اتفاق کر لیا تھا کہ عیسیٰ کو ولایت عہد سے علیحدہ کر دیا جائے اور اس پر حملہ کیا جائے اس ارادے کو پورا کرنے کے لیے یہ سب کے سب بڑھے۔ اس وقت عیسیٰ مقصورہ میں ربیع کی نشست میں موجود تھا ان کے حملہ آور ہوتے ہی اس نے مقصورہ کو بند کر لیا اس جماعت نے اپنے گرز اور ڈنڈوں سے . . مار کر دروازہ توڑ دیا قریب تھا کہ وہاں اسے بھی قتل کر ڈالتے۔ انھوں نے نہایت مغلظات اور فحش گالیاں دیں اور وہیں اسے محصور کر لیا۔ اگرچہ بعد میں مہدی نے ان کے اس فعل کو پسندیدہ نگاہوں سے نہیں دیکھا مگر ان پر اس کا ذرا اثر نہ ہوا۔ چونکہ انھوں نے اپنے طرز عمل میں اور شدت کر دی چند روز اسی طرح گزرے آخر کار اس کے خاندان کے تمام بڑے اور دوسرے لوگوں نے مہدی کے سامنے صاف صاف حقیقت کے لیے اس مسئلہ کو اٹھایا۔

محمد بن سلیمان کی شدید مخالفت:

اس کے مخالفین اس کی علیحدگی کے سوا کسی بات پر راضی نہیں ہوئے اور مہدی کے روبرو انھوں نے عیسیٰ کو گالیاں دیں۔ مخالفین میں سب سے پیش پیش محمد بن سلیمان تھا جب مہدی نے محسوس کیا کہ یہ سب کے سب عیسیٰ اور اس کی ولایت عہد کے اس قدر مخالف ہیں انھوں نے موسیٰ کو ولی عہد بنانے کے لیے ان سے کہا اور اب وہ خود بھی انھی کے ہم خیال اور ہم زبان ہو گئے۔ انھوں نے عیسیٰ اور اس جماعت پر زور ڈالا کہ وہ بھی اس تجویز کو قبول کر لیں اور وہ ولایت عہد سے دستبردار ہو کر لوگوں کو اپنی بیعت کی ذمہ داری سے بری کر دے۔ مگر عیسیٰ نے اس بات کو قبول کرنے سے انکار کر دیا اور کہا کہ اس عہد کو قبول کرتے وقت میں نے اپنے اہل و عیال کے متعلق نہایت سخت قسم کھائی ہے اس سے میں کسی طرح عہدہ برآ نہیں ہو سکتا۔

فقہاء و قضاۃ کا فتویٰ:

مہدی نے چند فقہاء اور قضاۃ کو دربار میں طلب کیا ان میں محمد بن عبداللہ بن علاثہ اور زنجی بن خالد مکی وغیرہ شامل تھے۔ انھوں نے صورت حالات کو پیش نظر رکھ کر فتویٰ دے دیا اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ عیسیٰ کی بیعت کی جو ذمہ داری لوگوں پر عائد تھی اس سے بری کرنے کے لیے جس قدر روپیہ درکار ہو وہ مہدی ادا کریں نیز چونکہ عیسیٰ پر عہد کی پابندی مطلقاً قسموں سے واجب تھی اس سے عہدہ برآ ہونے کے لیے جس قدر روپیہ کی ضرورت لاحق ہو اسے بھی مہدی دیں اس کی مقدار دس کروڑ درہم تھی اس کے علاوہ زاب اعلیٰ اور کسکر پر جاگیر دینے کا اقرار کیا انھوں نے کہا عیسیٰ نے اسے قبول کر لیا۔

خلیفہ مہدی کا خطبہ:

جس وقت سے مہدی نے عیسیٰ سے استعفائے عہدہ کی خواہش کی تھی یہ انھیں کے پاس رصافہ میں جعفر کی عمارت میں محبوس تھے آخر کار اس نے استعفا دے دیا۔ خاندانی شاہزادے اور بدھ کے دن۔ محرم کے ختم میں چار راتیں باقی تھیں کہ نماز عصر کے بعد عیسیٰ نے اپنی ولایت عہد سے قطعی براءت کر لی دوسرے دن بروز پنجشنبہ جب کہ محرم کے ختم ہونے میں تین راتیں باقی رہ گئی تھیں دن چڑھے

اس نے اب مہدی کے لیے اور ان کے بعد موسیٰ کے لیے بیعت لی۔ جب سب سے اسی طرح بیعت لے لی تو اب وہ رصافہ کی جامع مسجد آئے منبر پر چڑھے۔ موسیٰ بھی چڑھا مگر اس طرح کہ مہدی سے نیچے بیٹھا۔ اس کے بعد عیسیٰ منبر کے پہلے زینہ پر کھڑا ہوا۔ مہدی نے تقریر شروع کی۔ حمد و ثنا کے بعد انہوں نے حاضرین مسجد کو عیسیٰ بن موسیٰ کی علیحدگی کے متعلق اس تفصیل سے جو ان کے اہل بیت جانشین سرداران فوج اور خراسان کے اعوان و انصار نے کیا تھا اطلاع دی اور بتایا کہ ولایت عہد جو سب نے ان کو دلوائی تھی جو ذمہ داری آپ حضرات کے سپرد کی گئی تھی اب وہ موسیٰ بن امیر المؤمنین کی طرف ان کے حق میں منتقل ہو گئی ہے کہ ان تمام فوائد کا لحاظ کر کے جو اس منصب جلیلہ کے لیے موسیٰ کو حاصل ہیں اسے اختیار کیا ہے۔ میں نے بھی ان کی خدمات اطاعت اور نکالت کے مد نظر ان کی اس حق پر مصلحت تجویز کو قبول کیا کیونکہ انکار میں اختلاف و افتراق جماعت کا پورا اندیشہ تھا۔ نیز خود عیسیٰ اپنے حق تقدم سے دست بردار ہو گیا ہے اس وجہ سے اب آپ حضرات جیسے وہ آج کے بعد یہ ذمہ داری ولایت عہد کی اب تک آپ پر عیسیٰ کے بارے میں تھی وہ اب موسیٰ بن امیر المؤمنین کے حق میں منتقل ہو گئی۔ کیونکہ ہم نے اور سب اہل بیت اور تمام دوسرے اعوان و انصار نے اب موسیٰ کو ولی عہد خلافت مقرر کیا ہے۔ لہٰذا آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ موسیٰ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ کے بالکل مطابق عمل کرے گا اب آپ حضرات نہایت دل سے ان کی بیعت کیجیے جس طرح کہ دوسروں نے اس کی بیعت کی تمام بھلائیاں جماعت میں ہیں اور تفریق برائیوں کا معدن ہے میں اپنے اور آپ کے لیے اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ ہم سب کو اپنی رحمت سے حسن عمل کی توفیق عطا فرمائے اور وہ عمل کرائے جو اس کی خوشنودی کا باعث ہو میں اپنے لیے اور آپ کے لیے اللہ سے اپنے برے اعمال کی معافی کا خواستگار ہوں۔

موسیٰ ان کے نیچے منبر سے علیحدہ ہو کر بیٹھ گیا تاکہ جو شخص مہدی کی بیعت اور ان کے ہاتھ کو مس کرنے کے لیے آئے وہ اس کی راہ میں مزاحم نہ ہو نیز اس خیال سے بھی کہ ان کا چہرہ چھپ نہ جائے۔

عیسیٰ بن موسیٰ کی موسیٰ بن مہدی کی بیعت:

عیسیٰ اپنی جگہ اسی طرح کھڑا رہا اب وہ تحریر پڑھ کر سنائی گئی جس میں ولایت عہد سے اس کی علیحدگی کا ذکر تھا نیز یہ بھی ذکر تھا کہ عیسیٰ نے اپنی خوشی سے بغیر کسی جبر و اکراہ کے صرف اپنے تئیں ولایت عہد کی ذمہ داری سے علیحدہ کر لیا ہے بلکہ وہ تمام اشخاص بھی جنھوں نے اس کی ولی عہدی کے لیے بیعت کی تھی اب اپنی قسموں اور معاہدوں کی ذمہ داری سے بری الذمہ ہیں۔ عیسیٰ نے اس بیان کا اقرار کیا پھر منبر پر جا کر مہدی کی بیعت کی ان کے ہاتھ کو چھوا اور اپنی جگہ پلٹ آیا۔ اس کے بعد مہدی کے خاندان والوں نے قدیم سن کے اعتبار سے فرداً فرداً پہلے مہدی اور پھر موسیٰ کی بیعت کی دونوں کے ہاتھوں کو چھوا جب سب خاندان والے بیعت کر چکے تو اب حاضرین میں جو دوسرے سربرآوردہ امراء تھے انھوں نے اور عام شیعہ تھے انھوں نے اسی طرح بیعت کی۔

موسیٰ بن مہدی کی ولی عہدی کی عام بیعت:

مہدی منبر سے اتر آئے اور اپنی جگہ بیٹھ گئے بقیہ خواص و عوام سے بیعت لینے کا کام انھوں نے اپنے ماموں یزید بن منصور کے سپرد کر دیا اس نے اس خدمت کو بہت اچھی طرح انجام دیا اور سب سے بیعت لے لی مہدی نے اس کے معاوضہ میں جو وعدہ عیسیٰ سے کیا تھا اسے پورا کیا اور آئندہ شہادت اور حجت کے لیے اس کی علیحدگی کے متعلق ایک باقاعدہ تحریر لکھوائی جس پر اس کے اہل بیت کی ایک

بعد میں نے مسلمانوں سے تمام شہروں کا [illegible] اور [illegible] نے اپنی [illegible] ثبت کی یہ تحریر سرکاری دفتر میں بحفاظت رکھی ہوئی ہے [illegible] اس [illegible] کے متعلق [illegible] سے جو روایت [illegible] ہے کہ [illegible] کا [illegible] ہے [illegible] تحریر [illegible] خلافت [illegible] لفظ [illegible] ہے۔

عیسیٰ بن موسیٰ کا تحریری عہد نامہ

عیسیٰ بن موسیٰ کی تحریر حسب ذیل ہے: بسم اللہ الرحمن الرحیم یہ تحریر عبداللہ مہدی امیر المومنین اور ان کے اہل بیت کے لیے عیسیٰ بن موسیٰ نے الہاشمی کے لیے ان کے خاندان والوں کے لیے ان کی خراسانی فوج کے لیے اور تمام مسلمانوں کے لیے جو مشرق میں ہیں یا مغرب میں [illegible] لکھی ہے [illegible] تھا اب میں نے موسیٰ بن مہدی کو امیر المومنین کو [illegible] دیا ہوں کہ تمام مسلمانوں نے [illegible] ان کی ولی عہدی کو پختہ کیا ہے۔ اس تحریر کے [illegible] مسلمانوں کی [illegible] اپنی خوشی اور رضامندی سے امیر المومنین [illegible] کو [illegible] نے ان کی بیعت کر لی ہے [illegible] ولی عہدی سے قطعی [illegible] ہوں اور اسی طرح تمام مسلمان [illegible] بات آئندہ اس کے متعلق مجھے کسی قسم کا کوئی دعویٰ نہ ہوگا اور نہ کوئی حق [illegible] اسی طرح تمام مسلمانوں [illegible] امیر المومنین مہدی کی زندگی میں یا ان کے بعد [illegible] سے اب ولی عہد خلافت موسیٰ کے بعد جب تک میں بقید حیات رہوں مجھے کوئی [illegible] ان کے [illegible] کے متعلق [illegible]

میں نے امیر المومنین مہدی اور ان کے بیٹے موسیٰ کے لیے ان کے بعد خلافت کی بیعت کر لی ہے [illegible] تمام مسلمانوں [illegible] کے سامنے اس بات کا اقرار کیا ہے [illegible] اپنی [illegible] کے متعلق [illegible] دست بردار ہو چکا ہوں [illegible] اللہ کے سامنے [illegible] اس کے متعلق [illegible] امیر المومنین مہدی اور ان کے ولی عہد موسیٰ [illegible] قطع [illegible] اور [illegible] ان کے متعلق [illegible] تکلیف [illegible] مصیبت [illegible] ان کے دشمنوں [illegible] کے متعلق [illegible] دست بردار ہو چکا ہوں [illegible] اس عہد [illegible] کے خلاف [illegible] یا کوئی بات [illegible] امیر المومنین مہدی اور ان کے ولی عہد موسیٰ بن امیر المومنین اور تمام مسلمانوں کے لیے اپنے [illegible] کیا ہے اس کی خلاف ورزی کروں [illegible] طرح [illegible] تحریر [illegible] آزاد ہے۔

میری تمام [illegible] اور [illegible] قرآن [illegible] کی شکل میں ہو یا [illegible] سے [illegible] حاصل [illegible] کے لیے صدقہ [illegible] ہے [illegible] کا [illegible] ہے [illegible] بیت اللہ [illegible] اسلام سے [illegible] ہوں [illegible] کوئی [illegible]

کرنے کے قابل نہیں ہوگا۔ میں اللہ کے سامنے عہد کرتا ہوں کہ ان تمام امور کی جو آپ کی میرے ذمہ ہے اور اسی کی شہادت کافی ہے بجز مجبوری۔ رقم الحروف عیسیٰ بن موسیٰ نے مندرجہ امور کے متعلق چار سو تیس بنی ہاشم، اعوان، قریش کے معززین، وزراء، ملکی عہدہ داران اور قضاۃ نے شہادت ثبت کی ہے۔

یہ تحریر صفر ۱۶۰ھ میں لکھی گئی اور عیسیٰ بن موسیٰ نے اس پر اپنی مہر ثبت کر دی اس پر کسی شاعر نے طنز آمیز شعر کہے جن کا مفہوم یہ ہے کہ موسیٰ نے موت سے ڈر کر جس میں نجات اور عزت تھی خلافت سے دست کشی کی اور اس طرح ملامت کا ایسا لباس پہن لیا کہ اس سے پہلے اس کی نظیر نہیں ملتی۔

باربد کی تسخیر:

اس سال ۱۶۰ھ میں عبدالملک بن شہاب المسمعی اپنے ہمراہی مجاہد رضا کاروں وغیرہ کے ساتھ باربد آیا۔ وہاں پہنچنے کے دوسرے ہی دن اس نے اہل شہر پر محاصرہ کر دیا اور دو دن مسلسل اس پر حملہ کرتے رہا۔ پھر انھوں نے منجنیقیں نصب کیں اور تمام آلات جنگ سے حملہ آور ہوا۔ مجاہدین کا یہ حال تھا کہ وہ شرکت جنگ کے لیے بے چین تھے اور کلام پاک اور اللہ کے ذکر سے ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کر رہے تھے۔ اللہ نے بزور شمشیر یہ شہر مسلمانوں کے ہاتھوں مسخر کر دیا۔ ان کا رسالہ ہر طرف سے اس طرح شہر میں در آیا کہ اہل شہر کو سوائے اپنے معبد کے کہیں جائے پناہ نظر نہ آئی۔ مسلمانوں نے روغن نفط چھڑک کر اس میں آگ لگا دی جس سے بعض جل مرے بعض نے نکل کر مسلمانوں کا مقابلہ کیا اللہ نے ان سب کو مسلمانوں کے ہاتھوں قتل کر دیا۔ اس کے مقابلہ میں بیس بائیس مسلمان شہید ہوئے اللہ نے بہت سی غنیمت بھی ان کو دی جنگ کے بعد سمندر متلاطم ہو گیا۔ چونکہ بحری سفر خطرناک خیال کیا گیا اس لیے مسلمان اس تلاطم کے کم ہو جانے کے انتظار میں وہیں ٹھہر رہے۔

مجاہدین کی مراجعت:

دوران قیام میں مسلمانوں کے منہ میں ایک مرض حمام قر پیدا ہوا جس سے تقریباً ایک ہزار مجاہد جاں بحق ہو گئے ان میں ربیع بن صبیح بھی تھے۔ جب انھوں نے بحری سفر کا امکان پایا تو اب وہ سب واپس پلٹ پڑے ساحل فارس پر جسے بحر حمران کہتے ہیں پہنچے تھے کہ یہیں ان کو ایک رات شدید طوفان باد نے آ گھیرا اس طوفان میں مسلمانوں کے اکثر جہاز تباہ ہو گئے کچھ غرق ہو گئے اور کچھ بچ کر ساحل مراد پر پہنچے۔ ان قیدیوں میں جن کو مسلمان اپنے ساتھ لائے تھے باربد کے بادشاہ کی ایک بیٹی بھی تھی جسے انھوں نے محمد بن سلیمان والی بصرہ کے حوالے کر دیا۔

امارت خراسان پر معاذ بن مسلم کا تقرر:

اس سال ابان بن صدقہ ہارون بن المہدی کا کاتب اور وزیر مقرر ہوا۔ مہدی نے ابوعون کو کسی بات پر ناراض ہو کر خراسان کی ولایت سے برطرف کر دیا اور اس کی جگہ معاذ بن مسلم کو مقرر کیا اسی سال ثمامہ بن الولید العبسی کی قیادت میں صائفہ نے جہاد کیا۔ نیز غمر بن العباس الخثعمی نے بحر شام میں جہاد کیا۔

آل ابی بکرہ کی مہدی سے درخواست:

اس سنہ میں مہدی نے آل ابی بکرہ کو ان کے ثقفی نسب سے نکال کر پھر ولائے رسول اللہ ﷺ کی فضیلت سے مشرف کر دیا

اس تبدیلی کی وجہ یہ ہوئی کہ اس خاندان کا ایک شخص کسی شکایت کو پیش کرنے مہدی کی خدمت میں باریاب ہوا اور اس نے اپنے تقرب کے لیے اسے رسول اللہ ﷺ کا واسطہ دیا۔ مہدی نے یہ کہا کہ یہ نسبت اور تعلق وہ ہے جس کا اقرار تم اس وقت ہمارے سامنے کرتے ہو جب کسی شدید ضرورت کی وجہ سے تم لوگوں کو ہماری جناب میں تقرب حاصل کرنا ہوتا ہے۔ اس شخص نے کہا امیر المومنین جناب جس نے اس بات سے انکار کیا ہو تو اس کا یہ حق ہے ہم اقرار کرتے ہیں۔ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ آپ مجھے اور آل ابی بکرہ کو پھر ولاء کے ذریعے رسول اللہ ﷺ کے شرف سے متعلق کرنے کے لیے حکم دیں۔ اور آل ابی زیاد بن عبید کے متعلق تحریر کریں کہ وہ اس جھوٹے نسب سے خارج کر دیئے جائیں جس میں حضرت معاویہ نے ان کو شامل کر دیا ہے کیونکہ رسول اللہ ﷺ کے اس ارشاد کے حکم سے بچانے کے لیے کہ ان الولد للفراش وللعاہر الحجر (بچہ تو بیوی والے کا ہوتا ہے اور زانی کے لیے پتھر ہے) شامل کر دیا تھا۔ آپ حکم دیں کہ ان کی نسبت ثقیف کے موالی میں کی جائے۔

آل ابی بکرہ کے نسب کے متعلق مہدی کا فرمان:

اس درخواست کے مطابق مہدی نے حکم دیا کہ آل ابی بکرہ اور آل ابی زیاد دونوں اپنے صحیح نسب کے ساتھ موسوم کیے جائیں۔ ان کے متعلق انھوں نے محمد بن سلیمان کو ایک فرمان لکھا کہ تم جامع مسجد میں سب کے سامنے اس بات کا اعلان کر دو کہ آل ابی بکرہ وہ ان کی رسول اللہ ﷺ کی ولاء سے مشرف ہوتے اور ثقیف بن عمرو کی اولاد میں ہونے کا اعلان کرو پھر ان میں جو اس نسبت کا اقرار کرے رہنے دو اور ان کی وہ جائیداد جو بصرہ میں ہے اس کام کے لیے متعینہ افسروں کے ذریعہ واپس کر دو جو اس نسبت سے انکار کرے اسے بھی واپس نہ دیا جائے اور تم حکم بن سمرقند کو اس معاملہ کی بابت ان کے لیے کسی شخص کو مقرر کر دو۔ محمد نے آل ابی بکرہ کے تمام افراد کے متعلق سوائے ان کے جن کا حال خود اس خاندان والوں کو معلوم نہ تھا اور وہ غائب تھے اس حکم کو نافذ کر دیا۔

آل زیاد کے نسب کے متعلق سلیمان کی روایت:

البتہ آل زیاد کے متعلق جس بات نے مہدی کی رائے میں شدت پیدا کر دی وہ یہ واقعہ ہے جو علی بن سلیمان کے بیٹے نے بیان کیا ہے کہ میں ایک دن مہدی کی خدمت میں حاضر ہوا وہ استغاثے پڑھ رہے تھے اتنے میں آل زیاد کا ایک شخص صغدی بن سلم بن حرب ان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انھوں نے پوچھا تم کون ہو۔ اس نے کہا میں آپ کا ابن عم ہوں۔ انھوں نے پوچھا کیسے؟ اس نے زیاد سے اپنی نسبت بھی بیان کی۔ مہدی نے کہا اے سمیہ زانیہ کے بیٹے تو کب سے ہمارا ابن عم ہو گیا۔ وہ غضب آلود ہوئے اور انھوں نے اس کی گردن پکڑوا کر اسے دربار سے نکلوا دیا۔ سب لوگ دربار سے اٹھ گئے میں بھی باہر نکلا۔

آل زیاد کے متعلق مہدی کا فرمان:

عیسیٰ بن موسیٰ یا موسیٰ بن عیسیٰ میرے ساتھ ہو گیا اور اس نے کہا کہ میں چاہتا تھا کہ آپ کو بلا بھیجوں کیونکہ آپ کے اٹھ آنے کے بعد امیر المومنین ہماری طرف متوجہ ہوئے اور پوچھا کہ تم میں کون آل زیاد کی تاریخ سے واقف ہے مگر ہم میں کوئی ایسا نہ تھا کہ ان کے حال سے پوری طرح واقف ہوتا۔ اے ابو عبداللہ آپ جو کچھ جانتے ہیں ہمیں بتائیے۔ میں زیاد اور آل زیاد کے بارے میں ذکر کرتا ہوا اس کے ساتھ چلتا رہا۔ یہاں تک کہ ہم دونوں اس کے مکان واقع باب المحول پر آ گئے اس نے مجھ سے کہا کہ میں اللہ اور اپنی قرابت کا واسطہ دے کر آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ یہ سب واقعہ آپ لکھ کر دیجیے تاکہ میں آج ہی شام کو امیر المومنین

کی خدمت میں پیش کر دوں اور آپ کا بھی تذکرہ کر دوں۔ میں نے اپنے مکان آ کر سارا واقعہ لکھ دیا اور اپنی تحریر ان کے پاس بھیج دی وہ اسی شام کو مہدی کی خدمت میں حاضر ہوا اور اس کی اطلاع دی۔ ابو عبیداللہ نے وہ تحریر ہارون الرشید کو جو ان کی طرف سے بصرہ کا والی تھا بھیج دی اور حکم دیا کہ تم اپنے والی کو ہدایت کر دو کہ وہ آل زیاد کو قریش اور ان کے دیوان اور عربوں سے خارج کر دے اور نیز یہ کہ آل ابی بکرہ کے سامنے وہ رسول اللہ ﷺ کی نسبت کو پیش کرے جو ان میں سے اس نسبت کا اقرار کرے اس کی وہ جائداد جو وہاں سرکار کے قبضہ میں ہو اس کو واپس دے دے اور جو ان میں سے اپنے آپ کو ثقیف کے ساتھ منسوب کرے اس کی جائداد بحق سرکار ضبط رہے۔ والی بصرہ نے یہ بات ان کے سامنے پیش کی تین آدمیوں کے سوا سب نے اس نسبت کا اقرار کیا۔ جن تین آدمیوں نے اقرار نہیں کیا ان کی جائداد ضبط کر لی گئی۔ اس کے بعد آل زیاد نے سرکاری دفتر کو رشوت دے دی اس نے ان کو پھر حسب سابق ان کے معروف نسب میں شامل کر دیا۔

خالد النجار کے اشعار:

خالد النجار نے اس بارے میں یہ دو شعر کہے:

ان زیادا و نافعا و ابا　　بکرۃ عندی من اعجب العجب
ذا قرشی کما یقول و ذا　　مولیٰ و ھذا بزعمه عربی

ترجمہ: ”مجھے زیاد، نافع اور ابوبکرہ پر نہایت ہی تعجب آتا ہے کہ ایک یہ اپنے آپ کو قریشی کہتا ہے اور یہ دوسرا مولیٰ ہے۔ اور یہ تیسرا اپنے دعوے کے مطابق عرب بنتا ہے۔“

والی بصرہ کے نام مہدی کا فرمان:

ذیل میں وہ خط جو مہدی نے اس بارے میں والی بصرہ کو لکھا نقل کیا جاتا ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم! اما بعد! مسلمانوں کے صاحبان امر اپنے خاص لوگوں اور عوام کے امور میں تصفیہ کے لیے اس بات کے سب سے زیادہ سزاوار ہیں کہ وہ کتاب اللہ و سنت رسول اللہ ﷺ کے مطابق احکام نافذ کریں اور اس پر عمل پیرا ہوں یہ ان کا فرض ہے کہ وہ اس اتباع میں استقامت اور دوام قائم رکھیں اور ہر شخص کا یہ فرض ہے کہ وہ ان احکام کی خواہ وہ اس کے موافق ہوں یا مخالف خوشی کے ساتھ بجا آوری کرے کیونکہ صرف اسی طرح اللہ کے حقوق و حدود کی اقامت ہو سکتی ہے۔ اس کے حقوق کی معرفت ہو سکتی ہے۔ اس کی خوشنودی کی اتباع ہے۔ اسی طرح اس کا ثواب ملتا اور جزا حاصل ہو سکتی ہے اور جو اس کی مخالفت کرے گا جو غلبہ خواہش نفس کی وجہ سے ان احکام سے روگردان ہو گا اسے دین و دنیا میں خسارہ و نقصان ہے۔

زیاد بن عبید کو (جو ثقیف کے غیر عرب کا ایک غلام تھا) اگرچہ معاویہ بن ابی سفیان نے اپنے نسب میں شامل کر لیا تھا مگر اس کے بعد ہی تمام مسلمانوں نے جن میں اکثر اس زمانہ میں زیاد ابن زیاد اور اس کی ماں کی اصل نسل سے اچھی طرح واقف تھے اور خود وہ لوگ جو صاحب فضل و زہد و تقویٰ اصحاب تھے۔ معاویہ ؓ کی اس کارروائی کو غلط سمجھ کر اس کے ادعائے نسب سے انکار کر دیا تھا۔ معاویہ ؓ نے یہ کارروائی کسی نیک نیتی اتباع سنت یا گزشتہ ائمہ حق کے طریقہ محمودہ کی پیروی میں نہیں کی تھی بلکہ اپنے دین اور آخرت کو برباد کرنے اور کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ کی مخالفت میں کی تھی۔ اس وجہ سے کہ اسے زیاد کی جلادت اور

ہوشیاری اور چالاکی کا اس پر بہت اثر ہوا تھا اس نے اس ترکیب سے اپنے اعمال بد اور ظالمانہ طرز حکومت میں اس کی مدد اور اعانت حاصل کرنے کے لیے یہ کیا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: الولد للفراش وللعاهر الحجر اور یہ بھی فرمایا کہ جو شخص اپنے باپ کے سوا یا اپنے آقا کے علاوہ کسی دوسرے سے اپنے کو منسوب کرے اس پر اللہ ملائکہ اور تمام مسلمانوں کی لعنت ہو اور اللہ اس کے کسی عمل کو شرف قبولیت نہ بخشے گا یہ بھی یقینی امر تھا کہ سب جانتے ہیں کہ زیاد نہ تو ابو سفیان کے گھر اس کے بستر پر پیدا ہوا تھا اور نہ عبید ابوسفیان کا غلام تھا اور نہ سمیہ اس کی لونڈی تھی نہ یہ دونوں اس کے کسی تصرف میں رہے اور نہ کسی اور سبب سے ان کا اس سے کوئی تعلق پیدا ہوا تھا مگر معاویہ اس سے پوری طرح واقف ہیں کہ نصر بن الحجاج ابن علاط السلمی کے متعلق اس کے عزیز اقربا بنی سلیم نے جھگڑا کیا اور اس کو جب انھوں نے حکم دیا اپنے میں شامل کرنا چاہا اور اپنے لڑکے کو ثابت کرنا ہے تو معاویہ نے یہ جواب دیا کہ اپنی مسند کے نیچے سے ایک پتھر جسے پہلے سے اس نے چھپا رکھا تھا نکال کر ان کے سامنے ڈال دیا۔ اس پر انھوں نے کہا کہ آپ نے زیاد کے بارے میں جو کچھ کیا ہے ہم نے مان لیا مگر اب آپ ہمارے آدمی کے متعلق اس امر کے تصفیہ کو تسلیم نہیں کرتے۔ معاویہ نے کہا رسول اللہ ﷺ کا تصفیہ تمہارے لیے معاویہ کے فیصلے سے بہتر ہے مگر زیاد کے حق میں جو کارروائی اس نے کی ہے۔ پس نسب میں شامل کر کے اس نے صریحی طور پر اللہ کے حکم اور اس کے رسول کے فیصلہ کی خلاف ورزی کی اور یہ اس نے محض اپنے ذاتی منفعت اور خود غرضی کی بنا پر کیا تھا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

﴿ وَمَنْ أَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوَاهُ بِغَيْرِ هُدًى مِّنَ اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ ﴾

"اس سے زیادہ کون گمراہ ہوگا جس نے بغیر خدا کے حکم کے اپنی خواہش کی اتباع کی اللہ حد سے تجاوز کرنے والوں کو کبھی راہ ہدایت نہیں دکھائے گا"۔

حضرت داود علیہ السلام سے جن کو اللہ نے حکومت نبوت دولت اور خلافت عطا کی تھی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

﴿ يَا دَاوُودُ إِنَّا جَعَلْنَاكَ خَلِيفَةً فِي الْأَرْضِ ﴾ آخر آیۃ تک

"اے داؤد ہم نے تجھ کو زمین میں اپنا نائب مقرر کیا"۔

امیر المومنین اللہ سے دعا مانگتے ہیں کہ وہ ان کے نفس اور دین کو ضرر و آفت سے بچا رہے اور ہر بات میں انھیں توفیق نیک عطا فرمائے۔ جس سے اس کی خوشنودی حاصل ہو۔ اب امیر المومنین نے اس امر کو مناسب سمجھا ہے کہ زیاد اور اس کی اولاد کو ان کی اپنی ماں اور نسب معروف کے ساتھ منسوب کیا جائے اور اپنے باپ عبید اور اپنی ماں سمیہ سے منسوب کر دیئے جائیں تاکہ اس میں رسول اللہ ﷺ نے جو فرمایا ہے وہ واضح ہو جائے کہ آپ کے قول کی تعمیل کا پتا چلتا ہے۔ کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ کی خلاف ورزی میں معاویہ نے اس معاملہ میں جو جرأت کی ہے وہ کسی طرح جائز قرار نہیں دی جا سکتی۔ اور امیر المومنین رسول اللہ ﷺ سے قرابت قریبہ رکھتے ہیں ان کے اقوال کی اتباع کرتے ہیں ان کی سنت کا احیاء چاہتے ہیں اور بدعات کو مٹانا چاہتے ہیں۔ اس وجہ سے ان کا فرض ہے کہ وہ اس معاملہ میں جائز کارروائی کریں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

﴿ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ إِلَّا الضَّلَالُ فَأَنَّىٰ تُصْرَفُونَ ﴾

"حق کے بعد تو سب ضلالت ہے تو اب کہاں پلٹے جا رہے ہو"۔

اس بارے میں امیرالمومنین کی رائے اب تم کو معلوم ہو چکی ہے اس لیے تم زیاد بن ابی سفیان کی اولاد کو ان کے باپ عبید اور اس کی ماں سمیہ کے ساتھ منسوب کرو، ان کو مجبور کرو کہ وہ اس فیصلہ کو قبول کریں۔ یہ امر تم کو اس لیے پکار کر بتایا ہے کہ تمام مسلمانوں کے سامنے ان سب کے بارے میں اعلان کر دو تاکہ ان کو بھی اس کی اصل معلوم ہو جائے۔

ہم نے بصرہ کے قاضی اور صاحب دیوان کو بھی اس کے مطابق احکام بھیج دیئے ہیں والسلام علیک ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔

عبدالملک بن ایوب کی فرمان مہدی کی خلاف ورزی:

اس مراسلہ کو معاویہ بن عبید نے لکھا تھا۔ جب یہ حکم محمد بن سلیمان کے پاس پہنچا اس نے اس کے نافذ کرنے کے انتظام جاری کر دیئے مگر پھر کچھ لوگوں نے اس بارے میں اس سے گفتگو کی اور محمد بن سلیمان نے ان کا پیچھا چھوڑ دیا۔ مہدی نے اس مضمون کا فرمان عبدالملک بن ایوب بن ظبیان النمیری کے نام بھی بھیجا تھا لیکن قیس کا بڑا ادب تھا۔ عبدالملک نے سمجھا کہ ان کے قبیلہ کا کوئی شخص ان سے نکل کر دوسروں میں شامل کر دیا جائے۔ اور اسی خیال سے اس نے اس فرمان کو نظر انداز کیا۔

امارت مدینہ پر زفر بن عاصم کا تقرر

اسی سال والی مدینہ عبداللہ بن صفوان الجمحی نے انتقال کیا۔ اس کی جگہ محمد بن عبداللہ الکثیری مقرر ہوا۔ یہ تھوڑے ہی دن اپنے منصب پر رہ سکا تھا کہ برطرف کر دیا گیا اور اس کے بجائے زفر بن عاصم الہلالی مقرر ہوا۔ اسی سال مہدی نے عبداللہ بن محمد بن عمران الطلحی کو مدینہ کا قاضی مقرر کیا۔ اسی سال عبدالسلام یشکری نے خروج کیا اور وہ قتل کیا گیا۔ بسطام بن عمرو سندھ کی ولایت سے علیحدہ کر دیا گیا اور اس کی جگہ روح بن حاتم مقرر ہوا۔

امیر حج خلیفہ مہدی:

اسی سال خود مہدی کی امارت میں حج ہوا۔ اپنے شہر سے روانہ ہونے کے بعد انہوں نے اپنے بیٹے موسیٰ کو اپنا جانشین مقرر کیا اور اپنے ماموں یزید بن منصور کو ان کے ساتھ وزیر و مشیر مقرر کر کے چھوڑا۔ اس سال ان کے ہمراہ ان کا بیٹا ہارون اور بہت سے دوسرے خاندان والے حج کے لیے ساتھ ہوئے۔ اپنے عہدہ کی اہمیت اور رسوخ کی وجہ سے یعقوب بن داؤد بھی مہدی کے ہمراہ ہوا۔ جب یہ مکہ پہنچ گئے تو حسن بن ابراہیم بن عبداللہ بن حسن جس کے لیے یعقوب نے مہدی سے امان لی تھی مہدی کی خدمت میں باریاب ہوا۔ مہدی نے بہت سا مال و متاع صلہ میں دیا اور حجاز میں اپنے صرف خاص کے علاقہ سے جاگیر بھی دی۔

خانہ کعبہ کی غلاف پوشی:

اسی سال مہدی نے کعبہ کے غلاف کو تبدیل کیا اور نیا غلاف چڑھایا اس کی وجہ یہ ہوئی کہ حاجبوں نے ان سے شکایت کی کہ اس قدر غلاف کعبہ پر چڑھ جانے سے ہیں کہ ان کے بوجھ سے انہدام کا اندیشہ ہے۔ مہدی نے حکم دیا کہ تمام غلاف اتار لیے جائیں چنانچہ تمام غلاف اتار لیے گئے اور کعبہ کھلا رہ گیا اب خلوق (ایک خوشبو) کی دھونی دی گئی۔

بیان کیا گیا ہے کہ جب غلاف اتارے گئے تو ہشام کے چڑھائے ہوئے غلاف کی نوبت آئی تو دیکھا کہ وہ نہایت مضبوط اور موٹے دیباج کا تھا اس کے علاوہ اور تمام غلاف یمن کے ساختہ تھے۔

منبر رسول اللہ ﷺ کو اصلی حالت پر لانے کی تجویز:

مہدی نے مکہ اور مدینہ میں بے انتہا روپیہ خیرات کیا۔ حساب لگانے سے معلوم ہوا کہ تین کروڑ درہم تو وہ اپنے ساتھ لے گئے تھے تین لاکھ دینار مصر سے اور دو لاکھ یمن سے اور ان کو راہ میں وصول ہوئے تھے۔ یہ تمام رقم انہوں نے صرف کر دی۔ ڈیڑھ لاکھ تھان کپڑے کے تقسیم کیے۔ مسجد نبوی کو وسیع کیا۔ مقصورہ کو مسجد نبوی سے نکال دیا۔ ارادہ تھا کہ منبر رسول اللہ ﷺ کو نیچا کرا دیں تاکہ وہ پھر اپنی اصلی حالت اور ساخت پر ہو جائے اور معاویہ رضی اللہ عنہ نے جو زیادتی کی تھی وہ نکل جائے۔

امام مالک کی تجویز سے مخالفت:

مگر امام مالک کے بیان کے مطابق جب انہوں نے اس بارے میں علماء و فقہاء سے مشورہ لیا تو انہوں نے کہا منبر میں جو معاویہ رضی اللہ عنہ نے زیادتی کی ہے اس کی کیلیں اس بہت پرانی لکڑی سے جو منبر کی لکڑی تک سرایت کر گئی ہیں اس لیے اندیشہ ہے کہ چونکہ یہ لکڑی بہت پرانی ہو چکی ہے مبادا اس اضافہ کو توڑنے سے اصلی منبر کو صدمہ پہنچے اور وہ ٹوٹ پڑے۔ اس بیان سے مہدی نے یہ ارادہ ترک کر دیا۔

انصاریوں کا محافظ دستہ:

انہوں نے اپنے قیام مدینہ کے دوران میں پانچ سو انصاریوں کو اپنی ذات کی حفاظت کے لیے بھرتی کیا تاکہ یہ عراق میں ان کی محافظت کریں اور بوقت ضرورت فوجی خدمت انجام دیں ان کی مقررہ عطا کے علاوہ اور مزید نقد دیا گیا۔ جب یہ جماعت ان کے ہمراہ بغداد آ گئی تو مہدی نے ان کو ایک جاگیر بھی دی جو ان کے نام سے مشہور ہے۔ اسی قیام مدینہ کے زمانے میں مہدی نے رقیہ بنت عمرو العثمانیہ سے شادی کی۔

اسی سال محمد بن سلیمان نے مہدی کے لیے برف کی جوال مکہ میں لادی۔ مہدی پہلے خلیفہ ہیں جن کے لیے برف مکہ بھیجی گئی ہے۔ مہدی نے اپنے خاندان والوں اور دوسرے لوگوں کی وہ جاگیریں جو ضبط کر لی گئی تھیں پھر انہیں واپس دے دیں۔

عمال:

اس سال اسحاق بن صباح الکندی کوفہ کا حاکم اور اس کا افسر احداث تھا۔ شریک قاضی تھے۔ محمد بن سلیمان بصرے کا حاکم اس کے متعلقہ صوبوں اور اضلاع دجلہ بحرین عمان اہواز اور فارس کا والی تھا یہی ان تمام علاقوں کا افسر احداث تھا۔ عبیداللہ بن الحسن بصرے کے قاضی تھے معاذ بن مسلم خراسان کا حاکم تھا۔ فضل بن صالح جزیرہ کا والی تھا روح بن حاتم سندھ کا اور یزید بن حاتم افریقیہ کا والی تھا اور محمد بن سلیمان ابو ضمرہ مصر کا حاکم تھا۔

۱۶۱ھ کے واقعات

مقنع کا خروج:

اس سال حکیم المقنع نے خراسان میں مرو کے ایک قریہ میں خروج کیا۔ یہ تناسخ ارواح کا قائل تھا اور اپنے آپ کو ارواح کا مرکز خیال کرتا تھا۔ ایک خلقت عظیم اس کے ساتھ گمراہ ہو گئی۔ اس کی تحریک نے بڑی طاقت حاصل کر لی اور وہ اپنی جماعت کو لے

کر ماوراءالنہر کے علاقہ میں ہو گئے۔ مہدی نے ان سے لڑنے کے لیے اپنے کئی سپہ سالار بھیجے ان میں معاذ بن مسلم بھی جو اس وقت خراسان کا حاکم تھا شریک تھا اس کے ہمراہ عقبہ بن مسلم ہرشی، جبرئیل بن یحییٰ اور لیث مولیٰ مہدی کا دستہ بھی تھا۔ اس کے بعد مہدی نے سعید حرشی کو اس کے مقابلہ پر متعین کیا اور [illegible] مقنع [illegible] قلعہ بند ہو گیا [illegible] قلعہ میں محاصرہ کر لیا گیا۔

نصر بن محمد خزاعی کی گرفتاری

اسی سال نصر بن اشعث الخزاعی نے شام میں عبداللہ بن مروان کو گرفتار کیا اور اسے مہدی کے پاس لے آیا۔ یہ نصر ولایت شام سے پہلے آ چکا تھا۔ مہدی نے عبداللہ کو مطبق کے قید خانہ میں قید کر دیا۔

عبداللہ بن محمد بن مروان کی پہچان کی جرأت

ابوالخطاب سے بیان ہے کہ عبداللہ بن محمد بن مروان مہدی کے پاس پیش کیا گیا اور ابوالحکم اس کی کنیت تھی۔ مہدی نے دربار منعقد کیا اور پوچھا کون اسے جانتا ہے۔ عبدالعزیز بن مسلم العقیلی اپنی جگہ سے اٹھ کر عبداللہ کے پاس جا کر کھڑا ہو گیا اور کہا ابوالحکم کیا تم ہو۔ اس نے کہا ہاں میں ہی ابوالحکم امیر ابن امیر ہوں۔ عبدالعزیز نے پوچھا تم کہاں سے آ رہے ہو۔ اس کے بعد اس نے مہدی کو مخاطب کر کے کہا امیر المومنین بے شک یہ عبداللہ بن مروان ہے۔ تمام حاضرین دربار اس کی اس جرأت پر تعجب کرنے لگے اور مہدی نے کسی بات کا بھی برا نہ مانا۔

عبداللہ بن محمد بن مروان کے خلاف مقدمہ

جب مہدی نے اسے قید کر دیا تو ایک شخص اس کے قتل کے لیے پیش ہو گیا یعنی عمرو بن سہلہ اشعری نے مہدی کے سامنے استغاثہ دائر کیا کہ عبداللہ نے میرے باپ کو قتل کیا تھا۔ مہدی نے اس استغاثہ کو تحقیق کے لیے قاضی کے پاس بھیج دیا۔ قاضی نے عبداللہ کے خلاف فیصلہ کیا اور حکم دیا کہ مقتول کے عوض میں اسے قتل کیا جائے۔ قریب تھا کہ اس حکم کی تعمیل ہو جائے اور وہ قتل کر دیا جائے۔

عبداللہ بن محمد بن مروان کی برأت:

مگر عین وقت پر عبدالعزیز بن مسلم العقیلی قاضی کے اجلاس میں لوگوں کے سروں پر پھاندتا ہوا قاضی کے سامنے آیا اور اس نے کہا عمرو بن سہلہ یہ دعویٰ کرتا ہے کہ اس کے باپ کو عبداللہ بن مروان نے قتل کیا ہے۔ یہ الزام محض بے بنیاد اور افترا ہے۔ مدعی جھوٹا ہے [illegible] اس کے باپ کو میں نے قتل کیا تھا میں نے مروان کے حکم سے اس کو قتل کیا تھا۔ عبداللہ بن مروان اس کے خون سے بری ہے اس طرح اس کی جان بچ گئی۔ چونکہ عبدالعزیز نے عمرو بن سہلہ کے باپ کو مروان کے حکم سے قتل کیا تھا اس لیے مہدی نے اس بات سے تعرض نہ کیا اور اسے کسی قسم کی سزا نہیں دی۔

ثمامہ بن الولید کا جہاد

اسی سال موسم گرما میں ثمامہ بن الولید العبسی نے جہاد کیا [illegible] دابق میں جا کر اترا۔ تمام سلطنت [illegible] میں کہیں [illegible] کی [illegible] پہنچ گئے [illegible] کے مسلمانوں نے [illegible]

پر حملہ کر کے اطاعت پر مجبور کر دیا تھا مگر اس نے اس پر بغاوت کی اور رومی علاقے کی طرف چلا گیا۔ میخائیل روم کا شہنشاہ تھا۔ یہ مقابلے کے لیے نہایت تیزی سے مرج الشحم پر حملہ آور ہوا۔ مسلمان اس جنگ میں ہار گئے۔ چونکہ اس وقت فوج میں مرض میں پھیلی ہوئی وبا بیمار تھا اس کی وجہ سے اس مرض سے کئی ہزار کی تعداد میں مسلمان شہید ہو گئے تھے۔

مہدی کا عمارات تعمیر کرنے کا حکم:

مہدی نے حکم دیا کہ مکہ کے راستہ میں قادسیہ سے زبالہ تک جو مکان ابوالعباس نے بنوائے تھے ان سے زیادہ وسیع مکان بنائے جائیں اس نے فیصلہ دیا کہ ابو جعفر کے ساختہ مکان اپنے حال پر چھوڑ دیئے جائیں اور ابوالعباس کے ساختہ مکانوں میں اضافہ کر دیا جائے نیز اس نے ہر چشمہ آب پر عمارات بنانے کا حکم دیا اور علامات میل قائم کیے تالابوں کو پھر کھدوایا نیز جدید کنوئیں کھدوائے۔ یہ کام یقطین بن موسیٰ کے زیر اہتمام کیا گیا اور جب تک یہ کام اس شخص کے تفویض رہا اس کام کے لیے اس کا بھائی ابو موسیٰ اس کا مددگار اور نائب تھا۔

جامع مسجد بصرہ کی توسیع:

موسیٰ نے بصرہ کی جامع مسجد میں توسیع کرائی جس سے قبلہ کے متصل تک اضافہ کیا گیا اور مسجد کے داہنے حصہ میں بھی جو بنی سلیم کے چوک سے متصل ہے اضافہ کیا گیا۔ اس تعمیر کا اہتمام محمد بن سلیمان والی بصرہ کے سپرد تھا۔ مہدی نے حکم دیا تھا کہ تمام جامع مساجد سے مقصورے نکال دیئے جائیں۔ منبر بھی چھوٹے کر کے منبر رسول اللہ ﷺ کے برابر کر دیئے جائیں۔ اس کے لیے انہوں نے اپنی تمام سلطنت میں فرامین بھیج دیئے جن کے مطابق عمل درآمد ہوا۔

یعقوب بن داؤد کے اختیارات میں اضافہ:

اسی سال مہدی نے یعقوب بن داؤد کو تمام آفاق سلطنت میں امین مقرر کر کے بھیجنے کا حکم دیا اس حکم کی تعمیل کی گئی اور اب طریقہ کار یہ ہوا کہ مہدی کا کوئی فرمان جو ان کے ماتحتوں کے نام جاری ہوتا تھا وہ اس وقت تک نافذ نہیں ہو سکتا تھا جب تک کہ یعقوب اپنے خاص امین اور معتمد لوگوں کو اس کے نفاذ کے لیے تحریر نہ بھیج دیتا۔

عمال:

اس سال ابو عبیداللہ مہدی کے وزیر کی منزلت میں فرق پڑ گیا۔ یعقوب نے بصرہ کوفہ اور شام کے متعدد اشخاص مہدی کے دربار میں متعین کر دیئے اسمٰعیل بن علیہ الاسدی اور محمد بن میمون العنبری قبیلہ بصرہ کے رئیس اور معمر تھے۔ عبدالاعلیٰ بن موسیٰ الحمصی اہل کوفہ و اہل شام کے فقہا کا رئیس تھا۔

ابو عبیداللہ کے خلاف شکایات:

مہدی کو رے بھیجتے وقت جس وجہ سے منصور نے ابو عبیداللہ کو ان کے ہمراہ کر دیا تھا اسے ہم بیان کر چکے ہیں اب اس کے زوال کے متعلق فضل بن الربیع کہتا ہے کہ موالی ہمیشہ مہدی سے ابو عبیداللہ کی شکایت کرتے رہتے تھے اور چاہتے تھے کہ کوئی موقع ان کو ایسا مل جائے کہ وہ اسے ذلیل کریں۔ مگر منصور ابو عبیداللہ کے مراسلات کے موافق ہی احکام نافذ کر دیتے تھے اس سے موالی اور چڑ جاتے تھے اور پھر وہ ہمیشہ مہدی سے ہر وقت اس کی شکایت کرنے اور انہیں اس کے خلاف بھڑکاتے۔

ابو عبیداللہ کے زوال کا سبب:

ابو عبیداللہ کے خطوط میرے باپ کے پاس مسلسل موالیوں کی شکایت میں آئے۔ وہ منصور سے اس کی اور اس کے حسن انتظام کی تعریف کرتے اور مہدی کو لکھواتے کہ وہ ابو عبیداللہ کے ساتھ مہربانی اور عزت سے پیش آئیں۔ وہ اس کے متعلق کسی کی شکایت کو قبول نہ کریں۔ مگر جب عبیداللہ نے موالیوں کے اثر کو مہدی کے مزاج میں روز بروز بڑھتا دیکھا اور محسوس کیا کہ وہ ہر وقت اس کے ساتھ رہتے ہیں اس نے مختلف قبائل کے چار معمر اور ادیب اشخاص کو منتخب کر کے مہدی کی مصاحبت میں شریک کیا اور یہ انتظام کیا کہ اب صرف موالیوں کو ہی مہدی سے تخلیے کا موقع نہ ملے گا۔ ان میں سے کسی نے جب مہدی کی کسی بات پر اعتراض کیا تو مہدی نے ابو عبیداللہ سے اس گستاخی کی شکایت کی مگر اس نے اس کا کوئی جواب نہیں دیا۔ بلکہ خاموش رہا ان کی مجلس سے اٹھ آیا اور اس شخص کو دربار میں جانے کی ممانعت کر دی اس واقعہ کی خبر میرے باپ کو بھی ہوگئی۔

ابو عبیداللہ اور ابوالفضل ربیع کی ملاقات:

جس سال منصور نے انتقال کیا اس سال میرے والد بھی ان کے ساتھ حج کرنے گئے۔ ان کے مرنے کے بعد میرے باپ ہی نے مہدی کے لیے بیعت لینے کا تمام کام سرانجام دیا۔ اور وہی منصور کے گھر، موالی اور فوجی سرداروں کی افسری کرتے رہے جب واپس آئے تو میں مغرب کے بعد قصر میں ان سے ملنے گیا واپس ہوتے ہوئے میں ان کے ساتھ تھا چلتے چلتے وہ اپنے مکان سے بھی آگے نکل گئے مہدی کا قصر بھی چھوڑا ابو عبیداللہ سے ملنے کے لیے چلے مجھ سے کہا چونکہ وہ امیرالمومنین کے خاص آدمی ہیں اس لیے اب ہمارے لیے ان کے ساتھ اس طرح پیش آنا مناسب نہیں جس طرح کہ ہم پہلے آتے تھے۔ نیز ان کے نفوذ و اثر کے قیام میں جو مدد ہم نے ان کی کی ہے اس کا کہنا بھی اب ہمارے لیے مناسب نہیں۔ یہی باتیں کرتے کرتے ہم اس کے دروازے پر پہنچے۔ میرے باپ کھڑے رہے اندر آنے کی اجازت نہ ملی یہاں تک کہ ہم نے وہیں عشاء کی نماز پڑھ لی۔ مگر اس کے بعد دربان نے نکل کر ان کو اندر بلایا۔ اور ہم دونوں اندر جانے کے لیے بڑھے۔ حاجب نے کہا ابوالفضل میں نے صرف آپ کو اندر آنے کی اجازت دی ہے۔ انھوں نے حاجب سے کہا کہ ابو عبیداللہ سے کہو کہ فضل میرے ساتھ ہے۔ اس کے بعد انھوں نے مجھ سے کہا کہ اس طرز عمل میں تبدیلی کی توجیہ میں تم سے کر چکا ہوں۔ اتنے میں حاجب نے باہر آ کر ہم دونوں کو اندر بلا لیا۔ ہم دونوں اندر گئے۔

ابو عبیداللہ کا ربیع سے ناروا سلوک:

ابو عبیداللہ صدر مجلس میں اپنے مصلی پر گاؤ تکیہ لگائے بیٹھا ہوا تھا۔ میں نے خیال کیا کہ جب میرے والد اس کے سامنے آ گئے گے تو یہ ضرور ان کی تعظیم کے لیے اٹھے گا مگر وہ نہیں اٹھا پھر میرا خیال ہوا کہ کم از کم سیدھا ہو کر بیٹھے گا مگر اس نے یہ بھی نہیں کیا میں نے سوچا کہ ان کے لیے کوئی مصلی منگوا دے گا مگر اس نے یہ بھی نہیں کیا میرے والد اس کے روبرو فرش ہی پر بیٹھ گئے اور وہ اسی طرح تکیے لگائے بیٹھا رہا اب عبیداللہ میرے باپ سے سفر کے حالات پوچھنے لگا۔ میرے باپ کو توقع تھی کہ وہ ان سے مہدی کی خلافت اور بیعت کے لیے جو کام انھوں نے انجام دیا تھا اس کے متعلق سوالات کرے گا۔ مگر اس نے تو پوچھا بھی نہیں خود انھوں نے اس کے ذکر کی ابتدا کی تھی کہ اس نے یہ کہہ کر کہ مجھے سب اطلاع ہے بات کاٹ دی۔ میرے والد نے اٹھنے کا ارادہ کیا اس نے کہا کہ مکان کے تمام دروازے بند ہو چکے ہیں۔ اس پر بھی تم جانا چاہتے ہو تو تم کو اختیار ہے۔ میرے والد نے کہا کوئی میری راہ میں سد باب نہیں

ہو سکتا۔ اس نے کہا ہاں! مگر سب دروازے بند ہو چکے ہیں۔ اس سے میرے باپ کو یہ خیال ہوا کہ شاید حالات و واقعات سفر دریافت کرنے کے لیے روکنا چاہتا ہے۔ ذرا ٹھہر! انہوں نے کہا اچھا میں ٹھہر جاتا ہوں۔ ابوعبیداللہ نے اپنے ایک خادم کو حکم دیا کہ جاؤ اور محمد بن ابی عبیداللہ کی خواب گاہ میں ابوالفضل کے سونے کا انتظام کر دو۔ یہ دیکھ کر جب میرے باپ نے محسوس کیا کہ یہ تو اس مجلس سے اٹھانا چاہتا ہے وہ فوراً ہی کھڑے ہو گئے اور کہا اب میں جاتا ہوں اور مجھے کوئی نہیں روک سکتا یہ کہہ کر وہ جانے کے لیے پورے ارادے سے کھڑے ہو گئے۔

ربیع کا ابوعبیداللہ سے انتقام لینے کا مصمم ارادہ:

جب ہم اس مکان سے نکل آئے تو میرے باپ نے مجھ سے کہا اے میرے بیٹے! تم احمق ہو۔ میں نے عرض کی مجھ سے کیا حماقت سرزد ہوئی۔ کہنے لگے تم اپنے دل میں کہتے ہوگے کہ آپ کو چاہیے تھا کہ میں ان کے پاس ملنے ہی نہ آتا اور اگر آ گیا تھا اور ہم روک دیے گئے تھے اس وقت تم کو پھر اس کے دروازے پر اتنی دیر توقف کرنے کی ضرورت نہ تھی کہ میں نے نماز عشاء پڑھی اس وقت تم کو واپس ہو جانا چاہیے تھا اور اس سے ملنے اندر نہ جانا چاہیے تھا۔ پھر جب اندر چلے گئے اور اس نے کھڑے ہو کر تعظیم نہیں کی اسی وقت پلٹ آنا چاہیے تھا۔ اور اس سے ملنے اندر نہ جانا چاہیے تھا۔ پھر جب اندر چلے گئے اور اس نے کھڑے ہو کر تعظیم نہیں کی اس وقت پلٹ آنا چاہیے تھا۔ مگر تم نہیں سمجھے۔ میں نے جو کچھ کیا وہ سب ٹھیک ہے بخدا اب میں ابوعبیداللہ سے اس کا بدلہ لے کر چھوڑوں گا چاہے اس میں میری عزت اور دولت سب کچھ قربان کیوں نہ ہو جائے۔

ربیع کا ابوعبیداللہ کے متعلق قشیری سے استفسار:

اس واقعہ کے بعد ان کا یہ دستور ہو گیا کہ وہ اس کے خلاف کسی موقع کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے اور آپ تا عمر اس کے درپے تھے۔ اس اثناء میں ابن ورد قشیری آیا جسے ابوعبیداللہ نے مہدی کے دربار میں جانے کی ممانعت کر دی تھی۔ میرے والد نے اسے بلایا اور کہا جو سلوک ابوعبیداللہ نے تمہارے ساتھ کیا ہے اس سے تم خوب واقف ہو اس نے میری بے عزتی کرنے میں کوئی دقیقہ اٹھا نہیں رکھا۔ میں نے تو اس کی بربادی کے لیے پوری کاوش کی مگر کوئی بات سمجھ میں نہیں آتی تم تو ابتدا سے اس کے خلاف کام کرتے رہے ہو۔

قشیری کا ربیع کو مشورہ:

اس نے کہا میں یہاں چند باتیں وہ بیان کرتا ہوں کہ ان کے ذریعہ اس پر حملہ ہو سکتا ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ یہ شخص اپنے عہدے کی قابلیت نہیں رکھتا تو یہ بات کسی کو اس لیے باور نہیں آئے گی کہ وہ اپنے کام میں سب سے زیادہ ہوشیار اور اس سے واقف ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ اپنے منصب کی حالت کی وجہ سے اس کی دیانت مشتبہ ہے تو یہ بات بھی اس لیے کسی کو باور نہیں آئے گی کہ وہ سب سے زیادہ امین اور باعفت ہے۔ اگر مہدی نے ہزاروں بھی اس کے گھر بھیج دیں تو وہ ان کی عصمت کی نگہبانی اور دیانت کو مشتبہ نہ ہونے دے گا۔ اگر کہا جائے کہ وہ حکومت کی مخالفت پر مائل ہے تو اس پر کوئی اعتبار نہیں کرے گا۔ ہاں! یہ ضرور ہے کہ وہ تھوڑا سا قدریہ عقائد کی طرف رجحان رکھتا ہے۔ مگر یہ بات کوئی ایسی نہیں کہ اس سے اسے نقصان پہنچایا جا سکے۔ البتہ یہ تمام باتیں اس کے بیٹے میں جمع ہیں۔ یہ سن کر ربیع نے اسے گلے سے لگایا اس کی پیشانی چومی اور اب اس نے ابوعبیداللہ کے بیٹے کے خلاف مسلسل سازش کرنا شروع کی اور مہدی سے یہ شکایت کرتا رہا کہ یہ ان کے بعض حرم سے ناجائز تعلقات رکھتا ہے۔

محمد بن عبیداللہ کا قتل:

بار بار کہنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ یہ بات مہدی کے دل میں بھی جاگزیں ہو گئی اور وہ محمد بن ابو عبیداللہ سے بدگمان ہو گئے۔ اسے دربار میں طلب کیا جب وہ آیا تو انھوں نے ابو عبیداللہ کو دربار سے اٹھ جانے کا حکم دیا۔ اب محمد سے قرآن پڑھنے کی فرمائش کی۔ اس نے قرأت قرآن کا ارادہ بھی کیا مگر ایک لفظ بھی اس کی زبان سے نہ نکل سکا۔ گویا قرآن اس کے حافظہ سے بھلا دیا گیا۔ مہدی نے ابو عبیداللہ سے ملا کر کہا اے معاویہ! تم نے تو مجھ سے بیان کیا تھا کہ تمہارا بیٹا حافظ قرآن ہے۔ اس نے کہا بے شک امیر المومنین میں نے آپ سے یہ بات کہی تھی مگر یہ کئی سال سے مجھ سے علیحدہ ہو گیا ہے۔ اس مدت میں اس نے قرآن بھلا دیا۔ مہدی نے حکم دیا کہ اچھا اب تم ہی اللہ کے تقرب کے لیے اس کی گردن مارو وہ اٹھے مگر لڑکھڑا کر گر پڑا۔ عباس بن محمد نے اس کی سفارش کی کہ امیر المومنین صاحب مناسب سمجھیں تو خود اس شیخ کو اس امر سے معاف فرمائیں مہدی نے اسے چھوڑ دیا اور اس کے بیٹے کو قتل کرا دیا۔

مہدی کی ابو عبیداللہ سے بدگمانی:

اب مہدی کے دل میں ابو عبیداللہ کی طرف سے سوءظن پیدا ہو گیا ربیع نے بھی اس سے کہا کہ آپ نے اس کے بیٹے کو قتل کر دیا ہے اب مناسب نہیں کہ وہ آپ کے ساتھ رہے یا آپ اس پر اعتماد کریں ربیع کی اس بات نے مہدی کو زیادہ بدگمان کر دیا۔ اس طرح ربیع نے ابو عبیداللہ سے اچھا پورا بدلہ لے کر اپنا دل ٹھنڈا کیا۔

ایک اشعری پر مہدی کا عتاب:

یعقوب بن داؤد نے بیان کیا ہے کہ مہدی نے ایک اشعری کو بہت پٹوایا چونکہ یہ شخص ابو عبیداللہ کے خاندان کا مولیٰ تھا اس وجہ سے اس نے اس کی حمایت کی جب یہ متاثر ہو کر مہدی سے کہا کہ امیر المومنین اس کے مقابلہ میں تو قتل اولیٰ ہے انھوں نے کہا اے یہودی تجھ پر اللہ کی لعنت ہو تو اسی وقت میری چھاؤنی سے نکل جا اس نے کہا "اب سوا دوزخ کے میرا ٹھکانا اور کہاں ہے۔ میں نے عرض کیا امیر المومنین مناسب ہے کہ آپ اسے جہنم دکھا دیں کیونکہ یہ اسی کا آرزو مند ہے۔" اس پر انھوں نے مجھ سے کہا۔ ابو عبداللہ آپ کا بھی کیا کہنا۔

امارت سندھ پر نصر بن محمد کا تقرر:

اس سال عمرو بن اصحاب نے سندھ میں جہاد کیا۔ روح بن حاتم کی جگہ نصر بن محمد بن الاشعث سندھ کا والی مقرر ہوا اور اس نے سندھ آ کر اپنی خدمت کا چارج لے لیا۔ مگر پھر یہ معزول کر دیا گیا اور اس کی جگہ محمد بن سلیمان سندھ کا والی مقرر ہوا۔ اس نے عبدالملک بن شہاب المسمعی کو اپنے سے پہلے سندھ بھیج دیا۔ مگر نصر نے حکومت اس کے حوالے کر دینے سے انکار کیا اور مقابلہ کی ٹھانی۔ پھر عبدالملک نے اسے سندھ سے چلے جانے کی اجازت دے دی یہ روانہ ہو کر منصورہ سے چھ فرسنگ کے فاصلہ پر دریا کے کنارے فروکش ہو گیا۔ یہیں سندھ پر اس کی صوبہ داری کا فرمان اسے موصول ہوا۔ یہ پھر اپنے علاقے کو پلٹ گیا۔ عبدالملک صرف اٹھارہ دن سندھ میں مقیم رہا۔ نصر نے اس سے کوئی تعرض نہیں کیا۔ اور وہ بصرہ واپس آ گیا۔

عمال کا عزل و نصب:

اس سال مہدی نے عافیہ بن یزید الازدی کو قاضی مقرر کیا۔ یہ اور ابن علاثہ رصافہ میں مہدی کی چھاؤنی میں قضا کے فرائض

تعلیم دیتے تھے اور محمد بن حبیب العدوی مدینہ شریف کے قاضی تھے۔ اسی سال فضل بن صالح جزیرہ کی ولایت سے معزول کر دیا گیا اور اس کی جگہ عبدالصمد بن علی مقرر کیا گیا۔ عیسیٰ بن لقمان مصر کا عامل مقرر کیا گیا۔ یزید بن منصور سواد کوفہ کا، حسان الشروی موصل کا اور بسطام بن عمرو التغلبی آذربائیجان کا عامل مقرر کیا گیا۔ اسی سال ابوایوب سلیمان المکی دیوان خراج سے معزول کر دیا گیا اور اس کی جگہ ابو الوزیر عمر بن مطرف مقرر کیا گیا۔

امیر حج موسیٰ بن محمد و عمال:

اس سال نصر بن مالک نے مرض فالج میں انتقال کیا۔ یہ بنی ہاشم کی ہزرواز میں دفن کیا گیا۔ مہدی نے اس کی نماز جنازہ پڑھی۔ ابان بن صدقہ ہارون بن المہدی کی اتالیقی سے موسیٰ بن المہدی کی مصاحبت میں منتقل کیا گیا۔ مہدی نے ابان کو موسیٰ کا وزیر اور میر منشی مقرر کیا اور اس کی جگہ ہارون کے پاس یحییٰ بن خالد بن برمک مقرر کیا گیا۔ اسی سال کے ماہ ذی الحجہ میں مہدی نے ابو ضمرہ محمد بن سلیمان کو مصر کی ولایت سے علیحدہ کر کے اس کی جگہ سلمہ بن رجاء کو مقرر کیا۔ موسیٰ بن محمد بن عبداللہ ہاشمی کی امارت میں جو اپنے باپ کا ولی عہد تھا فریضۂ حج ادا ہوا۔

اس سال جعفر بن سلیمان طائف، مکہ اور مدینہ کا عامل تھا۔ اسحاق بن الصباح الکندی کوفہ کا پیش امام اور افسر احداث تھا۔ یزید بن منصور سواد کوفہ کا عامل تھا۔

۱۶۳ھ کے واقعات

عبدالسلام خارجی کا خروج:

اس سال عبدالسلام الخارجی قنسرین میں قتل کیا گیا اس کے قتل کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

اس سال عبدالسلام بن ہاشم الیشکری نے جزیرہ میں خروج کیا۔ ہزاروں آدمی اس کے پیرو ہو گئے اور اس کی طاقت و شوکت بہت بڑھ گئی۔ مہدی کے متعدد سپہ سالاروں سے اس کا مقابلہ ہوا۔ ان میں عیسیٰ بن موسیٰ بھی تھا۔ عبدالسلام نے اسے مع اس کے بہت سے ساتھیوں کے قتل کر دیا اور اس کے ساتھ دوسرے سپہ سالاروں کو شکست دی۔ مہدی نے اس کے مقابلہ پر متعدد فوجیں روانہ کیں مگر ایک سے زیادہ سپہ سالار عبدالسلام کے مقابلے میں ناکام رہے بار بار انہیں پسپا ہونا پڑا۔

عبدالسلام خارجی کا قتل:

ان میں شبیب بن واج المروروذی بھی تھا۔ جب شبیب بھی اس کے مقابلہ پر ناکام ہو کر پسپا ہوا تو اب مہدی نے ایک ہزار شہسواران کو ان کی رضامندی سے منتخب کر کے اور ہر ایک کو بطور معاونت کے ایک ایک ہزار درہم دے کر شبیب کے پاس بھیج دیا۔ جب یہ لوگ اس کے پاس جا پہنچے تو وہ اب عبدالسلام کی تلاش میں چلا۔ اس جماعت سے مرعوب ہو کر اس نے راہ فرار اختیار کی قنسرین آیا شبیب نے یہیں اسے جا پکڑا اور قتل کر دیا۔

محکمہ پیمائش و بندوبست کا قیام:

اس سال مہدی نے محکمہ پیمائش اور بندوبست قائم کیا عمر بن بزیع اپنے مولیٰ کو افسر بندوبست مقرر کیا اس نے نعمان بن عثمان

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

* * *

۱۶۳ھ کے واقعات

مقنع کی ہلاکت

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

قطبہ وہاں آیا اس نے مجھے سلام کیا اور میرے باپ کی مسند پر بیٹھ گیا پھر اس نے ان کو مجھ سے دریافت کیا۔ میں نے کہا کہ وہ کہیں سوار ہو کر گئے ہیں اس نے مجھ سے کہا کہ جب آ جائیں تو میرے آنے کا ذکر کرنا میرا سلام کہنا اور کہنا کہ میں پوچھتا ہوں کہ آپ امیر المومنین سے یہ بات کہیں کہ حسن بن قحطبہ کہتا تھا کہ امیر المومنین نے اللہ مجھے ان پر فدا کرے ہارون کو جہاد کے لیے بھیجا ہے اور مجھے اور ربیع کو بھی اس کے ساتھ کر دیا ہے مناسب یہ ہے کہ میں ان کا مصاحب رہوں اور معتمد علیہ مصاحب رہوں اور ربیع ان کا مصاحب ہو کر اور معتمد علیہ حاجب ہے۔ مجھے یہ بات گوارا نہیں کہ ہم دونوں ان کے پاس سے غیر حاضر ہوں۔ یا وہ مجھے ہارون کے ساتھ کر دیں اور ربیع کو اپنے پاس رہنے دیں یا ربیع کو بھیج دیں اور میں ان کی خدمت میں حاضر رہوں۔ جب میرے باپ آئے تو میں نے حسن کا یہ پیام ان کو سنا دیا۔ انھوں نے اسی وقت مہدی سے جا کر یہ بات کہہ دی۔ کہنے لگے بخدا اس نے بڑی خوبی سے اس خدمت سے سبکدوشی اختیار کی۔ اس نے نوح بن حیان کی طرح انکار نہیں کیا۔ اس سے مراد عامر بن اسمٰعیل تھا جس نے ابراہیم کے ساتھ جہاد پر جانے سے انکار کیا تھا۔ وہ اس پر سخت ناراض ہوئے تھے اور اس کی جائداد ضبط کر لی تھی۔

ہارون الرشید کی جہاد کے لیے روانگی:

ابو بدیل بیان کرتا ہے کہ مہدی نے رشید کو جہاد کے لیے بھیجا۔ موسیٰ بن عیسیٰ عبدالملک بن صالح بن علی اور اپنے باپ کے دونوں موالی ربیع اور حسن حاجب کو اس کے ساتھ کیا۔ رشید کے روانہ ہونے کے دو یا تین روز بعد میں مہدی کی خدمت میں حاضر ہوا۔ کہنے لگے تم کیوں ولی عہد کا ساتھ چھوڑ کر رہ گئے اور خاص طور پر تم نے اپنے دو دوستوں ربیع اور حسن کا بھی ساتھ نہیں دیا۔ میں نے کہا جناب والا کے حکم کی بنا پر چونکہ آپ نے مجھے مدینۃ السلام میں ٹھہرنے کا حکم دیا تھا اس لیے میں ان کے ساتھ نہیں گیا۔ اب اگر ارشاد ہو تو میں جانے کے لیے آمادہ ہوں۔ کہنے لگے اچھا جاؤ اور ولی عہد اور ربیع و حسن سے جا ملو جس بات کی ضرورت ہو بیان کرو میں نے عرض کیا مجھے سفر کے لیے کسی تیاری کی ضرورت نہیں ہے امیر المومنین مجھے رخصت ہونے کی اجازت دیں۔ پوچھا کب جاؤ گے میں نے کہا کل تو میں ان سے رخصت ہو آیا اور اپنے دوستوں سے جا ملا۔

ابو بدیل کی تجویز:

چھاؤنی میں آ کر میں نے رشید کو دیکھا کہ وہ خیمے سے باہر نہیں نکلتے رہتے ہیں اور موسیٰ بن عیسیٰ اور عبدالملک بن صالح دونوں اس پر مسلط رہتے ہیں۔ میں نے ربیع اور حسن سے جا کر کہا (ہم ہمیشہ ساتھ رہتے تھے) خدا کرے کہ وہ شخص جس نے تم کو بھیجا ہے اور وہ شخص جس کے ساتھ تم بھیجے گئے ہو تم کو تمہاری خدمات کی جزائے خیر دے۔ انھوں نے کہا خیر ہے کیا بات ہے۔ میں نے کہا موسیٰ بن عیسیٰ اور عبدالملک بن صالح امیر المومنین کے صاحبزادے کی کل کائنات بنے ہوئے ہیں۔ کیا تم سے یہ نہیں ہو سکتا کہ تم ان دونوں کی باریابی کا ایک خاص دن مقرر کر دو کہ صرف اسی مقررہ دن میں وہ اور دوسرے ہمراہی سرداران فوج ان سے مل سکیں۔ اور جمعہ کا دن ملاقات کے لیے مخصوص کر دیا جائے۔ ہاں دوسرے دنوں میں کوئی ان کی خدمت میں بغیر اجازت باریاب نہ ہو سکے۔

ابو بدیل کا حسن اور ربیع کو مشورہ:

اس سفر میں ایک رات ان دونوں نے مجھے بلایا۔ میں ان کے پاس آیا ایک اور شخص ان کے پاس بیٹھا ہوا تھا مجھ سے کہا کہ یہ عربی زبان کا امام ہے۔ ہمیں اس کے پاس خلفاء کے عہد حکومت کا نوشتہ ملا ہے ہم نے اس تحریر کو کھول کر پڑھا ہے اور مہدی کی مدت

